	روپیه	آنه	پائي
۱۴—انشائے خردافزا	۰	۴	۰
۱۵—هزار داستان معه تصاویر	۰	۴	۰
۱۶—علي بابا و چالیس چور معه تصاویر ..	۰	۴	۰
۱۷—الف لیله معه تصاویر مجلد... ...	۱	۰	۰
۱۸—کلید زبان داني مصنفه منشي گنیشي لال	۱	۸	۰
۱۹—مفتاح العلوم جغرافیه مصنفه بابو ردر نرائن	۱	۰	۰
۲۰—قواعد اُردو مصنفه مرزا نثار علي بیگ حصه اول	۰	۱	۶
۲۱— " " حصه دویم	۰	۲	۰
۲۲— " " حصه سویم	۰	۶	۶
۲۳— " " حصه چهارم	۰	۶	۶
۲۴—قواعد خط شکست	۰	۱	۰
۲۵—امواج الحساب مصنفه بابو مرتي لال بي - اے	۰	۸	۰
۲۶—مفتاح الفنون	۰	۵	۰
۲۷—پیام هند حصه اول و دویم في	۰	۱۰	۶
۲۸—نغمهٔ وطن حصه اول و دویم فی	۰	۱	۶

جواہر اللغات فارسی

فارسی سے اردو

مولفہ

منشی بشمبھر دیال

الہ آباد

رام نرائن لال بکسیلر اینڈ پبلشر

۱۹۲۹ء

بار سویم ۱۰۰۰   •   قیمت ۱۲

نیشنل پریس الہ آباد میں باہتمام منشی رمضان علی شاہ چھپا

بار سویم ۱۰۰۰ سنہ ۱۹۲۹ء

ذرّے کا بھی چمکیگا ستارہ
قائم جو زمین و آسماں ہے

یوں تو فارسی کی متعدد لغات مروج ہیں مثلاً غیاث اللغات یا بہار عجم موئلفہ منشی ٹیک چند صاحب بہار دہلوی جنکو اہل زبان بھی مستند سمجھتے ہیں مگر یہ کتابیں ضخیم اور دقیق ہیں اور اسی وجہ سے مبتدی ان سے جیسا کہ چاہئے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ مدرسوں کے طلبا کے واسطے خصوصاً ایک ایسی کتاب کی ضرورت تھی جو ارزاں ہو مگر لغات نہیں اور جسمیں سادی و سلیس اُردو میں فارسی الفاظ کے معنی بیان کردئے گئے ہوں جنکو وہ آسانی سے سمجھ سکیں۔ میرے خیال میں جواہر اللغات اس ضرورت کو پورا کرتی ہے اسکی تقطیع مختصر ہے مگر موزوں اور اس لحاظ سے اسکو جیبی لغت کہنا زیبا ہے ساتھ ہی اسکے طلبا کی ضرورت کی سب باتیں اسمیں آگئیں گویا کوزہ میں دریا کو بند کیا ہے اور یہ ایک ایسا عمدہ کام ہے جسکے لئے اسکے مؤلف داد اور تحسین کے مستحق ہیں اس لغت کے محاسن پر لحاظ کرکے مجھ کو پوری امید ہے کہ اسکو جلد قبولیت عام کی سند ملیگی۔

(پنڈت راجناتھ ہر رائے بہادر)
۲۶ فروری ۱۹۲۴ء

ہدایات

ع = عربی۔
ف = فارسی۔
ت = ترکی۔
مب = معرب۔
مف = مفرس
فج = فارسی جدید۔

ی = یونانی۔
فا = اسم فاعل۔
مش = مشترک یعنی عربی و فارسی یا فارسی و انگریزی۔

جواہر اللغات فارسی

فارسی سے اردو

ا ۔ الف زائد جیسے ابر یعنی پر ۔ اوپر
اسے جیسے شہا ۔ اے شاہ ۔
آب ۔ ف ۔ پانی ۔ عزت ۔ آبرو ۔ رنگ
جوہر ۔ رونق ۔ فیض ۔ طرز ۔
اَب ۔ ع ۔ باپ ۔ پدر ۔
آبا ۔ ع ۔ جمع اَب ۔ باپوں آبا و اجداد
باپ دادے ۔ بزرگ ۔
اَبابیل ۔ ع ۔ دیودالی ایک چڑیا
اِبا ۔ ع ۔ انکار ۔ انکار کرنا
اَباحت ۔ ع ۔ جائز رکھنا ۔ مباح ہونا
آباد ۔ بسا ہوا ۔ معمور ۔ خوب خوش ۔
آباد ان ۔ آباد بسا ہوا ۔ مزید تعمیہ آباد
آبار ۔ ع ۔ جمع بیر ۔ کنوئیں ۔
آبار ۔ (ف) جلا ہوا سیسہ

آبان ۔ ف ۔ آٹھواں مہینہ جس میں آفتاب
برج عقرب میں رہتا ہے ۔ آگہن
اَباریق ۔ جمع ابریق ۔ لوٹے ظروف یا پیالے
آب آتشین ۔ تیز شراب ۔ سرخ شراب
آب بقا ۔ آب حیات ۔ امرت ۔ شعر و سخن
آب باز ۔ پانی میں تیرنے والا ۔
آب پاشی ۔ سینچنا ۔ چھڑکاؤ ۔ پانی چھڑکنا
آب و تاب ۔ رونق ۔ چمک ۔
ابتدا ۔ ع ۔ شروع ۔ آغاز ۔
ابتداع ۔ ع ۔ نئی بات یا نیا کام کرنا
ابتذال ۔ ذلیل رکھنا ۔ ذلیل فضول خرچ کرنا ۔
ابتسام ۔ پھول کا کھلنا ۔ مسکرانا ۔ تبسم کرنا ۔
ابتر ۔ بگڑا ہوا ۔
ابتکار ۔ کسی چیز کے اول کو لینا ۔ صبح کو جانا

ابتلا۔ ع۔ بلا میں ڈالنا۔ آزمانا۔
اِبتنا۔ ع۔ بنیاد ڈالنا۔ قائم کرنا۔
ابتہاج۔ ع۔ کھلنا۔ خوشی۔ بہجت۔
ابتہال۔ ع۔ بہت منت وزاری سے دعا کرنا
ابجد۔ ع۔ حروف الف ب ابجد کے حساب
سے حروف کے اعداد مقرر ہیں مثلاً الف
کا ۱۔ بے کا ۲۔ جیم کا ۳ دال کا ۴ ق کے ۱۰
آب حیات۔ امرت وہ پانی جسکے پینے سے
موت نہیں آتی آب حیوان۔
آب خورد۔ ان جل۔ آب و خورش۔ دانہ پانی
آبخورہ۔ گلاس پانی پینے کا برتن۔
اَبَد۔ ہمیشگی وہ ہمیشگی جس کی انتہا نہ ہو۔
آبدار۔ رونق دار۔ پانی رکھنے والا نوکر
آبداری۔ صفائی۔ بادل۔ وہ مکان یا خیمہ
جسمیں کھانے پینے کے برتن رکھیں۔
ابداع۔ نئی بات یا کام کرنا بے مثل
اَبدال۔ ع۔ ایک قسم کے فقیر عارف کا ایک گروہ
اَبر۔ بادل
اَبتر۔ ادبر
ابرار۔ اچھے لوگ۔ پاک لوگ۔
اِبراز۔ ظاہر کرنا
اِبراق۔ ع۔ بجلی کا گرنا۔
اِبرام۔ تنگ کرنا۔ مضبوط کرنا۔

آب راہ۔ موری۔ بدرو
ابراء۔ ع۔ بچانا درست کرنا۔ اچھا کرنا
پاک ہونا۔ [ابلق گھوڑا]
ابرش۔ ع۔ جسپر سفید یا کالے داغ ہوں۔
ابرص۔ ع۔ کوڑھی۔ چتکبرا۔ گرگٹ۔
ابرق۔ ع۔ ابرق چمکدار۔
آبرو۔ عزت۔ پلک یا عزت مرتبہ۔
ابرو۔ بھوں۔ آنکھ کے اوپر کے بال
ابریشم و آبریشم۔ ریشم
ابریق۔ ع۔ پانی کی چھاگل صراحی۔
آبستن۔ حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا۔
آبستند۔ حاملہ عورت۔ چاپلوس۔
آبشار۔ جھرنا۔ پانی کا چشمہ
ابکار۔ جمع بکر کنواری نوجوان عورتیں
ابکار۔ ع۔ صبح کرنا۔ جلدی کرنا۔
آبکاری۔ شراب بننے کا مقام شراب بنانا
آبکار۔ کلال۔ شراب فروش۔
آبگیر۔ تالاب کنڈ۔ گڑھا۔
آبگینہ۔ کانچ۔ کانچ کا شیشہ۔
ابلا۔ ع۔ بلا میں ڈالنا۔ پورا کرنا۔
ابلاغ۔ پہونچانا۔ بھیجنا۔
ابلق۔ چتکبرا۔ سفید یا کالے پیر کا گھوڑا
آبلہ۔ پھپھولا۔ پھنسی۔

آبلہ - بے عقل - نادان - احمق -
ابلہی - حماقت - بے وقوفی -
ابلیس - ع - شیطان - مکار - بد
ابن - ع - بیٹا - پسر -
ابنا - جمع ابن - بیٹے - ساتھی ہمجنس -
ابنت - ع - بنت بیٹی - ہمجنس -
ابن السبیل - راہی - مسافر -
آب نقرہ - پارہ - سیماب -
ابو - ع - صاحب - باپ -
ابواب - جمع باب - دروازے - کتاب کے حصے
ابو الفضل - فضل کا باپ (نام) اکبر کے وزیر کا
ابو جہل - رسول مقبول کے چچا کا نام
ابو بکر - پہلے خلیفہ کا نام - فارس کے بادشاہ کا نام -
ابہام - ع - انگوٹھا - مبہم بیان - ایسی عبارت جس کے معنی ایک سے زیادہ ہوں یا صاف نہ ہوں -
ابہت - ع - سرداری - بزرگی - دبدبہ -
ابی - ع - انکار کرنے والا - مغرور -
ابیات - ع - جمع بیت - اشعار - گھر
ابیض - ع - سفید (چاندی)
اتابک - شیراز کے بادشاہوں کا لقب

اتالیق - ادب سکھانے والا - اُستاد
اتباع - ع - پیروی کرنا -
اتحاد - ع - ایک ہونا - دوستی -
اتحاف - تحفہ بھیجنا - سوغات دینا -
اتراب - ع - مٹی میں ملانا -
اتراب - ع - ہم عمر برابر کے یار -
ایسار - آسانی کرنا - کشادگی -
اتساع - ع - کشادہ اور وسیع ہونا -
اتساق - ع - تربیت دینا - راست ہونا
اتسام - ع - نشان کرنا -
آتش - آگ - نور - غصہ - شیطان -
آتش بازی - کھلونے جنہیں بارود بھرتے ہیں اور آگ لگا کر چھوڑتے ہیں
آتش دادن - چھوڑ دینا - ترک کرنا - بھڑکانا
آتشدان - انگیٹھی - چولھا -
آتش زبان - زیادہ گو - بدمزاج -
آتشی - یا آتشین آگ کا - گرم -
آتشگیر - دست پناہ
اتصاف - ع - تعریف کیا جانا -
اتصال - ع - ملنا - لگاتار ہونا -
اتفاق - ع - باہم ملنا - اچانک میل
اتفاقاً - اچانک اتفاق سے
اتقا - ع - بچنا - پرہیزگاری - پرہیز کرنا -

اتقادر۔ آگ جلانا

اتقیائ۔ جمع تقی پرہیزگار لوگ۔

اتکا۔ ع۔ تکیہ کرنا۔ بھروسہ کرنا۔

اتکال۔ ع۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔

اتلہ۔ انا کا شوہر۔

اتلاف۔ ع۔ ضائع کرنا۔ کھو دینا۔

اتلال۔ ع۔ جمع تل۔ ٹیلے۔ بلند زمینیں

اتم۔ ع۔ بہت پورا۔ کامل۔

اتمام۔ ع۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا۔

اتون۔ ت۔ لڑکیوں کی معلمہ۔

اتہاب۔ ع۔ ہبہ کرنا۔ بخشش قبول کرنا۔

اتہام۔ ع۔ تہمت لگانا۔ الزام لگانا۔

اثاث یا اثاثہ۔ ع۔ گھر کا اسباب

آثار۔ ع۔ نشان۔ کھوج۔

اثبات۔ ع۔ ثابت کرنا۔ ثبوت کو پہنچانا

اثر۔ ع۔ تاثیر۔ نشان

اثقال۔ ع۔ جمع ثقل۔ بوجھل کرنا۔

اثم۔ گناہ۔ جرم۔ آثام جمع۔

اثیم۔ گنہگار۔

اثمار۔ ع۔ جمع ثمر۔ پھل۔

اثنا۔ ع۔ تعریف کرنا

اثنا عشری۔ فرقہ شیعہ

اثنا۔ ع۔ درمیان۔ درمیان کا عرصہ

اثنین۔ ع۔ دو ۲

اثواب۔ کپڑے۔

اثیل۔ ع۔ ذاتی بڑے خاندان کی نسل

اجارت۔ ع۔ پناہ دینا۔

اجابت۔ ع۔ ماننا قبول کرنا منظوری

اجادت۔ ع۔ بخشش اور نیکی کرنا

اجارہ۔ ع۔ ٹھیکہ لینا۔ ٹھیکہ۔

اجازت۔ ع۔ حکم دینا۔ پروانگی۔

اجاق۔ ت۔ دیگدان۔ چولھا

اجبار۔ ع۔ جبر کرنا۔ زبردستی۔

اجتبا۔ ع۔ پسند کرنا۔ چھانٹنا۔

اجترا۔ ع۔ دلیر ہونا۔

اجتماع۔ ع۔ جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا

اجتناب۔ ع۔ پرہیز کرنا۔

اجتنا۔ ع۔ پھل چننا۔

اجتہاد۔ ع۔ کوشش کرنا۔

اجداد۔ ع۔ باپ دادے وغیرہ۔

اجاج۔ ع۔ نمکین۔ کڑوا۔

اجذم۔ ع۔ ٹنڈا۔ ہاتھ کٹا ہوا۔

اجر۔ ع۔ ثواب۔ انعام۔

اجرا۔ ع۔ جاری کرنا۔ کام چلانا۔

اجرت۔ ع۔ مزدوری۔ بدلہ۔

اجرام۔ جمع جرم یعنی جسم مثلاً اجرام فلکی

اِجری ۔ ع ۔ وظیفہ مزدور کا کھانا تھا جوں کا
اجزا ۔ ع ۔ جمع جزو ۔ ٹکڑے حصے ۔
اجساد ۔ ع ۔ جمع جسد یعنی بدن ۔
اجفان ۔ ع ۔ پلکوں کے بال ۔
اجل ۔ ع ۔ موت ۔ موت کا وقت ۔ تقدیر ۔
اجل ۔ ع ۔ بڑا بزرگ ۔ بڑا جلیل القدر ۔
اجلح ۔ ع ۔ عقبی
اجلاس ۔ ع ۔ بیٹھنا ۔ کچہری کیلئے بیٹھنا ۔
اجلال ۔ ع ۔ بزرگی ۔ شان و شوکت ۔
اجلا ۔ ع ۔ جمع جلیل یعنی بزرگ ۔
اجلاو ۔ ع ۔ گھر سے باہر نکال دینا ۔
اجلاف ۔ ع ۔ کمینے ۔ ظالم ۔
اجماع ۔ ع ۔ اکٹھا ہونا ۔ ایک رائے ہونا
اجمال ۔ ع ۔ کھول کر نہ کہنا مختصر کر دینا
بہت درستی سے کام کرنا ۔
اجمعین ۔ ع ۔ سب تمام ۔ سب کے سب
اجمل ۔ ع ۔ بہت خوبصورت ۔
اجنب یا اجنبی ۔ ع ۔ پردیسی کسی اور دیس کا
اجناد ۔ ع ۔ جمع جند ۔ لشکر ۔
اجنحہ ۔ ع ۔ جمع جناح یعنی بازو ۔
اجنہ ۔ ع ۔ جمع جنین بچے جو ماں کے پیٹ
میں ہوں جن کی جنہ بغیر الف کے ہے
اجوبہ ۔ ع ۔ جمع ۔ جواب ۔ جوابات ۔

اجورہ ۔ اجاز ۔ ع ۔ مزدوری ۔ محنتانہ ۔
اجوف ۔ ع ۔ کھوکھلا ۔ شکم خالی ۔ وہ کلمہ
جسکے عین کلمہ میں حرف علت ہو ۔
اجیر ۔ ع ۔ مزدور محنتی
اجار ۔ آچار ۔ مشہور ۔ ترشی ۔
احاطہ ۔ ع ۔ گھیرنا ۔ چار دیواری ۔
احباب ۔ ع ۔ جمع حبیب یعنی دوست ۔
احبا ۔ ع ۔ جمع حبیب دوستوں ۔
احبار ۔ ع ۔ جمع حبر یعنی عقلمند ۔ دینداریوں کی پیاری
احتباس ۔ ع ۔ روکنا عورتوں کے خون
احتراز ۔ ع ۔ پرہیز کرنا ۔ بچنا ۔
احتراس ۔ ع ۔ نگہبانی کرنا ۔
احتراق ۔ ع ۔ جلنا ۔ پھونکنا ۔
احترام ۔ ع ۔ حساب کرنا آزمانا تحقیق کرنا ۔
احتساب ۔ ع ۔ حساب کرنا آزمائش کرنا
احتشام ۔ ع ۔ شکوہ و صاحب حشمت ہونا ۔
احتلام ۔ ع ۔ خواب میں ناپاک ہونا ۔
احتظاظ ۔ ع ۔ مزہ لینا ۔ حظ اٹھانا (گمان کرنا ۔
احتمال ۔ ع ۔ برداشت کرنا ۔ بوجھ اٹھانا
احتیاج ۔ ع ۔ حاجت ہونا ۔
احتیاط ۔ ع ۔ پرہیز کرنا ۔ برائی سے بچنا ۔
احتیال ۔ ع ۔ حیلہ کرنا ۔ مکر کرنا ۔
احجار ۔ ع ۔ جمع حجر ۔ یعنی پتھر ۔

احد۔ ع۔ ایک
احدیت۔ ع۔ اکائی۔ ایک ہونا۔
احداث۔ ع۔ نئی بات نکالنا۔
احداق۔ ع۔ حدقہ آنکھ کی پتلیاں۔
احرار۔ ع۔ جمع حر یعنی آزاد۔
احراز۔ ع۔ بچانا گھیرنا۔ استوار کرنا۔
احراق۔ ع۔ جلانا پھونکنا۔
احرام۔ ع۔ مکہ کے قریب جا کر حج کی نیت کرنا بغیر سلے کپڑے پہننا حرم میں آنا۔
احزان۔ ع۔ غم میں ڈالنا غمگین کرنا۔
احزان۔ ع۔ جمع حزن یعنی رنج غم۔
احزاب۔ ع۔ جمع حزب یعنی گروہ
احزم۔ ع۔ بڑا ہوشیار بڑا عقلمند۔
احساس۔ ع۔ چھونا۔ حس کرنا۔
احسان۔ ع۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنا
احسانمند۔ ع۔ وہ شخص جس کے ساتھ نیکی کی گئی
احسن۔ ع۔ بہت نیک۔ بہت خوب۔
احسنت۔ ع۔ تو نے اچھا کیا۔ آفریں
احشار۔ ع۔ انتڑیاں جو کچھ سینہ کے اندر ہو مثل کلیجہ۔ دل معدہ اور آنت کے
احشام۔ ع۔ جمع حشم۔ نوکر چاکر۔
احصار۔ ع۔ شمار کرنا۔
احصاص۔ ع۔ حصہ دینا۔

احضار۔ حاضر کرنا۔ موجود کر دینا۔ لڑکے نوکر چاکر
احفاد۔ ع۔ جمع حفد ناق۔ پوتے نواسے
احقر۔ ع۔ بڑا حقیر۔ چھوٹا و ذلیل اپنے لئے عاجزی سے کہتے ہیں۔
احکام۔ ع۔ جمع حکم۔
احکام۔ ع۔ مضبوط کرنا۔
احلاف۔ ع۔ قسم دینا۔
احلیٰ۔ ع۔ نہایت شیریں۔
احمال۔ ع۔ اٹھانا۔ بوجھ اٹھانا۔
احمر۔ ع۔ بہت سرخ۔
احمص۔ ع۔ حزہ میں گھسا۔
احمق۔ ع۔ بڑا بیوقوف۔
احوال۔ ع۔ جمع حال۔ حالات۔
احول۔ ع۔ بھینگا وہ شخص جسکو ایک چیز دو معلوم ہو
احیا۔ ع۔ زندہ کرنا۔
احیار۔ ع۔ جمع حی۔ زندہ لوگ۔ قبیلہ۔
احیان۔ ع۔ جمع حین۔ وقت۔ زمانہ۔
احیاناً۔ ع۔ اتفاقاً۔ شاید کسی وقت۔
اخ۔ بھائی برادر۔
اخبار۔ ع۔ جمع خبر۔ خبریں۔
اخبار۔ ع۔ خبر کرنا۔ اطلاع دینا۔
اخت۔ ع۔ بہن ہمشیرہ۔
اختتام۔ ع۔ ختم کرنا

اِدقاق - باریک کرنا۔ تنگ کرنا۔ آٹا زمیں گوندھنا
ادق - ع - بہت باریک۔ بہت مشکل
ادلال - ع - ناز کرنا۔ غمزہ کرنا۔
اَدل - ع - بڑا رہنما۔ دلیل تر۔
اِدل - ع - جمع دلیل۔ رہنما لوگ۔
آدم - ع - پہلے پیغمبر کا نام جن سے انسانوں کی نسل چلی
آدم آبی - ع - دریائی جانور بصورت انسان جل مانس
آدم ثانی - ع - حضرت نوح علیہ السلام
اِدمال - ع - زخم کا اچھا ہونا۔ کھرنڈ بندھنا
اِدمان - ع - ہمیشگی۔ مشق۔
آدمی - وہ جو حضرت آدم کی اولاد ہوں۔ انسان
آدمیت - انسانیت۔ خلق۔ نیک ہونا۔
اِدنا - ع - نزدیک لانا۔
ادنیٰ - ع - بہت نزدیک۔ نالائق۔ کم رتبہ
اَدوات - ع - جمع ادات۔ ہتھیار۔ اوزار۔
اَدوار - ع - جمع دور۔ گردش۔
اَدون - ع - بڑا کمینہ۔ بہت نزدیک
ادویہ - ع - جمع دوا۔ دوائیں
ادہم - ع - ابراہیم بن ادہم جو بلخ کی بادشاہت چھوڑ کر فقیر ہو گئے۔ بڑا کالا سانپ۔ کالا گھوڑا
اَدیان - ع - جمع دین بمعنی مذہب
اَدیب - ع - زبان داں۔ علم ادب جاننے والا

آدیم - ع - ادھوڑی چمڑا۔
آدینہ - آذینہ - جمعہ کا دن
اِذا ذا - ع - جب۔ جبکہ۔ جس وقت
اَذان - ع - آواز۔ نماز کے وقت کی بانگ
اَذی - ع - ایذا۔ تکلیف۔ دکھ۔
اِذخار - ع - جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
آذر - ع - مخفف آذار۔ رومی مہینہ بسنت
آذر - ع - آگ۔ کنایہ عشق سے۔ ایک شمسی مہینہ تقریباً پوس۔
آذر آبادگان - نام ایک شہر کا۔
آذربائیجان یا آذربیجان - نام شہر جس میں تبریز ہے۔
آذرگشسپ - برق۔ بجلی۔ نام آتش خانہ۔
اِذعان - ع - فرمانبرداری۔ اطاعت۔ یقین۔
اَذفر - ع - تیز خوشبو۔ مشک کی بو۔ خالص۔
اَذقان - ع - جمع ذقن۔ ٹھوڑی۔
اَذکی - ع - بڑا عقلمند۔
اَذکار - ع - جمع ذکر بمعنی یاد کرنا۔
اِذکار - ع - ذکر کرنا۔ یاد دلانا
اَذکیا - ع - جمع ذکی۔ ذہین آدمی
اِذلال - ع - ذلیل و خوار کرنا۔
اَذل - بہت ذلیل۔
اِذن - اجازت۔ پروانگی۔

اُذن ۔ ع ۔ گوش ۔ کان ۔
اِذناب ۔ ع ۔ گناہ کرنا ۔
اَذناب ۔ ع ۔ جمع ذنب بمعنی دم
اَذوقہ ۔ ع ۔ طعام کھانا ۔ رزق [کرنا ۔
اِذہاب ۔ ع ۔ لیجانا ۔ جاری کرنا ۔ نکالنا
اَذہان ۔ ع ۔ جمع ذہن ۔
اَذیال ۔ ع ۔ جمع ذیل ۔ دامن ۔
اَذیت ۔ ع ۔ ایذا ۔ دکھ ۔ مصیبت ۔
اِذین ۔ ع ۔ آئینہ بندی ۔ آراستگی ۔
آر ۔ لا ۔
آر ۔ اگر ۔
آرا ۔ ع ۔ جمع راء عقلیں ۔
آرا ۔ آرائی ۔ ع ۔ آراستہ کرنے والا ۔
ارابہ ۔ گاڑی ۔ چھکڑا ۔
اِرادت ۔ ع ۔ ارادہ کرنا ۔ مرید ہونا ۔ عقیدہ
ارادی ۔ ع ۔ اختیاری ۔ ارادہ کا
آراستگی ۔ ع ۔ زیبائش کرنا ۔
آراستن ۔ سنوارنا ۔ زیبائش کرنا ۔
اَراضی ۔ ع ۔ جمع ارض ۔ زمین ۔
اَراک ۔ ع ۔ درخت پیلو ۔ قطعہ زمین ۔
آرام ۔ آرامش ۔ چین ۔ سکھ ۔ راحت ۔
آرامیدن ۔ آرام کرنا ۔
آرائش ۔ آراستگی ۔ زیبائش ۔

آرائیدن ۔ آراستہ کرنا ۔
آراذل ۔ ع ۔ کمینے ۔ نالائق ۔
اَرامل ۔ ع ۔ جمع ارملہ ۔ بیوہ عورتیں ۔
اَرباب ۔ ع ۔ جمع رب بمعنی صاحب و مالک
اَربع ۔ ع ۔ چار ۔ ۴
اربعون ۔ چالیس ۔ ۴۰
ارتباط ۔ ع ۔ ربط کرنا ۔ ملانا ۔ میل جول
ارتجاف ۔ ع ۔ ہلچل ۔ جلدی کرنا ۔
ارتجال ۔ ع ۔ بلاسوچے بولنا ۔ جلدی بولنا ۔
ارتحال ۔ ع ۔ کوچ کرنا ۔ مرنا ۔ رحلت کرنا ۔
اِرتداد ۔ ع ۔ مذہب سے پھر جانا ۔ پھر جانا
اِرتسام ۔ ع ۔ منقش ہونا ۔ تصویر کھینچنا ۔
اِرتشا ۔ ع ۔ رشوت کھانا ۔ گھوس لینا ۔
اِرتضا ۔ باہم راضی ہونا ۔ آپس میں خوش رہنا
اِرتضاع ۔ ع ۔ دودھ پلانا ۔ دودھ پینا
ارتعاب ۔ ع ۔ ڈرنا ۔ رعب میں آنا ۔
اِرتفاع ۔ ع ۔ اونچا ہونا ۔ بلندی ۔ رفع ۔ پھولنا
اِرتقا ۔ ع ۔ چڑھنا ۔ ترقی کرنا
اِرتقاب ۔ ع ۔ امیدوار ہونا ۔ نگہبانی کرنا
اِرتکاب ۔ ع ۔ اختیار کرنا ۔ برا کام کرنا
سوار ہونا ۔
آرتنگ ۔ ع ۔ نام ایک کتاب کا جسکو
مانی نقاش نے بنایا ۔ نقاشوں کے نقش کا مجموعہ کیا

تختہ نام ایک بتخانہ کا۔
ارتبات۔ ع۔ ثابت کرنا۔
ارتیاد۔ ع۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا
ارتیف۔ ع۔ مردے کا مال خاکستر۔
ارج۔ قیمت قدر۔ مرتبہ۔ اندازہ۔ حد۔
گیندا۔
ارجاع۔ ع۔ رجوع کرنا۔ متوجہ کرانا۔
ارجمند۔ ع۔ صاحب قدر۔ صاحب مرتبہ
ارجل۔ وہ گھوڑا جسکا ایک پیر سفید ہو یہ
منحوس ہوتا ہے۔
ارچہ۔ حرف شرط بمعنی اگرچہ
ارچند۔ ہرچند۔ جسقدر۔
ارحم۔ ع۔ بڑا رحم والا۔ بڑا مہربان۔
ارخا۔ ع۔ پشت پیچھے
آرد۔ ف۔ آٹا پسا ہوا اناج۔ تقصیر
اردبیل۔ ع۔ نام پہلوان نام شہر جو آذربیجان
میں ہے۔
اردشیر۔ ع۔ لقب بہمن پسر اسفندیار
ارد بمعنی خشم و قہر آتا ہے اور شیر کے
معنی شیر کے مانند بہادر۔
اردو۔ ع۔ لشکرگاہ۔ بادشاہ کا لشکر۔
اردوان۔ نام فارس کے ایک بادشاہ کا
اردی بہشت۔ بہار کے ایک مہینہ کا نام ہے

ارذل۔ ع۔ بہت ذلیل۔ بڑا نیچ۔
ارزاق۔ ع۔ جمع رزق۔ روزی
ارزان۔ سستا۔
ارزانی۔ سستاپن۔
آرزم۔ لڑائی۔ شان
آرزو۔ امید۔
آرزومند۔ صاحب امید۔
آرزیدن۔ قیمت پانا۔ لائق ہونا۔
آرزن۔ چینا گھاس۔ باجرا۔
ارز۔ مول۔ قیمت۔
ارزیز۔ ٹین۔ رانگ۔ قلعی
ارژنگ۔ چین کے ایک مصور نقاش کا نام
مانی کا تصویر خانہ۔
ارسال۔ بھیجنا خط بھیجنا۔
ارسطاطالیس۔ ارسطو یونان کا حکیم۔
ارسطو۔ یونانی حکیم جو سکندر کا وزیر تھا
ارسلان۔ بندہ و غلام۔ شیر۔ درندہ۔
ارشاش۔ ع۔ مینہ کی بوندوں کا پڑنا۔
ارشاد۔ ع۔ ہدایت کرنا۔ راہ بتلانا۔
ارش۔ کہنی سے انگلیوں کے سر تک کا فاصلہ
ارش۔ نام ایک بڑے نامور تیرانداز پہلوان کا
ارشد۔ ع۔ بہت بڑا ہدایت یافتہ آدمی
ارض۔ ع۔ زمین۔

استدراج ۔ ع ۔ درجہ بدرجہ آہستہ آہستہ کھینچنا ۔ وہ باتیں جو خلاف قیاس کسی کافر یا فاسق سے ظاہر ہوں اگر کسی نبی سے ظاہر ہوں تو معجزہ ولی سے ظاہر ہوں تو کرامت

استدراک ۔ ع ۔ کچھ دریافت کرنا

استدعا ۔ ع ۔ خواہش کرنا

استدلال ۔ ع ۔ دلیل طلب کرنا

استادن ۔ ع ۔ کھڑا ہونا

استذکار ۔ ع ۔ یاد کرنا ۔

استذلال ۔ ع ۔ ذلیل و خوار جاننا ۔

استر ۔ وہ کپڑا جو رضائی وغیرہ کے نیچے لگاتے ہیں

استر ۔ خچر

استراحت ۔ ع ۔ آرام ۔ راحت طلب کرنا

استراق ۔ ع ۔ چوری کرنا چھپ کر کسی بات پر کان لگانا ۔

استرخا ۔ ع ۔ سست ہونا عضو کا لٹکنا

استرحام ۔ ع ۔ ترحم چاہنا

استرداد ۔ الٹا لینا ۔ واپسی چاہنا

استردن ۔ مونڈنا ۔ صاف کرنا ۔

استرشاد ۔ ع ۔ راہ راست چاہنا ۔

استرضا ۔ ع ۔ خوشنودی رضا چاہنا ۔

استرکاری ۔ پلاسترکاری کی استرکاری کرنا

اسطرلاب ۔ نجومیوں کا ایک آلہ جس سے سورج کا حال دیکھتے ہیں

استرون ۔ بانجھ عقیمہ

استرہ ۔ چھرا ۔ بال مونڈنے کا آلہ ۔

استہزا ۔ ع ۔ مسخراپن کرنا

استسعاد ۔ ع ۔ طلب سعادت کی نیکی چاہنا ۔

استسقا ۔ ع ۔ سیرابی چاہنا ۔ مینہ برسنے کے لئے دعا مانگنا ۔ جلندھر کی بیماری جس میں پیاس بہت ہوتی ہے ۔

استسلام ۔ ع ۔ سلامتی طلب کرنا ۔ گردن جھکانا ۔ اسلام قبول کرنا ۔

استشارہ ۔ ع ۔ مشورہ کرنا صلاح لینا

استشعار ۔ ع ۔ پوشیدہ دل کا خیال میں رکھنا

استشفاع ۔ ع ۔ شفاعت چاہنا ۔

استشمام ۔ ع ۔ طلب بو کسی چیز کی بو سونگھنا

استشہاد ۔ ع ۔ گواہی چاہنا ۔

استشہار ۔ ع ۔ شہرت چاہنا

استصلاح ۔ ع ۔ صلاح پوچھنا ۔

استصواب ۔ ع ۔ قبول کرنا ۔ ٹھیک سمجھنا ۔

استطاعت ۔ ع ۔ طاقت ۔ طلب تابعداری کی

استطلاق ۔ ع ۔ قید سے چھوٹنا ۔ دست آنا

استظہار ۔ ع ۔ مدد چاہنا ۔ پشتی طلب کرنا

استعارہ ۔ ع ۔ مانگنا ۔ عاریت لینا ۔ کسی لفظ کے مجازی معنی لینا ۔ نرگس کی آنکھ ۔

استعانت ۔ ع ۔ مدد چاہنا ۔ معاونت

استعجاب ۔ تعجب کرنا ۔

استعجال ۔ شتابی مانگنا ۔ جلدی کرنا ۔ [جلدی]

استعداد ۔ مادہ ۔ طاقت علمی سامان

استعطاف ۔ ع ۔ مہربانی چاہنا

استعفا ۔ ع ۔ عفو طلب کرنا ۔ نوکری سے معافی یعنی موقوفی چاہنا ۔ علیحدگی

استعلام ۔ طلب جاننے کی کرنا ۔ پتہ لگانا

استعلا ۔ ع ۔ بلندی ۔ برتری ۔ ترقی

استعمال ۔ ع ۔ کام میں لانا ۔ عمل میں لانا

استغاثہ ۔ ع ۔ فریاد ۔ داد خواہی

استغراب ۔ ع ۔ تعجب میں ڈالنا ۔ عجیب کام کرنا ۔

استغراق ۔ ع ۔ محو ہونا ۔ ڈوب جانا

استغفار ۔ مغفرت چاہنا ۔ گناہ بخشوانے کی خواہش کرنا ۔

استغنا ۔ ع ۔ بے پروائی ۔ [ڈھٹنا]

استفادہ ۔ ع ۔ فائدہ حاصل کرنا

استفاضہ ۔ فیض حاصل کرنا ۔ برکت چاہنا

استفتا ۔ فتویٰ چاہنا ۔ مسئلہ پوچھنا

استفراغ ۔ فراغت چاہنا ۔ قے ہونا ۔

استفساد ۔ فساد چاہنا

استفسار ۔ پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔

استفہام ۔ ع ۔ پوچھنا ۔ جاننے کی طلب ۔ دریافت کرنا ۔ سوال کرنا

استفہامیہ ۔ ع ۔ وہ حرف یا نشان جو پوچھنے کے لئے آئے جس سے طلب فہم ۔ سوال

استقامت ۔ ع ۔ سیدھا ہونا ۔ مستقیم ہونا ۔ کھڑا ہونا ۔ سچائی ۔

استقباح ۔ ع ۔ برا اور قبیح سمجھنا ۔

استقبال ۔ ع ۔ آئندہ ۔ کسی کی پیشوائی کو جانا ۔ پیش روی ۔

استقدام ۔ ع ۔ پیش قدمی کرنا ۔ استقبال کرنا

استقرا ۔ ع ۔ تجسس کرنا ۔ جگہ جگہ پھرنا ۔

استقرار ۔ ع ۔ ٹھہرنا ۔ آرام کرنا ۔ قرار پکڑنا

استقراض ۔ قرض ۔ مانگنا ۔

استقسام ۔ ع ۔ اپنا حصہ طلب کرنا ۔

استقصار ۔ ع ۔ کم کرنا ۔ طلب کوتاہی

استقصا ۔ ع ۔ کوشش تمام کرنا ۔ کسی چیز کی انتہا کو پہنچنا ۔ سخت کوشش

استقلال ۔ ع ۔ استحکام ۔ ثابت قدمی ۔ حکومت مستقل ہو جانا ۔

استکاک - ع - بہرا ہونا - چپ رہنا
استکانت - ع - عاجزی کرنا - مسکین ہونا
اِستکبار - ع - بڑا سمجھنا - گھمنڈ کرنا۔
اِستکثار - ع - بہت کرنا - بڑھانا۔
اِستکراہ - ع - نفرت کرنا - کراہت رکھنا
اِستکساب - ع - اپنی قوت بازو اور کوشش سے کسی چیز یا ہنر کو حاصل کرنا۔
استکشاف - ع - ظاہر ہونا - طلب کشف کی
اِستلال - ع - تلوار کھینچنا۔
استلام - ع - مکہ کے سنگ اسود پہ پیشانی رگڑنا - پتھر کو چومنا - خوشہ نکل آنا۔
استلذاذ - ع - لذت لینا - مزہ لینا۔
اِستلزام - ع - لازم ہونا - ضروری ہونا
اِستلقا - ع - چت لیٹنا - دیکھنے کی طلب
اُستم - ستم - ظلم۔
استماع - ع - سننا۔
استمالت - ع - دلجوئی کرنا - اپنی طرف مائل کرنا - مالدار ہونا
استمتاع - ع - برخورداری پانا - پھل پانا
استمداد - ع - مدد مانگنا - کھینچنا
استمرار - ع - ہمیشگی۔
استمزاج - ع - مزاج پوچھنا - رائے پوچھنا
استمساک - ع - پنجہ مارنا - بند کرنا - مضبوط پکڑنا۔

آستین - آستین کرتے انگرکھے کی بانہہ
اُستن - کھمبا - ستون۔
استنباط - ع - بات کھودنا - چننا - ایک بات سے دوسری بات نکالنا۔
استنبول - قسطنطنیہ - شہر کا نام
استنجا - ع - پاک کرنا - دھونا - ناپاکی دور کرنا
استنشار - ع - ناک جھاڑنا - چھینکنا۔
استنشاق - ع - ناک کی راہ سے سڑکنا - پانی یا دوا وغیرہ ناک کے رستہ سے کھینچنا۔
استنصار - ع - مدد یا فتح چاہنا۔
استنطاق - ع - بات پوچھنا - طلب نطق کی
استنکاف - ع - انکار کرنا - شرمانا - ننگ رکھنا
اُستوا - ع - برابری - ہمواری کبھی دوپہر مراد ہوتا ہے - خط استوا جو قطبین سے برابر فاصلہ پر ہے۔
اُستوار - مضبوط - مستحکم۔
اِستواری - مضبوطی۔
اُستوان - مضبوط - معتبر۔
اِستودان - قبرستان - گورستان۔
استور - گھوڑا - خچر - باربرداری کا چوپایہ
اُستون - ستون - شہتیر۔

استوہ - عاجز - بھکا ہوا۔
استہ - ع - گودا - چھوہارا - پیر - شفتالو - وغیرہ کی گٹھلی -
استہام - ع - چٹھی ڈالنا -
استہانت - توہین کرنا - خراب جاننا -
استہزا - ع - ہنسی - ہنسی کرنا -
استہلال - ع - نیا چاند دیکھنا خوش ہونا پیدا ہوتے وقت بچے کا رونا -
استیثار - ع - تنہا رہنا - منتخب کرنا -
استیذان - ع - اجازت چاہنا -
استیزہ - لڑائی - مخالفت غصہ -
استیصال - ع - جڑ سے اکھاڑنا -
استیفا - ع - پورا کرنا - چھوڑنا - پورا لینا اطمینان کرا دینا -
استیلا - ع - غالب ہونا -
آستین افشاندن - خوش ہونا - رد کرنا - منع کرنا - رقص و سماع - آفریں -
استیناس - ع - محبت بڑھانا - انسیت ہو جانا -
استیناف - ع - نئے سرے شروع کرنا -
اسجاع - سخن با قافیہ - کبوتر اور فاختہ کی آواز - جمع سجع
اسجاع - ع - با قافیہ باتیں کہنا یا لکھنا -
اسحار - ع - جمع سحر بمعنی صبح جمع سحر بمعنی جادو -

اسحاق - ع - حضرت ابراہیم کے بیٹے کا نام -
اسخی - بہت بڑا سخی
اسخیا - ع - جمع سخی - فیاض لوگ -
اسد - ع - جمع اسد بمعنی شیر - [یعنی شگفتہ]
اسد - ع - شیر ببر - آسمان کا پانچواں برج
اسداد - ع - جمع سد - دیواریں - رکاوٹیں
اسرار - ع - جمع سر یعنی بھید -
اسراف - ع - فضول خرچی بیہودہ خرچ کرنا
اسرا - ع - جمع اسیر بمعنی قیدی
اسرافیل - ع - نام ایک فرشتے کا جو قیامت کے دن صور پھونکے گا یعنی بگل بجاویگا۔
اسرائیل - ع - نام یعقوب پیغمبر کا - بندہ خدا
اسرع - ع - بہت جلد -
اسطبر - ع - موٹا [گھوڑے باندھے جاویں
اسطبل - ع - اصطبل وہ مکان جہاں
اسطخر - نام ایک شہر کا جو زمانہ قدیم میں فارس کا دارالسلطنت تھا -
اسطر - یونانی زبان میں ترازو کو کہتے ہیں
اسطرلاب - نجومیوں کا ایک آلہ جس سے آفتاب کی بلندی پستی - سعادت و نحوست وغیرہ دیکھتے ہیں سطرلاب
اسطقس - ع - عنصر - اسطقسات جمع -
اسطوانہ - ع - ستون - کھمبا -

اسطورہ - ع - افسانہ - کہانی۔
اسطیر - ع - قصہ - کہانی - اساطیر - جمع
اسعاد - ع - خوش کرنا - سعید اور نیکبخت اور
بنا دینا۔ [روائی
اسعاف - ع - کسی کا کام پورا کرنا۔ حاجت
اسعد - ع - بہت نیک بخت۔ بڑا سعید
اسغبر - ع - خارپشت - ساہی۔
اسف - ع - رنجیدگی۔
اسف - ع - رنجیدہ - غمزدہ
اسفار - ع - جمع سفر - کتابیں - ایلچی
اسفار - ع - بہت ہی چمکیلا - چمکتا
اسفاناخ - ع - پالک کا ساگ۔
اسفل - ع - سب سے نیچا - فرومایہ۔
اسفل السافلین - ع - دوزخ کا ساتواں
طبقہ جو سب سے نیچے ہے۔
اسفنج - ع - سفنج - مردہ بادل۔
اسفند - سپند - کالا دانہ۔
اسفندارمذ - ف - بارھواں مہینہ جس میں
آفتاب حوت میں ہوتا ہے۔
اسفندیار - ف - بادشاہ گشتاسپ کا بیٹا بڑا
بہادر پہلوان روئیں تن تھا۔
اسفیداج - ع - سفیدہ کاشغری۔
اسفید باج - ع - گوشت بے مصالح کا شوربا

اسقاط - ع - جمع سقط - اسباب۔
اسقاط - ع - گرانا - ڈال دینا۔
اسقام - ع - جمع سقم - بیماریاں۔
اسقف - ع - عیسائی واعظ پادری۔
اسکاف - ع - موچی - جوتا بنانے والا۔
اسکدار - ڈاک - چوکی - ایلچی
اسکندریہ - ملک مصر کے ایک شہر کا نام
اسکنہ - برما جس سے سوراخ کرتے ہیں
اسکیزہ - ع - گھوڑے کا دولتی مارنا۔
اسلاخ - ع - کھال کھینچنا۔
اسلاف - ع - بزرگ - اگلے وقت کے لوگ
اسلام - ع - مسلمان ہونا - حکم خدا پر گردن
جھکانا - انکسار کرنا۔
اسلحہ - ع - جمع سلاح - ہتھیار - اوزار۔
اسلوب - ع - طور طریق - ڈھنگ - طرز
اسم - ع - نام [عورت کا
اسما - ع - جمع اسم کی نام ایک خوبصورت
اسمار - ع - جمع سمر - کہانیاں رات کی باتیں
اسماع - ع - جمع سمع - یعنی کان۔
اسماع - ع - سننا - راگ گانا - گالی دینا
آسمان - ف - فلک
آسمانہ - مکان کی چھت - بہشت۔
آسمانی - بہشتی - نیلا - آتشبازی کی ہوائی

آسمانی تیر۔ ٹوٹنے والا تارا۔
اسمر۔ ع۔ گہوال رنگ۔ گندمی رنگ
اِسمندر۔ سمندل یعنی آگ کا کیڑا۔
اَسناد۔ ع۔ جمع سند۔ قانونی کاغذ۔
اِسناد۔ کسی چیز کو کسی چیز سے نسبت دینا
اِسنان۔ ع۔ بہت سے سال بہت
دانت بہ چھیاں ۔
اِسوار۔ شہر کی دیواریں کنگن
اَسوار۔ ف۔ سوار و سوار کی جمع۔
اسواط۔ ع۔ جمع سوط۔ کوڑے تازیانے
اسواق۔ ع۔ جمع سوق۔ بازار
اسود۔ ع۔ کالا۔ کالا سانپ بہت طاقتور
آسودن۔ آرام کرنا۔ آسودہ ہونا۔
اسولہ۔ ع۔ جمع سوال۔ سوالات۔
اِسہال۔ ع۔ پیٹ چلنا۔ دست آنا۔
اسہل۔ ع۔ زیادہ آسان۔
اسہم۔ ع۔ جمع سہم بمعنی تیر۔
آسی۔ ع۔ بہت رنجیدہ۔ بہت غمگین
آسیا۔ آسیاب۔ پن چکی۔ چکی۔
اسیاف۔ ع۔ جمع سیف۔ تلواریں
آسیب۔ دکھ۔ تکلیف خطرہ
اسیر۔ قیدی۔
اسیری۔ قید۔ بند۔

آسیمہ۔ پریشان۔ متحیر
آسیہ۔ نام ہے فرعون کی بیوی کا جسکو
حضرت موسیٰ پر ایمان لانے کے
سبب سے فرعون نے قتل کیا۔
آش۔ شوربا۔ حریرا۔ پتلا کھانا۔
آش کردن۔ پکانا۔
اشارات۔ ع۔ اشارے۔ علامتیں
نام کتاب حکمت کا۔
اشارت۔ ع۔ اشارہ کرنا۔ سین مارنا۔
اشاعت۔ ع۔ مشہور کرنا۔ چھاپنا۔ پھیلانا
آغاق۔ ت۔ غلام۔ امرد
آشامیدن۔ پینا۔
انتشاب۔ ع۔ پڑھنا۔ بڑا ہونا۔
اشباح۔ ع۔ جمع شبح۔ کالبد۔ جسم
اِشباع۔ ع۔ پیٹ بھر کے سیر کرنا
ضمہ۔ فتحہ۔ کسرہ کو کھینچ کر پڑھنا کہ واو
الف اور یا ہو جاوے جیسے اُفتادن
آجانا۔
اشباہ۔ ع۔ صورتیں شکلیں۔
اسپنس۔ چیلہ جو اسپندہ
اشتا۔ آشتاب۔ جلدی۔
اشتات۔ ع۔ پراگندہ کرنا۔
اشتباک۔ درزیں ملنا۔ درختوں کی

شاخیں باہم گتھ جانا چھید نا جال بنانا
اشتباہ۔ شک و شبہہ۔ مشابہت
اشتداد۔ سختی کرنا مضبوط کرنا
اشتر۔ اونٹ۔ شتر
اشترا ع۔ خریدنا۔ مول لینا سوداگری کرنا
اشتراط۔ ع۔ شرط کرنا۔
اشتراک۔ ع۔ ساجھا۔ شرکت۔
اشتر دل } بزدل
اشتر زہرہ }
اشتعال۔ ع۔ شعلہ زن ہونا۔ لپٹ مارنا
اشتغال۔ مشغول ہونا۔
اشتقاق۔ ع۔ چیرنا لکڑی وغیرہ نکالنا
ایک لفظ سے دوسرے لفظ بنانا
اشتکا ر۔ ع۔ شکوہ کرنا شکایت کرنا
اشتلم۔ ت۔ ظلم۔ زبردستی۔ لڑائی۔ خوف
اشتمال۔ ع۔ شامل ہونا۔ ملانا۔
اشتمام سونگھنا۔
اشتہا ء۔ ع۔ بھوک۔ خواہش
اشتہار۔ ع۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔
آشتی۔ دوستی۔ صلح
اشتیاق۔ ع۔ شوق ہونا۔ بہت چاہنا
اشجار۔ ع۔ جمع شجر بمعنی درخت۔
اشجر۔ ع۔ گنجان درختوں سے بھرا ہوا۔

اشجع۔ ع۔ بڑا بہادر۔ ایک قسم کا سانپ
اشحم۔ ع۔ بہت چربی والا موٹا تازہ
اشخاص۔ ع۔ جمع شخص۔ بہت لوگ۔
اشد۔ مضبوط بہت سخت۔
اشدار۔ بہت تیز و سخت مزاج۔
اشر۔ ع۔ بہت بد۔ بڑا شریر۔
اشرار۔ ع۔ جمع شریر کی۔
اشراط۔ علامتیں۔ نشانیاں۔
اشراع۔ ع۔ کھولنا۔
اشراف۔ ع۔ جمع شریف بھلے آدمی
اِشراف۔ ع۔ جھانکنا۔ اوپر سے نظر ڈالنا
اشراق۔ ع۔ چمکنا۔ سورج کا طلوع ہونا
اشراقات۔ کرنیں۔ روشنی۔
اشراقیاں } حکما کا گروہ جو صفائی دل کے سبب سے مکاشفہ سے پڑھتے پڑھاتے تھے اور باہمی ملاقات کی ضرورت نہ ہوتی تھی مثلاً افلاطون و بقراط وغیرہ
اشراقیین }
اشراک۔ ع۔ حصہ دار ساجھی کمپنیاں
اشربہ۔ ع۔ پینے کی چیزیں جمع شراب
اشرف۔ بہت بزرگ بڑا اشریف
اشرفی۔ ف۔ سونے کا سکہ دس یا سولہ روپے کا

اشعار ۔ ع ۔ جمع شعر ۔ ابیات ۔ بال
اشعار ۔ ع ۔ آگاہ کرنا ۔ معنی دینا
اشتعال ۔ ع ۔ آگ کو بھڑکانا ۔
اشعہ ۔ جمع شعاع ۔ کرنیں ۔
اشعث ۔ ع ۔ ایک لالچی کا نام
اشعر ۔ ع ۔ بڑا شاعر ۔ بڑا عقلمند ۔
اشعری ۔ ع ۔ نام ایک شخص کا جس کے
بدن پر بوقت تولد بڑے بال تھے
اشغال ۔ ع ۔ جمع شغل ۔ کاموں کاروبار
اشفاق ۔ جمع شفقت ۔ مہربانیاں
اشفاق ۔ ع ۔ رحم کھانا ۔ ڈرانا ۔
اشفتن ۔ پریشان کرنا ۔ پریشان ہونا
آشفتہ } پریشان ۔ عاشق
آشفتہ حال } پراگندہ حال ۔
اشفیٰ ۔ ع ۔ سُتالی جس سے موچی
سوراخ کرتے ہیں ۔
اشق ۔ ع ۔ ایک درخت کا گوند ۔
اشق ۔ بہت مشکل
اشقر ۔ ع ۔ گھوڑا ۔ سرنگ گھوڑا ۔
اشقیا ۔ ع ۔ جمع شقی ۔ بدبخت
اشک ۔ آنسو ۔
اشک خونیں ۔ خون کے آنسو ۔
آشکار ۔ ظاہر ۔ کھلا ہوا ۔

آشکارا ۔ آشکارہ ۔ ظاہر ۔ کھلا ہوا ۔
اشکال ۔ ع ۔ جمع شکل ۔ صورتیں ۔ شکوک
اشکال ۔ ع ۔ پیچیدہ و مشکل ۔ مشکل کرنا ۔
اشکباری ۔ آنسو گرانا ۔ رونا ۔
اشکبوس ۔ ایک کشانی زبردست
پہلوان جو رستم کے ہاتھ سے مارا گیا
اشکرہ ۔ شکرہ ۔ جو شکاری پرندہ ہے ۔
اشکل ۔ ع ۔ بہت مشکل ۔ بہت مشابہ
خوشتر ۔ اونٹ کے پالان باندھنے
کی رسی ۔
اشکم ۔ شکم ۔ پیٹ ۔
اشکنج } ہاتھ ۔ کلائی ۔ شکن
اشگرف ۔ نادر ۔ عجیب ۔ بزرگ ۔ پسندیدہ
آشناق ۔ ت ۔ تہمت ۔ بہتان ۔
اشل ۔ ع ۔ ٹنڈا جس کا ہاتھ سوکھ جاوے
اشمام ۔ ع ۔ سونگھنا ۔ بو کا پھیلنا ۔
آشمالی ۔ خوشنا ۔
آشنا ۔ دوست یلا قانی ۔ تیراک یلا بی
آشناب
آشناگر
آشناباز } پیراک
آشناور
اشنان ۔ ع ۔ ایک گھاس جس سے

کپڑے دھوتے ہیں۔ اور جسکو جلا کر
سجی بناتے ہیں۔
آشنا ہو۔ پانی میں تیرنا۔ تیراک ہونا۔
آشنائی۔ جان پہچان دوستی۔ پیرنا
آشنائی دادن۔ پہچنوانا۔ ملاقات کرانا
اشنع۔ ع۔ بدتر بہت شنیع۔
اشنوسہ۔ چھینکنا۔ عطسہ
اشواق۔ ع۔ جمع شوق۔ خواہشیں
آشوب۔ گھبراہٹ۔ ہلچل۔ فتنہ
آشوردن۔ خمیر کرنا ملانا۔
آشوفتن۔ آشوبیدن۔ پریشان ہونا
پریشان کرنا۔
اشہاد۔ ع۔ جمع شاہد۔ بمعنی گواہ
اشہاد۔ ع۔ حاضر کرنا۔ گواہ کرنا
اشہب۔ ع۔ سبزہ گھوڑا جنگل کا شیر
سپید سیاہی مائل چیز
اشہر۔ زیادہ مشہور۔
اشہل۔ ع۔ شہلا چشم۔ سیاہ نیلی مائل چشم
اشیا۔ ع۔ جمع شے چیزیں۔ (تساہلی پیرو
اشیاع۔ ع۔ جمع شیعہ۔ دوستوں کا گروہ
آشیان۔ آشیانہ۔ گھونسلا مکان کی چھت
آشیہ۔ گھوڑے کا ہنہنانا۔
اصابت۔ ع۔ رسائی پہنچنا۔ درست کرنا

اصابع۔ ع۔ جمع اصبع انگلیاں
اصاحب۔ ع۔ جمع صاحب۔ مالک
دوست
اصاغر۔ ع۔ جمع صغیر۔ چھوٹے۔
آصال۔ ع۔ جمع اصل۔ رات۔ شبانگاہ
اصالت۔ ع۔ اصل ہونا جڑ
اصباح۔ ع۔ صبح کرنا۔ صبح اٹھکر کام کرنا
اصباغ۔ رنگ۔
اصبغ۔ ع۔ رنگی۔ فائدہ۔
اصبح۔ ع۔ وہ گھوڑا جسکی پیشانی یا دم سفید ہو
اصح۔ ع۔ بہت صحیح۔ تندرست
اصحاب۔ ع۔ دوست یا جمع صاحب
اصحاب کہف۔ ع۔ صاحبان غار۔ یہ سات
پاک لوگ تھے جو دقیانوس کے ظلم سے
بچکر غار میں مع ایک کتے کے جا چھپے
اصحاب الشمال۔ ع۔ دوزخی لوگ۔ بائیں
طرف والے
اصداد۔ ع۔ روکنا۔ باز رکھنا
اصدار۔ ع۔ نکالنا۔ صادر کرنا۔
اصداغ۔ ع۔ جمع صدغ۔ کنپٹی۔ شقیقہ۔
اصداف۔ ع۔ جمع صدف۔ سیپیاں
اصدقا۔ ع۔ جمع صدیق۔ سچے دوست
اصراح۔ ع۔ صراحت کرنا۔ ہٹ کرنا

اضافی۔ نسبتی تعلق۔ یا لگاؤ والا
اضاءت۔ ع۔ روشن کرنا۔ روشن ہونا۔
اضحاک۔ ہنسانا۔ تعجب دلانا۔ زمین پر گھاس جمنا۔
اضحیٰ۔ صاف صبح کے وقت کام کرنا۔ قربانی
اضداد۔ ع۔ جمع ضد۔ برعکس۔
اضراب۔ ع۔ منہ پھیر لینا۔
اضرار۔ ع۔ نقصان۔ صدمہ۔ ایذا۔ بیمار
اضرار۔ ع۔ ضرر پہنچانا۔ فوڑنا۔ نقصان کرنا
اضراس۔ ع۔ ڈاڑھیں۔ دانت۔
اضراع۔ ع۔ گڑگڑانا۔ عجز و نیاز کرنا
اضطراب۔ ع۔ گھبراہٹ۔ بیقراری۔
تلوار مارنا
اضطرار۔ ع۔ لاچار کرنا۔ مجبور کرنا۔ کسی شے کی حاجت ہونا۔
اضعاف۔ ع۔ دو چند کرنا۔ دونا کرنا۔
اضعاف۔ ع۔ دو چند۔ اتنا ہی اور مانند و مثل۔
اضعف۔ ع۔ نہایت ضعیف۔ بہت کمزور
اضغاث احلام۔ پریشان خواب۔
اضل۔ بڑا گمراہ۔
اضلاع۔ ع۔ پسلیاں۔ اطراف و جوانب

اضلال۔ ع۔ گمراہ کرنا۔ راہ بھلانا۔
اضمار۔ ع۔ بات کا دل میں رکھنا
جمع ضمیر۔ چھپانا۔
اضمحلال۔ ع۔ نیست ہونا۔ مضمحل ہونا۔
اضیاف۔ ع۔ جمع ضیف بمعنی مہمان۔
اضیق۔ ع۔ تنگ تر۔
اطابت۔ ع۔ خوش کرنا۔ خوشبو کرنا۔ استنجا کرنا
اطاحت۔ ع۔ ہلاک کرنا۔ مال برباد کرنا۔
اطارت۔ ع۔ اڑانا۔ پرواز کرانا۔
اطاعت۔ ع۔ تابعداری کرنا۔ حکم ماننا۔
اطاق۔ کمرہ۔
اطبا۔ ع۔ جمع طبیب۔ بمعنی حکیم۔
اطباق۔ ع۔ تھالیاں۔ جمع طبق۔
اطبال۔ ع۔ ڈھول۔ جمع طبل۔
اطراف۔ ع۔ طرفین۔ جمع طرف۔
اطعمہ۔ ع۔ جمع طعام۔
اطفا۔ ع۔ بجھانا۔ آگ کو ٹھنڈا کرنا۔
اطفال۔ ع۔ لڑکے بچے۔ جمع طفل۔
اطلاع۔ ع۔ خبر دینا۔ ظاہر کرنا۔ طلوع ہونا۔ اپنا بھید بتانا۔ واقف کرنا
اطلاق۔ ع۔ چھوڑنا۔ بے قید کرنا۔ روا رکھنا
اطلس۔ ع۔ ریشمی کپڑا۔ تمام نویں آسمان کا
اطماع۔ ع۔ لالچ میں ڈالنا۔ طمع کرنا۔

اطمینان - ع - تسلی - دلاسا -
اطناب - ع - خیمہ کی رسیاں جمع طنب
اِطناب - ع - کلام کو طول دینا -
اَطوار - ع - طریقے - جمع طور -
اطہار - ع - پاک لوگ - جمع طاہر -
اَطہر - ع - بڑا پاک -
اطیاب - ع - خوشبوئیں جمع طیب -
اطیب - ع - بڑا خوشبودار - بڑا پاک -
اَظافر اظفار - ع - ناخن جمع ظفر - کیلیں -
اَظلال - ع - سائے - جمع ظل -
اِظلال - ع - سایہ ڈالنا - سایہ دار ہونا -
اظلام - ع - تاریک ہونا - رات کا اندھیرا ہونا
اظہار - ع - ظاہر کرنا - بیان ثبوت -
اَظہر - ع - بہت ظاہر -
اظہر من الشمس - ع - سورج سے زیادہ ظاہر
اعاجیب - ع - عجیبات - معجزے - جمع اعجوبہ
اِعادت - ع - لوٹانا - پھرنا - دوبارہ پڑھنا
اَعادی - دشمن لوگ - جمع عدو -
اعاذت - ع - پناہ میں لینا -
اِعارت - ع - منگنی دینا - عاریت دینا -
اعاظم - ع - جمع اعظم - بہت بڑے -
اعالی - ع - جمع اعلیٰ بہت بلند -
اعانت - ع - مدد کرنا -

اعانہ - ع - چندہ -
اِعتاق - ع - لونڈی غلام کو آزاد کرنا -
اعتبار - ع - بھروسا کرنا - عبرت حاصل کرنا
اِعتداد - ع - گننا شمار کرنا -
اعتذار - ع - عذر کرنا -
اعتراض - ع - شبہ کرنا - نکتہ چینی کرنا -
اعتراف - ع - اقرار کرنا -
اعتراک - ع - جنگ کے میدان میں انبوہ کرنا
اعتزاز - ع - سبقت کرنا - عزیز ہونا -
اعتزال - ع - گوشہ نشینی - الگ ہونا -
اِعتسار - ع - مجبور کرنا - زور ڈالنا -
اِعتساف - ع - ظلم کرنا - ظلم سفر - بیراہ چلنا
اِعتصام - ع - چنگل مارنا - گناہ سے آپ کو بچانا -
اعتضاد - ع - مدد چاہنا - قوت پانا بازو بنانا -
اعتقاد - ع - یقین کرنا - معتقد ہونا - عقیدہ
اعتکاف - ع - گوشہ نشینی اپنے کو باز رکھنا
اِعتلا - ع - بلند ہونا - بلندی -
اعتلال - ع - بیمار ہونا - بہانہ کرنا -
اعتماد - ع - بھروسہ کرنا
اعتنا - ع - پریشان - تکلیف اٹھانا - غمخواری
اعتناق - ع - گلے ملنا -

اِعتیاد۔ ع۔ عادی ہونا۔ واپس آنا۔
اِعجاز۔ ع۔ عاجز کرنا۔ نبی سے کوئی بات خلاف
عادت یعنی معجزہ ظاہر ہونا۔
اِعجال۔ ع۔ جلدی کرنا۔ گاڑیاں۔
اُعجوبہ۔ ع۔ زیادہ عجیب انوکھی بات
اَعدا۔ ع۔ جمع عدو۔ دشمن۔
اعدا۔ ع۔ جمع عدو۔
اَعدل۔ ع۔ بڑا عادل
اِعذار۔ ع۔ عذر کرنا۔ ختنہ کرنا۔
اعذب۔ ع۔ زیادہ شیریں
اَعراب۔ ع۔ عربیاں صحرانشیں۔
اِعراب۔ ع۔ ظاہر کرنا۔ درست کرنا۔ زبر
زیر پیش کے حرکات
اِعرابی۔ ع۔ بدو۔ صحرانشین عرب۔
اَعراض۔ ع۔ بیماریاں۔ گھر کے اسباب عزت
اِعراض۔ ع۔ وہ چیزیں جو بذات خود
قائم نہ ہوں۔ روگردانی کرنا
اعراف۔ ع۔ نام ایک مقام کا جو بہشت
اور دوزخ کے درمیان ہے۔
اعراق۔ ع۔ ملک عراق کو جانا۔ جڑ پکڑنا یا
شراب میں پانی ملانا۔
اعزاز۔ ع۔ عزت کرنا۔
اعزب۔ ع۔ کنوارا۔ بے جورو والا

اعزل۔ ع۔ مرد بے سلاح نہتھا۔
اَعزہ۔ ع۔ جمع عزیز پیارے۔
اعسار۔ ع۔ فقیر ہونا۔ تنگ حال ہونا۔
اعسر۔ ع۔ بہت دقیق۔ بڑا مشکل
اعشار۔ ع۔ جمع عشر۔ دسواں حصہ
اَعشیٰ۔ ع۔ عرب کے ایک مشہور شاعر کا
نام۔ وہ شخص جسکو رتوندی آتی ہو۔
اَعصاب۔ ع۔ جمع عصب پٹھے
اَعصار۔ ع۔ جمع عصر۔ زمانے
اِعصار۔ ع۔ دبانا۔ بگولہ۔ گردباد۔
اَعضا۔ جمع عضو۔ جوڑ ہاتھ اور پیر کے
اعضائے رئیسہ۔ دل۔ دماغ۔ کلیجہ
گردہ وغیرہ
اِعطا۔ ع۔ دینا بخشش کرنا عطا کرنا
اَعطاش۔ ع۔ پیاسا کرنا۔
اعطاف۔ ع۔ مہربانیاں۔
اِعظام۔ ع۔ بزرگ کرنا۔ عزت کرنا۔
اَعظم۔ ع۔ بہت بڑا۔
اَعِفّا۔ ع۔ جمع عفیف۔ پرہیزگار۔
اعفا۔ ع۔ گناہ معاف کرنا۔
اَعقاب۔ ع۔ پچھلی اولاد
اَعلیٰ۔ ع۔ بہت بلند۔ بہت اونچا بڑا
اَعلام۔ ع۔ جمع عَلَم۔ نشان۔ جھنڈے۔

اعلام - ع - خبر دینا - جتلانا -
اعلان - ع - ظاہر کرنا - کھول دینا
اعلم - ع - بہت عالم جسکو سب جانتے ہوں
اعماد - ع - کھمبے - ستون - ارکان -
اعمار - ع - جمع عمر -
اعمال - ع - جمع عمل - کاموں
اعمی - ع - نابینا - اندھا -
اعناق - ع - جمع عنق - گردنیں -
اعنب - ع - بڑی ناک والا -
اعنق - ع - بڑی گردن والا -
اعنہ - ع - جمع عنان - باگیں -
اعنی - ع - میں قصد کرتا ہوں -
اعوام - ع - جمع عام - سالوں -
اعوان - ع - جمع عون - مددگار - مدد -
اعوان - ف - سپاہی
اعور - ع - یک چشم - کانا -
اعیاد - ع - جمع عید - تہوار -
اعیان - ع - امرا - چشمے - آنکھیں
اعین - ع - فراخ چشم
آغا - صاحب - مالک - خداوند - بڑا بھائی (مگر اب ایران میں [illegible] کو کہتے ہیں)
آغاز - شروع -

آغازیدن - شروع کرنا -
آغاشتن - فراہم کرنا - حاصل کرنا
آغاشتہ - ف - تر باورسی کرنا -
آغال - ف - بھڑکانا - ابتدا - چھتا
آغالیدن - بھڑکانا لڑائی کے لئے - تیز کرنا - جوش دلانا -
اغامت - ع - آسمان پر ابر چھانا -
آغانی - ع - راگ - بانسری - مزمار
اغبر - ع - گرد آلود - خاکی رنگ
اغتسال - غسل کرنا - بدن دھونا -
اغتفار - ع - مغفرت چاہنا -
اغذیہ - ع - جمع غذا - کھانے - طعام -
اغرا - ع - لڑائی کے لئے کسی کو آمادہ کرنا -
اغراس - ع - پودے لگانا -
اغراض - ع - جمع غرض - غرضیں -
اغریرث - نام بادشاہ جو افراسیاب کا بھائی تھا -
اغلاط - ع - غلطی کرنا -
اغلاق - ع - قفل - سٹکنیاں - چٹخنیاں
اغلاق - ع - بند کرنا - مشکل کرنا -
اغلال - ع - پہننے کے طوق -
اغلب - ع - قریب بیقین کے - زیادہ غالب
اغلظ - ع - زیادہ گاڑھا -

اغلمش - نام بادشاہ ترکستان -
اغماز - چغلخوری کرنا عیب کرنا
اغماض - ع - چشم پوشی کرنا درگذر کرنا -
اغنام - ع - جمع غنم - بکریاں -
اغندہ - روئی کا گولا - بھرا ہوا -
اغنیا - ع - جمع غنی یا بیوپاری لوگ -
اغوا - ع - بہکانا - برانگیختہ کرنا -
آغوش - گود - بغل -
اغیار - ع - جمع غیر
آف - سورج - ہرن جسکے نافہ خشک ہو
آف - افسوس چھی چھی -
آفات - ع - جمع آفت
افاحت } ہانڈی کا جوش مارنا -
افارہ } خون بہانا -
افادہ - ع - فائدہ پہنچانا -
افاریق - ع - فرقے فرقہ جمع
افازۃ - ع - تھمند اور کامیاب کرنا - کسی کو قابل حصول مقصد بنانا
افاضل - ع - جمع افضل کی - بڑے لایق - عالم لوگ -
افاعی - ع - جمع افعی کالے سانپ
افاعیل - ع - جمع افعال - کام
افاغنہ - ع - جمع افغان - پٹھان لوگ

آفاق - ع - جمع افق - آسمان کے کنارے - دنیا -
افاقت - ع - کسی کام سے فرصت پانا - بیماری سے آرام پانا
آفت - ع - مصیبت - دکھ - بلا -
افتاء - ع - فتویٰ اور حکم دینا -
آفتاب - سورج دھوپ - شراب
آفتاب پرست - سورج مکھی گرگٹ
آفتاب گیر - چھتری - سایبان - پردا -
آفتابہ - پانی کا لوٹا - ٹونٹی دار لوٹا
آفتابی شدن - ظاہر ہونا -
افتادگی - عاجزی کرنا -
افتادن - گر پڑنا -
افتتاح - ع - شروع کرنا
افتتان - ع - فساد اٹھانا
افتخار - ع - فخر کرنا - شیخی کرنا - غرور کرنا -
افتدا - ع - جان کا بدلا مال دینا
افترا - جھوٹ بات بنانا - تہمت بہتان
افتراش - صحبت کرنا - پامال کرنا - غالب ہونا -
افتراص - ع - فرصت حاصل کرنا -
افتراع - جوان لڑکی کی بکارت دور کرنا
افتراغ - ع - نہانا - پانی بہانا -

افتضاح - ع - رسوائی ... ت

افتعال - ع - بہتان ... رقت

[illegible]

افتقار - ع - محتاجی - خاکساری - افلاس

افتکار - ع - فکر کرنا - سوچنا -

افتکاک - ع - جدا ہونا -

افخام - ع - بزرگ کرنا -

افرا - واہ واہ - پیدا کرنا -

افراح - ع - خوشیاں -

افراختن - ع - بلند کرنا - کھڑا کرنا -

افراد - ع - جمع فرد بمعنی ایک - اشخاص

افرار - ع - بھاگنا -

افراشتہ - ع - بلند چوٹی - اوپر - اندر مسالہ
لونگ - مرچ وغیرہ -

آفرازہ - شعلہ

افراس - ع - جمع فرس - گھوڑے -

افراس آب - دریائی گھوڑا - حباب

افراسیاب - ع - نام بادشاہ توران -

افراش - ع - جمع فرش - بچھونے -

افراشتن - ع - بلند کرنا -

افراض - ع - مقرر کرنا - فرض ٹھہرانا

افراط - ع - بہت زیادہ ہونا -

افراغ - ع - خالی کرنا - قے کرنا -

افراق - ع - جمع فرق - جدائیاں - حصے
فوج کے دستے -

افروختن - روشن کرنا -

افروزہ - چراغ کی بتی - فتیلہ -

افروغ - ف - کرنیں -

آفریدگار - پیدا کرنے والا - خالق

آفریدگان - دنیا کے لوگ - مخلوق -

آفریدن - پیدا کرنا -

آفریں - شاباش - کلمہ تحسین -

آفرینا }
آفرینندہ } خدائے تعالیٰ - خالق -

آفرینش - پیدا کرنا - خلقت -

افزا - بڑھانا - ضرب دینا - بڑھانیوالا -

افزاع - ع - جمع فزع - خوف - ڈر - خ و

افزائیدن - بڑھانا -

افزودن - بڑھنا - بڑھانا -

افزوں - زیادہ بڑھانا - فائق

افزونی - زیادتی -

افسار - باگ ڈوریں - دلفریب -

افساردن - دبانا - [illegible]

افسان - وہ پتھر جس پر تلوار وغیرہ تیز

افسانہ - قصہ - کہانی -

افسایانیدن - قصے کہلانا -
افسر - تاج - کلاہ - ٹوپی - حاکم -
افسرانیدن - جمانا - منجمد کرنا -
افسردن - ٹھٹھرنا -
افسردہ - مرجھایا ہوا -
افسوس - رنج - افسوس - پچھتاوا - حیف
افسوں - منتر - جادو -
افشا - ع - ظاہر کرنا - کھولنا -
افشار - دبانا - نچوڑنا - قزلباشوں کا گروہ
افشاردن - دبانا - بے پروائی سے بولنا
افشان - بکھیرنا - کوئی باقی کی چیز چھڑکی ہوئی - بوندیں پڑی ہوئیں -
افشاندن - جھاڑنا - چھوڑنا -
افشردن - نچوڑنا -
افشردہ گر - تیلی - عرق یا تیل نکالنے والا -
افصح - ع - نہایت فصیح - خوش بیان
افضل - ع - صاحب فضل - بڑھکر - برتر -
افطار - ع - روزہ کھولنا -
افعال - ع - جمع فعل - کام -
افعی - ع - کالا سانپ - زہریلا سانپ
افغان - فریاد وزاری - نام اس قوم کا جو افغانستان میں رہتا ہے
افق - ع - آسمان کا کنارہ

افقار - فقیر اور محتاج کر دینا -
افقاع - حال کا برا ہونا -
افقاہ - ع - علم و حکمت سکھلانا -
افقہ - ع - بڑا عالم - علم فقہ کا عالم -
افکار - فکریں -
افگار - گھایل - زخمی - زخم
افگندن - ڈالنا - گرانا -
افل - پیچھے جانے والا -
افلاج - ع - مرض فالج کا ہونا - عضو کا بے حس ہو جانا -
افلاح - ع - نیکی کرنا - بھلائی کرنا -
افلاس - احتیاج - غریبی - مفلسی -
افلاطون - یونان کے ایک نامور حکیم کا نام جو ارسطو کا استاد تھا -
افلاق - جمع فلق - شکنجہ -
افلاک - ع - جمع فلک - آسمان -
افلاک شناس - نجومی -
افنا - ع - مرنا - نیست ہونا - برباد ہو جانا
افنان - ع - جمع فن - شاخیں - علوم اور صنعتیں -
افند - لڑائی - جھگڑا -
افندی - مالک - شریف آدمی -
افواج - ع - فوجیں - لشکر

افواہ۔ ع۔ جمع فوہ یعنی منہ۔ شہرت۔ مشکوک خبریں۔
اَفہام۔ ع۔ جمع فہم
اِفہام۔ ع۔ سمجھانا۔ سکھلانا۔
اَفیال۔ ع۔ جمع فیل۔ ہاتھی۔
افیون۔ افیم۔ تریاق۔
آقا۔ مالک صاحب۔ خداوند۔
اقارب۔ ع۔ رشتہ دار لوگ۔ جمع قریب
اقاسی۔ داروغہ توپ خانہ۔
اقاسیم۔ ع۔ جمع قسم۔ حصے۔ ٹکڑے۔
اقاصی / اقصاء } جمع اقصیٰ۔ بعید۔ بہت دور
اِقالت۔ ع۔ قول کو توڑنا۔ منسوخ کرنا۔
اَقالیم۔ ع۔ جمع اقلیم۔ ولایتیں۔
اَقامت۔ ع۔ قائم ہونا۔ ٹھہرنا۔ ایک جگہ رہنا
اَقانیم۔ ع۔ جمع اقنوم۔ لوگ۔
اقاوم / اقادم } ع۔ جمع قوم۔ خاندان۔ نسلیں۔
اقبال۔ ع۔ نیک قسمت۔ دولت مقابل ادبار۔
اقبالمند۔ صاحب اقبال۔
اَقبح۔ ع۔ قبیح۔ تر۔ بدتر۔
اَقبیل۔ ع۔ امالہ اقبال کا۔ اقبال۔
اقتار۔ ع۔ دوکاندار۔ کنارے۔

اَقتال۔ ع۔ دوست۔ ساتھی۔ دشمن مخالف
اِقتتال۔ ع۔ قتل ہونا۔ مرنا۔
اِقتباس۔ ع۔ روشن کرنا۔ کسی کے کلام کو اپنے کلام میں درج کرنا۔ کسی کے کلام کا انتخاب کر لینا۔ چننا۔
اقتدا۔ ع۔ پیروی کرنا۔
اقتداح۔ ع۔ چمچ سے شوربا لینا۔
اقتدار۔ ع۔ صاحب طاقت و قدرت ہونا
اقتدار۔ ع۔ قدرت رکھنا دیگ میں کھانا پکانا
اقترا۔ ع۔ مہمانی کرنا
اقتراب۔ ع۔ باہم نزدیک ہونا۔
اقتراح۔ ع۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔
اِقتراض۔ ع۔ قرض لینا۔
اقتران۔ ع۔ کسی سے ملنا۔ کسی کا مددگار ہونا۔ نزدیک ہونا۔
اقتسار۔ ع۔ کسی سے زبردستی کام لینا۔
اقتسام۔ ع۔ آپس میں بانٹ لینا۔
اقتصاد۔ ع۔ سیدھی راہ چلنا۔
اقتصار۔ ع۔ ایک بات پر ٹھہرنا۔ بس کرنا۔
اقتضا۔ ع۔ خواہش کرنا۔
اقتناع۔ ع۔ قناعت کرنا۔
اقداح۔ ع۔ جمع قدح۔ پیالے۔
اِقداح۔ ع۔ ہجو کرنا۔

اقدام - جمع قدم - پیر
اِقدام - قدم رکھنا - بڑھنا -
اِقدس - زیادہ پاک -
اِقدم - بہت مقدم - سب سے اول -
اَقذار - ع - ناپاکیاں -
اقراب - ع - تلوار کو میان میں کرنا -
اِقرار - ع - ہاں کرنا -
اِقراض - ع - قرض کر دینا
اَقران - ع - جمع قرن - صدی - سو برس
اَقرب - ع - بہت نزدیک -
اِقربا - ع - رشتہ دار لوگ -
اقرع - ع - جس کے سر پر بال نہ ہوں -
اِقسا - دل کا سخت کرنا -
اَقساط - جمع قسط - حصے -
اِقساط - ع - عدل کرنا - [بیت المقدس
اقصیٰ - ع - بہت دور - نہایت بعید -
اقطاب - ع - قطب - مرکز - سردار -
اقطار - ع - جمع قطر - کنارے - اگر کی بتی جو خوشبو کے لئے جلاتے ہیں
اقطاع - ع - جمع قطع - ٹکڑے - جاگیریں
اقطع - ع - ہاتھ کٹا ہوا آدمی - چور یا مفلس
اقفال - ع - جمع قفل -
اَقل - ع - بہت چھوٹا - بہت تھوڑا -

اقلا - ع - کم از کم -
اقلاب - ع - قلب کرنا - لوٹنا -
اقلاع - ع - جڑ سے اکھاڑنا -
اِقلال - ع - کم کرنا -
اقلام - ع - قلمیں
اقلف - غیر ختنہ کیا ہوا آدمی -
اقلیدس - علم ریاضی کی ایک کتاب اور اس کے مصنف کا نام
اقلیم - ع - کل روئے زمین کو فرضی خطوں سے سات حصوں میں تقسیم کیا ہے ہر ایک حصہ کو اقلیم کہتے ہیں ہفت اقلیم - اقلیم چہارم [دنیا] کا نام
اقلیما - ع - چاندی سونا ملی ہوئی - دختر حضرت آدم کا
اقمار - ع - جمع قمر - چاند -
اقمشہ - ع - جمع قماش - پونجیاں - اسباب
اقوام - ع - جمع قوم -
اِقویا - ع - جمع قوی - طاقتور -
اکابر - ع - جمع اکبر - بہت بڑے -
اکارم - جمع اکرم - بہت بزرگ - بہت بخشنے والے [سلاطین بزرگ
اکاسرہ - ع - جمع کسریٰ اولاد نوشیرواں -
آگاہ - ف - خبردار - جاننے والا -
آگاہی - واقفیت - خبرداری - جانکاری -
آگاہیدن - خبردار کرنا - جتانا -

آلات ۔ اوزار ۔ ہتھیار ۔
آلاغ ۔ آلاق ۔ قاصد ۔ سواری گھوڑا
آلاف ۔ ع ۔ جمع الف ۔ بمعنی ہزار ۔
آلام ۔ ع ۔ جمع الم ۔ بمعنی غم ۔
آلان ۔ ع ۔ ابھی ۔ اسوقت ۔
اللہ ۔ اللّٰہ ۔ ع ۔ خدائے تعالیٰ ۔
آلایش ۔ آلودگی ۔ عیب ۔ گنہگاری ۔ نجاست
آلائیدن ۔ تھتھڑنا ۔ لتھیڑنا ۔
البِاس ۔ ع ۔ کپڑے پہنانا ۔
البتہ ۔ بیشک ۔
البرز ۔ مازندران میں ایک پہاڑ ۔
الپ ارسلان ۔ شیر دلیر ۔ نام بادشاہ
آلت ۔ ع ۔ اوزار ہتھیار ۔
التباس ۔ ع ۔ شبہہ ہونا ۔ شک پڑنا ۔
التثام ۔ چومنا ۔ بوسہ دینا ۔
التجا ۔ ع ۔ آرزو کرنا ۔
التجاج ۔ ع ۔ لڑنا ۔ لڑائی کرنا ۔
التذاذ ۔ ع ۔ لذت اٹھانا ۔ مزہ پانا ۔
التزاق ۔ ع ۔ چپکنا ۔
التزام ۔ ع ۔ لازم پکڑنا ۔ ہاتھ گردن پر ملنا
التصاق ۔ ع ۔ ملنا چپکنا ۔
التصاق ۔ ع ۔ چمٹنا ۔
التظام ۔ ع ۔ آگ کے شعلہ کا بھڑکنا ۔

التفات ۔ ع ۔ توجہ کرنا ۔ مہربانی کرنا ۔
توجہ ۔ مہربانی ۔
التقا ۔ ع ۔ ملنا ۔ ملاقات کرنا ۔
التقاط ۔ ع ۔ زمین پر پڑی ہوئی چیز کو
اٹھانا ۔ چننا ۔
التقام ۔ کسی چیز کو لقمہ بنانا ۔ نگلنا ۔
التماس ۔ ع ۔ کچھ ڈھونڈھنا ۔ تلاش ۔
کرنا ۔ عرض کرنا ۔
آلتمغا ۔ فرمان شاہی ۔ مہر بادشاہی ۔
التوا ۔ ع ۔ لپٹنا ۔ ملتوی کرنا ۔
التہاب ۔ ع ۔ آگ کا بھڑکنا شعلہ زن ہونا
التیام ۔ ع ۔ زخم کا بھرنا ۔ گھاؤ کا بڑھنا ۔
الحاح ۔ ع ۔ گڑگڑانا ۔ منت کرکے مانگنا ۔
الحاصل ۔ ع ۔ آخر کلام ۔ خلاصہ کلام ۔
الحاق ۔ ع ۔ ملانا ۔ ایک دوسرے سے لگانا ۔
الحال ۔ ع ۔ ابھی ۔ اسیوقت ۔
الحان ۔ ع ۔ گیت آوازیں گانےکی بہتری آواز
الخالق ۔ ت ۔ مشہور پوشاک قبا ۔ انگرکھا
الزام ۔ ع ۔ لازم کرنا ۔ لازم پکڑنا ۔ کسی بات کا کشتی
اَلسِن ۔ ع ۔ جمع لسان ۔ زبانیں ۔
اُلُش ۔ جھوٹا کھانا ۔ بچا ہوا طعام ۔
الطاف ۔ ع ۔ جمع لطف ۔ مہربانیاں
اُلغ ۔ ت ۔ بڑا بزرگ ۔

الغاز۔ چیستان۔ پہیلیاں۔
الغرض۔ ع۔ القصہ۔ المختصر۔
الغیاث۔ ع۔ فریاد۔ دہائی۔
التفاف۔ ع۔ باہم لپٹنا۔
اُلفت۔ دوستی۔ محبت۔
الفتہ۔ ع۔ پاگل۔ مست۔ بے خبر۔
الفت گرفتہ۔ عادی۔
الفیہ۔ ع۔ نحو کی ایک کتاب۔
اِلقا۔ ع۔ ڈالنا۔ دل میں کوئی بات ڈالنا۔ غیبی طور پہ کچھ معلوم ہونا۔
اَلقاب۔ ع۔ جمع لقب۔ خطاب اور نام جو کسی کو بادشاہ یا امیر کی طرف سے دیا جائے۔
القاط۔ ع۔ تھوڑے سے متفرق آدمی۔ بدچلن لوگ۔
القان۔ ع۔ سکھانا۔ تعلیم دینا۔ جلدی یاد کر لینا۔
القصہ۔ ع۔ حاصل کلام۔ مطلب یہ ہے۔
اَلکن۔ ع۔ توتلا۔ ہکلا جو صاف نہ بول سکے۔
اَلکوس۔ ع۔ توران کے ایک پہلوان کا نام جو رستم کے ہاتھ سے قتل ہوا۔
اَلم۔ ع۔ رنج۔ غم۔ دکھ۔
المالح۔ ع۔ چوری سے دیکھنا۔ گوشہ چشم سے نظر ڈالنا۔
الماس۔ ع۔ ہیرا۔ قیمتی پتھر۔
المعی۔ بڑا عقلمند۔ [گناہوں کا کرنا۔

المام۔ ع۔ لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔ چھونا
آلنگ۔ ع۔ مورچال۔ دیوار جو اپنی حفاظت کے لئے قلعہ کے فتح کرنے کو بناتے ہیں۔
آلنگ۔ سبزہ زار۔ ہرا چمن۔
آلو۔ ع۔ صاحبان۔ مالکان۔
آلواث۔ ع۔ آلودگی۔
اَلواح۔ ع۔ جمع لوح۔ تختیاں۔
اُولوالامر۔ اصحاب نبی صلعم۔ صاحبان علم۔ اصحاب حکومت۔ حکام۔
الوان۔ ع۔ جمع لون۔ بمعنی رنگ۔
آلوچہ۔ ایک غیر ملکی میوہ۔
آلودگی۔ آلائش۔ ناپاکی۔
آلودن۔ آلودہ ہونا۔ [دیکھنا
آلوس۔ غصہ یا ناراضگی میں کنکھیوں سے
اُلوف۔ ع۔ جمع الف۔ ہزاروں۔
الوہیت۔ ع۔ خدائی۔ اللہ تعالیٰ کی
الہام۔ ع۔ دل پر خدا کی طرف سے کچھ بات آنا۔
الٰہی۔ علم الٰہی۔ حکمت کا ایک فن۔
الٰہی۔ ع۔ اے میرے خدا۔ میرے اللہ
الیاس۔ ع۔ خواجہ خضر کے بھائی جو تری کے رہنما ہیں۔
الیس۔ ع۔ دلیر۔

آموزش۔ سیکھنا سکھانا۔
آموزگار۔ سکھلانے والا۔
اُمّوی۔ ع۔ بنی امیہ سے نسبت رکھنے والا
اُمّہات۔ ع۔ مادران مائیں۔
اُمّہات سفلی۔ ع۔ اربعہ عناصر۔
اِمہال۔ ع۔ نرمی۔ آہستگی۔ دیر کرنا۔
اُمّی۔ ع۔ وہ شخص جس نے علم نہ پڑھا ہو لقب پیغمبرؐ کا
آمیختن۔ ملنا۔ ملانا۔
اُمید۔ آرزو۔ آس۔
اُمیدوار۔ امید رکھنے والا۔
امیر۔ رئیس۔ سردار۔
آمیزش۔ ملانا میل۔
آمیہم۔ اچھے قد و قامت کا آدمی وہ شخص جسکے دماغ میں چوٹ لگی ہو۔
آمین۔ ع۔ خدایوں ہی کرے۔
اَمین۔ امانت دار۔
آن۔ وہ۔ وہ شخص۔ ادا۔ ناز ملکیت۔
آن۔ ع۔ وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔
اِن۔ اگر۔ جو۔
انا۔ ع۔ ہم۔ ہم لوگ۔
اناغہ۔ ع۔ برتن۔ ظرف۔
انابیب۔ ع۔ جمع انبوب۔ پوریاں نلی۔ وہ درخت کی پوریاں جو لاٹھی میں ہوتی ہیں
اناث۔ ع۔ عورتیں۔ زنان۔
اَنابت۔ ع۔ توبہ۔
اَنار۔ ع۔ مشہور میوہ و درخت۔
اَنارت۔ ع۔ روشن ہونا۔
اَناسی۔ اناسی۔ ع۔ جمع انسان۔ لوگ
انامل۔ ع۔ انگلیاں۔
انام۔ ع۔ خلق اللہ۔ دنیا کے لوگ۔
آنان۔ وے لوگ۔ وے۔
انانیت۔ ع۔ میں پن۔ خودی۔ ممتاز۔
اِنبا۔ ع۔ خبر دینا۔ کسی کو اپنے سے دور کرنا
اَنباو۔ ع۔ عام۔ جاہل لوگ۔
انبار۔ ڈھیر۔ تودہ۔
انباردن۔ پاٹنا۔ ڈھیر کرنا۔
انباز۔ برابر کا شریک۔ ساتھی۔
انبازی۔ شرکت۔ ساتھ۔
انباشتن۔ انباشتن۔ بھرنا۔ پاٹنا۔ ڈھیر کرنا
انباغ۔ ع۔ سوت۔ ایک مرد کی دو یا زاید بیویاں۔ سوکن۔
انبان۔ ادھوری۔ چمڑا۔
انبانہ۔ چمڑے کا تھیلا۔
انبساط۔ خوشی۔ کھلنا۔ پھیلنا (میں) چمٹا
آنبُرت۔ سنسی جس سے گرم لوہا پکڑتے

انبعاث - ع - اٹھنا - کھڑا ہونا

انبغاء - ع - لایق اور سزاوار ہونا

انبوب - ع - نے جو اندر سے خالی ہو۔ نل نلی

انبودن - ایک دوسرے پر چننا -

انبوہ - انبہ - گروہ - بھیڑ -

انبہ - آم - مشہور پھل -

انبیا - ع - جمع نبی - پیغمبر

انت - ع - تو ایک مرد -

انتباہ - ع - خبردار ہونا - آگاہ ہوتا -

انتخاب - ع - چننا - پسند کرنا -

انتزاع - ع - کھینچ لینا - لے لینا - روکنا - اوکھاڑنا -

انتساب - ع - نسبت - نسبت کرنا - لگاؤ -

انتساخ - ع - نسخہ کرنا - لکھنا - زائل کرنا - منسوخ کرنا -

انتساق - ع - کاموں کا انتظام کے ساتھ ہونا - بندوبست ہونا -

انتشار - ع - پھیلنا پراگندہ ہونا

انتشاء - ع - بڑھنا - ظاہر ہونا -

انتظار - ع - دیکھنا - راہ دیکھنا - [بندوبست]

انتظام - ع - لڑی میں پرونا - کام تمام ہونا

انتعاش - ع - بلند ہونا - گر کر پھر اُٹھ کھڑا ہونا - عیش [illegible]

انتفا - ع - نیست ہونا - نفی ہونا - کھو جانا

انتفاخ - ع - سوجنا - پھول جانا -

انتفاع - ع - نفع پانا - فائدہ پانا -

انتقاد - ع - نقد لینا - کھرا کھوٹا صاف کرنا -

انتقال - ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا

انتقام - ع - بدلہ لینا - بغض نکالنا -

انتکاس - ع - اوندھا ہونا -

انتما - ع - بڑھنا - افزوں ہونا -

انتہا - ع - انجام - اخیر -

انتہاب - ع - لوٹنا غارت کرنا -

انتہاز - ع - فرصت پانا - قابو پانا -

انتیاص - ع - اٹھنا - کوچ کرنا -

انثیٰ - ع - مادہ - عورت -

انجاح - ع - مطلب پورا کرنا -

انجاز - ع - وعدہ پورا کرنا -

انجاس - ع - نجاستیں - ناپاکیاں -

انجام - آخر - انتہا -

انجامیدن - تمام ہونا - پورا ہونا -

انجلا - ع - روشن ہونا - صاف ہونا -

انجم - ع - جمع نجم - ستارے -

انجمن - مجلس - محفل

انجہ - جو کچھ حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی -

انجیل - مژدہ - خوشخبری - وہ کتاب جو

انحاء - ع - اطراف و جوانب جمع نحو کی - سمتیں
انحاء - ع - منحرف کرنا - ہٹا دینا - پیش آنا - معترض ہونا -
انحداب - ع - پیٹھ کا جھک جانا -
انحراف - ع - پھر جانا - حکم عدولی کرنا -
انحصار - ع - گھیر لینا - احاطہ کرنا -
انحطاط - ع - نیچا ہونا - گرنا -
آند - چند - کئی -
انداختن - ڈالنا - پھینکنا -
انداد - ع - برابر والے - مثل -
انداز - ڈیل - ڈول - وضع -
اندام - بدن - جسم -
اندائش - ع - دیوار وغیرہ پر مٹی لگانا - گلاوا
اندباغ - چمڑے کو پکانا -
اندر - درمیان - بیچ -
اندراج - درج کرنا -
اندراس - ع - پرانا ہونا - مٹنا -
اندرخور - سزاوار - لائق -
اندرز - نصیحت - پند -
اندرون - اندر - درمیان - بیچ
اندک - تھوڑا -
اندمال - زخم کا بھر جانا - اچھا ہونا -
اندوختن - جمع کرنا - جوڑنا - اکٹھا کرنا

اندودن - لیپنا پوتنا - طمع کرنا -
اندوختہ - جمع کیا ہوا - جمع کردہ
اندروبر - الٹ پلٹ -
اندوہ - غم - رنج -
اندوہگین - غمگین - رنجیدہ -
اندیشہ - فکر - سوچ -
اندیشیدن - سوچنا - فکر کرنا -
انزال - جمع نزل - نفیس کھانے
انزال - اترنا - اتارنا -
انزعاج - بے چین ہونا - جگہ سے ہٹنا
انزوا - ع - گوشہ نشینی کونے میں بیٹھنا
انس - ع - آدمی - انسان -
اُنس - ع - محبت - پیار -
انساء - ع - دیر کرنا - ادھار بیچنا - بھول جانا
انسیا - جمع انیس - شفیق - دوست -
انساب - ع - قرابتیں - رشتہ داریاں جمع نسبت
انسان - ع - آدمی - پتلی -
انسانیت - ع - آدمیت - بھلا مانس پن
انسب - ع - بہت مناسب -
انسداد - ع - بند کرنا - روکنا -
انشاء - ع - عبارت لکھنا - کوئی بات دل سے پیدا کرنا -
انشاد - ع - کھوئی چیز کا نشان بتانا - یا ڈھونڈنا - شعر پڑھنا - ہجو کرنا -

انشراح ۔ ع ۔ کشادہ اور ظاہر ہونا ۔ خوش ہونا
انصاب ۔ ع ۔ کعبہ کے گرد کے پتھر جن پر زمانہ اسلام سے پہلے قربانی کرتے تھے اور انکو پوجتے تھے ۔
انصات ۔ ع ۔ چپ کرنا ۔ چپ رہنا ۔
انصار ۔ ع ۔ مددگار لوگ ۔ جمع ناصر ۔
انصاف ۔ ع ۔ نیاؤ کرنا ۔ دو ٹکڑے کرنا ۔
انصراف ۔ ع ۔ پھرانا ۔ واپس کرنا ۔
انصرام ۔ ع ۔ انجام کو پہنچانا ۔ انتظام کرنا
انضباط ۔ ع ۔ مضبوطی ۔ پیوستگی ۔
انطفا ۔ ع ۔ بجھ جانا ۔ افسردہ ہونا ۔
انعام ۔ ع ۔ جمع نعم چوپائے اور نام قرآن کے ایک سورہ کا ۔
انعام ۔ ع ۔ نعمت دینا ۔ تحفہ دینا ۔
انعدام ۔ ع ۔ نیست ہونا ۔
انف ۔ ع ۔ ناک ۔ سردار قوم ۔
آنف ۔ ع ۔ مطیع ۔ تابعدار ۔
آنف المشطر ۔ ع ۔ پہلا پانی جس سے گھاس اگے
انفاد ۔ ع ۔ معدوم ہونا ۔ بے توشہ و زاد کے ہونا ۔ چشمے کا پانی ختم ہو جانا ۔
انفاس ۔ ع ۔ جمع نفس ۔
انفاق ۔ ع ۔ نفقہ دینا ۔ روزی دینا ۔
انفصال ۔ ع ۔ جدا کرنا ۔ اخیر فیصلہ ۔

انفعال ۔ ع ۔ شرمندہ ہونا ۔
انفکاک ۔ ع ۔ فک کرنا ۔ واگذار کرانا ۔
انقباض ۔ سکڑ جانا ۔ کھنچنا ۔
انقضا ۔ ع ۔ گزر جانا ۔ پورا کرنا ۔
انقضاض ۔ ع ۔ ٹوٹنا ۔ جدا ہونا ۔ ستاروں کا اپنی جگہ سے گرنا ۔
انقطاع ۔ ع ۔ کٹ جانا ۔ منقطع کرنا ۔
انقع ۔ ع ۔ بہت پیاس بجھانے والا ۔
انقلاب ۔ ع ۔ زمانہ کا الٹ پلٹ ۔ دور
انقلاع ۔ ع ۔ اکھڑ جانا ۔
انقیاد ۔ ع ۔ قید کرنا ۔ تابعداری کرنا ۔
آنگ ۔ س ۔ جسم ۔ بدن ۔
انکار ۔ ع ۔ نہ ماننا ۔
انکارون ۔ ع ۔ معلوم کرنا ۔
انکشافن ۔ معلوم کرنا ۔
انگبین ۔ ف ۔ شہد ۔
انگیختن ۔ ف ۔ اٹھانا ۔ بھڑکانا ۔
انک انکس ۔ ہاتھی کے ہانکنے کا اوزار
انکسار ۔ عاجزی ۔
انکشاف ۔ ع ۔ کھولنا ۔ کھلنا ۔
انگشتانہ ۔ سوزن جسکو چلاتے ہیں ۔
انگشت ۔ انگلی
انگشتانہ ۔ چمڑے یا دھات کا خول جسکو

ورزی انگلی میں پہنتے ہیں۔
انگشتری۔ انگوٹھی۔
انگلہ۔ تو۔ گریبان۔ گھنڈی۔ تکمہ
انگور۔ مشہور میوہ۔ عنب۔
انگوزہ۔ ہینگ۔
انگہ۔ اس وقت۔
انموذج۔ ع۔ نمونہ۔
انوار۔ ع۔ جمع نور۔ روشنیاں
انواع۔ ع۔ جمع نوع۔ قسمیں
انوشہ۔ خرم۔ خوشحال۔ دولہا۔
انہا۔ ع۔ خبر دینا۔
انہاک۔ ع۔ دبلا۔ ناتوان
انہدام۔ ع۔ ڈھا دینا۔ گرا دینا۔
انہزام۔ شکست کھانا۔ شکستہ ہونا۔
انہضام۔ ع۔ گوارا ہونا۔ ہضم ہونا
انہلال۔ ع۔ تند و تیز مینہ پڑنا۔ آنسو بہنا
انہماک۔ ع۔ کسی کام میں بہت مصروف ہونا۔ بہت کوشش کرنا۔
انیس۔ ع۔ دوست۔ محبت کرنے والا۔
انیقہ۔ ع۔ عجیب۔ نادر۔ انوکھا۔ خوش آئند۔
آو۔ پانی۔
او۔ وہ چیز۔ وہ شخص۔ وہ۔

اواخر۔ ع۔ جمع آخر۔ پچھلے۔
آوارگی۔ بے سر و سامانی۔ بیہودگی۔
آوارہ۔ بیہودہ۔ جسکا کچھ ٹھکانا نہ ہو۔
آواز۔ آواز۔ منہ کا بول۔
آوازہ۔ شہرت۔
اواسط۔ ع۔ جمع اوسط۔ درمیانی۔
اوامر۔ ع۔ جمع امر۔ احکام۔
اوان۔ ع۔ وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔ جمع آن۔
اوانی۔ ع۔ جمع آنیہ کی۔ برتن۔ ظروف۔
اوائل۔ ع۔ جمع اول۔ شروع۔
اوباش۔ ع۔ لچا۔ بدمعاش۔
اوتاد۔ ع۔ جمع وتد۔ میخیں۔
اوتاد البلاد۔ ع۔ شہر کے رئیس لوگ زمین کے پہاڑ
اوتاق۔ ت۔ بڑا خیمہ۔ مکان۔ حجرہ۔
اوثان۔ ع۔ جمع وثن۔ یعنی بت۔
اوج۔ ع۔ بلندی۔
اوجاع۔ ع۔ جمع وجع۔ درد۔ دکھ
اوجاق۔ ت۔ دیگدان۔ چولہا۔
اوحد۔ ع۔ ایک۔ یگانہ۔
اوخ۔ ف۔ آہ۔ افسوس۔
اوداء۔ ع۔ دوست۔
اوراجہ۔ رجسٹر بہی۔ روزنامہ۔ دفتر کی کتاب

آوراد۔ ع۔ جمع ورد۔ وظیفے قرآن وغیرہ جو ہر روز پڑھا جائے۔

اوراق۔ ع۔ جمع ورق۔

اورام۔ ع۔ جمع ورم۔

آوردن۔ لانا۔

اورمزد۔ ستارہ مشتری۔ برہسپت۔

اورنگ۔ تخت بادشاہی۔ عقل۔ حیلہ دیمک۔

اوزار۔ ہتھیار۔ کام کرنے کے آلات

اوزاغ۔ ع۔ آدمیوں کی جماعتیں حصے

اوزان۔ ع۔ جمع وزن۔ بوجھ باٹ۔

اوسط۔ ع۔ بیچ والا۔ درمیان والا۔

اوشاز۔ خدمت گار لوگ۔ کمینے آدمی۔

اوشاق۔ لڑکا طفل امرد

اوصاف۔ ع۔ تعریفیں۔ صفتیں۔

اوصیا۔ ع۔ جمع وصی کی

اوضاع۔ ع۔ جمع وضع کی۔

اوطان۔ ع۔ جمع وطن کی۔

آفتادن۔ ع۔ گر پڑنا

اوفق۔ ع۔ بہت موافق۔ زیادہ موافق

اوقاش۔ ع۔ ہر قسم کے گھٹیا جیسے آدمی

اوقاف۔ ع۔ جمع وقف کی۔

اوقع۔ ع۔ پہاڑ کی راہ

اوقیہ۔ ع۔ مقدار درم کی ہے یعنی ۲ تولہ ۲ ماشہ

اول۔ پہلا۔ سرے کا۔

اولیٰ۔ بہتر۔ سب سے اچھا۔

اولی۔ پہلی عورت۔ پہلی چیز

اولی اجنحہ۔ صاحبان بازو۔ فرشتے۔

اولاد۔ نسل۔ بیٹا۔ بیٹی

اولاغ۔ ت۔ گدھا۔

اولع۔ ع۔ بیوقوف آدمی۔

اولیا۔ ع۔ جمع ولی کی۔ مالکان۔ دوست۔ اچھے لوگ

اولیای دولت۔ صاحبان سلطنت رئیس امیر

اولیں۔ پہلا آدمی۔

آوند۔ برتن۔ فریب۔ مکر۔

اوہام۔ ع۔ جمع وہم۔

آویختن۔ لٹکانا

آویز۔ لٹکاؤ

آویزش۔ لٹکاؤ۔ لٹک۔

آویزہ۔ لٹکا ہوا۔ لٹکن۔ میل ملاپ۔

آہ۔ ہائے افسوس۔

آہا۔ واہ۔ خوب۔

اہار۔ نشاستہ

اہالی۔ ع۔ صاحبان۔ مالک لوگ۔ کام والے لوگ

اہانت۔ ع۔ تحقیر جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ توہین کرنا۔ حقارت کرنا۔

شعر میں ایسے لفظ کو لانا جس کے دو معنی ہوں اور معنی بعید مراد ہوں۔

آئین۔ قاعدہ۔ دستور۔ زیبائش

آئینہ۔ منہ دیکھنے کا شیشہ۔

آئینہ پیش نقش در آتش۔ عالم سکتہ۔ اندر بیہوشی میں آئینہ نتھنوں کے پاس رکھتے ہیں اگر آئینہ مکدر ہو جائے تو آدمی زندہ ہے۔ ورنہ مردہ ہے

آئینہ دار۔ نائی۔ عیب یا خوبی کا ظاہر کرنیوالا

باب الباء

با۔ ساتھ۔ باوجود سامنے وغیرہ۔

باب۔ دروازہ۔ کتاب کا حصہ

باب زن۔ کباب بھوننے کی سیخ۔

بابا۔ باپ۔ دادا۔ نانا۔ سردار۔ سفید داڑھی والا۔ فقیر آنا۔

بابت۔ لئے واسطے [illegible]

بابک۔ چھوٹا باپ۔ اسفندیار نام بادشاہ

بابل۔ مشہور شہر دریائے فرات پر۔

باب القوم۔ قوم کا سردار۔

[illegible]

باج۔ محصول۔ ٹکس۔

باجدار۔ محصول جمع کرنے والا نوکر۔

باجگذار۔ سرکاری محصول ادا کرنے والا

باجگیر۔ محصول لینے والا۔

باجل۔ عزت والا۔ مالدار آدمی۔

باجی۔ خراج دینے والا جوگی میں بہن خواہر [illegible]

باحث۔ بحث کرنے والا ممتحن۔ زمین کھودنے والا۔

باحفصان۔ معلم۔ مدرسہ کا ماسٹر۔

باحور۔ سخت گرمی۔ سخت گرمی کے آٹھ دن تموز میں

باخبر۔ واقف۔ جاننے والا

باخرز۔ ملک خراسان۔ [illegible]

باختن۔ ہارنا۔ کھیلنا۔

باختہ۔ ہارا۔ کھویا ہوا۔

باخس۔ کسی کے حق کو کم کرنے والا۔

باد۔ ہوا۔

باد [illegible]۔ وہ ہوا جو درخت کو باردار [کرے]

بادافرہ۔ بدلہ۔ برا کام۔ سزا۔ [illegible]

بادام۔ ایک مشہور میوہ۔

بادم۔ زنجیر۔ حلقہ زنجیر

باد آورد۔ خسرو پرویز کے آٹھ خزانوں میں سے ایک خزانہ قیصر روم کے

چند جہاز مال و زر سے لدے ہوئے
باد مخالف سے بہکر خسرو کے ملک
میں آگئے تھے۔

بادبان۔ جہاز کا پال۔
بادپا۔ تیز رو گھوڑا۔ [سو جھو نکا تاؤ
باد بروت۔ غرور۔ شیخی مردوں کی۔
بادپیما۔ تیز۔ لوتی۔ بیہودہ۔
بادپروا۔ کھڑکی۔ دریچہ جو ہوا آنے
کے لئے بناویں۔
بادپیمودن۔ بیفائدہ کام کرنا۔
بادوست۔ فضول خرچ۔ مفلس۔
بادریش۔ غرور۔ شیخی۔ گپ
بادزن۔ بادبیزن۔ پنکھا۔ بڑا پنکھا
بادسنج۔ تمام خلق۔ بیہودہ گو۔ بیفائدہ کام والا
بادشرطہ۔ موافق ہوا [اور شمال کی ہوا
بادصبا۔ بادبریں۔ پروائی ہوا۔ مشرق
بادفروش۔ بھاٹ۔ خوشامدی بیہودہ گو
بادگرد۔ بگولا۔ گردباد۔ بونڈر۔
بادکش۔ پنکھا۔ لہار کی دھونکنی۔
بادنجان۔ بیگن۔ مشہور ترکاری۔
بادہ۔ شراب۔ دارو۔
بادی۔ شروع کرنیوالا۔ جنگل مارنیوالا۔ ہوا کا
بادی النظر۔ پہلی نظر۔ فوری نگاہ۔

بادیان۔ سونف۔ مشہور دوا۔
بادیہ۔ جنگل۔ صحرا۔
بادل۔ سخی۔ گیت بخشنے والا۔
بار۔ بوجھ۔ وقت۔ باری۔ بزرگی۔
دخیل۔ نیک۔ جڑ۔ پھل۔ میوہ۔
حمل۔ بارگاہ۔ گویوں کا ساز۔
بارز۔ بڑا نیک۔ خدا کا نام۔
باراں۔ مینھ۔ بارش۔
بارانی۔ لبادہ جو مینھ برسنے کے
وقت اوڑھتے ہیں۔
باربد۔ خسرو پرویز کا نامور مطرب یعنی
گانے والے کا نام۔
باربردار۔ بوجھ اٹھانے والا۔
باربیگ۔ امیر اعظم۔ عرض بیگی۔
بارجہ۔ لڑائی کی بڑی کشتی۔ بوا بچ جہت۔
بارحہ۔ شب گذشتہ۔ پچھلی رات۔
بارخانہ۔ اسباب رکھنے کا گھر۔
بارخدایا۔ اے خدائے پاک۔
باردان۔ ظرف۔ برتن۔ خورجی۔
بارد۔ سرد۔ ٹھنڈا۔ بے مزہ ناخوش۔
بارز۔ ظاہر۔ آشکار۔
بارش۔ مینھ کا برسنا۔ برکھا۔
بارعام۔ عام کچہری۔ دربار۔

باسک - جماہی - اور ہند میں سانپ کا نام

باسل ع - دلیر - بہادر -

باسلیق - ہاتھ کی ایک رگ ہے -

باسم - مسکرانے والا -

باش - رہ - ٹھہر جا - ترکی میں سر - راس

باشندہ - رہنے والا - دیسی -

باشہ - نام ایک پرند کا جو چڑیوں کو مارکر اور انکا گوشت کھاتا ہے -

باشی - سردار -

باشیدن - رہنا - لینا - ہونا -

باصر ع - دیکھنے والا -

باصرہ ع - دیکھنے کی قوت - منظر - آنکھ -

باطل ع - دروغ - جھوٹ - بے اصل -

باطن - بھیتر - اندرونی - دل -

باع ع - دونوں ہاتھ کی درازی کی مقدار - کرم -

باعث - سبب - وجہ -

باعہد - وعدہ ہونے والا -

باغ - چمن - گلستان - بستان اور باغات جمع -

باغ باغ - بہت خوش - خوشی -

باغچہ - چھوٹا باغ -

باغ سبز نمودن - فریب دینا -

باغ بدیع - باغ رفیع - باغ وسیع - باغ قدس - آسمان

باغستان - باغ کی جگہ - باغ -

باغندہ - دھنکی ہوئی روئی کا گالا -

باغی ع - حاکم سے پھرا ہوا - منحرف -

بافتن - بننا - کپڑے وغیرہ کا -

بافتہ - بنا ہوا - ایک قسم کا ریشمی کپڑا -

باقر - بڑا عالم - بڑا مالدار - لقب امام پنجم کا

باقل ع - سبزی فروش - ترکاری بیچنے والا -

باقی ع - بچا ہوا -

باک - خوف - ڈر -

باکرہ - کنواری عورت - دوشیزہ -

باکور ع - پہلا پانی -

باکورہ ع - اول پھل - پہلا میوہ -

باکی ع - رونے والا -

بال ع - دل - جان - عیش - عظمت -

بال ت - آدمیوں کے بازو - چڑیوں کے پر

بالا - اونچا - قد و قامت - بلندی - درازی

بالا دون - گرانا - دے مارنا -

بالا و نشیب - آسمان و زمین - بلندی و پستی

بالغ ع - بلندی - حد کی بالائی -

باللہ ع - خدا کی قسم -

بالاتفاق ع - سب کے اتفاق سے -

بالاستقلال ۔ مضبوطی کے ساتھ۔
بالجملہ ۔ حاصل کلام۔
بالش ۔ بالشت۔ تکیہ۔ سرھانا۔
بالضرورت ۔ مجبوراً۔
بالعشی والابکار ۔ شام و صبح۔
بالغدو والآصال ۔ صبح و شام۔
بالغ ۔ گبرو اور بلوغ کو پہنچا ہوا جوان۔
بالغم ۔ کامل۔
بالفعل ۔ اسوقت۔ اب۔ درحقیقت
بالکل ۔ پورا پورا۔ تمام۔
بالمرہ ۔ یکبارگی۔
بالمشافہہ ۔ اپنے سامنے۔ روبرو
بالوس ۔ غیر خالص کافور [بوالبیج جمع
بالوعہ ۔ چہ بچہ۔ حوض جسمیں گندہ پانی جمع
بالی ۔ کمسن۔ بیرانا۔
بالیدگی ۔ نشو و نما۔ درخت وغیرہ کا بڑھنا
بالیدن ۔ جسم کا بڑھنا۔ روز بروز ابھرنا
بالین ۔ سرہانا۔ تکیہ [آرام دوست
بالین پرست ۔ بیمار جو بستر سے اٹھ سکے
بام ۔ گھر کی چھت۔ اٹاری۔ صبح۔
بامداد ۔ بامگاہ } صبح۔ صبحگاہ
بامدادان
بامنہ ۔ لمبی داڑھی والا۔ [سیدہ مشک

بان ۔ نام ایک خوشبو کا نام ایک درخت کا۔
بان ۔ ف۔ رنگ اور کلمہ محافظت جیسے
فیلبان۔ ایک قسم کی آتشبازی۔
بانگ ۔ آواز۔
بانو ۔ امیر کی بیوی۔ بیگم۔
بانوا ۔ آزاد۔ مالدار۔ خوش قسمت
بے پروا۔
بانوج ۔ جھولا۔
بانوی مشرق ۔ آفتاب۔
بانی ۔ بنانے والا۔ بنا کرنے والا۔
باوجود ۔ تسپر بھی۔
باور ۔ یقین۔
باورچی ۔ رسوئیاں۔ روٹی پکانے والا
باوصف ۔ باوجود۔
باولی ۔ بڑا کنواں۔ [سوت کاتتی ہیں
باوری ۔ چھوٹی ٹوکری جسمیں روئی رکھکر عورتیں
باہ ۔ قوت۔ شہوت۔ طاقت۔
باہت ۔ جھوٹ بولنے والا۔
باہر ۔ ظاہر۔ روشن۔ کھلا ہوا۔
باہل ۔ بیکار۔ نکما۔ بے شوہر کی عورت
باہم ۔ آپس میں۔ ایک ساتھ۔
باید ۔ بایستہ۔ چاہیئے۔ [یہیں رہتے تھے
بایزید ۔ نام ایک مشہور ولی کا جو بسطام

بائس - ع - بڑا محتاج - فقیر -
بائستن - چاہیے ہونا - لائق ہونا -
بائستہ - لائق - بہتر -
بائع - بیچنے والا -
بائل - پیشاب کرنے والا
بائن - ظاہر - جدا ہونے والا - وہ عورت
جو طلاق کے سبب علیحدہ ہوئی ہو -
ببر - شیر - چیتا - ایک درندہ جو شیر کا ہم جنس
ہے - بڑے بڑے بال والا شیر -
ببر بیان - ایک قسم کی شیر کی کھال کی زرہ
بجان رسیدن - جان سے بیزار ہوتا -
بہ پوست افتادن - عیب نکالنا -
بہ پوست گفتن - در پردہ بات کہنا
بت - مورت -
بت کاٹنا - قافلہ میں پہنچنے سے علیحدہ
رہ جانا - جملہ یا عبارت کے ختم کا نشان
بتر - بدتر -
بتر - دم بریدہ - بے فرزند -
بتکدہ - بتخانہ - مندر -
بتول - کنواری عورت اور نام محمد
کی بیٹی کا یعنی فاطمہ زہرا کا -
بتیا - ہ - بلا - آفت - افسوں -

بتیل - وہ عورت جو عبادت کیلئے دنیا سے علیحدہ ہوگئی ہو
بتیلہ - چیرنا کی رتی -
بث - ع - غم - رنج - بیماری -
بثر - آبلے - دانے جو فساد خون سے
جسم پر نکلتے ہیں -
بثرہ - چھوٹا آبلہ - پھپھولا -
بثور - جمع بثرہ - آبلے -
بجا - ٹھیک - درست -
بجان آمدن - تنگ آنا - دق ہونا
بجز - سوائے -
بجل - بڑا الزام تہمت - بھیڑ کی ہڈی -
بجنس - ویسا ہی - بعینہ -
بجشک - بید - طبیب -
بچشم - خوشی سے - سر اور آنکھوں پر -
بچکان دیدہ - آنسو -
بچہ - بیٹا لڑکا -
بچہ نو - حادثہ ہر چیز کا نتیجہ - نئی کلی -
بحاث - تحقیقات - جھگڑا
بحار - جمع بحر - دریا - سمندر -
بحت - صرف - خالص -
بحث - کھودنا - تکرار کسی بات کی -
تحقیق کرنا -
بحر - سمندر - دریا

بحران - تپ کی بیماری میں ایسا حال جو حرارت میں
سخت تغیر ہوتا ہے - نازک وقت

بحر معلق - ع - آسمان -
بحل - ع - بخشا ہوا - مباح - معاف -
بحوثہ - بہت بحث کرنے والا بہت
تحقیق کرنے والا -
بحور - جمع بحر بمعنی وزن شعر و دریا
بحری - ع - سمندری - دریائی
بحر عمیق - دریائے عمیق و خطرناک -
بحیرہ - جھیل -
بخار - بھاپ جو نم جگہ یا پانی کے جوش
دینے یا گرمی سے اٹھتی ہے -
بخارا - توران کے ایک شہر کا نام
بخت - نصیب - بھاگ -
بخت سفید - اچھی قسمت -
بخت نصر - نام ایک کافر بادشاہ کا -
(بخت لڑکا اور نصر ایک بت کا نام ہے)
بختیار - بختاور - قسمت والا - نصیبہ ور -
بختی - ع - زبردست اونٹ - شتر بزرگ -
بخردی - عقلمندی - دانائی -
بخش - حصہ - بخرہ -
بخشائش - مہربانی - گناہ سے درگذر کرنا -
بخشودن - بخشنا

بخشیدن - بخشنا -
بخشی - ع - تنخواہ تقسیم کرنے والا - ملازم
بخل - ع - کنجوسی -
بخلا - ع - لوبیا -
بخور - خوشبودار چیزیں جنکے جلانے سے
خوشبو ہو -
بخیل - کنجوس -
بخیہ - ایک قسم کی مضبوط سلائی کپڑے کی
بخیہ از روے کار افتادن - بھید ظاہر ہونا
بخیدہ - دھنکی ہوئی روئی -
بد - برا -
بد - بہت - اور مخفف بود کا -
بدائے - شروع - نئی رائے ظاہر ہونا -
بدایت - ع - شروع ہونا - ابتدا -
بدآموز - ابتر جسکی تعلیم خراب ہوئی ہو -
بداندیش - دشمن - بدخواہ - کینہ جو -
بداہت - ع - اچانک بے سوچ کوئی بات
ہو جانا - بے سوچے بات کہنا -
بدائع - ع - نادر باتیں - منقل چیزیں - اشیا
عجیب -
بدتخمہ - ناقابل - کمینہ - بداصل -
بدتخمان - بداصل - بدکار لوگ - ظالم
اور فاسق -

بدجلو - سرکش گھوڑا۔
بدخشاں - نام ایک ملک کا جو ہندوستان اور خراسان کے درمیان میں ہے اور وہاں لعل اور سونے کی کان ہے۔
بددل - ڈرپوک آدمی۔
بدر - باہر [نام مقام کا جنگ بدر مشہور ہے
بدر - چودھویں رات کا پورا چاند اور
بدرام - گھوڑا سرکش - خوش و خرم۔
بدرو - نالی۔
بدرستی - واقعی بیشک۔
بدرقہ - محافظ - نگہبان۔
بدرود - پدرود - رخصت وداع۔
بدرہ - ہزار روپیہ کی تھیلی۔
بدزہرہ - ڈرپوک - بزدل۔
بدستور - موافق قاعدہ کے حسب عادت
بدسگال - دشمن - بدگو - بدخواہ
بدظن - بدگمان - شکی۔
بدعت - نئی بات اور نئی رسم دین میں نکالنا۔
بدکردار - بدفعل - اوباش - حرامکار
بدگہر - بدذات۔
بدکیش - بدمذہب - ناپاک

بدشکل - بدصورت
بدگہر - بدذات - بداصل۔
بدل - عوض - تبدیلی۔
بدل مایتحلل - بدلا اس چیز کا جو بدن سے کم ہو جاوے۔
بدلا - ایک گروہ اولیاء اللہ کا۔
بدمست - متوالا - نشہ میں مست۔
بدن - تن - جسم۔
بدنام - جسکا نام برا پھیل گیا ہو۔
بدنہاد - بدذات۔
بدو - اسکے ساتھ۔
بدو - شروع - ابتدا - بیان۔
بدور - جمع بدر - پورے چاند۔
بدون - سوائے - بغیر - سوائے اسکے۔
بدوی - جنگلی - صحرانشین۔
بدہ - بڑ کا گھنا پیڑ درخت جو میوہ دار ہو
بدیع - انوکھا - نادر - نئی بات۔
بدیل - جو کسی کے بدلے میں دیا جاوے
بدیں - اسکے ساتھ۔
بدیہہ - بے سوچے کہنا - ظاہر۔
بدیہات - وہ چیزیں جن کے جاننے میں فکر نہ کرنا پڑے۔
بدیہی - ظاہر جس میں دلیل کی ضرورت نہو

بذر الکتان ۔ السی -
بدرقہ ۔ راہبر -
بذیع ۔ خوف - ڈر -
بذل ۔ بخشش عطا خرچ - گھوڑے کی دوڑ
بذلہ - لطیفہ - چٹکلا -
بذور ۔ جمع بذر - یعنی دانہ -
بر - اوپر - پھل - سینہ - گود - بغل - بے جا -
بر - نام خدائے پاک کا - خشک زمین
جنگل - نیکو کار -
بر ۔ نیکی - احسان -
بر ۔ گیہوں -
براءت ۔ پاک ہونا - دور ہونا -
برات - تنخواہ جس سے روپیہ ملے حصہ
برادر - بھائی -
برادر اندر } سوتیلا بھائی
برادر صلبی
برادر بطنی
برادر والاشان - بڑا بھائی -
برادہ - چورہ - سفوف -
براری ۔ جنگل - جمع بر -
براز ۔ کھلا ہوا میدان جہاں درخت نہ ہوں
براز ۔ پیخانہ - گندگی - پاخانہ -
براش - خراش - زخم - شتر بشتر -

براعت ۔ فضل فصاحت بلاغت دانشمندی جو غلبہ کرے
براعت الاستہلال ۔ کتاب یا قصیدہ کے
ابتدائے اشعار میں ایسے الفاظ لانا
جن سے معلوم ہو کہ اسمیں فلاں مطلب ہے
براق ۔ چمکتا ہوا چمکیلا
براق - اس چوپایہ کا نام ہے جس پر شب معراج
کو رسول صل اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے تھے
برآمد - نکاس - خرچ - جو چیز باہر جائے
برآمدن - باہر نکلنا - باہر آنا - طلوع ہونا
برآں - کاٹنے والا - تیز -
برآورد - آنکنا جانچنا - تنخواہ تقسیم کرنیکا کاغذ
برآوردن - باہر لانا -
برآویختن - لٹکانا -
براہم - حضرت ابراہیم -
براہمہ - برہمن لوگ -
براہین ۔ دلیلیں - جمع برہان -
برائے - واسطے - لیے
برایا ۔ رعیت دنیا کے لوگ جمع بریہ
بربار - اوپری کمرہ -
بربالیدن - آستین اور تجمل کا چڑھانا
بربست - قاعدہ - قانون - دستور
بربط ۔ نام ایک ساز کا جسکو عود
بھی کہتے ہیں -

برتافتن - موڑنا - بل دینا -
برتشن - درندوں سے جنگل -
برج - گنبد - آسمان کا بارھواں حصہ
برجاس - نشانہ تیر وغیرہ کا
برجستن - کودنا -
برجستہ - ٹھیک - چست - تحفہ -
برچیدن - چگنا - چننا -
برجیس - مشتری - برہسپت -
برحق - سچ - درست -
برخاستن - اٹھنا
برخوردار - خوش پھلدار - مجازاً لڑکا -
برخے - تھوڑا - کچھ -
برخوردن - ملاقات -
برد - اولا -
برد - سردی - سخت - خبردار -
برد - دھاری دار کپڑا جیسے یمانی چادر
شطرنج میں کل مہرے سوا بادشاہ اکیلا
برداشتن - اٹھانا
بردبار - سہنے والا - متحمل [illegible]
بردجرد - نام ایک شہر کا جو ایران کے
بردگجوز - سخت جاڑا - جاڑے کے سات دن
بردن - لیجانا
بردہ - قیدی - غلام -

بردیمانی - یمن کی چادر -
برز - عقلمند - ہوشیار - کھیتی
برز - قدر - مرتبہ - دبدبہ - اونچائی
برزخ - موت - قیامت دو چیزوں کا
درمیانی جیسے بہشت اور دوزخ کے
درمیان اعراف اور انسان اور بہائم
کے درمیان بندر -
برزن - کوچہ - گلی -
برزین - نام آتشکدہ - نام کتاب -
برشتن - بھوننا -
برشکال - برسات کا موسم -
برص - کوڑھ - فساد خون سے جسم کا بگڑ جانا
برطبق - موافق -
برطرف - موقوف - کام سے علیحدگی
برطلہ - کلاہ - ایک قسم کی ٹوپی جسکو
پگڑی کے اندر رکھتے ہیں -
برع - غالب آنا -
برعکس - الٹا -
برغ - پشتہ -
برغست - سبزہ -
برغمان - ایک قسم کا بڑا سانپ
برغوث - کیک - پسو -
برق - بجلی - بجلی کی چمک -

برقرار - قائم - ٹھہرا ہوا -
برقع - عورت کا چھپنے کا پردہ جسکو سر پر ڈالتے ہیں - مقنع - سینہ
برک - بیٹھے ہوئے اونٹوں کی جماعت
برگ - پتہ - درخت کا پتہ - سامان
برکات - جمع برکت کی -
برکت - افزایش - زیادتی - نیکبختی
برکہ - پانی کا حوض
برگردیدن - پھر جانا الٹ پلٹ ہونا
برگریز - خزاں -
برگزیدن - پسند کرنا چھانٹنا -
برگستوان - گھوڑے کی پاکھر - گردنی لنگوٹی کا لباس جو لڑائی کے وقت پہنتے ہیں اور گھوڑے کو پہناتے ہیں
برگشتن - پھر جانا - حکم نہ ماننا -
برگشتہ - پھرا ہوا -
برگ و نوا - کھانے کا سامان تو خرچ کا
برم - بیقرار ہونا رنج و غم سے عاجز آنا اپنے کام کو مضبوط کرنا - محافظ
برمک - نام ایک بزرگ خاندان کا
برملا - بر سر مجلس - علانیہ عام لوگوں کو سنا کر
برنا - جوان - نیک و ظریف
برنج - چاول - پیتل - کانسان

برنجن - دست بند - بازوبند کنگن پازیب
برند - تلوار کا جوہر -
برنشاندن - بٹھلانا -
برنغار - لڑائی کے وقت بادشاہ کے دائیں طرف کی فوج -
برو - اس پر -
بروش - پیدا کرنا - تیر اور قلم کو تراشنا
بروت - مونچھ -
بروج - جمع برج -
بروجہ - ایسی وجہ پر -
برودت - سردی -
بروز - باہر نکلنا - ظاہر ہونا -
برومند - پھلدار -
بیرون - باہر - باہر کی طرف -
برہ - بکری کا بچہ - حلوان - برج حمل
برہان - دلیل - عقلی وجہ -
برہیختن - کھینچنا - اختیار کرنا - تعلیم کرنا -
برہم - الٹ پلٹ - خفا - ناراض
برہنگی - ننگا پن - لچا پن -
برہنہ - ننگا
بری - پاک - الگ - بیقصور
بریاں - بھنا ہوا -
بریہ - خلق اللہ - مخلوق - دنیا کے لوگ

بریدن - کاٹنا۔
بَرید - قاصد - نامہ بر۔
بریشم - ریشم۔
بریق ۓ درخشندگی - روشن چکا چوندھی [لگانیوالا۔
برین - بلند - بہت اوپر - برتر - اوپر
برسکیڑا - جا سے پانچی گھر کے اسباب کی
بز - بکری۔
بزاز ۓ کپڑا بیچنے والا اسباب بیچنے والا
بزاق - تھوک - تف۔
بزدل - کم ہمت - ڈرپوک۔
بزر - بیج جس سے ساگ اور مسالے جو کھانے میں پڑتے ہیں پیدا ہوتے ہیں
بزرجمہر - نوشیرواں کے وزیر کا نام جو بڑا عقلمند آدمی تھا۔
بزرقطونا ۓ اسپغول - ایک مشہور دوا
بزرگ - بڑا۔
بزرگ - اسمی۔
برزگر - کاشتکار۔
بزرگوار - مانند بزرگ کے۔
بزوغ ۓ آفتاب کا روشن ہونا۔
بزغالہ - بکری کا بچہ - میمنہ۔
بزل - سختی - شدت۔
بذلہ - لطیفہ - ظریفانہ سخن - مذاق

بزم - مجلس - سبھا - جشن۔
بزمگاہ - مجلس کی جگہ - عیش کی جگہ
بزور - زور کے ساتھ۔
بزور - جمع بزر - بیج - تخم۔
بزوغ ۓ آفتاب یا ستارہ کا روشن ہونا۔
بزہ - گناہ - خطا - بدنصیب آدمی۔
بزہکار - گنہگار - خطاوار۔
بس - بہت کافی - کباب کی سیخ۔
بسا - بہت اکثر - فارس کا ایک شہر
بساتین - جمع بستان - باغات
بساط ۓ بچھونا - فرش - اشیاے تجارت شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا چیز
بساطی - خردہ فروش۔
بسالت ۓ دلیری۔
بسام - ہنستا ہوا۔
بسان - مانند - ویسا ہی۔
بسائط ۓ جمع بسیط - اربعہ عناصر
بسباسہ ۓ جاوتری
بسبس ۓ وہ زمین جس پر پانی اور گھاس نہ ہو - بسابس جمع۔
بست - بیس - ۲۰
بستان - پھلواری - باغ۔

بستان افروز۔ تاج خروس یعنی
کلغا کا پھول
بستر۔ بچھونا۔ چٹائی وغیرہ۔
بستم۔ بیسواں ۱/۲۰
بستہ۔ بقچہ۔
بستن۔ باندھنا۔
بسُد۔ مونگا۔ مرجان
بسر۔ قریب پکنے کے خرما۔
بسطام۔ ایک شہر کا نام۔
بسط۔ بچھانا۔ پھیلانا۔
بسطت۔ کشادگی۔
بسمل۔ زخمی۔ گھائل۔
بسم اللہ۔ خدا کے نام پہ شروع کرتا ہوں
بسملہ۔ مخفف بسم اللہ۔
بسندہ } بس کیا ہوا پسند کیا ہوا
بسند }
بسے } بہت
بسیار }
بسیدن۔ ارادہ کرنا۔
بسیط۔ بے جز جو مرکب نہو۔ فراخ۔
بسیم۔ مسکرانے والا۔
بشارت۔ خوشخبری۔
بشاشت۔ کشادہ روئی۔ لطف کلام
سے پیش آنا۔ خوش ہو کر بات کرنا۔
بشاش۔ خوش۔
بشر۔ آدمی۔ انسان۔ مرد و عورت۔
بشرہ۔ چہرہ۔ مکھ۔
بشریٰ۔ خوشخبری۔ اچھی خبر۔ نام ایک شخص کا
جس نے حضرت یوسف کو کنوائں سے نکالا تھا۔
بشریت۔ آدمیت۔
بشقاب۔ بڑی رکابی۔
بشیر۔ خوشخبری دینے والا۔ خوبصورت۔
بصارت۔ نظر۔ بینائی۔
بصائر۔ جمع بصیرت۔ دل کی۔ زیرکی۔ بینائی
بصر۔ آنکھ۔ بینائی۔
بصرہ۔ نام مشہور شہر کا۔
بصل۔ پیاز۔ لوہے کا خنجر۔
بصلہ۔ پیاز کی ایک گٹھی۔ خود آہنی۔
بصیر۔ دانا۔ بینا۔
بصیرت۔ دانائی۔ بینائی۔
بضاعت۔ پونجی۔ تھوڑا سا مال جس سے
سوداگری کیا جاوے۔
بضعہ۔ پارہ گوشت۔
بط۔ بطخ۔
بطال۔ ناچیز آدمی۔ معطل۔ بیکار۔
دروغ گو۔

بطالت ع بیکاری - ہزل -
بطالت ع دلیری -
بطانت ع پوشیدہ راز - ہر چیز کا استر -
پیٹ کے اندر کی چیزیں - دوست دلی
بطحا ع صحرائے مکہ معظمہ - بکہ معظمہ
بطر ع بہت خوشی کرنا - ناخوشی - تکبر
بطرح دادن - رعیت کے ہاتھ جور و ظلم
سے گراں دینا -
بطریق - نصرانی اور آتش پرستوں
کا پیشوا - رومیوں کی فوج کا سردار
بطش ع حملہ - دلیری - حملہ کرنا -
بطک - شراب کی چھوٹی صراحی -
بطل ع بہادر - پہلوان - شجاع -
بطلان ع جھوٹ - بے اصل ضائع ہونا
بطلیموس - نام ایک یونانی نامور حکیم کا
جسکی تصنیف کتاب مجسطی ہے -
بطن ع پیٹ - شکم -
بطون ع جمع بطن - چھپانا - پوشیدگی
بطئ ع دیر کرنے والا - سست
بطلیش ع بہت زور اور سختی سے پکڑنیوالا
بطین ع بہت کھانیوالا - بڑے پیٹ کا آدمی
بعث ع اٹھنا - روانہ کرنا - جگانا - زندہ
کرنا - پراگندہ کرنا - قیامت -

بعثت - برانگیختی - پراگندگی - بیداری
بعث و نشر ع کنایہ روز قیامت سے
بعد ع پس پیچھے
بعد ع دوری آچھے کی مینگنیاں -
بعر - بعرہ ع اونٹ - بکری - ہرن اور
بعض - بعضی - کوئی - کچھ ٹکڑا -
بعل ع نام ایک بت کا - شوہر - مالک
بعال و بعول جمع -
بعلبک ع شام میں ایک شہر ہے -
بعوض ع پشہ - مچھر -
بعید ع دور
بعیر ع اونٹ -
بعینہ ع وہی - بالکل - ویسا ہی -
بغا ع چاہنا - ڈھونڈھنا -
بغا ع زنا کرنا - فاحشہ ہونا -
بغام ع ہرن اور اونٹ کی آواز نرم آواز
بغاوت ع سرکشی - پھرنا -
بغتتاً - اتفاقاً - فوراً - اچانک -
بغچہ ع بقچہ - کپڑوں کی چھوٹی سی گٹھری
بغداد - نام ایک مشہور شہر کا -
بغا و خالی - خالی پیٹ -
بغرا ع ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور
چاول ملا کر پکاتے ہیں - شور نمک

بُغض - کینہ - دشمنی -
بغضا - سخت - دشمنی - عداوت -
بغل - بازو کے نیچے کا جسم - بچھ
بچپن -
بغلچ - نام طائر - مجازاً تیتر -
بغلی - چھوٹا قرآن شریف جسے حمایل
کہتے ہیں -
بغی - بھرا ہوا - نافرمان بغایا جمع
بفت - بننا کپڑا بننا
بق ع - پشہ مچھر -
بقا ع - باقی رہنا - موجود رہنا -
بقاع ع - جمع بقعہ کی بمعنی مکان - جگہ -
بقال ع - ترکاری فروش - سبزی فروش -
(غلہ فروش کو بدال کہتے ہیں)
بقایا ع - جمع باقی کی -
بقچہ - کپڑوں کی گٹھری -
بقر - بقرہ ع گائے - بیل -
بقراط - ایک یونانی نامور حکیم کا نام ہے
بقعہ - ع - رہنے کی جگہ - مکان - مندر - خانقاہ
بقل
بقلہ } ع ساگ پات جو بیج سے اُگے
بقلۃ الحمقاء ع خرفہ کا ساگ -
بقم ع مجیٹھ ایک سرخ رنگ کی لکڑی -

لقیہ ع - بچا ہوا - بچت -
بکا ع رونا - زاری -
بکارت - دوشیزگی - کنوارا پن
بکامت ع گونگا پن -
بکاول ع - باورچی - داروغہ - باورچی خانہ
بکتر - ایک قسم کی زرہ جو لڑائی کے وقت
پہنتے ہیں -
بکر ع دوشیزہ - کنواری عورت اور
اول ہر چیز کا - نازک -
بکر ع جوان اونٹ - نام ملک - نام قبیلہ
بکر بکرہ ع - صبح کا وقت - بامداد -
بکم ع جمع ابکم کی - گونگے لوگ جو بول نہیں سکتے
بکم ع گونگا پن -
بکور ع سویرے اٹھنا -
بگ - مینڈک -
بگلر - امیر - بزرگ -
بگلر بگ - خانخاناں - امیرالامرا -
بل - بلکہ -
بلا ع مصیبت - دکھ
بلا تحاشا - فوراً - اسی وقت
بلاد - ع - جمع بلد - شہر -
بلادت ع کند ذہنی - بیوقوفی -
بلاغ ع پہنچانا -

بلاغت ع۔ حسب موقع گفتگو کرنا۔ تھوڑے لفظوں میں بہت مطالب ادا کرنا اس طرح پر کہ سامعین کے سمجھ کے موافق الفاظ ہوں۔ جوان ہونا

بُلاق۔ پانی کا چشمہ۔ ناک کے نتھنے کا زیور

بلاکردن۔ عجیب و غریب کام کرنا۔

بلاگردان۔ تصدق کی ہوئی چیز۔ اوتارا کی ہوئی چیز۔

بِلال م۔ نام ایک صحابی اور موذن رسول مقبول کا۔ اور بلال قوم حبش سے تھو

بَلاہت۔ احمق پن۔ بیوقوفی۔ سادگی

بَلبال ع۔ اندوہ اور سخت غم۔

بَلبان۔ ایک منہ سے بجانے کا باجہ۔ منہ چنگ۔

بُلبُل۔ نام ایک خوش الحان چڑیا کا۔

بَلبلہ ع۔ غم۔ دشوار۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے مصیبت۔ آنا۔

بَلبلہ۔ (ف) حباب۔ صراحی

بلخ ع۔ مقام۔ خراسان کے ایک شہر کا

بُلدان ع۔ جمع بلد۔ شہر۔

بَلد۔ بَلدہ ع۔ شہر۔ بستی۔

بَلشت ع۔ بالشت۔ چھوٹی انگلی کے سرے سے انگوٹھے تک کی ناپ

بَلَعَ ع۔ نگلنا۔

بَلعم باعور ع۔ ایک عالم تھا جس نے حضرت موسیٰ کو بد دعا دی اور آخر کو اس کا ایمان جاتا رہا۔

بلغار ع۔ نام ایک شہر و صوبہ کا

بُلغا ع۔ جمع بلیغ۔ خوش کلام۔

بَلغہ ع۔ جمع بالغ۔

بلقیس ع۔ ملکہ شہر سبا کی جو کہ حضرت سلیمان کی جورو کہی جاتی ہے مگر حضرت سلیمان نے اسکا نکاح ملک تبغ اصغر سے کر دیا تھا۔

بلکہ۔ بلکہ۔ پرستو۔

بُلطل۔ تیزی۔ تمناکی۔ تندرستی۔

بلند۔ اونچا۔ (نا فرماتی)

بَلوا۔ آزمائش۔ سختی۔ ہنگامہ۔

بَلود۔ کسی جگہ کو نیا مکان اور اپنا شہر بنانا۔

بلور۔ ایک صاف شفاف پتھر۔

بَلوط ع۔ نام ایک بڑے درخت کا جسکی چھال سے چمڑے رنگے جاتے ہیں

بُلوغ ع۔ پہنچنا۔ جوانی کو پہنچنا۔ بالغ ہونا۔

بلوغیت ع۔ سن بلوغ تک پہنچنا۔

بلوق ۔ وہ زمین جہاں کچھ روئیدگی نہو
بُلہ ۔ احمق ۔ بیوقوف ۔
بَلے ۔ ہاں ۔ ہاں صاحب ۔
بَلیات ۔ جمع بلا کی مصیبتیں ۔ افسردہ دل
بَلید ۔ کند ذہن آدمی ۔ کم سمجھ ۔
بَلیغ ۔ جو حسب حال گفتگو کرے اور جسکی
زبان بہت فصیح ہو ۔ خوش بیان
بلیل ۔ سرد ہوا ۔ آواز ۔
بَلیناس ۔ نام حکیم جو مصاحب سکندر کا تھا
بَم ۔ راگ کی اونچی آواز ۔ مقابل زیر ۔
بمجرد ۔ فوراً ۔ اسی دم ۔
بِن ۔ بیٹا ۔ ولد ۔ ابنا سے جمع
بُن ۔ بنیاد ۔ جڑ ۔ کھیتی ۔
بَنّا ۔ معمار ۔
بِنا ۔ عمارت ۔
بنابر ۔ اس لئے ۔ واسطے ۔ اسی سبب
بنات ۔ جمع بنت ۔ بیٹیاں ۔
بُنات ۔ باتات ۔
بنات النعش ۔ سات ستارے قریب قطب کے
بنادر ۔ جمع بندر ۔ وہ سوداگروں کی
منڈیاں جو دریا کے ساحل پر ہوں
بنادیق ۔ جمع بندوق ۔
بناگوش ۔ کان کی لو ۔

بنان ۔ انگلیوں کی پوریاں ۔
بنیاد ۔ بنیاد ۔ دیوار ۔ مکان
بنت ۔ بیٹی ۔ لڑکی ۔
بنت الشفت ۔ بات ۔
بنت العنب ۔ دختر رز ۔ شراب ۔
بلنج ۔ اجوائن خراسانی ۔
بنج ۔ بھنگ ۔ بنگ کا معرب ۔
بند ۔ قید ۔ بندھن ۔ بدن کا جوڑ ۔ داؤ پیچ
تدبیر ۔ پانی کی روک ۔
بندر ۔ دریا کے کنارے پر سوداگری کی جگہ
بندق ۔ ایک میوہ جسکو فندق کہتے ہیں
غلہ مٹی کا ۔
بندگی ۔ خدمت کرنا ۔ تابعداری ۔ غلامی سلام
بندن ۔ باندھنا ۔
بندوبست ۔ انتظام ۔
بندہ ۔ غلام ۔
بندی ۔ قیدی ۔
بندی خانہ ۔ قید خانہ ۔ جیل
بنصر ۔ چھوٹی انگلی کے پاس کی انگلی
بنفش ۔ نیلگوں ۔ رنگ ۔
بنگ ۔ بھنگ
بنگاہ ۔ مکان اور جگہ جہاں پر نقد و جنس
رکھیں ۔ گودام ۔

بنگش - کشمیر کے قریب ایک ملک
بنوں ع بیٹے -
بنہ - اسباب - سامان -
بنی - جمع ابن - پسران - بیٹے
بنیاد - نیو - جڑ -
بنیان ع دیوار - بنیاد - نیو -
بنین ع بیٹے -
بو - گندھ - بو - مہک - امید -
بوع - باپ -
بواب ع دربان - دروازہ کا چوکیدار
بواح ع ظاہر - صریح -
بوادی - جمع بادیہ - صحرا جنگل
بوار - ہلاکی - خرابی -
بوارق ع جمع بارقہ - بجلیاں روشنیاں
بواسیر - پھوڑے - ایک مشہور بیماری
بواطن ع جمع باطن - دل - اندر
بوالعجب ع انوکھا آدمی جسکو دیکھکر تعجب ہو
بوالفضول ع بےسمت آدمی جو بیٹھا ہوا باتیں بنایا کرے -
بوالہوس ع حریص جسکو ہوس زیادہ ہو
بوالیع ع جمع بالوعہ - چہ بچے
بوبکر - حضرت ابوبکر خلیفۂ اول کا نام بادشاہ
بوتراب - نام خلیفہ علیؓ کا

بوتہ - سونا یا چاندی ڈھالنے کی گھریا - اونٹ کا بچہ - درخت شاخدار جھاڑی
بوتیمار - بگلا جو دریا کے کنارے بیٹھا رہتا ہے
بوخلاف شیطان -
بود و باش - رہنا سہنا -
بودن - ہونا - رہنا -
بور - گھوڑا - سرنگ گھوڑا -
بورانی - ایک قسم کا کھانا [illegible]
بورق - ایک چیز نمک کے قسم کی شورہ
بورہ - سہاگا - کھانڈ -
بوزنہ - بندر -
بوزہ - ایک قسم کی ہلکی شراب بیر شراب
بوس - چومنا - بوسہ -
بوس - شدت - دکھ - رنج -
بوسی - سختی - مصیبت - بدنصیبی -
بوستان - پھلواری - باغ -
بوسہ - چومنا -
بوسیدن - چومنا - بوسیدہ ہونا -
بوسیدہ - پرانا - گلا ہوا - سڑا -
بوعزہ - ایک قسم کا کھانا جسکو گوشت اور آٹا ڈالکر پکاتے ہیں -
بوق - قرنا - سنہائی - ایک باجہ یا سینگ جسکو شکار کے وقت بجاتے ہیں -

بوقلموں - رومی دیبا - رنگارنگ - گرگٹ
بول - پیشاب - موت -
بوم - الو - زمین جسمیں ہل نہ چلا ہو - سرشت - طینت -
بوم طلا - زرخیز زمین - وہ کپڑا یا چیز جسکی زمین طلائی ہو اور نقش و نگار دوسرے قسم کے ہوں -
بون - دو چیز کا فرق - زیادتی -
بوئیدن - سونگھنا - بو دینا -
بہ - اچھا - خوب - میوہ - بہی
بہا - روشنی - رونق - زیبائی -
بہا - مول - قیمت
بہادر - بیر - شجاع - دلیر
بہار - بسنت - فصل ربیع -
بہاراں - بہار - بہار کا مزید علیہ
بہانہ - حوالہ - سبب - وجہ -
بہائم - جمع بہیمہ - چوپائے - جانور
بہبود - بہبودی - بھلائی کسی کے حق میں اچھی بات ہونا
بہجت - کسی کے ساتھ خوشی سے پیش آنا
بہت - حیرانی - اچنبھا
بہتان - دروغ - افترا - جھوٹا الزام
بہتر - بہت اچھا - زیادہ اچھی چیز -

بہجت - خوشی - تازگی - زیبائش
بہر - واسطے - لئے - باعث - پرانصیبہ
بہر - بہرہ - حصہ - اتفاق - خوش قسمتی
بہرام - ستارہ مریخ اور نام بادشاہ عراق کا جسکو بہرام گور کہتے ہیں پہلوان کا نام
بہر حال - ہر حالت سے ہر طرح سے
بہر کیف - ہر طرح پر -
بہرمان - کسم کا پھول - سرخ یاقوت
بہزاد - نام ایک نقاش کا -
بہشت - جنت -
بہق - چھیپ - داغ جو جسم پر پڑ جاتے ہیں -
بہلول - ہنس مکھ - پیشوا - ایک درویش کا نام -
بہم - ساتھ -
بہم برآمدن - غصہ ہونا - رنجیدہ ہونا -
بہمن - فارسی گیارہواں مہینہ مطابق پھاگن - عقلمند - نام بادشاہ جو اسفندیار کا بیٹا تھا -
بہی - بہتری - بہبودی - نام ایک میوہ کا
بہی دانہ - میوہ بہی کا تخم -
بہی - روشن - تاباں - خوشنما
بہیر - لشکر کے بازاری لوگ - اسباب -

بہیمہ ۔ چوپایہ ۔ مثلاً گائے بھینس وغیرہ
بہین ۔ بہت اچھا ۔ سب سے تحفہ ۔
بے ۔ بغیر ۔ بدون ۔ سوائے
بیابان ۔ صحرا ۔ جنگل ۔
بیات ۔ پریشانی ۔ رنج
بیاض ۔ سفیدی ۔
بیاض البیض ۔ انڈے کی سپیدی جو زردی کے اوپر ہوتی ہے
بیاع ۔ بیچنے والا ۔ خریدنے والا دلال ۔
بیباق ۔ جو کچھ بھی باقی نہ رہے ۔
بیت ۔ گھر ۔ شعر ۔
بیت اللہ ۔ خانہ خدا ۔ خدا کا گھر ۔ مجازاً کعبہ
بیت الحزن ۔ غم خانہ ۔
بیت العتیق } ۔ کعبہ شریف
بیت الحرام }
بیت الاقصیٰ } یوریشلم ۔ شام کی مقدس مسجد
بیت المقدس }
بیت الخلاء ۔ پاخانہ ۔ جائے ضرور ۔
بیت الشرف ۔ سیارہ کا بہت اونچا مقام ۔ سیارہ کی اوج کا گھر ۔
بیت المال ۔ خزانہ سرکاری ۔ وہ خزانہ جسمیں لوٹ کا اور مفت کا مال ہو اور عموماً فقرا کو دیا جاتا ہے ۔
بے تحاشا ۔ فوراً ۔ اچانک ۔
بیتوتت ۔ کسی جگہ شب باشی کرنا ۔
بیچوبا ۔ ایک قسم کا خیمہ جسمیں چوب نہ ہو ۔
بیچون ۔ بے مانند ۔ بے مثل ۔
بے حضور ۔ رنجیدہ ۔ غصہ ۔ غیر حاضر بیمار
بے حمیت ۔ بے حیا بے شرم ۔
بیخ ۔ جڑ ۔ اصل ۔
بیختن ۔ چھاننا ۔
بید ۔ بید کا درخت ۔ بینت ۔
بیدا ۔ میدان ۔ پیوند ۔ ہلاک ہونا
بیدانجیر ۔ ارنڈ کا درخت ۔
بید برگ ۔ تیر کی ایک قسم جسکی نوک بید کی طرح ہوتی ہے ۔
بید مجنوں } ایک قسم کا بید جس کی شاخیں نازک ہوتی ہیں
بید مولی }
بیداد ۔ ظلم و ستم
بیدار ۔ جاگتا ہوا ۔
بیدق ۔ پیادہ شطرنج کا ۔
بیر ۔ کنواں ۔ چاہ ۔
بیرانہ ۔ ویرانہ ۔
بیرق ۔ چھوٹا نیزہ ۔ چھوٹا جھنڈا علم کا پھریرا ۔

بیروں ۔ باہر خارج ۔
بیزار ۔ خفا ۔ رنجیدہ ۔ تنگ آیا ہوا ۔
بیژن ۔ ایران کا نامی پہلوان جو
گیو کا بیٹا تھا ۔
بئیس ع ۔ بُرا بدحال ۔ بدقسمت ۔
بئیس القرین ۔ بُرا ساتھی ۔
بیش ۔ زیادہ ۔ بہت ۔
بے شائبہ ۔ بیشک ۔ بے آمیزش ۔
بیشہ ع ۔ جنگل ۔ بن ۔
بیشی ۔ زیادتی ۔ برتری
بیص ع ۔ سختی ۔ تردد ۔ تنگی ۔
بیض ع ۔ انڈا دینا ۔ گرمی سخت ہونا ۔
کسی مکان میں ٹھہرنا ۔
بیضاء ع ۔ روشن ۔ سفید ۔ سوتج فارس کا ایک شہر
بیضہ ع ۔ انڈا ۔ بیض ۔ بیوض ۔ بیضات جمع
بیضۃ الخدر ۔ پردہ نشین عورت ۔
بیضوی ع ۔ انڈا کی شکل کا ۔
بیضاوی ع ۔ شمسی ۔ باشندہ بیضا ۔
بیطار ع ۔ سلوتری ۔ جانوروں کا ڈاکٹر
بیع ۔ بیچنا ۔ فروخت کرنا ۔
بیعانہ ۔ سائی ۔ کچھ پیشگی دیکر پکا کرنا
بیعت ع ۔ مرید ہونا کسی کا چیلہ بننا ۔
بے غل و غش ۔ بے کھوٹ ۔ بیشک و شبہ

بیگ ۔ امیر ایک خطاب ۔ سردار ۔
بیگلر بیگ ۔ ت ۔ امیر الامرا ۔ سپہ سالار
بیگم ۔ ت ۔ خاتون ۔ شریف بیوی ۔
بیل ۔ کدال ۔ پھاوڑا ۔
بیم ۔ خوف ۔ ڈر ۔
بیمار ۔ روگی ۔ مریض ۔
بیمہ ۔ وہ محصول جو روپیہ یا مال کی حفاظت
کے عوض دیا جاوے کہ ضایع ہونے پر محصول
لینے والا اسکا معاوضہ دیوے ۔
بینش ۔ بینائی ۔ دیکھنا ۔
بین ع ۔ درمیان مثلاً ذاتاً بین و درمیانی
بینوا ۔ بے توشہ ۔ بے سروسامان ۔
بینی ۔ ناک ۔
بیّن ع ۔ ظاہر ۔ روشن ۔
بے نیاز ۔ بے پروا ۔
بینونت ع ۔ جدائی ۔ عورت کا طلاق پاکر
شوہر سے جدا ہونا ۔
بیوت ع ۔ جمع بیت ۔ گھر
بیوتات ۔ محل شاہی جسمیں بیگمات رہتی ہوں
بیور ۔ دس ہزار ۔
بیوہ ۔ } رانڈ وہ عورت جسکا شوہر مرگیا ہو ۔
بیوا ۔ }

بیہودہ / بیہدہ } بیفائدہ - ناحق جس سے کچھ فائدہ نہ ہو۔

باب الپاء

پا - پیر - ٹانگ - بنیاد۔
پا افزار - جوتا کفش۔
پا انداز - بچھونا جو آمد و رفت کے دروازہ پر بچھاتے ہیں۔
پا بلند کردن - بھاگ جانا - دوڑنا۔
پا برجا - ثابت - قائم - ہمیشہ۔
پا برنجن - پازیب - گوجری - پیر کا زیور۔
پا بند - رسی - جال - گرفتار۔
پا بوس - پابوسی - پیر چومنا۔
پاپا - باپ۔
پاپوش - جوتا۔
پاجامہ - سوتھنا - دو پیر جو کمر سے نیچے [پہنتے ہیں۔
پاجی - نالائق - کمینہ - ہیچ۔
پاچال کرگھہ - جولاہے کے پیر لٹکانے کا گڑھا
پاتھک - اپلا - کنڈا - گوہا۔
پاتابہ - پاچیلہ - جوتی - جراب۔
پایہ - تخت۔
پاداش - بدلا - عوض۔
پا در رکاب - آمادہ سفر۔

پادزہر - تریاق - زہر مہرہ۔
پادشاہ - بادشاہ - مالک تخت۔
پادشاہ چین / پادشاہ ختن / پادشاہ نیمروز } آفتاب سے مراد ہے۔
پار - گذرا ہوا سال۔
پارچہ - کپڑا - ٹکڑا۔
پارس - ملک فارس۔
پارسا - پرہیزگار۔
پارسال - گذشتہ سال - پچھلا برس۔
پارنجن - پیر کا گہنا۔
پارہ - ٹکڑا - حصہ - ایک دھات - تحفہ - [تبرک
پارہ دوز - خیمہ سینے والا - پیوند لگانے والا۔
پارہ کار - شوخ - لچا۔
پاریدن - ٹکڑے ہونا - پھٹ جانا۔
پارینہ - پرانا - قدیم۔
پاک - صاف - لطیف بے آمیزش - سچا۔
پاس - پہرہ - محافظت - پہرہ تین گھنٹہ کا۔
پاسبان - نگہبان - چوکیدار۔
پاستان - اگلا - گذرا ہوا۔
پاسخ - جواب۔
پاس خاطر - لئے - واسطے - خاطر رکھنا۔
پاسداری - طرف داری - نگہبانی۔

پائیدن۔ ٹھہرنا۔
پائیز۔ فصل خزاں۔
پائندہ۔ ٹھہرنے والا۔ قائم۔ مضبوط۔
پایہ۔ رتبہ۔ درجہ۔ تخت۔ پاؤں۔
پائین۔ نیچے۔ نیچے کا۔
پائیں پست۔ تابعدار۔ فرمانبردار۔
پتک۔ ہتھوڑا۔
پتیارہ۔ آفت۔ بلا۔
پتیل۔ چراغ کی بتی۔ فتیلہ۔
پزاوہ۔ اینٹ پکنے کا آوا۔
پختن۔ پکانا۔
پختہ۔ پکا ہوا۔
پخش۔ ملائم۔ برباد۔ پھیلا ہوا۔
پدر۔ باپ۔
پدرام۔ آراستہ۔ اچھا۔ خوابگاہ۔
پدرانہ۔ باپ کے مانند۔
پدروار۔ باپ کی طرح۔
پدری۔ باپ کی۔
پدید۔ ظاہر۔
پدیدار۔ ظاہر۔ نمودار۔
پذیر۔ قبول کرنے والا۔ ماننے والا۔
پذیرائی۔ قبولیت۔
پذیرفتن۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا۔

پذیرہ۔ مقبول۔ پیشوائی کرنا۔
پُر۔ بھرا ہوا۔
پر۔ جانور کا پر۔ تنکا۔
پراگندگی۔ تتر بتر ہونا۔ پریشانی۔
پراگندن۔ تتر بتر کرنا۔ منتشر ہونا۔
پرانیدن۔ اڑانا۔
پروار۔ گرمی کے رہنے کا مکان۔
پرتاب۔ تیر جو دور تک جا سکتا ہو۔ تیر کے پھینکنے کا فاصلہ۔ پھینکنا
پرتابیاں۔ تیر انداز۔
پرتو۔ شعاع۔ روشنی۔ کرن۔
پرچم۔ پھریرا۔ کپڑا جو نیزہ پر باندھتے ہیں۔
پرچین۔ کھیت کی باڑ۔ باغ کی باڑ جو خاردار درختوں کی شاخوں سے بناتے ہیں۔
پرچیدن۔ مضبوط پیوست کرنا مثلاً تختہ میں کیل
پرخاش۔ لڑائی۔ جھگڑا۔
پرداختن۔ خالی کرنا۔ سنوارنا۔ مشغول ہونا۔
پردگی۔ پوشیدگی۔
پردل۔ بہادر۔
پردہ۔ چلمن۔ چک۔ کپڑے کا پردہ۔ اوٹ۔ موسیقی کے مقامات مثلاً پردہ حجاز
پردہ پوش۔ عیب چھپانے والا۔
پردہ دریدن۔ علانیہ کسی کا عیب ظاہر کرنا۔
پردہ نشین۔ عورت جو پردہ میں رہتی ہو۔

پردہ ہفت رنگ } آسمان۔
پردہ وپیرسال }
پرزہ۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔
پرس۔ پوچھ۔ دریافت کرنا۔
پرسا۔ خبرگیر۔
پرسان۔ پوچھنے والا۔
پرستار۔ لونڈی۔ غلام۔ کنیز
پرستک۔ ابابیل۔ دیوطاق۔
پرستش۔ پوجا۔ عبادت۔
پرستن۔ پوجنا۔
پرستو } ابابیل۔
پرستوک }
پرسیدنی۔ پوچھنے کے لائق۔
پرسیاوشاں } ایک قسم کی گھاس خودرو ہے
پرسیاوشان }
پرسیان۔ عشق پیچاں۔
پرشگونہ۔ بدصورت۔ نازیبا۔
پرقازہ۔ مصوروں کا موقلم۔
پرک۔ ستارہ سہیل۔
پرکار۔ دائرہ کھینچنے کا آلہ۔ دایرہ مختصر
پرکالہ۔ ٹکڑا۔ عقلمند۔
پرکالہ۔ تار۔ ریشہ۔
پرگنہ۔ ضلع کا ایک حصہ۔

پرگو۔ بکّی۔ بکواسی۔ باتونی۔
پرگیاہ۔ گھاس کا تنکا۔
پرم۔ امید۔ انتظار۔
پرموک۔ زینت۔ آرائش۔
پرن۔ ثریا کے تارے۔
پرند۔ اُڑنے والا چڑیا۔ تصویر دار کپڑا۔
پرندک۔ جوہردار۔ تلوار کی چمک۔
پرنیان۔ دیبا۔ ایک پھولدار ریشمی کپڑا
پرنیاں خوی۔ اچھی عادت والا آدمی
پرواہ۔ طاقت۔ آرام۔ توجہ۔ رغبت
التفات۔ خوف۔ پرورش۔
پرواره۔ گرمی کا ٹھنڈا مکان جس میں
جانور کو رکھ کر فربہ کرتے ہیں۔
پرواری۔ موٹا تازہ چربی دار۔
پرواز۔ اُڑنا۔ زر کا نثار کرنا۔
پروانگی۔ اجازت۔ اجازت دیا گیا۔
پروانہ۔ پتنگا۔ تتلی۔ حکمنامہ۔ اُڑنے والا
کیڑا۔
پروبال۔ پر۔ اور بازو۔ قوت۔
پرسیدن۔ پوچھنا۔
پرسش۔ پوچھنا۔
پرورانیدن۔ پالنا۔
پروردگار۔ پالنے والا۔ خدا۔

پروردن - پالنا -
پرورش - پالنا - مراد حکمت اور علم سے -
پرویز - فقند - مچھلی - نام بادشاہ کا - جو ہرمز کا بیٹا تھا -
پرویزن - چھلنی - بورا چھاننے کی چھلنی
پروین - نام چند تاروں کا - ثریا - سوق
پرہ - } دامن - طرف - ہر چیز کا کنارہ -
پرہ -
پرہ بینی - نتھنوں کا درمیانی پردہ -
پرہ قفل بر کلید زدن - الٹا کام کرنا -
پرہما - کلغی -
پرہیز - بچنا - گناہ یا کسی چیز سے دور رہنا -
پرہیزگار - بچنے والا
پرہیزیدن - پرہیز کرنا - گناہ سے بچنا -
پری - جنی - خوبصورت عورت خوبصورت شخص
پرسون - ایک قسم کا کپڑا مثل مخمل -
پری پیکر - خوبصورت شکل - معشوق
پری خوان - منتر جاننے والا - وہ شخص جسکے حکم میں پری یا جن ہوں -
پچیدن - اکڑنا -
پچھیدن - بکھرنا -

پریر - پریرونہ - پرسوں پرسوں کا گذرا ہوا دن
پری زاد - پری کی اولاد - خوبصورت شخص
پریشان - پراگندہ - مصیبت زدہ -
پریشانی - پراگندگی -
پری شب - پرسوں کی گذری ہوئی رات
پری گرفتہ - وہ شخص جو جن یا پری کا دوست ہو اور غیبی حالات بتلاوے
پزاوہ - اینٹ پکانے کا آوا -
پزشک - حکیم - طبیب -
پزشکی - طبابت - بیدک -
پژمان - مرجھایا ہوا بے رونق - غمگین
پژیدن - پکانا -
پژمردن - کملانا -
پژمردہ - کملایا ہوا - مرجھایا ہوا -
پژوہش - تلاش - کھوج لگانا -
پژوہندہ - جاسوس - متلاشی -
پژوہیدن - کھوجنا - تلاش کرنا - فکر کرنا
پس - پیچھے - تب - تو - اس لئے -
پس افگندہ } میراث - ترکہ سے جو باقی بچا یا بچا دے -
پس انداز
پس آہنگ - فوج کا پچھلا دستہ - چنداول
پستہ - [illegible] -
پستان - چھاتی - چوچی -

پستہ - ایک مشہور میوہ۔
پستۂ شکر فشاں - معشوق کا لب۔
پستی - نشیب - نیچائی - (نیچا ہوا)
پس خوردہ - جو بچا کھانا کھانے کے بعد
پسر - لڑکا۔
پسرک - بچہ۔
پس رو - پیچھے چلنے والا۔
پس فردا - پرسوں جو آویگا۔
پسند - پسند - اپنی خوشی۔
پسندیدن - پسند کرنا۔
پس و پیش - آگا پیچھا - سوچ بچار - دھکّا
پسیچ - ارادہ - راہ کا توشہ۔
پسین - پچھلا۔
پشام - سیاہ رنگ کی چیز - تاریک۔
پشت - پیٹھ -
پشتارہ - بوجھ - گٹھری
پشت پناہ - حمایت کرنے والا - حمایتی
پشتک - گھوڑے کا الف ہونا - لات مارنا
پشتہ قودہ - ٹیلا۔
پشتی بان - سہارا - معاون - لکڑی جس سے دیوار کو مضبوطی ہو۔
پشتی - مدد - تائید - پے در پے۔
پشک - بلی - گربہ۔

پشک - بھیڑ بکری یا اونٹ کی مینگنی - قیمت
پشنگ - شبنم - اوس۔
پشکل - بھیڑ بکری وغیرہ کی مینگنی - تھک
گھونگر والے بال۔
پشم - اون۔
پشمین - اونی۔
پشمینہ - اون کا کپڑا وغیرہ۔
پشہ - مچھر۔
پشیز - بوشہ - زر قلب - کھوٹا سکہ - دمڑی
پشیمان - شرمندہ - پچھتانے والا۔
پشیمانی - پچھتاوا۔
پندار - غرور - گھمنڈ۔
پیغاز - پچر - لکڑی کا پیوند۔
پلکنہ - سیڑھی - زینہ۔
پف - پھونکنا - ہوا کا جھونکا۔
پگاہ - صبح - سویر۔
پک - بچہ کا کھلونا - عورت کا سینہ۔
پل - دریا پر پٹا ہوا راستہ۔
پلارک - تلوار - تلوار کا جوہر
پلاس - موٹا کپڑا - ٹاٹ - موٹی جاجم -
ڈھاک کا درخت۔
پلان - پالان۔
پلاؤ - گوشت اور چاول پکا ہوا مشہور کھانا۔

پیپل - برج
پلک - آنکھ کے پردہ کے بال - نیم نیزہ -
پلکہ - سخت بات - طعنہ -
پلنگ - چیتا - تیندوا -
پلنگینہ - چیتے کی کھال کا کپڑا -
پلہ - ڈھاک کا درخت -
پلہ - ترازو کا پلڑا - سیڑھی کا ڈنڈا - درجہ -
پلیتہ - چراغ کی بتی لپٹی ہوئی بتی - فلیتہ
پلید - ناپاک -
پناد - کرۂ ہوا جو پانی اور زمین پر محیط ہے
پناگیر - بازار - میلہ -
پنام - نظر بد کی تعویذ - قلعہ -
پناہ - بچاؤ - بچنے کا ٹھکانا -
پنبہ - روئی -
پنبہ دانہ - بنولا -
پنبہ زن - بہنا - روئی دھنکنے والا -
پنج - پانچ - ۵
پنج ارکان - کلمہ - نماز - روزہ حج زکواۃ -
پنجاہ - پچاس - ۵۰
پنجاہم - پچاسواں حصہ ۱/۵۰
پنجم - پانچواں -
پنجرہ - قفس - پنجرہ -
پنجشنبہ - برہسپت کا دن -

پنجہ - ہاتھ کا پنجہ
پنجہ مریم - ایک قسم کی گھاس -
پند - بھلائی کی بات -
پندار - غرور - سمجھ - اٹکل -
پنداشتن - معلوم کرنا - پہچاننا -
پنہاں - پوشیدہ -
پوت - بکری کی کلیجی -
پوتہ - خزانہ -
پوچ - کمینہ - بیہودہ - خالی - نالائق -
پود - بانا بننے کا سوت -
پودہ - ترکاری - گھاس -
پور - بیٹا - نام پورس یا فور ہندی راجہ
کا نام ہے جو سکندر سے لاہور میں
لڑا تھا -
پوز - لب - منہ -
پوزش - عذر - معذرت -
پوست - چھلکا - غیبت - بدگوئی -
پوستین - کھال کی کرتی - بدگوئی -
پوش - غلاف - زرہ - جوشن - ڈھکن
پوشاک - لباس پہننے کے کپڑے -
پوشش - لباس -
پوشک - بلی - پوسی -
پوشیدن - پہننا - چھپانا -

پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ ڈھکا ہوا۔
پوطہ دار۔ نقد روپیہ رکھنے والا خزانچی
پُف کردن۔ آگ کو پھونکنا۔
پول۔ پیسا۔ سکہ۔ دریا کا پل۔
پول سرخ۔ اشرفی۔
پول سفید۔ روپیہ۔
پول سیاہ۔ پیسا۔
پول قلابی } کھوٹا سکہ۔
پول مغشوش }
پولاب۔ حواس کے ذریعہ سے جاننا۔
پولانی۔ جو چیز حواس کے ذریعہ سے جانی جاوے۔
پولاد۔ فولاد۔ دمشق کا عمدہ لوہا۔
پولاد خای۔ سرکش گھوڑا۔ سرکش۔
پولاد پنجہ۔ دلیر۔ لڑاکا آدمی۔
پویہ۔ گھوڑے کی ایک قسم کی چال جو نہ تیز ہو اور نہ آہستہ۔
پوئی۔ پویہ جانا جو نہ تیز اور نہ آہستہ ہو
پوئیدن۔ دوڑنا۔ تلاش کرنا۔
پہ پہ } کلمہ تحسین و تعریف و تعجب۔
بہ بہ }
پہتر۔ آتش پرستوں کا مدرسہ۔
پہر۔ دن یا رات کا چوتھا حصہ۔

پہرہ دار۔ سنتری۔ چوکیدار۔
پہلو } بہادر۔ طاقتور آدمی
پہلوان }
پہلو۔ نام ملک۔ زانو۔ پسلیاں۔ طاقت
پہلو کردن } انکار کرنا۔ بات سے پھر جانا۔
پہلو تہی کردن }
پہلوی۔ فارسی کی ایک قدیم زبان۔
پہن۔ فراخ۔ چوڑا۔
پہنا۔ چوڑا ہونا۔ کشادہ و فراخ ہونا۔
پے۔ قدم۔ پاؤں۔ کھوج۔
پی۔ پیہ۔ چربی۔
پیاپے۔ لگاتار۔ پے در پے۔
پیادہ۔ پیدل نوکر
پیام۔ سنا پیا۔ کچھ بات کہلا بھیجنا۔
پیچ۔ تاب و خم۔ رشک۔ حسد۔ مکر۔ لوہے کا پیچ۔
پیچاپیچ۔ خمدار۔ پیچیدہ۔ خمدار و مشکل گھونگر والا۔
پیچ تاب۔ گرہ۔ غصہ۔ بیقراری۔
پیچش۔ مروڑا۔ آنول کے دست آنا۔
پیچک۔ عشق پیچاں۔ سوت کی پیچک
پیچیدن۔ لپٹنا۔ لپیٹنا
پیچہ۔ ایک گھاس جسکو سیلاب

وعشقہ یا عشق پیچاں کہتے ہیں۔
پیدا۔ ظاہر۔ صاف۔ مولود۔
پیداور۔ فصل کی پیداوار اور حاصل۔
پیر۔ بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔
پیراستن۔ چھانٹنا۔ کاٹ چھانٹ کرنا یا زینت دینا
پیرزال۔ بڑھی عورت۔ بوڑھیا۔
پیرسال۔ بوڑھا۔ بوڑھی
پیرمغاں۔ آگ کا پجاری۔ آتش پرستوں کا مرشد۔ معشوق
پیرامن } آس پاس
پیرامون }
پیراہن۔ قمیض۔ کرتا۔ لباس۔
پیرایہ۔ سجاوٹ۔ لباس و زیور آرائش
پیرو۔ پیروی کرنے والا۔ مرید۔
پیروز۔ فتحمند۔
پیزار۔ جوتی۔
پیزیدن۔ چھنا۔ چھاننا۔
پیزن } چھلنی
پیزش }
پیس۔ سفید داغ۔ کوڑھ۔
پیس اندام۔ کوڑھی۔
پے سپردن۔ چلنا۔ چلنا۔
پے سوز۔ شمع بتی۔

پیسہ۔ تانبے کا ایک سکہ۔ ایک چھوٹا وزن
پیش۔ آگے سامنے۔
پیشانی۔ ماتھا۔ بےشرمی۔ شوخی۔ وسعت
پیش آہنگ۔ آگے چلنے والا۔ پیشرو۔
پیش خدمت۔ نوکر۔ ملازم۔
پیش دست۔ آگے کام کرنے والا۔ مددگار۔ نقد۔ روپیہ۔
پیش طاق۔ چھجہ۔ کمرہ۔
پیش کار۔ سامنے کام کرنے والا۔ مددگار۔
پیش کش۔ نذر۔ تحفہ دینا۔ بھینٹ۔
پیش نہاد۔ دل کا ارادہ۔
پیشوا۔ ہادی۔ رہنما۔
پیشواز۔ عورت کی ایک پوشاک جو مشہور ہے
پیشوائی۔ آگے جا کر کسی کو لوا لانا۔
پیشہ۔ ہنر۔ کسب۔
پیشین۔ اگلا۔ پہلا۔
پیشینان۔ اگلے زمانہ کے لوگ۔
پیشینہ۔ اگلا۔ پہلے والا۔
پیغارہ۔ ملامت۔ گالی۔
پیغام۔ سندیسا۔ پیام۔
پیغان۔ عہد و پیمان۔ بیہودہ بات۔
پیغمبر۔ پیغام یا سندیسہ لانے والا
پیغولہ۔ گوشہ۔ کونا۔

پیک - قاصد پیکار - لڑائی جنگ -
پیکان - تیر یا برچھی کی بھال -
پیکر - شکل جسم -
پیکار - لڑائی - ارادہ -
پیل - ہاتھی -
پیلبان - فیلوان - مہاوت -
پیلپا - ایک بیماری جسمیں پیر بہت موٹا موٹا ہو جاتا ہے -
پیلپایہ - کھم - ستون - کھمبا -
پیلہ - ریشم کا کیڑا - ریشم کا کویا -
پیلہ ور - بساطی خردہ فروش - عطار -
پیما - پیمایش کرنے والا -
پیمان - وعدہ - عہد - قول -
پیمایش - ناپنا - ناپ -
پیمانہ - پیالہ - ایک ناپ -
پیمودن - ناپنا -
پینہ دوز - پرانے کپڑے یا چمڑے کا سینے والا
پیوستن - ملنا - ملانا - مضبوط ہونا -
پیوستہ - ملا ہوا - ہمیشہ -
پیوند - جوڑ - ٹکڑا
پیہ - چربی
پیہم - برابر لگاتار -

باب التاء

تا - تک - تو - اس لئے - خبردار - عدد جیسے دو تا -
تاب - چمک - گرمی - روشنی - طاقت پیچیدگی -
تاباں - چمکنا - چمکنے والا -
تاب دان - روشن دان -
تابستان - گرمی - موسم گرما -
تابش - چمک -
تابع - ماتحت - نوکر - فرمانبردار -
تابعدار - فرمانبردار - حکم بجالانیوالا -
تابعین - جمع تابع - فرمانبردار -
تابناک - روشن - چمکدار -
تابوت - صندوق مردہ کا -
تابہ - توا جس پر بھونیں یا پکائیں -
تانیب - فریاد و شور کرنا -
تابید - ہمیشہ و دوام کرنا -
تابیدن - چمکنا -
تابین - پیرو - پیروی کرنا -
تاپاک - بیقراری - اضطراب -
تاتار - ایک ولایت کا نام -
تاثر - اثر قبول کرنے والا -

تاثیر۔ اثر کرنا۔
تاجیل۔ مال کی زکوٰۃ دینا۔ مضبوط کرنا۔
تاثیم۔ کسی کو گنہگار ٹھہرانا۔
تاج۔ مکٹ۔ بادشاہی ٹوپی۔
تاج خروس۔ مرغ کی کلغی/ ایک قسم کا سرخ
پھول جو کلغا کہلاتا ہے۔
تاجدار۔ بادشاہ۔
تاجر۔ سوداگر۔
تاجک۔ تاجیک۔ وہ شخص جو عرب میں
پیدا ہوا ہو اور فارس میں پرورش
پائی ہو ایسے لوگ اکثر سوداگری
کرتے ہیں۔ سوداگر۔
تاج گردوں۔ آفتاب۔
تاجیل۔ ایک وقت اور مدت مقرر کرنا۔
تاجور۔ بادشاہ۔
تاجوری۔ بادشاہی۔
تاخت۔ حملۂ سپاہ۔ دوڑ۔
تاختن۔ دوڑنا۔ دوڑانا۔ حملہ کرنا۔
تاخر۔ دیر کرنا۔ پیچھے ہونا۔
تاخیر۔ دیر۔ دیری۔
تادیب۔ زبان دانی سکھنا۔ ادب اختیار کرنا۔
تادی۔ پہنچا دینا۔ ادا کر دینا۔
تادیب۔ ادب دینا۔ علم زبان سکھلانا۔

تادیم۔ روٹی کو سالن ترکاری سے ملانا۔
تار۔ ڈورا سوت۔ تانا۔ اندھیرا۔
تارات۔ جمع تارت۔ کئی بار۔ لوٹ۔
تاراج۔ لوٹ۔ غارت۔
تاران۔ سیاہ و تاریک۔
تارت۔ ایک بار۔
تارک۔ چھوڑنے والا
تارک۔ سر کے درمیان کی لکیر یعنی۔ مانگ
تارکش۔ وہ شخص جو تار کھینچتا ہے۔
تار پود۔ تانا اور بانا۔
تارنار۔ پریشان۔
تاریخ۔ مہینہ کا کوئی دن۔ حادثہ۔ عرصہ۔
زمانہ کے واقعات اور حادثات کا علم
تاریخ نوروزی۔ بادشاہوں کے جشن
دوروز میں جو تاریخ بدلی جاتی ہے۔
تاریک۔ سیاہ۔ اندھیرا۔ کالا جسکے پار نظر نہ جا سکے
تاریکی۔ اندھیرا۔
تازش۔ حملہ۔ ہلہ۔ دوڑ۔
تازگی۔ تازہ یا نیا ہونا۔ تازہ پن۔
تازہ۔ نیا۔ تر۔ شگفتہ۔
تازی۔ عربی۔
تازیانہ۔ کوڑا۔ چابک۔
تازیدن۔ دوڑنا۔

تاسع - نواں - نہم -
تاسّف ع - افسوس کرنا - افسوس -
تاسہ ع - رنج - پریشانی - [تسلی دینا
تاسی ع - غمخواری کرنا - ایک دوسرے کو
تاسیس ع - بنیاد رکھنا - جڑ بنانا - مضبوط کرنا - اور نام قافیہ کے ایک حرف کا -
تاش - صاحب - یار - خداوند - شریک
تاغہ - خالہ -
تاغی - بادشاہ سے پھرا ہوا - باغی -
تافتن - چمکنا - بٹنا -
تافتہ - بٹا ہوا - ریشمی کپڑا -
تافہ - کوئی چیز تھوڑی اور کم قدر -
تافیف - اوف کرنا -
تاقی - ٹوپی کلاہ -
تاک - انگور - داکھ کا درخت -
تاکید - بار بار کہنا - مضبوط کرنا - پختہ کرنا
تالاب - تال - رکا ہوا پانی - جوہڑ
تالار - بڑا کمرہ - ایوان -
تالف ع - باہم الفت کرنا - محبت کرنا
تالسال - پریشان - پراگندہ -
تالم - دردناک ہونا - رنج کرنا -
تالی - قائم مقام - پچھلا -

تالیف - کتاب بنانا - جمع کرنا - الفت ڈالنا
تام - پورا - تمام - کامل -
تامل ع - خیال کرنا - سوچنا -
تامم - ماں بنانا - مادر بنانا -
تامیم ع - قصد و ارادہ کرنا -
تانس - محبت پیدا کرنا - انسیت رکھنا -
تانی - دیر کرنا - تاخیر کرنا -
تانیث ع - عورت - خلاف تذکیر -
تاو - گرمی - طاقت -
تاوان - جرمانہ - عوضانہ -
تاویل ع - بیان کرنا - خواب کی تعبیر بتلانا - کسی چیز کو ظاہر سے پھیرنا اور اسکی اور ہی معنی بیان کرنا -
تاہل ع - شادی کرنا - بیوی یا اہلیہ بنانا اور لڑکے بالوں والا ہونا -
تائب - توبہ کرنے والا - باز آنے والا
تائق ع - مشتاق - شائق -
تائید - مدد کرنا -
تب - بخار - تابش - تپ -
تباعد - باہم دور ہٹنا - کسی کا دور یا پیچھے ہٹنا
تبادل ع - بدل کرنا - ایک دوسرے سے بدلنا
تبار - نسل - اولاد -
تبارک - بزرگ ہوا -

تبارک اللہ۔ خدا بزرگ اور پاک ہے۔
تباشیر۔ بنس لوچن۔ سپیدہ صبح۔
تباعد۔ دور ہونا۔
تباغض۔ بغض رکھنا۔
تباہل۔ ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
تباہ۔ خراب۔ برباد۔
تباہی۔ اجڑنا۔ برباد۔
تباین۔ جدا ہونا۔ جدا ہونا۔
تبتل۔ دنیا سے علیحدہ ہو کر خدا کی طرف مائل ہونا
تبجیل۔ بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔
تبحر۔ فضل و دریا کے علم میں ہونا۔
تبخیر۔ بو کا اٹھنا۔ بخار رہنا۔ دھواں بن کر اٹھنا۔
تبدل۔ عوض کرنا۔ بدلنا
تبدی۔ ظاہر ہونا۔ باہر نکلنا۔ جنگل میں رہنا
تبدیل۔ بدلنا۔ بدل دینا۔
تبر۔ زر۔ کندن۔
تبر۔ کلہاڑی۔
تبرا۔ نفرت کرنا۔ بری ہونا۔ بیزار ہونا
تبرخون۔ سرخ صندل کی لکڑی۔
تبرقل۔ رخصت لینا۔
تبرع۔ بخشنا۔ وہ بخشش جو فرض و واجب نہ ہو
تبرک۔ برکت لینا۔ وہ چیز جس سے
برکت پیدا ہووے۔
تبرکات۔ وہ چیزیں جن سے برکت پیدا ہو
تبرید۔ سرد کرنا۔ ٹھنڈائی۔
تبریز۔ ظاہر کرنا۔ دلیری اور بزرگی میں
بڑھ جانا۔ نام شہر۔
تبرم۔ بیزار تنگ ہونا۔ کسی کام کا ضد
ہونا۔ متغیر اختیار کرنا۔
تبسم۔ مسکرانا۔ کلی کا کھلنا
تبصر۔ دیکھنا۔ غور کرنا۔
تبصرہ۔ عینک۔
تبعہ۔ ایک اسم ہے۔ نتیجہ۔ عذاب۔
تبعات۔ کسی چیز کے لوازم۔ گناہ کے عذاب
دکھ۔ سختی۔ خرابیاں۔
تبعیت۔ تابعداری۔ حکم ماننا۔ پیروی
تبقیہ۔ باقی رہنا۔
تبلیغ۔ پہنچانا۔ کسی کے پاس کچھ روانہ کرنا
تبنی۔ بیٹا بنانا۔ گود لینا۔
تبیین۔ بیان کرنا۔ بتلانا۔
تبہ۔ برباد۔ اجڑا ہوا۔
تبیان۔ خوب بیان کرنا۔ معنی کا روشن
کرنا۔ آشکار کرنا۔
تبیرہ۔ نقارہ۔ ڈھول۔
تبیین۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

تجمل ع - زیبائش شان شکوہ -

تجنب ع پرہیز کرنا -

تجنن ع دیوانہ پن ظاہر کرنا -

تجنیس ع ہم جنس کرنا -

تجوید - خالص کرنا - حرفوں کو اُن کے مخرج سے پڑھنا -

تجویز ع جائز کرنا -

تجویف ع شکم خالی رکھنا - کھوکھلا بنانا

تجویل ع کسی کے گرد پھرنا -

تجہیز ع جہیز کا سامان کرنا - شادی کا جہیز دینا - اسباب مردہ کا تیار کرنا -

تحابب ع باہم محبت کرنا -

تحارب ع باہم لڑانا -

تحائف ع تحفے -

تحت ع زیر - نیچے -

تحت الثریٰ ع زمین نمناک کے نیچے زمین کے نیچے -

تحت الشعاع ع مہینے کے آخر کے وہ دو یا تین دن جب چاند نظر نہیں

تحتم ع واجب ہونا -

تحدث ع بات کرنا - قصہ سنانا -

تحدیر ع نیچے کرنا -

تحدی ع قصد و ارادہ کرنا - عاجز کرنا غلبہ ہونا -

تحدید ع چھری وغیرہ کو کسی چیز پہ رگڑ کر تیز کرنا - حد بنانا -

تحدیق ع گھور کر دیکھنا -

تحرز ع پرہیز کرنا - نگہبانی کرنا -

تحرک ع حرکت کرنا -

تحریر ع لکھنا - صاف کرنا - آزاد کرنا

تحریض ع [illegible] -

تحریش ع برانگیختہ کرنا -

تحریف ع حرف بدلنا -

تحریک ع حرکت دینا -

تحسر ع افسوس - حسرت -

تحسین ع تعریف - سراہنا -

تحصن ع قلعہ بند ہونا -

تحصیل ع حاصل کرنا -

تحف ع نادر اشیا -

تحفگی - تحفہ پن - خوبی -

تحفہ ع نادر - انوکھا -

تحقق ع ثابت ہونا - موجود ہونا -

تحقیق ع دریافت کرنا - کھوج لگانا -

تحکم ع حکومت کرنا - دعوی کرنا -

تحلیل ۔ اجزا کا کھول دینا ۔ گلا کر پانی پانی کر دینا ۔ ہضم ہونا ۔
تحمّل ۔ برداشت کرنا ۔
تحمید ۔ تعریف کرنا ۔ حمد کرنا ۔
تحمیل ۔ لادنا ۔ بوجھ لاد دینا ۔
تحویل ۔ حوالہ کرنا ۔
تحویل ۔ سپرد کرنا ۔
تحویلدار ۔ خزانچی ۔ روکڑیا ۔
تحیت ۔ زندگانی دینا ۔ سلام کرنا
مبارکباد دینا ۔
تحیّر ۔ حیران ہونا ۔
تخالف ۔ باہم مخالفت کرنا ۔
تخت ۔ بیٹھنے کی چوکی ۔
تختگاہ ۔ دارالسلطنت حاکم اعلیٰ کے
رہنے کا شہر ۔
تختہ ۔ لکڑی کا تختہ ۔
تخریب ۔ خراب کرنا ۔
تخریق ۔ پارہ پارہ کرنا ۔ چیرنا ۔
تخسیر ۔ کمی کرنا ۔
تخشّع ۔ عاجزی کرنا ۔
تخصیص ۔ خاص کرنا ۔
تخضیب ۔ رنگنا ۔ خضاب لگانا ۔
[illegible] ۔ ڈرانا

تخطی ۔ خطا کرنا ۔ گردن پھاند کر آگے جانا
تخفیف ۔ ہلکا کرنا ۔ کم کرنا ۔ بوجھ اتارنا ۔
تخلّص ۔ خلاصی ۔ چھٹکارا ۔ مختصر نام جسکو
شاعر اپنے اشعار میں لاتے ہیں ۔
تخلّق ۔ کسی کی عادت اختیار کرنا ۔ جھوٹ
بنانا ۔ گھڑنا ۔
تخلل ۔ خلل ڈالنا ۔ خرابی ۔ بیچ میں آجانا ۔
تخلید ۔ مقیم ہونا ۔ ہمیشہ رکھنا ۔
تخلیص ۔ خلاص کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔
تخلیط ۔ خلط ملط کرنا ۔ ملانا ۔
تخلیف ۔ کسی کو جانشین کرنا ۔ خلیفہ بنانا
تخلیل ۔ دانتوں میں خلال کرنا ۔ سرکہ بنانا
تخلیہ ۔ خالی کرنا ۔ تنہائی ۔
تخم ۔ بیج ۔
تخمہ ۔ بدہضمی ۔
تخمیر ۔ خمیر اٹھانا ۔
تخمیناً ۔ اندازہ سے ۔ اٹکل سے ۔
تخمینہ ۔ اٹکل ۔ سرسری طور سے حساب کرنا
تخوّف ۔ ڈرنا ۔ خوف کرنا ۔
تخویف ۔ ڈرانا ۔
تخیّل ۔ خیال کرنا ۔
تخییل ۔ کسی بات کا خیال دلانا ۔
تدابیر ۔ تدبیریں ۔ تجویزیں ۔

ترتیب ۔ درست کرنا۔ ٹھیک جگہ پر رکھنا
ترتیل ۔ کسی کلام کو تعداد ارکان اور دھنا کے ساتھ پڑھنا۔
ترجمان ۔ وہ شخص جو ایک زبان کو دوسری زبان میں بتلا دے۔
ترجمہ ۔ ایک زبان کو دوسری زبان میں بدلنا۔ بیان کرنا۔
ترجیح ۔ غلبہ دینا۔ افزوں کرنا۔
ترجیع ۔ رجوع کرنا۔ مصیبت کے وقت انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنا۔
ترجیع بند ۔ ایک قسم کی نظم جس میں چند اشعار کے بعد ایک ہی شعر آتا ہے اور سب اشعار ملا کر ایک بند ہوتا ہے۔
ترحیم ۔ شکیبا کرنا۔
ترا کرنا ۔ کسی کے ساتھ برائی کرنا
ترحم ۔ رحم کرنا۔ ترس کھانا۔
ترحیب ۔ مرحبا کہنا۔
ترخان ۔ وہ امیر جسکو بادشاہ کی تعظیم معاف ہو۔ رخصت ہونا۔
ترخیص ۔ کسی کلام کی کسی کو اجازت دینا۔
ترخیم ۔ دم کاٹنا۔ مختصر کرنا۔
تردد ۔ آمد و رفت۔ گنہگاری۔ شک۔ فکر
تردامن ۔ گنہگار۔ فقارہ۔

تردماغ ۔ عقلمند۔ صاحب شعور۔ مسرور۔ مست
تردی ۔ کنوئیں میں گر جانا۔ چادر اوڑھنا
تردید ۔ پھیرنا۔ رد کرنا۔
ترادف ۔ کسی کے پیچھے گھوڑے پر سوار ہونا۔ دو لفظوں کا باہم ردیف ہونا۔
تر زبان ۔ فصیح۔ خوش کلام۔
ترس ۔ خوف۔ ڈر۔ وحشت
ترسا ۔ آتش پرست۔ ڈرنے والا۔
ترساں ۔ ڈرنے والا۔ ڈرتا ہوا۔
ترسانیدن ۔ ڈرانا۔
ترسناک ۔ ڈرا ہوا۔ خوفناک۔
ترسیل ۔ روانہ کرنا۔ بھیجنا۔
ترش ۔ کھٹا۔
ترشح ۔ ٹپکنا۔ پانی کا چھوٹی بوندیں گرنا۔
ترش ابرو ۔ ناراض۔ خفا۔
ترشی ۔ کھٹائی۔ ناراضگی۔ خفگی۔
ترصد ۔ امید۔ امید رکھنا۔ گھات لگانا۔
ترصیص ۔ مضبوط بنانا۔
ترصیع ۔ مرصع کرنا۔ جواہرات کو کسی چیز میں جڑنا۔ موزوں کلمات کے برابر موزوں کلمات کو لانا۔

ترطیب - تر کرنا۔
ترغیب ۔ رغبت دلانا - لالچ دینا۔
ترفّہ - آسودگی - دولتمندی۔
ترفیہ ۔ آسودہ کرنا - آسودگی۔
ترقّب ۔ امید رکھنا - امید۔
ترقّی - بلند ہونا - چڑھنا۔
ترقیق - رقیق یا باریک بنانا۔
ترقیدن - شق ہونا - پھٹنا۔
ترقیم - لکھنا - رقم کرنا۔
ترک - ترک کرنا - چھوڑ دینا۔
ترکان - عورتوں کا لقب جیسے بیگم
ترک - نام ایک قوم کا - ترکستان کے باشندے - معشوق۔
ترکتاز - دوڑ دھوپ - حملہ۔
ترکش - تیردان۔
ترکمان - نام ایک قوم کا۔
ترکہ - مردے کا چھوڑا ہوا مال۔
ترکی - ترکستان کی زبان۔
ترکی تمام شدن - غرور جاتا رہنا۔
ترکیب - مرکب کرنا - کئی چیزوں کو ملا کر بنانا
ترکیدن - شق ہونا - پھٹنا۔
ترمیم - مرمت کرنا بند [illegible] کر کے درست یا موافق بنانا

ترنجبین ۔ ایک شیرہ۔
ترنم ۔ گیت گانا۔
ترویج - رائج کرنا - چلانا۔
ترویح - بات کو آرام و راحت حاصل کرنا - رمضان کی تراویح میں ہر چار رکعت کے بعد کچھ آرام کرنا
تُرَہ - ترکاری - ساگ - [illegible]
ترّہات - خرافات - بیہودہ باتیں
ترہیب ۔ ڈرانا۔
تریاق ۔ زہر مہرہ - زہر کی دوا۔
تزاحف ۔ باہم قریب ہونا۔
تزاحم ۔ انبوہ کرنا - بھیڑ [illegible] کرنا
تزاعم - باہم اختلاف کرنا - جھگڑنا
تزاور ۔ باہم زیارت کرنا۔
تزاید ۔ زیادہ ہونا - افزون ہونا۔
تزک - قانون - دستور - تزک و شاہ
تزک کے لئے لکھا ہے - شان و شوکت
تزکی - پاک کرنا - صاف کرنا۔
تزکیہ ۔ پاک کرنا۔
تزلزل ۔ زلزلہ آنا۔
تزندق - زندیق و مرتد ہونا - کافر ہونا
تزوی - گوشہ گیر ہونا۔
تزویج - جوڑا لگانا - بیاہ کرنا۔

تزویر ع فریب کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
تزہد ع عبادت و تقویٰ اختیار کرنا۔
تزئین ع زینت کرنا۔ زیبائش کرنا۔
تسابب ۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
تسارع ع چلنے میں تیزی اور سرعت چاہنا
تساقط ع باہم گرنا۔
تساوی ع برابر کرنا۔ برابری چاہنا
تساہل ع سہل انگاری۔ باغفلت کرنا
تسبیح ع سبحان اللہ کہنا۔ پاکی سے یاد کرنا
تسخیر ع تابع کرنا۔ اپنی طرف کر لینا۔
تسدید ع درست کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تسدیس ع چھ حصوں میں تقسیم کرنا۔ دو برجوں کے درمیان ۶۰ درجہ کا فاصلہ ہونا۔
تسریع ع سرعت کرنا۔ جلدی کرنا۔
تسطیر ع لکھنا۔ سطر بندی کرنا۔
تسع ع نو۔ ۹
تسعون ع نوے۔ ۹۰
تسکین ع تسلی۔ آرام۔ ڈھارس۔
تسلسل ۔ سلسلہ بندی۔ لڑی میں پڑنا
تسلط ع غالب آنا۔ حاکم ہونا۔
تسلی ع ڈھارس۔ دلجمعی۔
تسلیخ ع کھال کھینچنا۔

تسلیم ۔ سلام کرنا۔ ماننا۔ منظور کرنا۔ گردن جھکانا۔
تسمہ ۔ چمڑے کا لمبا ٹکڑا۔
تسمین ع موٹا کرنا۔ فربہ کرنا۔
تسمیہ ۔ نام رکھنا۔
تسنیم ۔ ایک بہشت کی نہر کا نام۔
تسوید ۔ سیاہ کرنا۔ لکھنا۔
تسہیل ع آسان کرنا۔
تسییر ع سیر کرنا۔
تشابہ ع باہم مشابہ ہونا۔
تشارک ع شرکت کرنا۔
تشاکل ع ایک شکل ہونا۔
تشاہد ع باہم گواہی دینا۔
[illegible] ع چٹکی مارنا۔
تشبیہ ع کسی کو ایک دوسرے سے مثال دینا
تشبیب ع شباب کا ذکر کرنا۔ معشوق کی تعریف میں غزل کہنا
تشتت ع پراگندگی۔ پریشانی۔
حنیذ ع۔ بکری یا گائے کا بچہ بھنا ہوا۔
حنیف ع۔ دین کا سچا۔ حق پر قائم رہنے والا
حنین ۔ آرزومندی۔ بہت رونا

حوا ع۔ نام اول عورت کا جو حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی تھیں۔
حواجب۔ جمع حاجب بمعنی آبرو۔ دربان۔ پردہ۔
حوادث۔ جمع حادثہ بمعنی مصیبت گردش زمانہ
حواری۔ دھوبی۔ سفید چہرہ والا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب۔
حواس۔ جمع حاسہ کی جو پانچ ظاہری ہیں اور پانچ باطنی۔
حواس خمسہ ظاہری۔ پانچ حس ظاہر کے یعنی ذائقہ۔ باصرہ۔ سامعہ۔ شامہ۔ لامسہ
حواس خمسہ باطنی۔ پانچ حس باطن کے یعنی حس مشترک۔ خیال۔ متفرقہ۔ واہمہ۔ حافظہ
حواشی ع۔ نوکر چاکر۔ کنارے۔
حواصل ع۔ جمع حوصلہ۔ نام ایک جانور کا جانور۔ پوٹا یا چونچ۔
حواطب ع۔ جمع حاطب۔ لکڑہارے
حوافر۔ جمع حافر۔ گھوڑے یا گدھے کا سُم
حوالات۔ نظر بند رکھنا۔ سپردگی میں قید رکھنا
حوالت }
حوالہ } ع۔ سپرد کرنا۔ دوسرے کو کوئی چیز دینا
حوالی شہر۔ شہر کے نواح یعنی شہر کی گرداگرد کی زمین
حوامل۔ حاملہ عورتیں

حوائج ۔ جمع حاجت کی۔ حاجتیں۔
حوت ۔ مچھلی۔ بارھویں برج کا نام۔
حوراء ۔ وہ عورت جو سفید رنگ کی ہو اور
اُس کی آنکھ اور بال کالے ہوں۔
حور ۔ حوراء کی جمع۔ سفید رنگ سیاہ چشم
عورتیں۔ بہشتی عورتیں۔
حورالعین ۔ زنان سفید پوست۔ سیاہ چشم
حوزہ ۔ مملکت کا درمیان۔ کونا۔
حوس ۔ کسی چیز کی تلاش میں کوشش کرنا
حوش الفواد ۔ تیز دل۔
حوص ۔ کپڑا سینا۔
حوصلہ ۔ پوٹا جس میں جانور کھانا جمع کرتا ہے
معدہ۔ مجازاً مقدور ہمت۔
حوض ۔ پانی کا چہ بچہ۔ تالاب۔ وہ
جگہ جہاں پر ہمیشہ پانی رہا کرے
حوضہ ۔ مثل حوض کے۔
حوط ۔ رکھنا۔ خبر گیری کرنا۔
حول ۔ بازگشت۔ قوت۔ توانائی
حولان ۔ گذرنا۔
حولقہ / **حوقلہ** } لاحول و لاقوۃ الا باللہ کہنا
حوم ۔ جانور کا کسی چیز کے گرد پھرنا۔
حومۃ البحر ۔ دریا میں زیادہ پانی کی جگہ

حویلی ۔ وہ مکان جس کے چاروں طرف دیوار ہو
حی ۔ زندہ جیتا ہوا۔ قوم۔ قبیلہ کا نام
خداوند تعالیٰ کا نام۔
حیا ۔ باران۔
حیاء ۔ شرم۔
حیات ۔ زندگی۔
حیاض ۔ جمع حوض۔
حیاکت ۔ کپڑا سینا۔
حیال ۔ بڑا حیلہ گر۔
حیتان ۔ جمع حوت۔ مچھلیاں۔
حیثیت ۔ وضع۔ اسلوب۔ طریق و طور
حید ۔ گناہ کا میلان کرنا۔
حیدر ۔ شیر درندہ۔ لقب حضرت علی
کرم اللہ وجہہ کا
حیران ۔ بھوچکا۔ ہکا بکا۔
حیرت ۔ بھوچکاپن۔ تحیر۔ تعجب۔ ایسا
حال پڑ جانا۔
حیرت آباد ۔ مقام حیرت۔
حیرم ۔ گائے۔
حیرہ ۔ گدی۔ پشت گردن۔
حیز ۔ مخنث۔ نامرد
حیزبون ۔ بڑھیا۔ زن پیر۔
حیز ۔ جگہ۔ مکان۔ احاطہ۔

حیص بیص ع لڑائی اور غوغا حیص بیص میں راہ ہونا اور بیص تنگی و سختی۔

حیض ع خون معتاد جو عورتوں کو ماہواری ہوتا ہے۔

حیضاء ع وہ عورت جو حالت حیض میں ہو

حیط ع احاطہ۔ مجاز دیواری۔

حیف ع افسوس۔ ظلم و ستم۔

حِیَل ع جمع حیلہ تدبیریں۔

حیلق ع مصیبت۔ بلا

حیلہ ع تدبیر۔ مجازاً بہانہ۔ فریب

حین ع وقت۔ ہنگام۔ ہلاکت روز قیامت

حیوان ع زندہ جانور۔ جاندار۔

حیوانات ع جمع حیوان۔

حیوانی ع جاندار کا۔ حیوان کا۔

حَیَّہ ع سانپ۔ مار۔

باب الخاء

خابور پچڑ۔ وہ کھونٹی جو لکڑی میں ٹھونک کر لکڑی چیرتے ہیں

خابت حبل۔

خاتم ع ختم کرنیوالا۔ مہر۔ انگوٹھی۔ خوام جمع

خاتمہ ع انجام۔ آخری کتاب کا آخری حصہ۔

خاتون ۔ ت) بی بی ۔ بیگم۔

خاتون فلک } سورج
خاتون یغما }

خاتون عرب ۔ کعبہ ۔ لقب حضرت فاطمہ رضؓ

خادع ع فریبی۔ مکار۔

خادم ع خدمت کرنیوالا۔ نوکر۔

خاذل ع ہزیمت پانیوالا۔ شکست پانیوالا

خار ف کانٹا۔ سول۔

خارا } سنگ سخت۔ سخت پتھر۔
خارہ }

خارا تراش ۔ سنگ تراش۔

خاربست ۔ ٹٹی جو انگور وغیرہ کیلئے بناتے ہیں

خارپشت ۔ ساہی ایک مشہور جانور۔

خارج ۔ باہر نکلا ہوا ۔ الگ۔

خارجاً ۔ بیرونی طور پر۔

خارچنگ ۔ کیکڑا ۔ سرطان۔

خارش } کھجلی ۔ کھجلی کا مرض۔
خارشت }

خارشتر ۔ ایک خاردار گھاس۔

خارق ۔ پھاڑنیوالا ۔ خلاف عادت۔

خارق عادت ۔ خلاف عادت کام۔ انبیا کے معجزے اور اولیا کی کرامتیں۔

خارم ع فساد کرنیوالا۔ مفسد۔ ٹھنڈی ہوا

خاریدن ۔ کھجلانا۔

خازق ۓ نیزہ
خازن ۔ جمع کرنے والا خزانچی۔
خازنہ ۓ سالی جورو کی بہن۔
خاستن ۓ اٹھنا۔ کھڑا ہونا۔
خاسر ۓ نقصان اٹھانے والا دنیا کا
خاسف ۓ دبلا آدمی۔
خاش ۔ ساس۔
خاشاک ۔ } کوڑا کرکٹ
خاشہ }
خاشع ۓ عاجزی کرنیوالا۔ گڑگڑانیوالا
خاشت ۓ تیز تلوار۔ کسی چیز میں فاضل ہونیوالا
خاسی ۓ ڈرپوک۔ ڈرنے والا۔
خاص ۓ مخصوص۔ صحیح۔ ذاتی
خاصدان ۔ پان رکھنے کا برتن
خاصہ ۔ جو خاص ہو۔ کسی شے کی خاصیت
مجازاً امیروں کا کھانا۔
خاصرہ ۔ کمر۔ تہیگاہ۔
خاصیت ۔ طبیعت۔ اثر۔ خواص۔
خاضع ۓ عاجزی اور فروتنی کرنیوالا۔
خاطب ۓ خطبہ پڑھنے والا۔
خاطر ۔ جو دل میں گذرے۔ دل۔ دھیان
خاطرجمع ۔ دل کی تسلی۔
خاطرنشان ۓ دلنشین۔ یقین لانے والا

خاطف ۓ بجلی کی چمک۔ لیجانیوالا۔
خاطی ۓ خطا کرنے والا۔ گنہگار۔
خافض ۓ پست کرنیوالا۔ نیچے لانے والا
خدا کا ایک نام۔
خافق ۓ دھڑکنے والا۔ وہ جس کا سر
ہلتا رہے جیسے نیزہ یا درخت۔
خافقین ۓ پورب و پچھم۔
خاقان ۓ بادشاہ چین کا خطاب۔ بادشاہ۔
خاک ۓ مٹی۔ راکھ۔
خاک بسیط ۔ زمین۔
خاک بیز } نیاریہ۔ جو سناروں کی راکھ
خاک پیز } سے سونے چاندی کے ریزے
نکالتے ہیں۔ ہاریک بیں۔
خاک تودہ ۔ مٹی کا تودہ جسپر تیر کی مشق کرتے ہیں
خاکدان ۔ کوڑا ڈالنے کی جگہ۔ دنیا۔ عالم۔
خاک زاد ۔ خاکی۔ خاک کا بنا ہوا۔
خاک روب ۔ بھنگی۔ حلال خور۔
خاکسار ۔ غریب یا عاجز مثل خاک کے
خاکستر ۔ راکھ۔
خاکہ ۔ ڈھانچہ۔ نقشہ یا مسودہ تصویر کا
خاکی ۔ خاک کا۔ خاک کا بنا ہوا۔
خاگ ۔ انڈا مرغی کا۔ بیضہ
خاگینہ۔ خایہ ریزہ۔ انڈوں کا سالن

خال - تل - بدن پر سیاہ نقطہ - کالا دانت ماموں - ماں کا بھائی -
خالد ؏ - ہمیشہ رہنے والا - نام ایک سخی کا
خالص ؏ - جو کسی چیز سے ملا نہ ہو -
خالصہ ؏ - خاصہ - جو کسی سے ملا ہوا نہ ہو ملک یا زمین جو سرکاری ہو کسی کی جاگیر نہ ہو - سرکاری -
خالع ؏ - طلاق چاہنے والی عورت -
خالف ؏ - پیچھے آنے والا - ضدی -
خالق ؏ - پیدا کرنے والا -
خالو - موسا - ماں کی بہن کا شوہر -
خالہ - موسی - ماں کی بہن -
خالی - جس میں کچھ بھرا نہ ہو -
خام - کچا - خالص - شراب منقط -
خام دست - ناتجربہ کار -
خام ریش - بے عقل - مسخرہ -
خامس ؏ - پانچواں -
خامش - چپ - خاموش -
خام طمع - بیہودہ خواہشیں رکھنے والا -
خامل - گمنام - کمینہ -
خاموش - چپ - چپکا ہو -
خاموشیدن - چپ رہنا -
خامہ - قلم - نیزہ لکھنے کا -
خامہ زدن - قلم پر قط لگانا -
خامی - کچاپن - پختہ نہ ہونا -
خان - سردار - امیر - رئیس - پہلے ترکستان کے بادشاہوں کا لقب تھا -
خانخاناں - مالک سرا - داروغہ ایک بڑا عہدہ دار - امیر الامرا -
خاندان - گھرانا -
خانزہ - دوست -
خان سالار - داروغہ گودام یا توشہ خانہ
خانساماں - کھانے وغیرہ کے سامان کا داروغہ - مالک سامان -
خانف ؏ - مغرور - گھمنڈی -
خانقاہ - فقیروں اور درویشوں کے رہنے کی جگہ
خانم - شریف بیوی -
خانماں - گھر کا اسباب (خان خانہ) مال متاع
خانوادہ - خاندان -
خانہ - گھر -
خانہ بدوش - بے ٹھکانہ آدمی کہ جس جگہ چاہے رہ جاوے - پریشان مسافر
خانہ جنگی - آپس کی لڑائی - فساد - دونگہ
خانہ زاد - جو گھر کا پیدا ہو - مجازاً غلام -
خانی - چھوٹا حوض - توران کا ایک سکہ -
خاور - مشرق - پورب -

خاوری - پورب کا خراسانی - آفتاب
خاوند - مالک - صاحب خانہ -
خاوی ؎ غیر آباد - ویران -
خاوی البطن ؎ خالی پیٹ -
خاویتہ ؎ غیر آباد زمین -
خائب ؎ ناامید - محروم -
خائیسک ؎ ہتھوڑی - ہتھوڑا
خائض ؎ غور کرنیوالا - بڑی فکر کرنیوالا
خائف ؎ ڈرپوک - ڈرنے والا -
خائل ؎ کسی چیز کی حفاظت کرنیوالا -
خائن ؎ امانت میں خیانت کرنیوالا -
خایہ ؎ مرغ کا بیضہ - انڈا -
خائیدن - چبانا -
خباء ؎ خیمہ -
خبائث ؎ ناپاکیاں -
خبایا ؎ پوشیدہ چیزیاں - خیمے -
خباز ؎ روٹی پکانیوالا - نانبائی
خباط ؎ دیوانگی -
خبث ؎ پلیدی - برائی - بدذاتی میں ناخوش ہونا -
خبث الحدید ؎ لوہے کا میل جو آگ میں گرم کرنے کوٹنے کے وقت نکلتا ہے
خبخب - پوسہ کی آواز -

خبر ؎ سندیسا - بات - قصہ - خبر دار - رسول مقبول کی حدیث - قصہ -
خبرت ؎ امتحان - آزمائش - عقلمند -
خبرت - کسی چیز کا جاننا -
خبردار - واقف - جاننے والا -
خبری - مورخ -
خبز ؎ روٹی - نان -
خبز ؎ روٹی پکانا -
خبط ؎ جنون - عقل میں جنون ملجانا -
خبع ؎ قیام کرنا - چھپانا -
خبل ؎ جنون -
خبن ؎ جامہ کا دامن چڑھالینا - دوسرے حرف ساکن کا گرادینا -
خبی ؎ پوشیدہ - پنہاں -
خبیث ؎ پلید - ناپاک - بدباطن -
خبیر ؎ خبر رکھنے والا - جاننے والا -
ختام ؎ موم یا لاکھ جس سے مہر کریں -
ختان ؎ ختنہ -
ختع ؎ رات کا اندھیرے میں چلنا -
ختل ؎ دھوکا اور فریب دینا - نام ایک ملک کا جسکو ختلان بھی کہتے ہیں -
ختلی - ختل کا گھوڑا -
ختم - مہر کرنا - قرآن شریف کا تمام پڑھنا

مختم - مُہر کی ہوئی چیز۔
ختن ش - داماد
ختن - ختنہ کرنا۔
ختن ع - نام ایک شہر کا جسکا مشک مشہور ہے۔
ختنہ ع - سنت کرنا مسلمانی کرنا۔
ختون ع - داماد ہونا۔
خجالت ع - شرمندگی حیا۔
خجستہ - مبارک - ہمایوں۔
خجل ع - شرمندہ۔
خجالت ع - شرمندہ ہونا - شرمندگی۔
خجند ع - نام ایک قصبہ کا جو ماوراء النہر میں ہے
خجیر ع - خوبصورت - پسندیدہ۔
خد ع - چہرہ - رخسارہ - گال [تعقان
خداع ع - فریب دینا - مکر - خداج ع
خدا خدا کردن - ڈرتے ڈرتے کام کرنا
خدارت ع - پردہ نشینی۔
خداع ع - فریب دینا۔
خدام ع - جمع خادم کی۔
خداوند - صاحب - مالک۔
خداوندگار - صاحب - مالک۔
خدایا - اے خدا۔
خدائع ع - جمع خدیعت بمعنی مکر و فریب
خدایگان - بادشاہ - خداوند۔

خدائی ع - صاحبی - خدا ہونا۔
خدر ع - پردہ۔
خدر ع - عضو کا سُن ہونا اور بے حس ہونا۔
خدرنقا ع - بہت تاریکی۔
خدشہ ع - خراش - خلش - مجازاً شک و شبہ
خدع ع - فریب دینا - دغا کرنا
خدعت ع - فریب دینا - فریبی۔
خدعہ ع - مکر - فریب۔
خدم ع - نوکر چاکر - غلام۔
خدمت ع - چاکری کرنا - کام کرنا۔
خدمتی - تحفہ - نذرانہ - پیشکش
خدنگ - تیر - نام ایک درخت کا جسکی
لکڑی سے تیر بنتے ہیں - ایک
قسم کا چھوٹا تیر۔
خدوک ع - غصہ - رشک - فکر - پیچ - پریشانی
خدیجہ ع - رسول مقبول کی پہلی بیوی کا نام ہے۔
خدیعت ع - مکر - فریب۔
خدیو - خداوند - مالک
خذع ع - قطع کرنا - گوشت کا قیمہ کرنا
خذف - ٹھیکری - سنگریزہ۔
خذل } چھوڑ دینا - مدد نہ کرنا - بے حمیتی
خذلان }
مخذول ع - شرمندہ - بے نصیب۔

خر۔ گدھا۔ بڑا۔ احمق۔
خراب۔ ویران کرنا۔ مست۔ فقیر۔ ویلا۔
خرابات۔ شراب خانہ۔ قمار خانہ۔
خراباتی۔ شرابی۔ جواری۔
خرابہ۔ ویرانہ اجڑا ہوا مکان۔
خراج۔ زمین کا محصول۔
خراٹھ۔ خراٹے لینا۔
خراد۔ وہ شخص جو لکڑی کو صاف اور سڈول کرتا ہے۔ خراط کرنیوالا۔
خرادنا۔ لکڑی کو صاف اور سڈول کرنا۔
خرادی۔ خراط کرنے والا۔ کاریگر۔
خراز۔ موچی۔ چمڑا سینے والا۔
خراس۔ چکی جسکو بیل گھما کر آٹا پیستے ہیں آٹے کی چکی کولھو۔
خراش۔ چھیلنا۔
خراط۔ چرخ پہ چڑھا کر لکڑی کو سڈول کرنے والا
خراطت۔ چرخ پر چڑھا کر لکڑی کو صاف اور سڈول بنانا۔
خراطیم۔ جمع خرطوم۔ ہاتھی کی سونڈ۔
خراطین۔ کیچوے۔
خرافات۔ بیہودہ باتیں۔
خرافت۔ بیہودہ کلام اور خرافہ نام ہے ایک عرب کا جو بڑا جھوٹا تھا۔

خرام۔ نرم رفتار۔ ناز کی چال مٹک کر چلنا۔
خرامان۔ مٹک کر چلنے والا۔
خرامیدن۔ مٹک کر چلنا۔
خرائد۔ کنواری عورتیں۔ شرمیلی عورتیں۔
خربوزہ }
خربزہ } خوشبو میوہ۔ خربمعنی بڑا اور بزہ بمعنی میوہ شیریں وخوشبودار
خربط۔ بڑی بط۔ قاز۔ احمق آدمی۔
خربندہ۔ گدھے کا خادم۔ گدھے کا مالک
خرپشہ۔ بڑا مچھر۔
خرچ۔ باہر نکلنا۔ خارج ہونا۔ صرف۔
خرچنگ۔ کیکڑا۔ سرطان۔
خرچہ۔ لاگت۔ صرف۔
خرخین۔ کاٹھی کا تھیلا۔ چار جامہ۔
خرخشہ۔ بیموقع لڑائی کرنا جھگڑا بکھیڑا۔
خرد۔ چھوٹا۔ ریزہ۔
خرد مرد۔ ریزہ ریزہ۔
خرد۔ عقل۔ دانائی۔
خردمند۔ عقلمند۔
خرداد۔ ایک شمسی مہینہ جو اساڑھ کے مطابق ہے
خردل۔ رائی مشہور غلہ۔
خردل۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد۔
خردہ۔ ہر چیز کا ریزہ آگ کی چنگاری

خردہ بینی - عیب نکالنا - باریکی دیکھنا -
خردہ فروش - بساطی -
خرز - موزہ و جوتا سینا -
خرزہرہ - کنیر کا درخت -
خرس - شکا مشہور -
خرس - ریچھ - بھالو -
خرسنگ - لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے -
خرسند - خوش - راضی -
خرسندی - خوشی - رضامندی -
خرسنگ - بڑا پتھر
خرشید - آفتاب روشن - خود آفتاب و خورشید
خرطوم - ہاتھی کی سونڈ -
خرف - کم عقل آدمی - بیہودہ گو -
بوڑھا - بے عقل -
خرق - پھاڑنا -
خرق عادت - کرامت و معجزہ جو خلاف
عادت ہو -
خرقہ - پرانا جامہ - گدڑی -
خرک - چھوٹا گدھا - انگور خام
خرگس - احمق آدمی - بیوقوف
خرگاہ - خیمہ - بڑا خیمہ -
خرگوش - سیاہ - ایک مشہور جانور -
خرم - خوش - شاد -

خرما - چھوارا - مشہور میوہ
خرمستا - مرا جو بیوقوفی سے کہنا نہ مانے
خرمگس - بڑی مکھی - مکھا -
خرمن - کھلیان - غلہ کا تودہ جس سے
بھوسا الگ نہ کیا ہو -
خرمہرہ - کوڑی -
خرمی - خوشی -
خروار - تودہ - بوجھ جسکو خر اٹھا سکے -
خروج - باہر نکلنا - کسی حکم سے منحرف ہونا -
خروس - مرغا -
خروش - شور [illegible]
خروطہ [illegible] عقل - [illegible] عورت -
خروع - نافرمان عورت جسکے شرم
نہ ہو - بدکار عورت
خروف - بکری کا بچہ - برہ -
خرہ - کیچڑ - کھائی
خرہ - [illegible] -
خریدن - مول لینا -
خریدہ - نابالغ لڑکی - شرمگیں عورت
[illegible] -
خریر - [illegible] کے پانی کی آواز [illegible]
کے گلے کی آواز -
خربص - [illegible] - ندی - دریا کا کنارہ -

خریطہ - تھیلی - امیروں کے خط کا لفافہ
خریف ع موسم خزاں - موسم خریف جس
میں جوار مکی وغیرہ ہوتی ہے
خروق ع خشیب زمین جسمیں گھاس بہت اگے
خریم ع دلیر اور بے خوف -
خز ع ریشمی کپڑا - ریشمی جامہ
خزاں ع پت جھاڑ کا موسم - بے رنگ رہنا
خزانچی - خزانہ رکھنے والا - روکڑیا -
خزانہ ع نقدی کا گودام -
خزائن ع خزانے - جمع خزانہ -
خزر - گوشۂ چشم سے دیکھنا - قریب وہ ہونا
خزریح - نام تیلیہ - سرد ہوا -
خزعبل } بیہودہ بات جس سے ہنسی
خزعبیل } آوے یا حق -
خزف - ٹھیکری - سفال -
خزل - آہستہ چلنا شکستہ پشت ہونا -
خزم - چھیدنا - عروض میں شعر اول کی زیادتی
جسکا تقطیع میں اعتبار نہو -
خزن ع گوشت کا متغیر بدبو کرنا
خزو ع ڈرانا - ارادہ سے روکنا -
خزی ع ذلیل کرنا - ذلت - رسوائی -
خزیدن - گھسنا - چھپنا -
خزیر - سور -

خزینہ - خزانہ - نقدی کا گودام -
خس ع - کوڑا تنکا - گھاس پھیل -
خسارت ع نقصان - زیان -
خساثت ع نالائقی - بخل - کنجوسی -
خساں ع وہ ستارے جو غروب نہوویں جیسے قطب
خسانَدن } بھگونا - تر کرنا - ڈاڑھی
خسائیدن } دانتوں میں دبانا -
خسائس ع برائیاں - بری چیزیں -
خسپیدن - سونا -
خست - بخیلی -
خس بدندان گرفتن - پناہ مانگنا -
عاجزی کرنا -
خستہ - گھائل - زخمی - گٹھلی - آلوچہ وغیرہ
خستگی - ماندگی - دلیری - تھکاوٹ -
خستن - زخمی ہونا - زخمی کرنا -
خستو - دانہ میوہ کا -
خستہ خوانہ - فقیروں کی گدڑی -
خسر - سسر - شوہر یا جورو کا باپ
خسران - ٹوٹا - نقصان -
خسر پورہ - سالا -
خسرو - بادشاہ عادل - بادشاہ - نام ایران کے ایک بادشاہ کا
خسروانہ - بادشاہانہ - شاہانہ -
خسروانی - ایک قسم کی شراب - ایک قسم کا

راگ۔ ایک طرح کا اچھا قیمتی کپڑا۔
خسف۔ زمین میں دھنس جانا۔ چاند میں گہن لگنا۔
خسک۔ گوکھرو۔ لوہے کے گوکھرو جو دشمن کی راہ میں پھیلاتے ہیں۔
خسوف۔ چاند گرہن۔ زمین میں دھنس جانا
خسورہ۔ جو شخص نقصان اٹھاوے۔
خسیس۔ بخیل۔ زبون۔ نالائق کمینہ
خُش۔ خوشدامن۔ ساس۔
خشب۔ لکڑی۔ چوب۔ ہیزم۔
خشت۔ اینٹ۔ چھوٹا نیزہ۔
خشخاش۔ پوستہ کا دانہ۔ چھوٹے دانے جو افیون کے ڈوڈوں سے نکلتے ہیں۔
خشف۔ پسا پتھر پر سے مارنا [کالم زد]۔
خشک۔ سوکھا ہوا۔ بخیل۔ خشک ریش۔ زخم
خشکار۔ غیر چھنا ہوا آٹا۔
خشک مغز۔ سودائی۔ دیوانہ۔
خشکہ۔ آبالے ہوئے چاول۔
خشکی۔ سوکھاپن۔ تری نہ ہونا۔
خشم۔ غصہ۔ خفگی۔
خشمگیں۔ غصہ کا بھرا ہوا جو شخص غصہ میں ہو۔
خشمناک۔ غصہ کا بھرا ہوا۔ غصہ ور۔
خشن۔ سخت۔

خشنود۔ خوش۔ مسرور۔
خشنودی۔ خوشی۔
خشو۔ خوشدامن۔ ساس۔
خشوع۔ عاجزی فروتنی۔ گڑگڑانا۔
خشونت۔ سختی۔ کھردراپن۔ درستی۔
خشیہ۔ خوف۔
خصیم۔ عنصر۔ ضد۔ مخالف۔
خصاف۔ موچی۔ چمار۔
خصال۔ خصلت
خصائص۔ جمع خصیصہ سبھاو۔ خاصیت
خصائل۔ جمع خصلت۔ عادتیں۔
خصب۔ نباتات کی کثرت فراخ سالی عیش و عشرت۔
خصر۔ کمر۔ خصور جمع۔
خصل۔ تیر کا نشانہ پر پہنچنا جوا کی شرط
خصلت۔ خو۔ عادت۔ سبھاؤ۔
خصم۔ دشمن۔ مالک۔ جھگڑا کرنے والا۔
خصمی۔ دشمنی۔ مالکیت۔
خصوص۔ خاص ہونا۔ خصوصیت۔
خصوصیت۔ خاص ہونا۔
خصوصیات۔ جمع خصوصیت کی۔
خصوم۔ جمع خصم۔ لڑائی میں غالب رہنا
خصومات۔ جمع خصومت کی۔

خصی ۔ وہ جانور جو مخنث کر دیا گیا ہو
خصیب ۔ وہ مقام جہاں غلہ کی افراط ہو
خصیہ ۔ بیضہ ۔ انڈا ۔
خصیان ۔ دو بیضے ۔ دو انڈے ۔
خصیف ۔ دودھ جسمیں نہی ڈالا گیا ہو سفید و سیاہ رنگ کا پہاڑ ۔ راکھ
خصیفہ ۔ دو رنگی فوج ۔
خصیل ۔ جو جوا کھیلنے میں ہار گیا ہو ۔
خصیم ۔ خصومت کرنیوالا ۔ دشمن
خصین ۔ کلہاڑی ۔ خصن جمع ۔
خضاب ۔ رنگ ۔ مجازاً وسمہ اور حنا کا رنگ
خضاد ۔ اعضاء کا درد ۔
خضارہ ۔ دریا ۔
خضب ۔ رنگ کرنا ۔ رنگنا ۔
خضر ۔ نام ایک پیغمبر کا جو گمراہوں کو راہ بتلاتے ہیں ۔
خضر ۔ شاخ سبز ہری ٹہنی (جو گھوڑے پر اُگے
خضراء ۔ سبزہ ۔ ہرا تازہ ۔ سبزہ ۔ وہ سبزہ
خضراء الدمن ۔ یعنی خوبصورت عورت
خضر المناکب ۔ خوشحال لوگ ۔
خضرت ۔ سبزی ۔ ہریالی ۔
خضروات ۔ ترکاریاں ۔ سبزیاں ۔
خضرنج ۔ کھیرا ۔ ککڑی خربزے کا کھیتنا

خضور ۔ سبزیاں ۔
خضوع ۔ عاجزی کرنا ۔ گڑگڑانا ۔
خضیب ۔ رنگا ہوا ۔ نام ایک حبشی کا
خط ۔ لکیر جسمیں لمبائی و چوڑائی وغیرہ ہو
خطا ۔ نام شہر کا جو توران اور چین کی حد پر ہے ۔
خطاء ۔ گناہ ۔ وہ گناہ جو نادانستہ ہو
خطاب ۔ نام یا لقب یا مدح ۔ غصہ ۔ روبرو بات کرنا ۔
خطابت ۔ خطبہ پڑھنا ۔ خطبہ خوانی ۔
خط استواء ۔ وہ خط جو زمین کے بیچوں بیچ فرض کیا گیا ہے ۔
خطایا ۔ خطائیں ۔ گناہ
خطب ۔ کام ۔ دشوار ۔ حادثہ ۔
خطب ۔ جمع خطبہ ۔ کتاب کا دیباچہ ۔ وہ کلام کہ جس سے خطاب کریں اسمیں وعظ و نصیحت ہو
خطباء ۔ جمع خطیب ۔ خطبہ پڑھنے والا ۔
خطبہ ۔ وہ کلام جسمیں حمد اور نعت کے بعد خلق کو پند و نصیحت ہو ۔ کتاب کا دیباچہ
خطبہ ۔ منگنی ۔ کسی عورت سے نکاح کرنے کی خواہش کرنا ۔
خطر ۔ قدر جاہ اور عظمت ۔ بزرگی آفت ۔ دشواری ۔

خطفت ع بجلی کا چمکنا۔
خط مستقیم۔ سیدھی لکیر۔
خطوات ع جمع ہے خطوہ کی۔ قدم دفعہ فاصلہ درمیان دو پیروں کے جو رفتار کے وقت ہو
خطوہ ع قدم۔ ڈگ۔
خطہ ع شہر کلاں۔ قطعہ زمین۔
خطیب ع خطبہ پڑھنے والا۔ لوگوں کو مخاطب کر کے بولنے والا۔
خطیر ع بزرگ۔ بڑا۔ کلاں۔
خطیہ ع گناہ۔ خطا۔
خف ع موزہ۔ سخت زمیں۔
خِف ع سبک۔ ہلکاپن۔
خفا ع ناراض۔ غصے والا۔
خفا ع پوشیدگی۔ پنہانی۔ [کرنی ہجی]
خفاجہ ع ایک گروہ جو عرب میں چوری کی عادت رکھتا ہے
خفاش ع چمگادڑ۔ شپرہ
خفایا ع جمع خفیہ۔ پوشیدگیاں۔
خفت ع سبکی۔ ہلکاپن۔
خفتان ع ایک پوشاک جو کرتے کے مانند ہے
خفتن ع سونا خفر ع شرم۔ شرمگیں ہونا
خفرہ ع بدرقہ۔ نگہبان۔ گارد۔
خفقان ع دل کا دھڑکنا۔
خفگی۔ ناراضگی۔ خفا ہونا۔

خفوق ع ستارہ کا غائب ہونا۔
خفی ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
خفیات ع جمع خفیہ۔ پوشیدگیاں۔
خفیدن۔ خفا ہونا۔ چھینکنا۔
خفیف ع ہلکا۔ سبک۔
خفیق الریح ع ہوا چلنے کی آواز۔
خفیہ ع چھپا ہوا۔
خل ع سرکہ۔
خِل ع دوست۔
خلا ع خالی۔ پاخانہ۔
خلاب ع کیچڑ۔ راہ میں جو کیچڑ ہو۔
خلاشہ ع کوڑا کرکٹ۔
خلاص ع چھٹکارا۔ رہائی۔
خلاصہ ع اصل۔ پاک۔ صاف۔
خلاط ع ملانا عقل کا پریشان ہونا۔
خِلاع ع جمع خلعت
خلاع ع جنون۔ دیوانگی۔
خلاعت ع ماں باپ کے حکم سے باہر ہونا
خلاف ع برعکس۔ مخالف۔ بید کا درخت
خلافت ع جانشینی کسی جگہ پر بیٹھنا۔ سب مسلمان بادشاہوں پر تسلط ہونا۔
خلاق ع حصہ نصیب
خلاق ع بہت پیدا کرنیوالا۔

جو رسول کے بعد ہوئے اور بادشاہ
خلیق ۔ صاحب خلق ۔ ملنسار ۔
خلیل ۔ دوست صادق ۔ سچا دوست
خم ۔ کج ۔ ٹیڑھا بن ۔
خم افلاطون ۔ وہ مٹکا جس میں حکیم
افلاطون بڈھا ہو کر مرنے کے
لئے بیٹھا تھا ۔
خَم ۔ تعریف کرنا ۔ قطع کرنا
خُم ۔ مٹکا ۔ شراب کا پیپہ ۔ مرتبان کا دریہ ۔ کرشم
خَم ۔ باغ جو سامان بہار سے خالی ہو ۔
خِمار ۔ عورتوں کی اوڑھنی ۔ چادر ۔
خُمار ۔ نشہ شراب وغیرہ کا ۔
خَمّار ۔ شراب کا بنانے والا ۔ شراب فروش
خماسی ۔ وہ کلمہ جس میں پانچ حرف ہوں ۔
پانچ والا ۔
خَمان ۔ کمان کا خم ہونا ۔
خمانیدن ۔ کسی کی حرکات و سکنات کی نقل کرنا
خمخانہ ﴾
خمکدہ ﴾ شراب خانہ ۔ بھٹی ۔
خَمد ۔ آگ کا بجھنا ۔
خم در خم ۔ پیچ در پیچ ۔
خمر ۔ شراب برانڈی ۔
خَمر ۔ بے تجربہ آدمی ۔
خمرہ ۔ بوریا ۔ چھوٹی چٹائی
خمرہ ۔ چھوٹا خم ۔ شراب ٹھلیا ۔
خمل ۔ خاص دوست ۔
خمس ۔ پانچ ۔ ۵
خُمس ۔ پانچواں حصہ ۔
خمسون ۔ پچاس ۔ ۵۰ ۔
خمسہ ۔ پانچ ۔ پانچ والا ۔ پانچ مرد یا پانچ
انگلیاں یا پانچ مصرعوں کا بند ۔
خمسہ متحیرہ ۔ پانچ چلنے والے تارے جو
کبھی سیدھے ۔ اور کبھی الٹے چلتے ہیں
یعنی مریخ عطارد ۔ مشتری ۔ زہرہ ۔ زحل
خم و چم ۔ اٹھانا ۔ ناز و ادا معشوق کی رفتار
خمین ۔ اٹکل سے بات بے تحقیق کرنا
خمود ۔ آگ کا سرد ہونا ۔ بیہوش ہونا
خموش ۔ چپ چاپ ۔
خموشیدن ۔ چپ رہنا ۔ خاموش سا ہو جانا
خموط ۔ خوشبو ہونا ۔ بدبو ہونا
خمول ۔ گمنام ہونا ۔ گمنامی ۔
خمیازہ ۔ انگڑائی ۔
خمیازہ کشاک ۔ بے حاصل آرزو ۔
خمیدہ ۔ کبڑا ۔ ٹیڑھا ۔
خمیدن ۔ ٹیڑھا ہونا ۔ جھکنا ۔
خمیر ۔ سڑا ہوا آٹا جو اور آٹے کو پھلا دیتا ہے

خمیس ع۔ جمعرات کا دن۔ لشکر اس لئے کہ
اسکے پانچ حصے مقدمہ۔ قلب۔ ساقہ
میمنہ میسرہ یعنی ہراول۔ قول
چنداول۔ برنغار جرنغار۔ پانچ
گز کا کپڑا وغیرہ۔
خمیل ع۔ اچھی ملائم غذا۔
خمیم ع۔ ستودہ و ممدوح۔
خناوق ع۔ جمع خندق۔ کھائیاں۔
خنازیر ع۔ جمع خنزیر۔ سور۔ کنٹھ مالا
کی بیماری۔
خناس ع۔ دیو۔ شیطان۔
خنافس۔ گوبریلا۔ ایک سیاہ رنگ کیڑا
جو گوبر وغیرہ میں ہوتا ہے گبرونڈا۔
خناق۔ ایک بیماری حلق کی
خنبیدن۔ تالی بجانا۔
خنثیٰ ع۔ جو نہ مرد ہو نہ عورت
خنجر۔ شمشیر۔ ایک مشہور ہتھیار۔
خنجیر۔ بدبو جو چمڑا یا ہڈی جلانے سے ہو
خنداں۔ ہنسوڑ۔ ہنستا ہوا۔
خندانیدن۔ ہنسوانا۔
خندق۔ کھائی۔
خندہ۔ ہنسی۔
خندہ زیرلب مسکراہٹ۔

خندیدن۔ ہنسنا۔
خنزیر۔ خوک۔ سور۔
خنصر ع۔ چھوٹی انگلی۔ چھنگلیا۔
خنق۔ گلا گھونٹنا۔
خنک۔ سرد۔ ٹھنڈا۔ خوش۔
خنگ۔ کونہ۔ زاویہ۔ عاشق زار۔
نیچو۔ گھوڑا۔
خنکا۔ خوشامد۔ خوشخبری۔
خنگا۔ موٹا۔ ہٹا کٹا۔
خنجو۔ بدزبان۔ بدسلیقہ۔
خنور۔ پانی کا مٹکا۔ مشہور۔ کاسہ۔
خنیا۔ راگ۔ نغمہ۔
خنیاگر۔ گویا۔ مطرب ڈوم۔
خنیدہ۔ پسندیدہ۔
خو۔ عادت۔ سبھاؤ۔
خواب۔ نیند۔ سپنا۔
خواب خرگوش۔ فریب۔ تغافل۔
خوابانیدن۔ سلانا۔
خوابیدن۔ سونا۔
خواتین۔ جمع خاتون۔ شریف ہونا
خواجہ۔ صاحب۔ مالک گھر کا سردار۔
مالدار۔ حاکم۔ خدمتگار۔ توران
میں امیری کا خطاب۔ خواجہ سرا۔

خواجہ بعث و نشر ۔ مالک روز قیامت مراد رسول سے ہے
خواجہ تاش ۔ ایک مالک کے غلام ۔ ایک آقا کے نوکر ۔
خواجہ سرا ۔ وہ غلام جو نامرد ہو اور زنانخانہ کا کام کرتا ہو ۔
خوار ۔ کھانیوالا ذلیل ۔ بے اعتبار ۔
خوارج ۔ جمع خارج کی ۔ وہ لوگ جو رافضیوں کے مخالف ہیں
خوارزم ۔ نام شہر کا [خوارزم]
خوارق ۔ وہ کام جو خلاف عادت ہوں معجزہ و کرامت وغیرہ ۔
خواری ۔ ذلت ۔ رسوائی ۔
خواستگار } مانگنے والا ۔ چاہنے والا ۔
خواستار } طلب کرنے والا ۔
خواستگاری ۔ خواہش تمنا طلب
خواستن ۔ چاہنا ۔ بلانا ۔
خواستہ ۔ زر ۔ مال ۔ سامان چاہا ہوا
خواص ۔ جمع خاص ۔ خاص لوگ ۔
خواصی ۔ خدمتگاری ہر وقت کی حاضر باشی ۔
خواطر ۔ جمع خاطر ۔ طبیعتیں [کی جگہ
خوافق السماء ۔ سب ہواؤں کے چلنے

خوافی ۔ پرندوں کے بازو کے نیچے کے پر جو بازو بند کرنے سے چھپ جاتے ہیں ۔
خواقین ۔ جمع خاقان ۔ بڑے بادشاہ
خوالدے ۔ پہاڑ ۔ پتھر ۔
خوان ۔ دستر خوان ۔ طعام رکھنے کا کٹھرا
خوانا ۔ پڑھنے والا ۔
خوانچہ ۔ چھوٹا خوان ۔
خواندگی ۔ پڑھائی ۔
خواندن ۔ پڑھنا ۔
خواندہ ۔ بلایا ہوا ۔ پڑھا ہوا ۔
خوان سالار ۔ باورچی ۔ خانساماں ۔
خوان سامان ۔ وہ شخص جو کھانیکا اسباب رکھے
خوان یغما ۔ لوٹ کا خوان عام لنگر ۔ سدا برت
خوانین ۔ جمع خان ۔ امیر لوگ ۔
خواہ ۔ چاہ ۔ مانگ ۔
خواہش ۔ تمنا ۔ آرزو ۔
خوب ۔ اچھا ۔ بہتر ۔ نیک ۔ معشوق ۔
خوبانی ۔ زرد آلو ۔
خوبان ۔ جمع خوب بمعنی معشوق
خوبروئی ۔ معشوقی ۔ خوبصورتی
خوجہ ۔ مخفف خواجہ بمعنی خواجہ سرا ۔
خوخ ۔ شفتالو ۔ آڑو ۔

خوختہ - کوشش دان - خفتاو -
خود - (بواو معدولہ) آپ -
خود - لوہے کی ٹوپی -
خود - - نازک بدن - جوان عورت -
خود بخود - آپ ہی آپ -
خود سری - غرور - کسی کا کہنا نہ ماننا -
خود کاشت - جو شخص مالک زمین ہو اور خود ہی اسکی کاشت کرے -
خور - (بواو معدولہ سے) خوراک - کھاؤ - آفتاب - شمسی مہینہ کی گیارہویں تاریخ
خور - دریا کی خلیج - نالہ - کشتی -
خوراک - خورش - کھانا -
خورانیدن - کھلانا - کھلوانا -
خورد - سزاوار - لائق - طعام - کھایا - ریزہ -
خوردن - کھانا -
خوردنی - خورش - کھانیکی چیز کھانیکے لائق
خورش - کھانا - طعام
خورشید - سورج - آفتاب
خورشید چہ کرد کہ او نہ خواہد کرد - باپ نے کیا ڈالا جو بیٹا بنائیگا -
خورشید را بگل نہفتن - ظاہری بات سے انکار کرنا -

خورشید لب بام - قریب المرگ -
خورنق - نام ایک عمدہ محل کا جسکو بہرام گور کے لئے تاسکے وزیر نے بنوایا تھا -
خورہ - جذام - کوڑھ کی بیماری -
خوزستان - فارس کا ایک صوبہ ہے
خوس - بدعہدی - عہد و پیمان کا توڑنا - پہلے رواج ہوتا -
خوش - ف - راضی - چنگا - تر و تازہ -
خوشا - مبارک باد - بہت خوش - طوبیٰ
خوشامد - چاپلوسی کی باتیں -
خوشدامن - ساس - جورو کی ماں -
خوشگوار - لذیذ چیز
خوشنود - راضی - خوش - رضامند -
خوشہ - گچھا - بال - اناج کا بھٹا -
خوشی - شادی - سرور -
خوشیدن - سوکھنا - خشک ہونا -
خوص - آنکھ کا گڑھے میں گھس جانا -
خوض - فکر کرنا - سوچنا - پانی میں غوطہ لگانا
خوف - ڈرنا - ڈر -
خوفناک - ف - ڈراونا - ڈر کا بھرا ہوا -
خوک - سور -
خوگیر - عادی
خول - اوپر کا غلاف - چھلکا -

خولتہ۔ ہرنی۔
خون۔ لہو۔
خوناب۔ آنسو۔
خون ناب۔ اشک خونیں خالص خون۔
خوں ریز۔ خونی۔ خون بہانے والا۔
خوں گرفتہ۔ اجل گرفتہ۔
خونی۔ قاتل۔ لائق قتل۔
خونیں۔ خون سے لتھڑا ہوا۔
خوے۔ بواؤ معدولہ۔ پسینہ عرق بدن کا
خوی۔ نیچی۔ نرم زمین۔
خوی۔ عادت۔
خویدہ۔ درخت گندم یا جو جو سبز ہو۔
خویش۔ آپ۔ اپنا۔
خویشاں۔ اپنے۔ رشتہ دار
خویشاوند۔ اپنے لوگ۔
خویشتن۔ آپ۔
خویشتن دار۔ با احتیاط آدمی
خویشی۔ اپناپن قرابت
خو گرفتن۔ خو پکڑنا۔ عادت پکڑنا
خہے۔ کلمہ تحسین مرحبا۔ بارک اللہ آفرین
خہ۔ خوش۔ خوشا۔ کلمہ تحسین۔
خی۔ کھال پانی کی جو سقوں کے پاس ہوتی ہے
خیابان۔ چمن۔ کیاری۔

خیاب۔ دو [illegible]
خیار۔ ایک قسم کی ترکاری۔ کھیرا۔
خیارزہ۔ ککڑی۔
خیارک۔ ایک گلٹی جو ران کی جڑ میں ہوتی ہے
خیارین۔ کھیرا۔ ککڑی۔
خیاشیم۔ ناک کے پردے۔ خیشوم کی جمع۔
خیاط۔ سوزن۔ سوئی۔ دھاگا۔
خیاط۔ درزی۔ خیاطت۔ کپڑے سینا۔
خیال۔ ایک صورت جو بیداری میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے۔
خیالات۔ جمع خیال کی۔
خیام۔ جمع خیمہ۔ ڈیرے۔ تنبو۔
خیامی۔ خیمہ دوز۔ تخلص عمر خیام۔
خیانت۔ ناراستی۔ امانت میں چوری
خیبت۔ ناامیدی۔ بے آس ہونا۔
خید۔ تازہ و سبز گھاس۔ خوید۔
خیدع۔ غیر معتمد دوست۔
خیر۔ نیکی۔ بھلائی۔
خیّر۔ بہت نیکی کرنے والا۔
خیرات۔ جمع خیر۔
خیرباد۔ کلمہ دعائیہ جو رخصت کے وقت [بولتے ہیں۔
خیرہ سر۔ بیہودہ
خیرخواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔

خیرگی - حیرت - بیحیائی - شوخی۔
خیرہ ع خواہش - اختیار - رضامندی۔
خیرہ ع اچھی پسندیدہ عورت۔
خیرہ ع آنکھوں کے سامنے کا غبار - چوندھ - بے شرم - بیحیا - سرکش - دلیر۔
خیرہ - نیک لوگ - جمع خیر
خیرہ رائے - سست رائے - پریشان عقل
خیرہ کش - بے سبب مار ڈالنے والا
خیری گل - گل خیرو - ایک خوشنما رنگین پھول
خیر و عافیت
خیریت - خیر و عافیت - بھلائی۔
خیز - گھٹھ - پانی کی لہر
خیزران ع ملائم و نرم گوشت
خیزرانک - کشتی کا دنبالہ - نیزے - خیار جمع
خیزلی ع ناز کی چال۔
خیزیدن - اٹھنا - کھڑا ہونا۔
خیس ع رنج - گمراہی - وعدہ خلافی
خیسانیدن - بھگوانا - تر کرانا - تر کرنا۔
خیسیدن - بھگونا - تر کرنا
خیش ع ایک قسم کا کپڑا جسکے تار موٹے ہوتے ہیں
خیش خانہ ع امیروں کا مکان جو جیسے کے طور پر خیش کپڑے سے بنایا جاتا ہے

خیش العمل - اپنے کام میں ہوشیار اور تیز آدمی۔
خیشوم ع ناک کے نتھنوں کی ہڈی۔
خیص ع عطا اور قلیل بخشش۔
خیض ع سخت لوہے کی تلوار۔
خیط ع دھاگا - ڈورا - سوت۔
خیط الابیض - صبح کی روشنی۔
خیط الاسود - رات کی سیاہی۔
خیط الباطل - سراب - وہ روشنی جو روشندان سے اندر آتی ہے۔
خیطف ع تیز چلنا۔
خیطل ع گربہ - بلی۔
خیع ع ڈرنا۔
خیف ع ایک آنکھ کا کبود ہونا اور دوسری کا سیاہ ہونا۔
خیفا - گھوڑی جس کی ایک آنکھ سیاہ اور ایک سفید ہو - نام ایک صنعت کا جسکے الفاظ میں ایک حرف نقطہ دار اور دوسرا بے نقطہ ہوا کرتا ہے۔
خیفہ - خوف - ڈر۔
خیک - مشک - بوتل۔
خیل - سواروں اور پیدلوں کا گروہ۔ گلہ - بہت - گروہ۔

خیل تاش - ایک مالک کے غلام

خیل خانہ - خاندان۔

خیل خیل - فوج فوج۔

خیلے - بہت زیادہ۔

خیم (یائے معروف سے) خو - عادت - جمع خیمہ۔

خیمگی - منسوب طرف خیمہ کے - وہ شخص جو خیمہ میں ہو - خیمہ دوز کی سوئی - فراشی۔

خیو - آب دہن - تھوک۔

خیول - گھوڑے - سواروں کا غول

باب دال مہملہ

داء - بیماری - مرض

داء الثعلب ع بالخورہ ایک بیماری جس میں بال جھڑ جاتے ہیں۔

داء الاسد ع جذام کی بیماری - کوڑھ

داء الفیل ع فیل پا کی بیماری۔

داء الکلب - جنون سبعی کی بیماری

دارب ع طریقہ - ڈھنگ - خو۔

دابہ - رینگنے والا - زمین پہ چلنے والا جانور - چوپایہ - دواب جمع۔

دابۃ الارض - ایک چوپایہ جو قیامت کے قریب نکلے گا۔

دابۃ السوء - [illegible]۔

دابر - پیچھے چلنے والا - ہر چیز کا آخر حصہ

دابشلیم - ہند کے ایک مشہور راجہ کا نام

داج - تاریک - تاریکی - بہت اندھیرا۔

داجن ع گھنگھور گھٹا - ابر۔

داجیہ - تاریک رات - دواجی جمع

داحض ع دور کرنے والا - باطل۔

داحضہ ع حجت - باطل۔

داخل ع اندر آنے والا - اندرونی۔

داخلہ ع اندر آنے والی عورت۔

داخول / داخن ع چوپال - نشست کا کمرہ۔

داد - انصاف - عدل - بخشش۔

دادار - حاکم - عادل۔

دادخواہ - فریادی۔

دادر - برادر - بھائی - دوست۔

دادک - بوڑھا - غلام۔

دادگر - منصف - عادل۔

دادن - دینا۔

دادنی - وہ روپیہ جو اس لئے کہ کاشتکار یا پیشہ ور کام جاری کرے دیا جاوے - زر پیشگی

دار - گھر - مکان - محلہ۔

دارا۔ رکھنے والا۔ خدا۔ بادشاہ اور نام ایران کے ایک بادشاہ کا جو سکندر سے لڑا تھا۔

دار الآخرت۔ قیامت (مقام

دار الامارت۔ دار السلطنت۔ گورنمنٹ کا صدر

دار الامان۔ امن کا مکان۔

دار البوار۔ ہلاکت کا گھر۔ دوزخ۔

دار الحرب۔ وہ جگہ جہاں پر خدا کی عبادت کی ممانعت کیجاوے۔ کفار کا ملک۔

دار السلام ع بہشت۔ سلامتی کا گھر

دار السلطنت } راجدھانی۔
دار الخلافت }

دار الشفا۔ شفاخانہ۔ اسپتال۔

دار الصفا ع خانہ کعبہ۔

دار العدالت } کچہری۔ عدالت۔
دار القضا }

دار الفنا۔ دنیا۔

دار القرار۔ بہشت۔ جنت۔

دار الملک } وہ مقام جہاں بادشاہ رہتا ہو
دار المرشد }

دارائی۔ حکومت۔ بادشاہی۔ خدائی۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

دار بست۔ لکڑی اور تختوں کی پاڑ جس پر بیٹھ کر راج اور مزدور عمارت کا کام کرتے

ہیں۔ انگور وغیرہ کی ٹٹی۔

دارج مے وہ خاک جو اڑ کر مثل گرد۔ مکان کے آثار و نشان کو چھپا دے۔

دار چینی۔ ایک خوشبودار لکڑی۔ ج۔

دارس۔ حیض والی عورت۔

دارش ع کالا چمڑا۔

دار شش در۔ دنیا۔ باعتبار اسکے کہ دنیا میں چھ طرفیں ہیں۔ پورب پچھم۔ اتر۔ دکھن اوپر نیچے۔

دارع۔ زرہ پوش۔ زرہ پہنے ہوئے۔

دار فلفل۔ پیپلیں۔

دار مدار۔ ٹھہراؤ۔ قرار۔

دارو۔ دوا۔

داروغہ۔ افسر سپاہیوں کا محافظ۔

دار و گیر۔ ریاست۔ جنگ۔ لڑائی۔

داریات الدہر۔ زمانہ کی مصیبتیں۔

داری ع عطار۔ صاحب دولت۔ ملاح

دارین۔ دین و دنیا۔ دنیا اور قیامت دونوں گھر۔

داس ہنسیا۔ گھاس کاٹنے کا آلہ۔

داستان۔ قصہ۔ کہانی۔

داش۔ جراوہ کمہار کا آوا جو پکانے کی بھٹی۔

واشتن - رکھنا۔
داعی - بلانے والا۔ طلب کرنے والا۔
داعیہ ع - خواہش - ارادہ - دواعی جمع۔
داعیہ ع - بلانے والی عورت۔
داغ - دھبہ۔
دافعہ ع - دفع کرنیوالا - تمام قوت۔
دافق - کودنے والا - اچھلنیوالا - پانی گرانیوالا
دال ع - دلالت کرنیوالا۔ راہ دکھلانیوالا۔
دال - شکاری چڑیا - یعنی عقاب۔
دالان ع - بڑا گمراہ۔
دالب ع - آگے جو بھاگے نہ سمجھے۔
دام ع - پھندا۔ اٹھارہ ماشہ کا ایک وزن۔ گھاس کھانیوالے جانور جیسے ہرن وغیرہ
دام ع - ہمیشہ ہو جیو۔
داماء ع - دریا سمندر۔
داماد - بیٹی کا خاوند۔
دامع ع - آنسو ڈالنے والا۔
دامغ ع - سر توڑنے والا۔
دامن - آنچل - انگرکھے کا دامان۔
دامن شب - پچھلی رات۔
دامن کوہ - پہاڑ کے نیچے کا میدان۔
دانا - عقلمند۔
دانائی - عقل - دانش۔

دانست - جان بوجھ کر۔
دانستن - جاننا۔
دانش - عقلمندی دانائی۔
دانق ع - دانگ وزن - چھ رتی یا چوتھا وزن یا ویلا جو پایہ۔
دانگ - چھ رتی کا وزن۔
دانی - رذیل - کمینہ پاجی۔
دانیہ ع - وہ میوہ جس پر ہاتھ نہ پہنچے۔
داود - نام ہے ایک پیغمبر کا جن پر زبور نازل ہوئی۔
داو - فریب - چال۔
داور - منصف - حاکم - خدا۔
داہ - کنیز لونڈی - نوکر۔
داہل ع - حیران۔
داہی - دانا - عقلمند۔
داہیہ - زمانہ کی سختی - بلا - حادثہ۔
داہیہ دہوا ع - بلائے عظیم۔
دایبان ع - شب و روز۔
دایر ع - پھرنے والا۔
دایرہ ع - سطح مستوی جو گول ہو۔ اور جو ایک منحنی خط سے جسکو محیط کہتے ہیں گھرا ہو۔
دائم - ہمیشہ۔

دائِن - قرض دینے والا۔
دائماً - ہمیشہ - ہر وقت۔
دائمی - ہمیشہ کی - ہمیشہ۔
دَایہ - وہ عورت جو بچہ کی پرورش کرتی ہے
دَباغ - چمڑے کا درست کرنا۔
دَباغت - چمڑے کا پکانا یا صاف کرنا۔
دِبال - گوبر۔
دِبیج - نقش و نگار
دَبدبہ - ٹیپ ٹاپ - ڈھول کی آواز - شان
دُبر - پشت - پیچھا - مجازاً مقعد۔
دَبرالشہر - مہینہ کی اخیر تاریخیں
دَبستان - مکتب۔
دَبِق - سریس - لاسا۔
دَبل - طاعون - وبا۔
دِبن - بکریوں کے رہنے کی جگہ۔
دَبور - پچھمی ہوا۔
دَبوس - لوہے کا گرز۔
دَبہ - چمڑے کا کپا۔
دَبیب - زمین پر آہستہ چلنا۔
دَبیر - منشی - کاتب۔
دبیر فلک - ستارہ عطارد منشی فلک
دبیز - موٹا۔
دبیقی - کپڑا دیبا شہر دبیق کا بنا ہوا دیبا

دِثار - وہ کپڑا جو دوسرے کے اوپر پہنا جاوے۔
دَجاجہ - مرغی۔
دَجاجی - بہت سیاہ۔
دَجّال - مخالف حضرت عیسیٰ ... ...
دَجداج - سیاہ دریا۔
دِجلہ - نام ایک دریا کا جو بغداد میں بہتا ہے۔
دُجیٰ - اندھیرا - اندھیری رات
دُخان - دھواں۔
دُخت - لڑکی - دختر۔
دُختر - لڑکی - بیٹی۔
دُخترک - چھوٹی لڑکی۔
دُختندر - سوتیلی لڑکی۔
دَخل - آمدنی - اندر آنا - اپنا تصرف کرنا۔
دخمہ - آتش پرستوں کا قبرستان۔
دُخول - گھسنا - اندر آنا۔
دَخیل - دخل دینے والا۔
دَد - درندہ جانور۔
دَر - اندر - بیچ - دروازہ۔
دُرّ - خوبی - نیکی۔
دُر - موتی - جواہر۔
دَرا - گھنٹہ - جرس۔
دُراج - مشہور پرندہ تیتر۔

دَراری ۔ بڑے اور روشن ستارے مجازاً شہزادے ۔

دَراز ۔ لمبا

درازدستی ۔ ظلم ۔

دراز شدن ۔ سونا ۔ لیٹ جانا ۔

درازگوش ۔ گدھا ایک قسم کا ۔ خچر ۔

درازنفسی ۔ کلام کو طول دینا ۔

دراعہ ۔ کرتا ۔ عبا ۔ لباس مشائخ ۔

درافتادن ۔ بحث کرنا ۔ جھگڑنا

دَرّاک ۔ بڑا جاننے والا ۔ خوب سمجھنے والا

دراعم ۔ خارپشت ۔ ساہی ۔ ایک خاردار جانور

درآمدن ۔ آنا ۔ اندر آنا ۔

درانگشت آوردن ۔ گننا

دَراہم ۔ جمع درہم ۔

دَرایت ۔ دانائی ۔ عقل ۔

دَرائیدن ۔ گھنٹی کی آواز کرنا ۔ بولنا

دَرب ۔ بڑا دروازہ ۔ پھاٹک ۔

درباب ۔ بارہ میں ۔ بابت ۔

دربافتن ۔ کسی کو گرا دینا ۔

درباختن ۔ ہار دینا ۔

دربار ۔ بادشاہی کچہری ۔

درباره ۔ بابت ۔

دربان ۔ ڈیوڑھی بان ۔

دَرپَے ۔ عادت ۔ دلیری ۔ حریص ہونا ۔

دَربدر ۔ در دروازے دروازے جانا ۔

دربر آوردن ۔ دروازہ بند کرنا

دربند ۔ دریا کا پل ۔ حد ۔ مقام ۔ حصار ۔ قلعہ کا دروازہ

درپوست افتادن ۔ کسی کا عیب ظاہر کر کے غیبت کرنا

درپیش ۔ سامنے ۔

دُرِّ تحفہ ۔ موتی ۔ دُر ۔

دُرّہ ۔ کوزہ ۔ کٹوری ۔

دَرج ۔ داخل کرنا ۔ کاغذ کا لپیٹنا ۔ اندراج [کرنا

دُرج ۔ صندوقچہ ۔ ڈبہ جس میں زیور وغیرہ رکھیں

دَرَج ۔ جمع درجہ ۔ وہ سیڑھی کے ڈنڈے

درجات ۔ جمع درجہ کی ۔ بلند درجے ۔

دَرجہ ۔ رتبہ ۔ پایہ ۔ سیڑھی کا ڈنڈا ۔ تین سو ساٹھواں حصہ کرہ کا ۔

درخشش ۔ بجلی ۔ روشنی

درخشاں ۔ روشن ۔ چمکتا ہوا ۔

درخشیدن ۔ چمکنا ۔ جگمگانا ۔

درخور
درخورد } لائق ۔ سزاوار

درخواست ۔ خواہش ۔ عرضی ۔

درد ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔

دُرد ۔ دُردی ۔ تلچھٹ ۔ گاد ۔

دَردا - ہائے افسوس - افسوس -
دردمند - مبتلائے درد - دکھی -
دُرَر - جمع دُر - موتی - مروارید -
دَرز - شگاف - [طلب کرنا
دریوزن - دروازہ کھٹکھٹانا - مانگنا
درزن - سوئی
درزی - سینے والا -
درس - کتاب کا پڑھنا - سبق پڑھانا ہونا
درساعت - فوراً [درم - دینار
دُرست - ٹھیک - واجبی - اشرفی -
درہم کردن - برباد کرنا -
دُرشت - سخت - کھردرا -
درشتی - سختی - تناوری - فربہی - بدخلقی
دِرع - زرہ - لڑائی کے وقت زرہ پہنتے تھے
درف - سایہ - پناہ -
درفش - ستالی - موچی کا ایک آلہ -
دُرفش - جھنڈا - علم - پھریرا -
درفشیدن - چمکنا - لپکنا -
دَرَق
دَرَقہ } ڈھال - سپر
دَرک - پانا - معلوم کرنا -
دَرک - دوزخ کا طبقہ
دَرکات - جمع درک - منازل دوزخ

دَرکہ - نشیب - دوزخ کا طبقہ - مقابل درجہ
درکار - ضرور - خواہش - کام میں -
درکل - تمام - بالکل -
درگاہ - دربار - کچہری - مقبرہ -
درگرفتن - اثر کرنا - جلانا - روشن ہونا
موافق آنا -
درم - پیسہ - درہم
درنا - خرگوش - صحرائی جانور
درمان - علاج - دوا - دارو - درمانده
درماندن - عاجز ہونا - لاچار ہونا
درمانده - لاچار - عاجز
درماہہ - تنخواہ - ماہواری - مشاہرہ
دُرمکنون - یکتا موتی قیمتی موتی چھپا ہوا موتی
درمیان - بیچ -
درندہ - پھاڑنے والا جانور -
درنگ - دیر -
درون - زونگ - جونک -
درود - اسکے بیچ -
درو - کھیت کاٹنا -
دروازہ - گھر کا در -
درود - خدا کی طرف سے رحمت فرشتوں کی
طرف سے استغفار - مومنوں کی
طرف سے دعا - تسبیح - تحفہ -

دُرُودگر۔ نجار۔ بڑھئی۔ درودن۔ کاٹنا
دَرِ سوئش۔ حجام کا فصد کھولنے کا نشتر
دُروغ۔ جھوٹ۔ بہتان۔ کذب۔
دُروغگو۔ جھوٹا
دَرُون۔ اندر۔ بھیتر
دَرویزہ۔ گدائی۔ بھیک مانگنا۔ بھیک
دَرجوشے۔ پسینا۔ یا دودھ کا رواں ہونا
دَرویست۔ سب۔ تمام۔ بغیر تصرف وغیرہ
درویش۔ فقیر۔ اہل [illegible] دنیا۔ [illegible]
ہے۔ دروازہ پر مانگنے والا
درویش کامل۔ فقیر۔ درویش خوش نہاد
دَرّہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی گھاٹی
دُرّہ۔ چمڑے کا تسمہ۔ یا کوڑا۔ تازیانہ
دُرّہ۔ بڑا موتی۔ مکوی۔
دُرہرہ۔ روشن ستارہ۔ چھری چمکا [illegible]
دَرہم۔ ملا جلا۔ گڈمڈ۔ رنجیدہ۔ خفا۔
دِرہم۔ درم۔ ساڑھے تین ماشہ وزن
درہواس۔ بہت سخت۔
دَری۔ فارسی کی ایک زبان۔
دُرّی۔ ستارہ۔ بڑا روشن
دُری السیف۔ تلوار کی چمک۔
دریا۔ جاری پانی کا نالہ ندی
دریا بار۔ بڑا دریا

دریافت۔ تحقیق۔ یاد۔ پایا
دریافتن۔ پانا۔ تحقیق کرنا
دُرِّ یتیم۔ بڑا موتی۔ آبدار موتی جو سیپ میں
اکیلا ہو۔
دریچہ۔ کھڑکی۔
دریدہ۔ پھٹا ہوا۔
دریدہ دہن۔ منہ پھٹ۔
دریدن۔ پھاڑنا۔
دریغ۔ افسوس۔ حسرت۔ غم۔
دریغا۔ ہائے افسوس۔ حسرت۔
دریوزگی، دریوزہ۔ بھیک مانگنا۔ گداگری
دُزد۔ چور۔
دُزدی۔ چوری۔ سرقہ۔
دُزدیدن۔ چوری کرنا۔
دزد حنا۔ وہ سفیدی جو ناخن یا پیر میں مہندی
لگنے پر رہ جاتی ہے یا رکھی جاتی ہے
دِژ۔ قلعہ۔ گڑھی۔ یا اخانہ۔
دِژ رُوئین۔ نام ایک قلعہ کا جسکو اسفندیار
پہلوان نے فتح کیا۔ اور اپنی بہنوں کو
قید سے چھڑایا۔ آسمان۔
دژخیم۔ بدخصلت۔ زشت خو۔ دشمن۔ دیو
دژم۔ غمگین۔ افسردہ۔ بیمار۔ سست

دساتیر - جمع دستور - قاعدے۔
دست - ہاتھ۔ فائدہ۔ قبضہ۔ قوت۔ طرز قاعدہ۔ دفعہ۔ وزیر۔ ایک چیز کا نام
دستار - پگڑی۔ انگوچھا
دستارخوان - خوان جس پر کھانا کھاتے ہیں
دست از ہم دادن - متفرق ہونا۔
دست افزار - کاریگر کا ہتھیار۔
دست انداز - ظالم - مجرم - لٹیرا۔
دستان - جمع دست - فریب۔ حیلہ۔ مکر۔ نغمہ۔ حکایت۔ کہانی۔ رستم کے باپ کا نام [علامت
دستانہ - ہاتھ میں پہنے کا کپڑا۔ ہاتھ کا
دست آویز - سند - سارٹیفکٹ۔
دست برد - لوٹ کا مال۔ غلبہ۔ دلیری۔ بازی۔ قدرت۔
دست بر سر نہادن - سلام کرنا۔ تابعدار ہونا۔
دست برنجن - کنگن۔ ہاتھ کا کڑا۔
دست بستہ - ہاتھ جوڑ کے۔ نذر گذار۔ بخیل
دست بقچہ - گٹھری کپڑوں کا بیگ
دست پناہ - چمٹا جس سے آگ اٹھاتے روٹی پکڑتے ہیں
دستخط - اپنے نام کو لکھنا۔ نام کا نشان کرنا۔
دسترس - مقدرت - رسائی - تونگری

دستک - تالی - ہاتھ پر ہاتھ مارنا
دستک زدن کھٹکھٹانا۔
دستکار - کاریگر۔ ہاتھ کا چالاک
دستکاری - کاریگری۔
دستگاہ - قدرت۔ جمعیت۔ سامان۔
دستمال - رومال۔ انگوچھا۔ قیدی۔ زبون۔
دست مرد - مددگار - یار۔
دست مزد - مزدوری - اجرت - بدلا۔
دستنبویہ / دستنبو } سونگھنے کا گلدستہ یا میوہ خوشبو
دستور - وزیر - منشی - رخصت - اجازت۔
دستینہ / دستوانہ } ہاتھ کا زیور۔
دستہ - قبضہ تلوار چھری وغیرہ کا - یار مددگار فوج یا آدمیوں کا گروہ۔
دستیار - مددگار - زیر دست - شاگرد۔
دشمہ - چربی
دشوکت - چکنائی۔
دشیت / دشخ } زشت - بد۔
دشت - صحرا بیابان۔
دشخوار - مشکل - سخت - کڑا۔
دشمن - حریف - بیری - عدو۔

دشمن کام - وہ شخص جو حسب مراد دشمنوں کے برباد ہو جاوے

دُشنام - برا نام - گالی -

دَشنہ کُناری - ایک قسم کا خنجر -

دُشوار - مشکل - کٹھن - [معروف ہونا

دَشوہ ع - دلیری کے ساتھ لڑائی میں

دَع - چھوڑ - تو چھوڑ دے -

دُع - دفع کرنا - دور کرنا -

دُعا ع - مانگنا - خواہش کرنا -

دُعابہ ع - ٹھٹھول - مسخرا -

دُعابت ع - ظرافت - مزاح -

دُعات - جمع داعی - جانے والے - ملانیوالے

دعارۃ - بربادی - بدکاری -

دَعاوی ع - جمع دعویٰ -

دَعائم ع - ستون - تھمبے جمع دعامہ -

دَعیب ع - ہانک - مزاح و خوش طبعی کرنا -

دعہ ع - آرام و آسائش سے بسر کرنا

دُعت ع - ابتدائی سیاہی - [سیاہ ہونا

دَعج - آنکھ کی سفیدی و سیاہی کا خوب صفا ہونا

دعوات ع - جمع دعوت - دعا -

دعوت ع - بلانا کھانے کو بلانا - جنگ کو بلانا - مذہب پر بلانا -

دعوت ع - منتر پڑھنا

دَعی - متبنّیٰ - ولد الزنا -

دَغا - فریب -

دغاباز - فریبی

دَغدغہ - خوف - تشویش خاطر - دھکا پیل

دَغدغہ - گدگدی -

دَغل - فریب - کھوٹ - عیب - فساد -

دَف - دفلا بجانا - ڈھول - ڈھپرا -

دَفالی - سازندہ - کالا توت - ڈوم بجانیوالا -

دفاتر ع - جمع دفتر کی - کاغذات کا مجموعہ -

دفائن ع - جمع دفینہ کی - گڑے ہوئے مال

دَفتر ع - مجموعہ کاغذات - کچہری - کتاب

دَفتی - کتاب کا پٹھہ - [دفتی

دَفتین ع - شانہ جو ناہد کا مقوی کتابی

دَفع ع - دور کرنا - ہٹانا -

دفعات ع - جمع دفعہ -

دَفعتاً - یکبارگی -

دَفعہ - ایک بار -

دَفق ع - مٹی ڈالنا - پانی کا اچھلنا یا ڈھلنا -

دَفن ع - گاڑنا - زمین میں پوشیدہ کرنا -

دَفین ع - زمین میں پوشیدہ کیا ہوا

دَفینہ ع - زمین میں گڑا ہوا مال -

دِق ع - گدائی - اعتراض کرنا - ایک قسم کا لمبا

دَق ع - کوٹنا - آٹا بنا دینا -

دِق - باریک ہونا - ایک مرض جس میں مریض دُبلا ہوتا جاتا ہے۔

دِقاق ع - جمع دقیق - باریکیاں -

دَقّاق - کوٹنے والا - دھوبی - کندی کرنے والا - آرد فروش - لقب ایک [illegible]

دُقاق ع - باریک - اندک -

دَقائق ع - جمع دقیقہ - باریکیاں لطیف چیزیں

دِقت ع - باریکی - کنجوسی - تکلیف -

دَقَل ع - پھلا ہوا درخت -

دِق الحصیر - نیا مکان بنوا کر دعوت کرنا محنت و مشقت -

دِق دلق - وہ جنگل جس میں گھاس تک نہ ہو

دَقیانوس - نام ایک کافر ظالم بادشاہ کا جس کے خوف سے اصحاب کہف بھاگ کر پہاڑ کی غار میں چھپے تھے

دقیق ع - باریک - مہین آٹا - مجازاً مشکل

دقیقہ - باریکی - ایک درجہ کا ساٹھواں حصہ -

دُکاکین ع - جمع دکان -

دُکان پ - دکان ہٹی

دکانچہ - چھوٹی دکان -

دُکہ ع - مخفف - دکان -

دُکہ ع - کوٹنا - ریزہ کرنا -

دَکادِک ع - زمین سخت - دکادک جمع -

دکن - ملک دکن -

دکیک ع - پورا سال -

دکدک ع - دانت کرکرانے کی آواز -

دِگر - دوسرا - اور شخص - اور چیز - بعد - پھر

دِگرگوں - اور طرح پر -

دُگلہ - سپاہیوں کی قبا - مشہور لباس

دُگانہ / دوگانہ } دو رکعت نماز - دوہری چیز -

دل - من - دل -

دلارام - معشوق - دل کو آرام دینے والا -

دلاسا - تسلی

دلاغ - تربوز -

دَلاک - حمامی - بدن ملنے والا نائی -

دَلال - رہنما - وہ شخص جو سودا کرا دے -

دَلال ع - غمزہ - آنکھ سے اشارہ کرنا -

دِلال ع - ناز و نخرہ -

دَلالت - راہ دکھانا - وجہ ثبوت

دَلالہ ع - رہنما عورت - نکاح کرانے والی کٹنی

دَلالی - دلال یا دلالہ کا حق -

دلاور - بہادر -

دلاوری - بہادری -

دل آویز - دل پسند - مطبوع -

دلائل - جمع دلیل
دلبادل - نام ایک بڑے خیمہ کا -
دل باز - چالاک - نڈر - بے خوف بہادر
دلبازی - بے سوچے جلدی کرنا خطرہ میں
دلبر - معشوق - دلربا -
دلبری - معشوق پن -
دلبستگی - دل کا لگنا علاقہ دل کا -
دلبستہ - دل لگا ہوا -
دلبند - دل کا ٹکڑا - فرزند
دلپذیر - دل پسند -
دل تنگ - رنجیدہ - بخیل - کنجوس -
دلج ع رات کے اول حصہ میں راہ چلنا -
دل جمع - خاطر جمع
دلخستہ - رنجیدہ - دل فگار -
دلدار - معشوق - پیارا -
دل دادن - دھارس دینا - دلیر کرنا
دلدادہ - عاشق - شیدائی -
دلدل - نام اس مادہ خچر کا جو سفید سیاہی مائل تھی - اور حاکم اسکندریہ نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو دی اور انھوں نے حضرت علی کو دی
دلدوز - دل میں گھس جانے والا -
دلربا - معشوق - محبوب - دلستاں -

دلس ع بہت تاریکی
دلستان - معشوق -
دلف ع آہستہ چلنا -
دل فگار - زخمی دل - عاشق
دلفین ع ایک قسم کی مچھلی -
دلق - گدڑی نالائق
دلق - جنگلی بلا اس کی پوست کا پوستین بنتا ہے
دلک ع بدن کا ہاتھ سے ملنا - رگڑنا -
دل گرفتن - رغبت کرنا - رنجیدہ ہونا
دل گرم - پُر محبت -
دلال ع ناز کرشمہ - نخرہ -
دلو ع ڈول آسمان کا گیارھواں برج - بیلا
دلوک - آفتاب کا غروب ہونا
دلہاث ع شیر درندہ -
دلیر - بہادر - سب چلا -
دلیل - وجہ ثبوت - راہبر - رہنما -
دلیلی - ایک قسم کی سیب -
دم - سانس بات - مکر - فریب - دُم - ڈت بانی کا گھونٹ - تلوار کی تیزی
دم ع خون - لہو
دُم - پونچھ جانور کی -
دما ر - جمع دم بمعنی خون -
دماثت - نرمی - ہمواری - نرم خوئی -

دمادم - پے درپے - دمبدم - (ہوائی زنگی)
دمار - دھواں - سانس - دم - ہلاک
جس چیز کی انسان کو حاجت
دَماغ - مغز کا گودا - تکبر - غرور -
دَماغ سوختن - بہت محنت کرنا -
دم الاخوین - سیاوشاں - یہ ایک درخت کا گوند
دَم الغزال - ایک قسم کی گھاس -
دَمان - پھنکار مارنے والا - مست - خشمناک
خوشی یا غصہ میں تند و تیز
دَمامہ - نقارہ - دھونسا - نفیری
دَمامیل - جمع دمل - پھوڑے - پھنسیاں
دمباز - فریبی - دغاباز -
دَمبدم - ہردم - ہرساعت - ہرلحظہ -
دَمدمہ - ف - مکر - فریب - نقارہ - ڈھول
شہرت - قلعہ کی چاردیواری - لڑائی
میں جو مورچال بناتے ہیں -
دَمر - اوندھا - الٹا -
دم زدن - کلام کرنا -
دَمع - آنسو - اشک - دموع جمع -
دمغ - دماغ پر مارنا -
دُمَل - پھوڑا - پھنسی -
دُملج - بازوبند - دمالج جمع -
دَمن - غلیظ اور گوبر کا ڈھیر - گھوڑا -

دِمنہ - ایک گیدڑ کا نام جو بڑا مکار تھا
مجازاً حیلہ گر -
دُموع - آنسو جمع دمع و دمعہ -
دَموی - خون کا منسوب بہ خون -
دمیدن - اگنا - طلوع کرنا - پھونکنا -
دمیک - برف -
دَمیم - بدصورت مرد - دمام جمع -
دَمیمہ - بدصورت عورت - دمائم جمع -
دَمینہ - دھونکنی - پھونکنی - بیماری -
دَن - مٹکا - مٹکا -
دَناءت - نالائقی - کمینہ پن -
دَنانیر - جمع دینار -
دُنب - چوپایوں کی دم -
دُنبال - پیچھا - جانور کی دم -
دُنبالہ - پیچھا -
دُنبل - پھوڑا -
دُنبہ - بھیڑ - مینڈھا - چوڑی دم -
دُنبہ نہادن - فریب دینا -
دَندان - دانت -
دَندان نمودن - ہنسنا -
دَندانہ - دانت کی طرح -
دَنس - چرک - میل - میلا ہونا -
دَنف - جو ہمیشہ بیمار رہے

ڈنگ - حیران - احمق - دیوانہ -
دنگل - کشتی کی جگہ - لڑائی کا مقام -
دنو - نزدیک ہونا - نزدیکی
دنی - ناکس - نالائق -
دُنیا - جہان - نزدیک ہونیوالی عورت
دُنیوی - دُنیا کا
دنیئہ - نالائق - کمینہ -
دُو - دو - ۲ -
دَوَا - دارو - علاج -
دَوَاب - چوپائے مثلاً گھوڑا اونٹ وغیرہ
دَوَات - سیاہی ڈالکر لکھنے کا برتن -
دَوَادَو - دوڑا دوڑ - ہر طرف پے درپے دوڑنا
دَوَّار - بہت پھرنے والا - دور کرنے والا -
دَوازدہ - بارہ -
دوازدہم - بارھواں حصہ - ۱/۱۲
دَوَاعی - جمع داعی - بلانیوالے [illegible]
دَوَال - چمڑے کا تسمہ -
دَوام - ہمیشگی -
دَوَاں - دوڑتا ہوا - دوڑتا -
دَوَانیدن - دوڑانا
دَوَاوین - جمع دیوان - کتابیں - دفتر
دَوَائر - جمع دائرہ - گھیرے -
دُوبارہ - دومرتبہ - دودفعہ -

دُوبالا - دوگنا -
دوپیازہ - وہ گوشت جس میں تلا ہوا پیاز ڈالکر پکاتے ہیں -
دُوپرشتی - دوبارہ چھانا ہوا آٹا یا میدہ
دوتا - دو عدد - دُگنا جھکا ہوا - کبڑا -
دوتار - ایک باجہ مثل ستار کے -
دُوتاہ - دوچند - دوگنا -
دُوچار - مقابل - آمنے سامنے -
دوچند - دوگنا مضاعف -
دَوحہ - بڑا درخت -
دُوخت - سلائی - سینا -
دُوختن - سینا -
دُود - دھواں - غم - رنج - سانس -
دُودت - کیڑا - مکوڑا -
دودالحریر - ریشم کا کیڑا - کرم پیلہ -
دُودکش - چمنی جس میں سے دھواں نکلے -
دُودمان - خاندان - قبیلہ - کنبہ -
دُودِلہ - جو شخص اپنا مذہب بدلا کرے
منافق - متردد -
دُودہ - کاجل - خاندان -
دَور - گردش زمانہ گول ہونا -
دُوری - بعید -
دوران - گردش - دورہ - پھیلاؤ -

دوراندیش - جو شخص دور کی بات سوچے ہو۔ انجام بیں۔

دورباش - ایک دو شاخہ نیزہ جواہرات سے جڑا ہوا جسکو بادشاہ کی سواری کے آگے لیکر چلتے ہیں اور جسکو دیکھکر لوگ ہٹجاتے ہیں۔

دوربین - ایک اوزار جس سے دور کی چیز نزدیک دکھلائی دے۔ انجام بیں

دورنگ - منافق۔

دوروئی - نفاق۔

دورہ - گردش۔ گشت۔ پھراؤ۔ چھوٹا مرتبان

دوزخ - جہنم - نرک۔

دوس - چمکانا یا مالش کرنا۔ صیقل کرنا۔

دوست - یار۔ پیارا۔

دوستی - محبت یاری۔

دوست کام - وہ شخص جسکا مطلب حسب مراد دوستوں کے ہووے

دوش - مونڈھا۔ گذری ہوئی رات

دوشا - وہ چوپایہ جسکا دو [illegible]

دوشاب - انگور یا چھوارہ کا رس جسپر رات گذر گئی ہو۔

دوشاخہ - اس لکڑی کو کہتے ہیں جسمیں دو شاخیں ہوں اس کو مجرموں اور گنہگاروں کی گردن پر رکھتے ہیں۔

دوشنبہ - پیر کا دن

دوشندہ - دوہنے والا۔

دوشیدن - دودھ دوہنا۔

دوشیزگی - کنوارپن۔

دوشیزہ - کنواری عورت۔

دوصاد - کنایہ - دونوں آنکھوں سے

دوع - کودنا۔ دوڑانا۔

دوغ - چھاچھ جسکا مسکہ نکلا ہوا دودھ۔

دوف - ملانا۔ پانی میں دواکو تر کرنا۔

دوک - چرخہ کا تکلا۔

دوکدان - چرخہ۔

دوکون - دنیا اور عقبیٰ۔ دونوں جہان

دوگان - دوگنا۔

دوگانہ - دو رکعت نماز کی۔

دول - جمع دولت کی۔

دولاب }
دولابہ } چرخ۔ رہٹ۔

دولت - سلطنت۔ حکومت۔ غنیمت غلبہ۔ گردش زمانہ۔

دولت - زر۔

دولتمند - مالدار۔ صاحب حکم۔

دوبج۔ جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔
دومار۔ کنایہ ضحاک بادشاہ سے۔
دوم۔ دوسرا۔
دومغز۔ بادام
دوموبرا دچیز۔ جسکے بال سفید ہو
دون۔ سوائے حقیر کمینہ۔
دونان۔ کمینے لوگ خسیس لوگ۔
دونیم۔ دونیم۔ دو برابر حصے۔ دو ٹکڑے
دویدن۔ دوڑنا۔
دویست۔ دوسو۔ ٢٠٠۔
ده۔ دس۔ ١٠۔
ده۔ گاؤں۔ دسے۔
دہات۔ جمع دہہ یا ده۔ گاؤں۔
دہاقین۔ جمع دہقان۔ گنوار لوگ۔
دیہاتی۔
دہان۔ منہ دہن۔
دہانہ۔ دریا وغیرہ کا موہانہ۔
دہانیدن۔ دلانا۔ دلوانا۔
ده خدا۔ گاؤں کا مالک۔
دودل } منافق۔ متردد۔ بہسا در
دودلہ } جو مذہب بدلا کرے۔
ده دہی۔ نہ خالص۔ کھرا۔ روشن
دہر۔ زمانہ۔ دہور جمع۔

دہر داہر۔ زمانہ سخت۔
دہری۔ بیگانا۔ بدھا۔ وہ شخص جو عالم کو قدیم جانے اور قیامت کا قائل نہ ہو۔
دہریہ۔ دہری جو زمانہ کو خدا سمجھے
دہش۔ دینا۔ انعام بخشش۔
دہشت۔ خوف حیرت۔ پریشانی۔
دہقان۔ گنوار۔ کسان۔ معرب دہگان
دہقانیت۔ گنوارپن۔
دہکده۔ گاؤں۔ وہ مکان جو گاؤں میں ہو
دہل۔ ڈھول۔
دیلب۔ بڑا آدمی جسکی صحبت بری سمجھی جاوے
دہن دریده۔ رسوا۔ خاموش۔
دہلیز۔ چوکھٹ۔ شروع گھر کا۔
دہم۔ دسواں حصہ $\frac{1}{10}$
دہمت۔ سیاہی تاریکی۔
دہیج۔ کشادہ فراخ۔
دہ مرده۔ چھوٹا گپی۔ بیہوده گو۔
دہن۔ دہان۔ منہ۔
دہن۔ تیل۔ روغن۔
دہن مصری۔ روغن بلسان۔
دہتا۔ مہمانی۔
دہنہ۔ دہانہ۔ موہنہ۔ دہنہ فرنگ ایک بستہ

دہور - جمع - دہر - زمانے۔
دہی - زمیندار۔
دی - گذرا دن - گذری رات۔
دے - ایک شمسی مہینہ مطابق ماگھ - مجازاً جاڑا
دیار - جمع دار گھر - مجازاً ملک اور شہر۔
دیار - باشندہ صاحب خانہ۔
دیان - بدلا دینے والا - قہر کرنے والا - خدا کا نام۔
دیانت ع دینداری - راستی۔
دیبا - ایک قسم کا ریشمی باریک کپڑا۔
دیباج - معرب ہے دیباہ کا - دیبا۔
دیباچہ / دیباچہ } چہرہ رخسارہ - شروع کتاب - کتاب کا خط
دیبوب ع چغلخور عیب بیان کرنیوالا۔
دیت - خون بہا - خون کے عوض کا روپیہ
دیت ع سخت دشمنی جو دور نہ ہو۔
دیجور - اندھیری رات - تاریکی - اندھیری دیا جیسی
دیدار - منہ چہرہ - دیکھنا۔
دیدان ع جمع دودی - کیڑے۔
دیدبان - وہ سوراخ جس سے نشانہ کو تاکیں - وہ شخص جو بلند مقام سے دیکھا کرتا اور دشمن آتا ہے تو اہل قلعہ کو خبر دیوے - جاسوس مخبر - ناظر حال

دیدن - دیکھنا۔
دیدہ بر دوختن - اغماض کرنا غرور کرنا
دیر - بت خانہ - مندر - گنبد۔
دیروز - کل جو گذر گیا۔
دیرباز - زمانہ دراز۔
دیرینہ - پرانا۔
دیز - لون - رنگ۔
دیس - کلمہ تشبیہ - مثل - مانند۔
دیشب - کل کی رات جو گذر گئی۔
دیک / دیکہ } مرغ - خروس۔
دیگ - ہانڈی - دیگچی۔
دیگچہ - ہنڈیہ۔
دیگدان - چولہا۔
دیگدان سرد - بخیل۔
دیگر - اور - دوسرا۔
دیل ع گیدڑ۔
دیلم - نام ایک ملک کا - ختی - بلا۔
دیلمی - نام قوم جنکے سر کے بال کھونگروالے ہوتے ہیں۔
دیم / دیمہ } منہ چہرہ - روشنی - ایک قسم کا چمڑا۔
دیمک - مشہور کیڑا۔

دین ع۔ مذہب۔ پنتھ۔ بدلا دینا۔ حساب
دَین ع۔ قرض۔ ادھار۔
دینار ع۔ ایک سکہ جو اڑھائی روپیہ کا ہوتا ہے
دینار سرخ۔ سونے کا سکہ۔ اشرفی۔
دیو۔ بھوت۔ جن۔ فریب۔ کنایہ ابلیس سے
دیوار۔ دیوال۔ بھیت۔ سد۔
دیوان۔ کچہری۔ دار العدالت۔ غزلوں کی کتاب
دیوان نہادن۔ انصاف کرنا۔
دیوانگی۔ پاگل پن۔ سڑی پن۔
دیوانہ۔ سڑی۔ سودائی۔ پاگل۔
دیوانی۔ کچہری جس میں قرضہ اور
دادوستد کی نالش ہو۔
دیو باد۔ آندھی کا بگولا۔
دیوث۔ بیغیرت۔ بے شرم۔ بھڑوا۔
جو اپنی بیوی سے کسب کراوے۔
دیوچہ۔ جونک۔ دیمک۔
دیودار۔ ایک بھاری درخت جسکی لکڑی
سے جہاز کے مستول بنتے ہیں۔
دیونژاد۔ گھوڑا۔ تناور۔ تیزرو
دیوسار۔ دیو کے مانند۔
دیولاخ۔ دیوؤں کے رہنے کا مقام۔
دیو مردم۔ بنی انس۔ شریر۔ مفسد۔ قدآور
آدمی۔

دیوپری۔ شیطان۔ سرکش۔
دیون ع۔ جمع دین کی۔ قرض۔
دیوہ ع۔ ریشم کا کیڑا۔
دیہہ۔ گابھن۔
دیہیم۔ بادشاہی تاج۔

باب الذال

ذا ع۔ یہ مرد۔ اسم اشارہ قریب۔
ذاب ع۔ عیب۔ اسم اشارہ قریب۔
ذابح ع۔ ذبح یا حلال کرنیوالا۔
ذات ع۔ صاحب۔ مالک۔ حقیقت۔ اصل چیز کی
ذات بحت۔ خالص ذات یعنی اللہ تعالیٰ
ذات البین۔ درمیانی قضیہ۔ دلال۔
ذات الجنب۔ سینہ کی گردن کی سوجن
ذات الریہ۔ پھیپھڑے کا ورم۔
ذات الشمال۔ جانب دست چپ۔
مراد گنہگاروں اور کافروں سے۔
ذات الصدر۔ اولیاء اللہ۔
ذات الیمین۔ جانب دست راست
مراد مومنوں سے
ذاک۔ وہ۔ اسم اشارہ بعید۔
ذاکر ع۔ ذکر کرنیوالا۔ یاد کرنے والا۔
ذاہب ع۔ جانے والا۔

ذاہل ع بھولنے والا۔ غافل۔
ذائب ع گلنے والا۔ پگھلنے والا۔
ذائع ع آشکار۔ ظاہر۔
ذائق ع چکھنے والا۔
ذائقہ ع وہ قوت جس سے کسی چیز کا مزہ معلوم کریں۔ چکھنے کی قوت۔
ذب ع دھکا دینا۔ باز رکھنا۔ جنگلی بیل۔
ذباب ع مکھی۔ مگس۔ اذبہ جمع۔
ذباب السیف۔ تلوار کی باڑھ۔
ذباب العین۔ آنکھ کی پتلی۔
ذباذب ع عضو تناسل۔
ذبال ع ذبالۃ۔ بتیاں۔
ذبالہ ع فتیلہ۔ چراغ کی بتی۔
ذبح ع جانور کا شرعی طور پر گلا کاٹنا
ذبح اکبر۔ عید الاضحیٰ کی قربانی۔ وہ گوسفند جو حضرت اسمٰعیل کے فدیہ میں بہشت سے آیا تھا۔
ذبر ع لکھنا۔
ذبل ع سوکھنا۔ پژمردہ ہونا۔
ذبول ع لاغری۔ پژمردگی۔
ذبیح، ذبیحہ ع وہ جانور جو ذبح کیا جاوے۔
ذخائر ع جمع ذخیرہ۔ گودام
ذخر ع ذخیرہ جمع کرنا۔

ذخرہ ع ذخیرہ۔ جمع کی ہوئی اشیا
ذخیرہ ع وہ چیز جو کسی وقت کام آنے کے لئے رکھ چھوڑیں۔
ذرّات ع جمع ذرّہ۔ ریزہ۔ کنکیاں
ذراری ع جمع ذرّیت۔ نسل۔
ذراع۔ بازو۔ ہاتھ کہنی سے انگلیوں تک ہاتھ۔
ذرائع ع جمع ذریعہ بمعنی وسیلہ۔
ذرع ع ہاتھ کے حساب سے ناپنا۔ طاقت۔
ذروہ ع کنگرہ۔ چوٹی۔ سب سے اونچی چیز
ذرّہ ع چھوٹی چیونٹی۔
ذرّیت ع اولاد۔ نسل۔
ذریعہ ع وسیلہ۔ واسطہ۔
ذفر ع خوشبو جیسے مشک۔ اذفر
ذقن ع ٹھوڑی۔ زنخ
ذکاء۔ ذہانت۔
ذکاء ع آفتاب۔ سورج۔
ذکر ع زبان سے یاد کرنا
ذکر ع مرد کا آلۂ تناسل۔ فولاد
ذکور ع جمع ذکر۔ بہت سے مرد۔
ذکی ع ذہین۔ تیز فہم
ذل ع ذلت۔ خواری
ذلالت ع ذلیل ہونا

ذلت ۔ خواری ۔ گناہ

ذلق ۔ تیز زبانی ۔ بے آرام ہونا ۔

ذلیق ۔ تیز زبان ۔ سنان تیز ۔

ذلیل ۔ بے عزت ۔ گنہگار ۔ تابعدار ۔ نرم

ذم ۔ ہجو کرنا ۔ برائی کرنا ۔

ذہم ۔ نہایت دبلا ۔ لاغر ۔

ذمائم ۔ جمع ذمیمہ ۔ برائیاں ۔ بدیان ۔ شرارتیں ۔ بری چیزیں ۔

ذمہ ۔ عہد ۔ امان ۔ پناہ ۔ ضمانت

ذمی ۔ اہل کتاب جنکو مسلمانوں کے ملک میں پناہ دی گئی ہو ۔

ذمیم / ذمیمہ } ۔ بد ۔ خراب

ذنب ۔ دم ۔ پونچھ ۔

ذنب ۔ گناہ ۔

ذنوب ۔ جمع ذنب ۔ گناہ

ذو ۔ صاحب ۔ خداوند ۔

ذوابہ ۔ گیسو ۔

ذوات ۔ جمع ذات ۔

ذوبان ۔ گلنا ۔ پگھلنا ۔ بیقراری

ذوجسدین ۔ عطارد ۔ جس کا برج دو پیکر یعنی جوزا ہے

ذوذوابہ / ذوذنابہ } نام ایک ستارہ منحوس کا جو جھاڑو کی شکل میں نمودار ہوتا ہے

ذوالجلال ۔ صاحب عزت و شوکت ۔ و دبدبہ والا

ذوالحجہ ۔ مسلمانوں کے سال کا بارھواں مہینہ

ذوالفقار ۔ حضرت علی کی تلوار ۔

ذوالقربی ۔ رشتہ دار لوگ ۔

ذوالقرنین ۔ بڑا بادشاہ جو پورب سے پچھم تک حکمران ہو ۔ صاحب دو قرن کا ۔ دو گیسو والا ۔ لقب بادشاہ سکندر کا ۔

ذوالقعدہ ۔ مسلمانوں کے سال کا گیارھواں قمری مہینہ ۔

ذوالنون مصری ۔ ایک فقیر کامل کا لقب ہے ان کے کہنے سے مچھلیاں موتی لیکر آئیں

ذوق ۔ چکھنا ۔ مزہ چکھنے کی قوت ۔ ذائقہ

ذوناب ۔ جانور درندہ ۔

ذہاب ۔ جانا ۔ گذرنا ۔

ذہب ۔ سونا ۔ زر ۔

مُحرِّص ء حرص میں ڈالنے والا۔

مُحرَّص ء جو حرص میں ڈالا گیا۔

مُحرِّض ء جنگ پر آمادہ کرنے والا در غلانے والا۔

مُحرَّض ء جنگ پر مستعد۔ ورغلایا ہوا۔

مُحرَّف ء سیدھائی سے پھیرا گیا۔ کج اور ترچھا

مُحرِق ع جلانے والا۔
مُحرِقہ ع جلانے والی۔ ایک قسم کی تپ
مُحرِّک ع تحریک دینے والا۔ حرکت کرنیوالا
مُحرَّم ع حرام کیا گیا۔ سنہ ہجری کا پہلا مہینہ
مُحرِم ع احرام۔ باندھنے والا۔
مَحرَم ع واقف کار۔ وہ شخص جسکے ساتھ نکاح درست نہ ہو۔
محرمات ع حرام چیزیں۔ وہ باتیں جنکا توڑنا روا نہ ہو۔
مَحرَمان ع واقف کار لوگ۔
محرم راز ع بھید جاننے والا۔
محرور ع گرم۔ گرم مزاج والا۔
محروس ع حراست کیا گیا۔ نگہبانی کیا گیا۔
مَحرُوم ع روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔
مَحزُون ع غمگین۔
مُحسِن ع نیکی کرنیوالا۔ احسان کرنیوالا
مُحسنات ع جمع محسنہ۔ نیکیاں۔
محسنہ ع نیکی۔ خوبی۔ نیک کی گئی چیز
محسنین ع جمع محسن۔
محسوب ع حساب کیا گیا۔ شمار کیا گیا
محسود ع حسد کیا گیا۔ رشک کیا گیا۔

مَحسُور ع افسوس کیا گیا۔
محسوس ع وہ شے جو حس میں آوے جو حس سے معلوم ہو سکے
محسول ع بیکار چیز۔
محسوم ع وہ بچہ جو دودھ سے باز رکھا گیا ہو۔ بری غذا والا بچہ۔
مَحش ع جماع کرنا۔ بہت کھانا۔ زخمی کرنا
محشر ع جگہ اکٹھا ہونے لوگوں کی۔ روز قیامت۔
محشود ع تابعداری اور اطاعت کیا گیا
محشوس ع جلایا گیا۔
مُحشّیٰ ع حاشیہ چڑھایا گیا۔
مُحشّی ع حاشیہ چڑھانے والا۔
محصد ع دنتی کھیت کاٹنے کا آلہ ہنسیا
مُحصِّل ع حاصل کرنیوالا۔
مُحصَّل ع حاصل کیا گیا
محصن ع جورو والا مرد۔ پرہیزگار۔
محصنہ ع زن شوہردار۔
محصود ع کھیتی کٹی ہوئی۔
محصور ع حصار کیا گیا۔ گھیرا گیا۔ قید
محصول ع حاصل کیا گیا۔
مَحض ع صرف۔ خالص۔
محضر ع قاضی کا نامہ۔ حاضر ہونے کا وقت

حاضر ہونے کی جگہ۔ نیک محضر وہ شخص
جو غائب کو نیکی سے یاد کرے۔
مُحَضرم: وہ آدمی جس نے کفر و اسلام
دونوں کا زمانہ پایا ہو۔
مُحْضَرون: حاضر کئے گئے لوگ۔
مَحظور: منع کیا گیا۔ حرام
مَحظوظ: بہرہ مند۔ نصیب ور۔ خوش
مَحفل: آدمیوں کے جمع ہونیکی جگہ۔
مَحفوظ: حفاظت کیا گیا۔
مِحفّہ: محافہ۔ ڈولی۔ عورتوں کی سواری
مُحِق: حق کو ثابت کرنے والا۔
مُحتقر: ذلیل۔ حقیر۔
محقق: تحقیق کیا گیا۔
محقق: تحقیق کرنیوالا۔
مَحک: کسوٹی۔ ایک سیاہ پتھر جسپر
سونے چاندی کی آزمائش کرتے ہیں
مُحکم: مضبوط۔ مستعد
مَحکمہ: کچہری۔ انصاف کی جگہ۔
مَحکوم: حکم کیا گیا۔
مَحل: جگہ۔ مکان۔ شہنشاہی مکان۔ منزل
مَحلات: جمع محل۔
مَحلوج: دھنکی ہوئی روئی۔
مَحلول: حل کیا ہوا۔ باریک پسا ہوا

مَحلہ: جگہ اترنے کی۔ منزل گاہ۔ مجازاً
شہر کا کونہ۔ شہر کا حصہ۔
مُحلّے: آراستہ۔ زیور پہنایا گیا۔ مجازاً جہرہ
مُحمّد: بسیار ستودہ۔ تعریف کیا گیا۔
نام رسول مقبولؐ کا
مُحمّدت: ستائش۔ تعریف۔
محمدی: وہ شخص جو محمدؐ کے امت سے ہو
مِحمَل: تلوار لٹکانے کا تسمہ
مَحمل: کجاوہ۔ اونٹ کا ہودج۔
محمود: تعریف کیا گیا۔
محمول: لادا گیا۔ گمان کیا گیا۔ منطق میں
جو چیز مقابل مبتدا کے واقع ہوتی ہے
محموم: وہ شخص جسکو شدت کی تپ ہو
مِحن: آزمانا۔
مِحن: جمع محنت۔
محنت: تکلیف۔ دکھ۔ رنج۔
محو: زائل کرنا۔ نقوش و حروف کو کاغذ
یا لوح سے چھیل ڈالنا۔ گم اور نابود
ہونا اوصاف بشری کا۔ فارسی میں
عاشق۔ دیوانہ۔
محور: دھری جسپر پہیہ گردش کرتا ہے
ایک فرضی خط جسکا ایک سرا قطب جنوبی
اور ایک قطب شمالی سے پیوستہ ہے۔

مُحوّل ع پھرانیوالا۔ حوالہ کرنیوالا
مُحوّل ع سپرد کیا گیا۔
مُحی
مُحیی ع زندہ کرنیوالا
مُحیِی
مُحیّا ع چہرہ۔ منہ
مُحیِّص ع رہائی پانا
مُحیط ع احاطہ کرنیوالا۔
مُحیل ع حیلہ گر۔ مکار۔
مَخاتیم ع جمع مختوم۔ مہر کئے ہوئے۔
مُخادع ع مکر اور فریب کرنیوالا
مُخادعات ع مکر۔ فریب۔ جمع مخادعت
مُخادعت ع مکر و فریب۔
مُخادنت ع باہم دوستی و محبت کرنا۔
مَخادیم ع جمع مخدوم۔ بزرگ لوگ۔
مَخاذیل ع جمع مخذول۔ ذلیل لوگ
مَخارج ع خارج ہونے کی جگہیں۔
مُخارصہ ع کسی کو اپنی چیز دیکر اسکی چیز لینا
مُخارف ع بے نصیب۔ بے نفقہ در رزق
مُخارفتہ ع موسم خریف کا معاملہ آپس میں کرنا
مَخازن ع جمع مخزن۔ خزانے۔
مُخاصرۃ ع ایک دوسرے کی کمر میں ہاتھ ڈالکر چلنا۔
مُخاصمت
مُخاصمہ ع باہم خصومت کرنا۔ لڑنا۔

مُخاضرۃ ع کچے میوے درخت پر بیچنا۔
مُخاضعہ ع باہم عشق و محبت کرنا۔ گالی گلوج کرنا۔
مُخاط ع آب بینی۔ سنک۔
مُخاطب ع سامنے سے بولنے والا خطاب کرنیوالا۔ غصہ کرنیوالا
مُخاطَب ع خطاب کیا گیا جس سے بات کریں۔
مُخاطبات ع آپس میں کلام کرنا۔
مُخاطرۃ ع خطرہ۔ اندیشہ۔ وہ بات جو ذہن میں آجاوے۔
مُخاطی ع خطا کرنیوالا
مَخافات ع خوف۔ جمع مخافت۔
مَخافت ع خوف۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔
مَخالب ع جانوروں کے چنگل۔ شکاری پرند۔
مُخالطت ع مل جانا۔ دوستی۔ اختلاط
مُخالف ع جو شخص برخلاف ہو۔ دشمن
مُخالفت ع دشمنی۔ خلاف کرنا۔
مَخاوف ع خوف کی جگہیں۔
مُخبر ع خبر دینے والا۔ مجازاً چہرہ
مُخبّط ع ملا جلا۔ فاسد۔ تباہ
مُختار ع اختیار کیا گیا۔
مُختال ع متکبر۔ انکار کرنیوالا۔

مُخترَع : اختراع کیا گیا
مُختَرِع : نئی بات نکالنے والا۔
مُخصَّص : خاص کیا گیا۔
مُختصر : جو طویل نہ ہو۔ جو دراز نہ ہو۔
مُختل : خلل پایا گیا۔
مُختلف : جو یکساں نہ ہو۔ اختلاف رکھنے والا۔
مختُوم : مہر لگایا ہوا۔ مقفل۔ بند۔
مختون : ختنہ کیا گیا۔
مُخدِر : سُن کرنیوالی چیز۔ بے حس کرنیوالی چیز
مُخدرہ : پردہ نشین عورت۔
مخدوش : وسوسہ کیا گیا۔ خوف و خطر کیا گیا۔
مخدوم : خدمت کیا گیا۔ آقا۔
مخذول : خوار۔ ذلیل۔ بے درد۔
مُخرّب : ویران کرنے والا
مُخرِّج : پھاڑنے والا۔ ٹکڑا ٹکڑا کرنیوالا۔
مخروط : خراطا کیا گیا۔ تراشا گیا۔ وہ چیز جو گاجر کی شکل کی ہو۔
مُخزن : جگہ جمع کرنے کی۔ خزانہ کی جگہ۔
مخزوں : خزانہ میں رکھی ہوئی چیز۔ پوشیدہ۔

مُخصّص : خاص کیا گیا۔
مُخضّب : خضاب کیا گیا۔ وسمہ باندھا گیا۔
مُخطّط : لکیروں والا۔ وہ چیز جس پر لکیریں پڑی ہوں۔
مَخطور : اندیشہ۔ جو خیال دل میں گذرے۔ ہلاکت کے قریب۔ حرام۔
مَخطورات : فکریں۔ اندیشے۔
مُخطی : جس سے بلا قصد کے خطا سرزد ہو جائے۔
مُخفّف : ہلکا کیا گیا۔
مَخفی : پوشیدہ۔
مُخِل : خلل انداز۔ خلل ڈالنے والا۔
مُخلّد : ہمیشہ۔
مُخلص : اخلاص کرنیوالا۔ سچا دوست
مَخلصی : رہائی۔
مُخلّط : ملایا گیا۔
مُخلّع : خلعت دیا گیا۔
مُخلّف : پیچھے چھوڑا گیا۔
مَخلوط : ملا جلا۔ گڈمڈ۔
مَخلوع : نکالا گیا۔ تخت سے اُتارا گیا۔
مَخلوق : پیدا کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔
مخلوقات : دنیا اور جو چیزیں دنیا میں ہیں

مُخلّی ۓ خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔
مخمّر ۓ خمیر کیا گیا۔ گوندھا گیا۔
مخمّس ۓ پانچ طرف کا۔ پانچ گوشہ کا۔ وہ نظم جسمیں پانچ مصرعوں کا بند ہو
مخمصہ ۓ شدت کی بھوک۔ غم عظیم جس سے اضطراب ہو۔
مخمل ۓ نام ایک مشہور کپڑے کا۔
مخمور ۓ متوالا۔ شراب پینے والا۔
مخموس ۓ پانچ گز کا کپڑا یا نیزہ ہے
مخمول القلب ۓ جسکا دل بغض اور کینہ سے پاک ہے
مخنث ۓ ہجڑا خصی یا نامرد بنایا ہوا۔
مخنق }
مخنوق } ۓ جو گلا دبا کر مرا ہو۔
مخوف ۓ ڈرایا گیا۔ خوف زدہ۔
مخیّر ۓ نیکی کرنیوالا۔ بڑا سخی۔
مخیّر ۓ اختیار دیا گیا۔
مخیس ۓ جیل۔ قید خانہ۔
مخیض ۓ مسکہ نکالا ہوا دودھ۔
مخیط ۓ سی ہوئی چیز
مخیّل ۓ خیال کیا گیا۔
مخیلہ ۓ غرور۔ کبر۔ وہ ابر جسکو برسنے والا خیال کریں۔
مخیلہ۔ قوت خیال۔

ت ۓ خیمہ نصب کرنے کی جگہ۔
مد ۓ کشش کھینچنا۔ جوار جو دریا میں آتا ہے
مُد ۓ عرب کا ایک پیمانہ بمقدار دو رطل
مدّاح ۓ تعریف کرنے والا۔
مداخل ۓ جائے دخل۔ آمدنی۔ دخل دینے والا
مداخلت ۓ دخل دینا۔
مداد ۓ سیاہی۔
مدار ۓ دائرہ۔ حلقہ۔ جائے دور ستارہ۔ وہ جسپر کوئی بات ٹھہری ہو۔
مدارا }
مدارات } ۓ صلح اور آشنائی۔ خاطر تواضع رعایت
مدارات ۓ ستاروں کی حرکت کے فرضی دائرے جو کرۂ افلاک پر ہیں۔
مدارج ۓ جمع مدرج۔ درجے۔
مدارس ۓ جمع مدرسہ۔
مدارست ۓ باہم پڑھنا۔ پڑھانا۔
مدار المہام ۓ وہ شخص جس سے سب کاروبار سلطنت کے متعلق ہو وزیر یا فوج کا اصلی حاکم۔
مداعبت ۓ مزاح و بازی کرنا۔
مدافع ۓ دفع کرنے والا۔

مُدام ۔ ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا۔ شراب۔
مُداوا / مُداوات } ۔ دوا کرنا۔ علاج کرنا۔
مُداومت ۔ ہمیشگی کرنا۔
مُداہن ۔ سُستی کرنیوالا۔
مُدائح ۔ جمع مدیحہ۔ تعریفیں۔
مُداین ۔ جمع مدینہ۔ بمعنی شہر۔ نام شہر جو عراق میں ہے۔
مُدبّر ۔ تدبیر کرنیوالا۔ صاحب تدبیر۔
مُدبَر ۔ پشت دیا گیا۔ برگشتہ بخت۔
مُدبلبل ۔ بلبل کا نالہ۔
مُدت ۔ عرصہ۔ دیر۔
مُدت عدّت ۔ وہ زمانہ جس میں عورت دوسرا شوہر نہ کرسکے اسکی مدت معمولاً تین ماہ ہوتی ہے اگر عورت حاملہ ہو تو وضع حمل تک اور اگر بیوہ ہو تو چار ماہ دس دن۔
مُدح / مُدحت } ۔ ستائش۔ تعریف۔
مُدخل ۔ داخل ہونے کی جگہ۔
مدخول ۔ داخل کیا گیا۔
مدخولہ ۔ وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو۔
مَدد ۔ کمک۔
مددگار ۔ مدد کرنیوالا۔
مُدِر ۔ پیشاب جاری کرنیوالی چیز۔
مُدرّس ۔ پڑھانے والا درس دینے والا
مَدارس ۔ جمع مدرسہ۔
مدرسہ ۔ جگہ درس دینے کی۔ مکتب۔
مدرک ۔ سمجھا گیا۔ دریافت کیا گیا۔
مُدرکات ۔ عقلیں۔ دانشیں۔
مُدرکہ ۔ وہ قوت جس سے انسان اشیاء کی حقیقت دریافت کرسکے۔
مُدّعا ۔ مطلب۔ آرزو۔
مدعا علیہ ۔ جس پر دعوی کیا گیا ہو۔
مدعی ۔ دعوی کرنے والا۔
مدعیات ۔ آرزوئیں۔
مُدغ ۔ برا۔ بدنما رنگ۔
مدغل ۔ خوفناک جھاڑیوں کا جنگل۔
مُدغم ۔ وہ حرف جو ہم جنس حرف میں داخل کیا گیا ہو۔ ادغام کیا گیا پوشیدہ۔
مدفن ۔ دفن کرنے کا مقام
مدفون ۔ دفن کیا گیا۔ گاڑا گیا۔
مُدقق ۔ باریک کام کرنیوالا۔
مدقوق ۔ پتلا۔ تپ دق کا بیمار۔
مدکب ۔ ہر کام پر قادر آدمی۔
مُدلّل ۔ جو دلیل سے ثابت ہوا ہو۔

مدلول ۓ بتلایا ہوا۔ معنی
مُدمِل ۓ اندمال کرنیوالی یا زخم کو بھرنیوالی
چیز۔ وہ چیز جو ریم سے پاک کرے۔
مُدمِن ۓ کسی کام کو ہمیشہ کرنیوالا۔
مُدن ۓ جمع مدینہ۔ بہت سے شہر۔
مدنی ۓ شہر کا رہنے والا۔
مدوجزر ۓ جوار بھاٹا۔
مدور ۓ گول۔
مدولین ۓ مدہ وہ حرف علت جسکے ماقبل
کی حرکت موافق ہو جیسے واؤ ساکن ماقبل
مضموم الف ساکن ماقبل مفتوح یائے ساکن
ماقبل مکسور اور لین وہ حروف جنکی حرکت
موافق نہ ہو جیسے واؤ یا یائے ساکن
ماقبل مفتوح۔
مُدوّن ۓ جمع کیا گیا۔ دیوان بنایا گیا۔
مدہوش ۓ متحیر۔ سرگشتہ۔ حیران۔
مَدیٰ ۓ انتہا۔ نہایت۔ غایت۔
مدیح ۓ صاحب۔ بزرگی وار جندی مدخا
مدید ۓ دراز۔ لمبا۔
مُدیر ۓ گول۔ حرکت دینے والا۔
مُدینہ ۓ نام قصبہ۔
مُدین ۓ بندہ۔ غلام مزدوری دیا گیا۔
مدینہ ۓ شہر۔ وہ شہر جہاں رسولؐ کی قبر ہے

مدیون ۓ قرضدار۔
مُذاب ۓ پگھلا ہوا۔
مَذاق ۓ چکھنا۔ چکھنے کی جگہ۔ مذاق خوش طبعی
مُذاکرہ ۓ باہم ذکر کرنا۔
مذاکیر ۓ جمع ذکر بمعنی عضو تناسل۔
مذاہب ۓ جمع مذہب۔
مذبح ۓ جگہ ذبح کرنے کی۔
مذبذب ۓ دھربکڑ کیا گیا۔ جو صاف نہو
تمیز دو۔
مذبوح ۓ ذبح کیا ہوا جانور۔
مذکر ۓ مرد۔ یاد دلایا گیا۔
مذکور ۓ ذکر کیا گیا۔
مذلت ۓ رسوائی۔ خواری۔
مذمت ۓ برائی۔ بدی۔
مذموم ۓ بد۔ زشت۔
مُذنب ۓ گنہگار۔
مُذہّب ۓ سونا چڑھا ہوا۔ ملمع کیا گیا۔
مذہب ۓ راہ۔ راستہ۔ دین۔
مذہوب ۓ زرنگار۔
مذیب ۓ گلانے والا۔ پگھلانے والا۔
مَر ۓ خاص کر شمار۔ پچاس کا عدد۔
مَر ۓ گذرنا۔ ریتی۔ کلہاڑی۔
مُر ۓ تلخ۔ کڑوا۔

مُرابح ۓ فایدے۔ منافع۔
مُرابط ۓ باہم ربط رکھنے والا۔
مُرابطات ۓ جمع مرابط کی۔ وہ چیزیں جو باہم رابطہ پیدا کریں۔
مَرأۃ ۓ عورت۔ زن۔
مِرآۃ ۓ آئینہ۔ مُنہ دیکھنے کا شیشہ۔
مَراتب ۓ درجے۔ رتبے۔
مُراجعت ۓ لوٹنا۔ رجوع کرنا۔ اُلٹا پھرنا۔
مُراح ۓ جانا۔ جائے آسایش وراحت۔
مَراحل ۓ منازل۔ منزلیں۔
مَراحم ۓ جمع مرحمت۔ مہربانیاں۔
مُراد ۓ ارادہ کیا گیا۔ مطلب۔ مقصد۔
مُرادفت ۓ باہم ردیف ہونا ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ ایک معنی ہونا۔
مَرارۃ ۓ تلخی۔ کڑواپن۔
مُراسل ۓ وہ عورت جسکو اُسکے خاوند سے جدائی ہو۔ وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنیوالے مردوں سے خط وکتابت رکھے۔
مُراسلات ۓ جمع مراسلہ۔
مُراسلت / مُراسلہ ۓ باہم نامہ وپیغام کرنا۔
مَراسم ۓ رسمیں۔ رسومات۔ نشانہا۔
مَراشد ۓ سیدھے راستے۔

مُراضعت ۓ بچہ کو دایہ کا دودھ پلانا۔
مُراعات ۓ رعایت کرنا۔ باہم ملکر جانوروں کا چرنا۔ انکھیوں سے دیکھنا۔ سلوک۔
مُراعی ۓ چرانے والا۔ نگہبان۔
مَراعی ۓ رعائتیں۔ چراگاہ۔ جہاں سبزہ اور گھاس زیادہ ہو۔
مُراغبت ۓ خواہش۔ رغبت۔
مَراغہ ۓ پرند جانوروں کا لوٹنا۔ نام شہر کا جو آذربائیجان میں ہے۔
مُرافدۃ ۓ آپسمیں مدد کرنا۔
مُرافعات ۓ عرضداشتیں۔
مُرافعت ۓ حاکم کے سامنے اپنا دعویٰ پیش کرنا۔
مَرافق ۓ جمع مرفق۔ کہنیاں۔
مُرافق ۓ ہمراہ۔ ساتھی۔
مُرافقت ۓ کسی کے ساتھ رفیق راہ بننا
مُراقب ۓ امیدوار۔ نگہبان۔
مُراقبت ۓ نگہبانی۔ حفاظت۔ امید رکھنا۔ چشمداشت۔
مُراقبہ ۓ امید رکھنا۔ گردن نیچے ڈالنا خدا کی طرف حضور دلسے حاضر ہونا۔
مُراقعتہ ۓ ہر موسم میں شراب پینا۔
مَراقی ۓ مریض۔ مالیخولیا۔

مراکفتہ :- باہم گھوڑا دوڑانا۔
مرام :- مطلب۔ مراد۔
مرامات :- باہم تیراندازی کرنا
مرامقتہ :- تیز نظر سے دیکھنا۔ دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔
مراناة :- باہم نرمی کرنا۔
مراہم :- جمع مرہم
مرایا :- آئینے۔
مرائی :- خود نما۔ مکار۔
مربّٰی :- ترتیب کیا گیا۔ میوہ کے قسم جو قند یا شکر میں پکا ہوا۔
مربّع :- چوگوشہ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے برابر ہوں اور چاروں زاویہ قائمہ ہوں چار زانو یا آلتھی مار کر بیٹھنا۔
مربوط :- بندھا ہوا۔ ربط کیا گیا۔ لگایا گیا۔
مُربّی :- پرورش کرنیوالا۔ ترتیب دینے والا۔
مَرّة :- ایک دفعہ۔
مرتاض :- ریاضت کرنیوالا نفس سرکش کا تابعدار کرنیوالا۔ اور رنج اُٹھانیوالا۔

مُرتِّب :- ترتیب دینے والا۔ درست کرنیوالا۔
مُرتَّب :- ترتیب کیا گیا۔ انتظام کیا گیا۔
مرتبط :- ارتباط کیا گیا۔ لگایا گیا۔
مرتبہ :- درجہ۔ رتبہ۔
مرتد :- مذہب اسلام سے پھرا ہوا۔
مرتسم :- نقش قبول کرنیوالا۔
مرتشی :- رشوت لینے والا۔
مرتضیٰ :- پسندیدہ۔ لقب حضرت علی کا
مرتضوی :- منسوب طرف علی مرتضیٰ کے۔
مرتع :- چراگاہ۔
مرتعب :- ڈرنے والا۔
مرتعش :- رعشہ دار۔ کانپنے والا۔
مرتفع :- اُٹھایا گیا۔ رفع کیا گیا۔ دور کیا گیا۔
مرتقی :- بلند کیا گیا۔
مرتکب :- ارتکاب کرنے والا۔ اختیار کرنیوالا۔
مرتہن :- رہن رکھنے والا۔ گرو رکھنے والا
مرثیہ :- مردہ کے اوصاف اس طرح پر بیان کرنا کہ سننے والے کو رحم آوے
مرج :- فساد۔ تباہی۔ کام بگڑ جانا۔
مرجان :- مونگا۔ چھوٹا موتی۔

مُرَجِّح ۔ غلبہ دینے والا۔ ترجیح دینے والا۔
مَرجِع ۔ جائے رجوع۔
مُرجو ۔ امید کیا گیا۔
مَرجوع ۔ رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا۔
مَرجوم ۔ سنگسار کیا گیا۔
مَرحَب ۔ کشادہ ہونا۔ جائے کشادہ۔
مرحبا ۔ شاباش۔ یہ لفظ واسطے تعظیم مہمان کے کہتے ہیں یعنی میرا مکان آپ کے لئے کشادہ ہے۔
مَرحَلہ ۔ منزل کی جگہ۔ کوچ کی جگہ۔
مَرحمت ۔ مہربانی۔ رحم۔
مَرحوم ۔ رحمت کیا گیا۔ مجازاً۔ مرا ہوا۔
مُرَخِّص ۔ رخصت کرنیوالا۔
مُرَخَّص ۔ رخصت کیا گیا۔
مُرَخَّم ۔ ترخیم کیا گیا دم بریدہ ۔ وہ لفظ جسکا اخیر حرف گرایا گیا ہو۔
مَرد ۔ آدمی۔
مُرد یا مُردان ۔ جمع مرد وہ لوگ جنکے داڑھی نہ نکلی ہو۔ لڑکے۔
مُرداد ۔ شمسی پانچواں مہینہ یعنی جولائی۔
مُردار ۔ مردہ کی لوتھ۔ ناپاک۔
مَردانگی ۔ مردمی۔ دلیری۔
مَردِشت ۔ نام مقام ایران۔

مَردَک ۔ چھوٹا مرد۔ حقیر آدمی۔
مُردگان ۔ مرے ہوئے لوگ۔
مَردُم ۔ آدمی۔ آنکھ کی پتلی۔
مَردمک ۔ آنکھ کی پتلی۔
مُردن ۔ مرنا۔
مَردود ۔ دور کیا گیا۔ نکالا گیا۔ بے عزت۔
مَرَدَہ ۔ جمع مارد۔ دیو۔ سرکش سرکش لوگ۔
مَردی ۔ مردانیت۔ بہادری۔
مَرز ۔ زمین۔ آباد زمین۔ کھیتی کے قابل۔ زمین۔ سرحد۔
مرزا ۔ میرزا یعنی سردار زادہ۔
مرزبان ۔ حاکم۔ مالک زمین۔ نگہبان سردار۔ بزرگ۔
مَرزبوم ۔ جائے پیدائش جنم بھوم۔
مَرزغان ۔ دوزخ۔ قبرستان۔
مَرزنجوش یا مَرزنگوش ۔ ایک خوشبودار گھاس۔ دونا۔
مُرسِل ۔ نامہ بھیجنے والا بھیجنے والا۔
مُرسَل ۔ رسول۔ نبی پیغمبر صاحب کتاب۔
مُرسَلہ ۔ بھیجا گیا۔ ہار یا گلے کا زیور۔
مُرسلین ۔ بہت سے پیغمبر صاحب کتاب۔
مَرسوم ۔ رسم تنخواہ ماہانہ۔ قاعدہ۔
مُرشِد ۔ ہدایت کرنیوالا۔ راہ بتلانیوالا

مرصاد ع دشمن کے انتظار کی جگہ جو کشادہ

مرصد ع راہ دیکھنے کی جگہ۔

مرصع ع جڑاؤ۔ جڑاؤ کیا گیا۔ وہ نثر جسکے الفاظ مقابل ہموزن اور ہم سجع ہوں۔

مرصوص } مستحکم۔ استوار کیا گیا۔ رانگ

مرصوصہ } ڈالکر مضبوط کی ہوئی چیز

مرض ع بیماری

مرضوف ع بہت گرم پتھر پر کباب وغیرہ بھونا گیا۔

مرضع } انا۔ لڑکوں کو دودھ پلانیوالی

مرضعہ } عورت ۔ دایہ ۔

مرضی ع جمع مریض۔

مرطوب ع رطوبت دار بھیگا ہوا ۔ تر

مرعی ع چراگاہ

مرعوب ع رعب کیا گیا۔ ڈرایا گیا۔

مرعی ع رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا۔

مرغ ع پرند۔ اُڑنے والا جانور

مرغ ع (ف) عمدہ گھاس ۔ دوب۔

مرغاب ع نام ایک ندی کا جو خراسان میں ہے

مرغابی ع مشہور پرند جو دریا میں تیرتا ہے۔

مرغزار ع سبزہ زار جہاں دوب ہو۔

مرغ سحر ع بلبل ۔ مرغا۔

مرغوب ع رغبت کی گیا۔

مرغول ع پیچدار اور گھونگر والے بال۔

مرفق ع کہنی ۔ بازو۔

مرفوض ع متروک چیز۔

مرفوع ع اٹھایا گیا ۔ بلند کیا گیا۔

مرفہ ع آسودہ خوش معاش۔

مرقاۃ ع سیڑھی ۔ زینہ۔

مرقد ع خوابگاہ ۔ قبر

مرقع ع فقیروں کی گدڑی۔ تصویر کی کتاب۔

مرقوم ع لکھا ہوا۔

مرکب ع ترکیب دیا گیا جو کئی چیز سے ملکر بنا ہو۔

مرکز ع وہ نقطہ جو دائرہ کے بیچوں بیچ ہو اور جتنے خطوط مستقیم محیط تک کھینچیں سب باہم برابر ہوں۔

مرکل ع پاؤں۔

مرکن ع بڑی لگن تشت تغار۔ گملا۔

مرکوب ع سواری کا جانور۔ کشتی۔

مرکوز ۔ گڑھا ہوا ۔ محکم کیا ہوا ۔ زمین تک نیزہ گاڑنا ۔ مجازاً منظور۔

مرگ ع موت۔

مرگ نو ۔ تازہ فساد ۔ تحقیق ۔
مرگی ۔ مشہور بیماری صرع ۔ وبا
مرمات ۔ زمانہ کے حادثے ۔ حوادث
مرمار ۔ بہت عرق والا انار ۔ نازک و نوجوان لڑکی
مرمت ۔ کسی چیز کا خلل درست کرنا ۔ ٹوٹی پھوٹی بگڑی کو سنوارنا اصلاح دینا ۔
مرمد ۔ آشوب چشم میں مبتلا ۔
مرمر ۔ ایک قسم کا سفید پتھر
مرمریس ۔ بلا ۔ مصیبت ۔ پہلوان روشن ضمیر
مرو ۔ خراسان کا ایک شہر
مروارید ۔ موتی ۔
مروت ۔ مردمی ۔ مردانگی ۔
مروج ۔ رائج کیا گیا ۔
مروِّج ۔ راحت اور آسائش دینے والا خوشبودار کرنے والا ۔
مروحہ ۔ بادکش ۔ پنکھا ۔
مرور ۔ گذرنا ۔ چلانا ۔ جانا ۔
مروس ۔ تابعدار خادم ۔
مروّق ۔ صاف کیا گیا ۔ جس میں تلچھٹ نہ ہو
مروّق ۔ رواق بنانے والا ۔ معمار ۔

مروہ ۔ نام پہاڑ مکہ معظمہ ۔
مروی ۔ روایت کیا گیا ۔
مرہ ۔ سفرہ ۔ پت ۔ قوت ۔ عقل
مرہ ۔ ایک بار ۔
مرہم ۔ وہ دوا جو زخم کے اچھا کرنے کو لگاتے ہیں ۔
مرہوب ۔ ڈرایا گیا ۔
مرہون ۔ رہن کیا گیا ۔
مریخ ۔ مشکل ۔ جلاد فلک ۔
مرید ۔ ارادہ کرنیوالا ۔ شاگرد دینی ۔
مرید ۔ سرکش ۔ غیر مطیع ۔ ملعون ۔ رانده ۔
مریض ۔ بیمار ۔ روگی ۔
مری ۔ دیکھی گئی چیز ۔
مزاج ۔ خاصیت ۔ خو ۔ عادت ۔ سبھاؤ کیفیت جو اربعہ عناصر کے ملنے سے پیدا ہو ۔
مزاح ۔ خوش طبعی کرنا ۔ ہنسی کرنا ۔
مزاحف ۔ عروض میں وہ رکن جس میں تبدیلی ہوئی ہو ۔
مزاحم ۔ روکنے والا ۔ صدمے کا روکنے والا ۔
مزاحمت ۔ کسی چیز پر تنگی کرنا ۔

مزادہ ؎ توشہ دان۔ وہ شے جسمیں
زاد راہ رکھیں
مزار۔ جگہ زیارت کرنے کی۔ قبر۔
مزارع ؎ کھیتی کرنیوالا۔ کاشتکار۔
مزال ؎ جائے لغزش۔
مزامیر ؎ راگ۔ گیت۔ دعا جو راگ
میں کیجاتی ہے۔ بانسری۔
مزاولت ؎ کسی کام پر ہمیشگی کرنا۔
کوشش کرنا۔
مُزبلہ ؎ کوڑا و غلاظت جمع ہونیکی جگہ
مزبور ؎ لکھا ہوا۔
مَزج ؎ ملنا۔ ملانا۔
مُزجات ؎ تھوڑا۔ اندک۔ بے اعتبار
مُزخرف ؎ جھوٹی بات جو مانند سچی کے
آراستہ کی ہوئی ہو۔ زراندودہ
مُزد ؎ مزدوری۔ اُجرت۔ خواہ دنیا کی ہو
خواہ دین کی۔
مُزدَوَج ؎ ہم قرین۔ ہم صحبت۔
مزدور ؎ اجرت پر کام کرنیوالا مزدوری
کرنیوالا۔
مزدوری ؎ اجرت۔
مزرع ؎ کھیتی۔ کھیت
مُزَعفر ؎ زعفرانی۔ زرد رنگ۔ ایک
قسم کا شیرینی زعفران پڑا ہوا۔ پلاؤ۔
مُزکّیٰ ؎ پاک کیا گیا۔ وہ مال جسکی زکوٰۃ دیگئی ہو۔
مُزکّی ؎ پاک کرنیوالا۔ زکوٰۃ دینے والا۔
مزلت ؎ لغزش کرنا۔ پھسلنے کی جگہ
مزلقہ ؎ وہ گاؤں جو زراعت اور جنگلوں
کے درمیان میں ہو۔
مُزلفہ ؎ نزدیک لایا گیا۔ انبوہ کیا گیا۔
مُزلفہ ؎ لغزش دہندہ۔
مزلل ؎ بہت نیکی کرنیوالا۔
مزلم ؎ تیز و چست و خوش طبع
آدمی
مزمار ؎ بانسری یا ہر راگ کا باجہ
مُزمہج ؎ تر و تازہ۔ سبزہ۔
مُزمن ؎ دیرینہ۔ پرانا۔ اپاہج شل
مُزنۃ ؎ ابر سفید۔ مینہ۔
مَزود ؎ توشہ دان۔ مزاود جمع۔
مُزوّر ؎ جھوٹا۔ مکار۔
مزہ ؎ چسکی۔ لذت۔
مُزیّن ؎ زینت دیا گیا۔
مزیت ؎ زیادتی۔ افزونی۔ زیادہ کیا گیا
مزایا۔ جمع
مزید۔ افزونی۔ زیادت۔ فضیلت
مُزیل ؎ دور کرنے والا۔

مُزیّن :- زینت دیا گیا۔
مُژدہ :- خوشخبری۔
مُزدک :- نام ایک شخص کا جس نے ایک نیا مذہب چلایا تھا۔
مژدگانی :- وہ انعام جو خوشخبری لانیوالے کو دیں۔
مژگان :- آنکھ کی پلکیں۔
مژہ :- آنکھ کی پلک۔
مَس :- چھونا۔ ہاتھ ملنا۔ جماع کرنا۔
مُسا :- شام۔ شام کا وقت۔
مُسابعۃ :- فحش بکنا۔ گالی گلوچ کرنا۔
مُسابقت :- باہم سبقت لیجانا۔
مُسانلتہ :- کسی کے پیچھے چلنا۔
مَساجد :- جمع مسجد۔
مُساحبت :- باہم محبت و دوستی کرنا۔
مَسّاح :- پیمائش کرنیوالا۔
مُساحت :- پیمائش کرنا۔
مُسارعت :- باہم سرعت کرنا۔ جلدی کرنا۔
مُسارقت :- باہم سرقہ کرنا۔ چوری کرنا۔
مُساس :- ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ جماع کرنا۔
مُساعد :- مددگار۔ یاری دہندہ
مساعدت :- یاری کرنا۔ مدد کرنا۔
مُساغی :- خوشخبریں
مُسافات :- جمع مسافت۔ دوریاں
مُسافت :- دوری بیابانوں کی فاصلہ منازل کا۔
مُسافر :- سفر کرنیوالا۔
مُسافرت :- سفر کرنا۔
مَساکن :- جمع مسکن۔ مکان۔
مَساکین :- جمع مسکین غریب مفلس۔
مُسالت :- پوچھنا۔ درخواست کرنا۔
مَسالک :- جمع مسلک۔ راستے۔ راہیں۔
مسام :- بدن کے چھوٹے چھوٹے سوراخ۔
مسامات :- بدن کے سوراخ جن سے پسینہ نکلا کرتا ہے۔
مُسامحت :- چشم پوشی کرنا۔ جوانمردی کرنا۔ کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا۔
مُسامرہ :- قصہ۔ افسانہ کہنا۔
مَسامع :- جمع مسمع یعنی کان۔
مُساوات :- برابری۔ یکساں ہونا۔
مُساوی :- برابر۔
مساہرہ :- بیداری۔
مساہلت :- سہل انگاری کرنا۔ تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔

مُساہِم :- شریک۔ حصہ دار۔
مساہمت :- شرکت۔ ساجھا۔
مَسائل :- جمع مسئلہ۔ پوچھی ہوئی باتیں
مُسبّح :- تسبیح کرنیوالا۔
مسبحہ :- انگشت شہادت۔
مُسبّع :- نظم جسمیں سات مصرعوں کا بند ہو۔
مَسبوق :- پچھلا۔ گذشتہ۔ سابق کا۔
مَست :- متوالا۔
مست :- غم۔ اندوہ۔ رنج۔
مُستاجر :- ٹھیکہ دار۔ اجارہ لینے والا۔
مُستاصِل :- جڑ سے اکھیڑنے والا برباد کرنیوالا۔
مُستاصَل :- برباد۔ تباہ جڑ سے اکھڑا ہوا۔
مستانہ :- مست کے مانند۔ متوالے کی موافق۔
مُستانِس :- خوگر۔ محبت والا۔
مستانفہ :- شروع کرنیوالا۔ مجازاً جدا۔ علیحدہ۔
مستاہل :- سزاوار۔ لائق۔
مستبد :- وہ شخص جو تنہا کسی کام پر مستعد ہو۔

مُستبشر :- خوشخبری چاہنے والا۔ خوش
مُستبصِر :- طلب بینائی عقل کرنے والا۔ بینا دل ہونے والا
مُستبعَد :- دور کیا گیا۔ دشوار۔ بعید۔
مستبعِد :- دوری چاہنے والا۔ دور ہونیوالا۔
مُستبیت :- فقیر۔ جو شب باشی کی جگہ ڈھونڈھے
مُستبین :- ظاہر۔
مُستثنیٰ :- استثنا کیا گیا۔
مُستثنیٰ منہ :- جس سے نکالا جاوے۔
مُستجاب :- قبول کیا گیا جواب دیا گیا۔
مستجاب الدعوات :- جسکی دعا مقبول ہو
مستجمع :- جمع کرنیوالا۔
مستجیب :- دعا کرنیوالا قبول کرنیوالا۔
مستجیح :- پھوکنا۔ ظاہر کرنیوالا۔
مستحب :- دوست رکھنا۔ وہ فعل عبادت کا جسکا ثواب رسول مقبول نے ارشاد فرمایا ہے
مستحدث :- نئی چیز پیدا کرنے والا۔

مُستحسن ۔ نیک کیا گیا۔ پسند کیا گیا
مُستحق ۔ حقدار جسکا حق ہو۔
مُستحکم ۔ مضبوط
مُستخرج ۔ ایک مطلب نکالا ہوا۔ باہر نکالا ہوا
مُستخلص ۔ خلاص کیا گیا۔ چھڑایا گیا۔
مُستخمر ۔ شراب کا طالب۔ شرابی۔
مُستخیف ۔ ڈرنے والا۔
مُستدام ۔ ہمیشہ۔
مُستدعی ۔ چاہنے والا۔ درخواست کنندہ۔
مُستدل ۔ دلیل مانگنے والا۔
مُستدیر ۔ گول۔ مدور۔
مُستذل ۔ ذلیل و خوار کیا گیا۔
مُستذنب ۔ پیروی کرنے والا۔ پیچھے چلنے والا۔
مُستراح ۔ جائے آسائش۔ جائے راحت۔ جاضرور۔
مُسترد ۔ رد کیا گیا۔
مُسترشد ۔ مرید۔ سیدھی راہ چاہنے والا۔ ہدایت کا طالب۔
مُسترق ۔ چھپ کر بات سننے والا۔

مُسترق ۔ وہ مال جو چوری جاوے۔
مُستزاد ۔ وہ نظم جسکے ہر مصرعوں میں چند الفاظ زائد ہوں
مُستسعد ۔ نیکی طلب کرنے والا۔ یاری چاہنے والا۔ سعادت ڈھونڈھنے والا۔
مُستسقی ۔ طلب سیرابی کی کرنے والا۔ پیاسا۔ استسقا یا جلندھر کا بیمار۔
مُستشار ۔ وہ جس سے مشورہ لیں۔
مُستشعر ۔ شعار یعنی نیچے کا کپڑا پہنے ہوئے دل میں خوف رکھنے والا۔ شعور طلب کرنے والا۔
مُستشہد ۔ گواہی طلب کرنے والا۔
مُستصحب ۔ صحبت رکھنے والا۔
مُستطاب ۔ خوش۔ پاکیزہ۔ نیک
مُستطار ۔ [illegible]
مُستطرف ۔ جو سبزہ کہ ابھی اپنے غلاف میں ہے۔ بے گھر کا آدمی
مُستطیع ۔ صاحب قدرت
مُستطیل ۔ لمبی چیز۔ وہ چوکونہ شکل جسکی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو۔

مُستظہر ۔ قوی پشت ہونے والا ۔ طلب پشت پناہ کی کرنے والا ۔

مُستعار ۔ مانگا ہوا ۔

مُستعان ۔ مدد طلب کیا گیا ۔

مُستعجل ۔ شتابی چاہنے والا ۔ جلد باز ۔

مُستعد ۔ مہیا ۔ تیار

مُستعذب ۔ شیریں ۔ شیریں کیا گیا

مُستعمل ۔ عمل میں لایا ہوا

مُستعین ۔ اعانت چاہنے والا ۔

مُستغاث ۔ وہ جس سے دادرسی چاہیں

مُستغاثی ۔ فریادی ۔

مُستغرق ۔ ڈوبا ہوا ۔ غرق شدہ ۔

مُستغفر ۔ گناہوں کی بخشش طلب کرنیوالا ۔

مُستغنی ۔ دولت مند ۔ بے پرواہ ۔

مُستغیث ۔ فریادی ۔ داد خواہ

مُستفاد ۔ حاصل ۔ جو بطور فائدہ کے حاصل ہو گیا ہو ۔

مُستفید ۔ فائدہ کی طلب کرنیوالا

مُستقبح ۔ زبون ۔ زشت ۔ بد ۔

مُستقبل ۔ سامنے آنیوالا ۔ آئندہ ۔

مُستقر ۔ جائے قرار ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔

مُستقصی ۔ کسی چیز کی انتہا کو پہونچنے والا ۔

مُستقل ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ کسی کام جو تنہا قائم ہو وہ جس کی نوکری بالاستقلال ہو ۔

مُستقیم ۔ سیدھا ۔ راست ۔

مُستکبر ۔ گردن کش ۔ مغرور ۔

مُستکرم ۔ طلب بخشش کرنیوالا ۔

مُستکرہ ۔ مکروہ جاننے والا ۔ برا جاننے والا ۔

مُستکفی ۔ کفایت کرنے والا ۔

مُستلذات ۔ لذتیں ۔ مرغوب چیزیں جس سے لذت حاصل ہو ۔

مُستلزم ۔ لازم پکڑنے والا ۔

مُستمال ۔ مائل ۔ رجوع کیا گیا ۔

مُستمر ۔ استوار ۔ پیوستہ ۔ دائم ۔

مُستمسک ۔ چنگل مارنے والا ۔ تمسک کرنے والا ۔

مُستمطر ۔ مینہ کا طالب ۔

مُستَملح ۔ نمکین۔
مُستمع ۔ سُننے والا۔
مُستمند ۔ غمگین ۔ حاجتمند۔
مُستمیت ۔ موت کا طالب ۔ دلیر ۔ شجاع۔
مُستنبِط ۔ باہر نکالنے والا پانی یا علم وغیرہ کا۔
مُستنبَط ۔ بیرون آوردہ شدہ باہر نکالا گیا۔
مُستنِد ۔ پناہ ڈھونڈھنے والا کسی چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنے والا۔
مُستنَد ۔ وہ چیز جس سے پیٹھ لگا کر بیٹھیں معتبر سند یافتہ۔
مُستمنثا ۔ راہ کے میلوں کی اور کوسوں کی علامتیں
مُستنکر ۔ بد زشت ۔ بُرا۔
مُستنیر ۔ طلب روشنی کی کرنے والا نور ڈھونڈھنے والا روشن۔
مُستوثق ۔ مضبوط ۔ مضبوطی پکڑنیوالا
مُستوجب ۔ سزاوار لائق

مُستوحش ۔ وحشت ڈھونڈھنے والا۔
مُستَودِع ۔ امانت ۔ نگاہ رکھنے والا
مَستور ۔ چھپا ہوا ۔ چھپانے والا۔
مَستورہ ۔ چھپی ہوئی چیز۔
مُستوسع ۔ فراخ ۔ کشادہ۔
مُستوفی ۔ پورا لینے والا۔
مُستوفیٰ ۔ تمام کیا ہوا ۔ پورا کیا گیا
مُستوقد ۔ آگ کو بھڑکانیوالا۔
مُستولی ۔ غالب زور آور۔
مُستوہب ۔ طالب ہبہ کی کرنے والا ۔ بخشش چاہنے والا۔
مُستوی ۔ برابر ۔ ہموار۔
مُستہام ۔ سرگشتہ ۔ حیران۔
مُستہان ۔ ذلیل و خوار ۔ لوگوں کی نظر میں سبک۔
مُستہجن ۔ مکروہ ۔ زشت ۔ بُرا ۔ عیب دار۔
مُستہزی ۔ مسخرہ ۔ یا ہنسی کرنیوالا ۔ دل لگی کرنے والا
مُستہل ۔ نیا چاند دیکھنے والا

میٹھے ۔ خوشبو ۔ مینہ برسنے
والی ۔

مستملک ۔ تباہ ہونے والا ۔ ہلاک
ہونے والا ۔

مستمنا ۔ نشہ ۔ جوش شہوت ۔

مستیقظ ۔ بیدار ۔ نگہبانی کرنیوالا

مسجد ۔ جائے سجدہ ۔ سر جھکانے کی
جگہ ۔ جگہ عبادت کی ۔

مسجد اقصیٰ ۔ بیت المقدس کی
مسجد جو شام میں ہے ۔

مسجع ۔ مقفیٰ ۔ قافیہ بندی کیا
ہوا ۔

مسجل ۔ جائز اور باج چیز ۔

مسجل ۔ نامہ کیا ہوا قاضی کا ۔

مسجوح ۔ پیدایش زشت
طرف کیا ہوا ۔

مسجوم ۔ آنسو وغیرہ جو بہایا
جائے ۔

مسجون ۔ قیدی ۔

مسح ۔ ہاتھ ملنا ۔ ہاتھ پھیرنا
جمع کرنا ۔

مسحات ۔ لوہے کی لاٹ بیلچہ
پھاوڑہ وغیرہ جس سے

زمین کھودیں ۔

مسحوق ۔ گھسا ہوا ۔ پسا ہوا ۔
رگڑا ہوا ۔

مسخ ۔ بدل جانا ایک صورت
سے دوسری صورت میں
جو پہلے سے بدتر ہو مثلاً
آدمی کا بندر ہو جانا ۔
زیادتی گناہوں سے خدا کی
سزا قوم کو دیتا ہے ۔

مسخر ۔ تابع کیا گیا ۔ تسخیر کیا گیا ۔

مسخرگی ۔ ٹھٹھہ بازی ۔ مسخرہ پن

مسخرہ ۔ وہ شخص ۔ جس پر ٹھٹھہ
کیا جائے ۔

مسخنات ۔ وہ اشیاء جن سے گرمی
حاصل ہو ۔

مسخوط ۔ غصہ کیا گیا ۔ خفا کیا گیا ۔

مسدس ۔ شش پہلو ۔ ایک
قسم کی نظم جس میں چھ مصرعوں کا
بند ہوتا ہے ۔

مسدود ۔ بند کیا گیا ۔

مسرت ۔ خوشی ۔ سرور ۔

مسرج ۔ وہ گھوڑا جس پر کاٹھی
ڈالی گئی ہو ۔

مسرع ۔ شتابی کرنیوالا

مسرف ۔ بیہودہ خرچ کرنے والا

مسرور ۔ خوش کیا گیا۔

مسروق ۔ چرایا گیا۔ چوری کیا گیا۔

مسطح ۔ پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ سطح کیا گیا۔

مسطور ۔ لکھا گیا۔ سطر بندی کیا گیا۔

مسعود ۔ سعادت کیا گیا۔ نیک بخت پرہیزگار۔

مسعور ۔ کھانے کا حریص و لالچی باوجودیکہ پیٹ بھرا ہو پیاسا۔

مسعوف ۔ وہ لڑکا جس کے خون میں جوش اور گرمی پیدا ہوئی ہو۔

مسقط الراس ۔ جائے تولد۔ جنم بھوم۔

مسقی ۔ تمام۔ سخن چین۔ تیز آندھی جس سے خاک اور گرد اڑے۔

مسکر ۔ نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ مستی لانے والی چیز۔

مسکرات ۔ وہ چیزیں سے نشہ اور مستی پیدا ہو جیسے شراب۔

مسکن ۔ رہنے کی جگہ۔ گھر۔

مسکن ۔ تسکین دینے والا۔

مسکنت ۔ درویشی۔ محتاجی۔

مسکوب ۔ بہا ہوا۔

مسکہ ۔ مکھن۔ گھی کا جھاگ۔

مسکین ۔ غریب۔ فقیر۔ ناتوان

مسلح ۔ ہتھیار بند۔

مسلخ ۔ مذبح۔ کھال کھینچنے کی جگہ

مسلسل ۔ سلسلہ بندی کیا گیا۔ زنجیر بند۔

مسلط ۔ تسلط کرنے والا۔ غالب۔ زبردست اور کسی آدمی کا دوسرے پر مقرر کرنے والا۔

مسلک ۔ راہ۔ راستہ۔

مسلم ۔ تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا۔

مسلم ۔ ماننے والا۔ تسلیم کرنیوالا

مسلمان } وہ شخص جو مذہب اسلام میں ہو
مسلم

مسلمین ۔ جمع مسلم۔

مسلوک ے سلوک کیا گیا۔ آورفتہ کیا گیا
مسلول ے کھینچا گیا۔ باہر لایا گیا۔
مسلہ ے سوجا بینے کا۔
مسمار ے میخ آہنی۔ کھونٹی۔ کیلی۔
مسموع ے سنا گیا۔
مسموم ے زہر دیا گیا
مسمّٰی ے نام کیا گیا۔
مسن ے بوڑھا۔ زیادہ عمر کا۔
مسند ے تکیہ گاہ۔ تکیہ۔
مسند ے وہ چیز جس سے دوسرے
کو آڑ لگائی ہو۔ مسند آیا
فاعل کو مسند الیہ اور خبر یا
مفعول مسند کہتے ہیں مثلاً بیٹھا
بولا بیٹا۔
مسنا ے بلند کیا گیا۔
مسند آرا ے گدی نشین۔
مسنون ے وہ چیز جس کا کرنا
شرع میں سنت ہو۔
دستور۔
مسواک ے دانتوں کی وہ لکڑی
جس سے دانت صاف
کرتے ہیں۔
مسودہ ے سرسری لکھا ہوا
نوشتہ۔
مسہل ے دست اور جلاب۔
مسی ے ملنے کی چیز۔ تانبے کا
مسیح ے مسح کیا گیا۔ ملایا گیا۔
عیسیٰ جن کے سر پر فرشتوں
نے تیل ملا تھا۔ بڑا مساحت
یعنی چشم پوشی کرنے والا۔
مسیحا ے لقب حضرت عیسیٰ پیغمبر کا۔
مسیر ے سیر کرنا۔ جانا۔ سیر کی جگہ۔
جائے رفتار۔
مسئول ے سوال کیا گیا۔ چاہا گیا۔
مسئلہ ے کوئی بات جو پوچھی جاوے۔
مشابہ ے مانند۔ مثل۔ نظیر۔
مشابہت ے باہم مثل و نظیر ہونا۔
مشاتمت ے باہم ایک دوسرے کو
گالیاں دینا۔
مشار ے اشارہ کیا گیا۔
مشار الیہ ے جس کی طرف اشارہ
کیا گیا ہو۔
مشارب ے جمع مشرب۔ پانی
پینے کی جگہیں۔
مشاربت ے باہم ملکر پینا۔
مشارع ے شرع۔ راستے راہیں۔

مُشارِک ۔ شریک ہونیوالا ۔
مُشاطہ ۔ وہ عورت جو دولہن کو کنگھی کرتی ہے اور آراستہ کرتی ہے مجازاً نایِن ۔
مُشَاع ۔ جسکی تقسیم نہوئی ہو زمین جو مشترک ہو ۔ فاش کیا گیا ۔
مُشَاعِر ۔ حاجیوں کے عبادت کے مقامات ۔
مُشاعَرہ ۔ باہم جمع ہوکر شعر خوانی کرنا ۔
مَشَاعِل ۔ جمع مشعل ۔
مَشَاغِل ۔ بہت کام ۔ بہت شغل ۔
مُشافِہَہ ۔ روبرو بات کہنا ۔
مُشاق ۔ جمع مشقت ۔ سختیاں ۔
مَشّاق ۔ بہت مشق کرنیوالا ۔ ماہر ۔
مُشاکِل ۔ ہمشکل ہونیوالا ۔ نام ایک بحر کا عروض میں ۔
مُشاکَلَت ۔ ہمشکل ہونا ۔ مانند ہونا ۔
مَشَام ۔ محل قوت شامہ کا ۔ دماغ ۔
مُشامَّہ ۔ ایک دوسرے کو سونگھنا ۔ نظر کرنا ۔
مَشَان ۔ اچھے خرمے کی ایک قسم ۔
مُشاوَرَت ۔ آپس میں ملکر صلاح کرنا ۔ مشورہ کرنا ۔
مُشاہِد ۔ دیکھنے والا ۔
مُشاہَدہ ۔ دیکھنا ۔ کسی کے ہمراہ حاضر ہونا ۔
مُشاہَرہ ۔ ماہانہ ۔ ماہواری ۔ تنخواہ
مَشاہِیر ۔ بزرگ اور نامور لوگ جمع مشہور ۔
مَشائِخ ۔ جمع شیخ ۔ حاکم دین عالم اور صوفی لوگ ۔
مُشایَحَہ ۔ پرہیز و احتراز کرنا ۔ سعی اور محنت کرنا ۔
مُشایِع ۔ پیچھے آنے والا ۔ پیروی کرنے والا ۔
مُشایَعَت ۔ پیروی کرنا ۔ تھوڑی دور کسی کو رخصت کرنیکے واسطے جانا ۔
مَشائِن ۔ برائیاں عیوب جمع مشان
مَشّائِین ۔ وہ گروہ حکما کا جو حقایق اشیا کا ادراک بدون دلیل کے نہیں کرسکتے مشی چلنا ۔ مشائی دلیل چلانے والا مشائیں جمع مشائی ۔
مُشْبَّع ۔ آسودہ پیٹ بھرا ہوا ۔ فتحہ و ضمہ و کسرہ کو اسقدر کھینچکر پڑھنا کہ الف یا واو یا یا پیدا ہو جاوے ۔

مُشَبَّک ع جالی دار۔ وہ چیز جس میں سوراخ ہوں۔
مُشت ع مُکا۔ مٹھی۔ گھونسہ۔
مُشتاق ع آرزومند۔ جسکو اشتیاق ہو۔
مُشتَبِہ ع مشکوک جسمیں شبہہ ہو۔
مُشتّت ع پراگندہ۔ پریشان۔
مُشتَرک ع شریک دو میں۔ وہ لفظ جو دو معنی کے واسطے بنایا گیا ہو۔
مُشتری۔ خریدار۔ دل لینے والا۔ ستارہ برجیس۔ قاضی فلک۔
مُشتَعِل ع شعلہ زن۔ سوزاں۔ بھڑکنے والا۔
مُشتَغِل ع مشغول ہونے والا
منہ پھیرنے والا۔ بیزار۔
مُشتَق ع ایک لفظ جو کسی دوسرے سے بنایا گیا ہو۔
مُشتمال ع بدن کو ملنا۔ حمام میں میل چھڑانا۔
مُشتَمِل ع شامل ہونیوالا۔
مُشتَہَر ع مشہور کیا گیا۔
مُشتہیٰ ع مرغوب۔ خواہش کیا گیا۔
مُشتَہی ع خواہش کنندہ۔ رغبت کنندہ۔

مُشتہیات ع اشیاے مرغوب۔ اشتہا داشتہ شدہ۔
مُشتے ع مقدار قلیل۔
مُشجّر ع وہ کپڑا جسپر صورت درختوں کی بنی ہو۔
مَشحون ع بھرا ہوا۔ پُر۔
مُشخّص ع تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا
مُشدّد ع باندھا گیا۔ تشدید سے پڑھا گیا۔
مَشرب۔ جگہ پانی پینے کی چشمہ۔ گھاٹ۔ مذہب۔ دین۔ پنتھ۔ طور طریق
مَشرح ع کھولکر بیان کرنا۔
مِشرط ع نشتر۔
مَشرع ع راہ راستہ۔
مُشرِف ع بلند۔ بلند ہونیوالا جھانکنے والا۔ صدر میر محرر۔ خبردار۔
مُشرّف ع بزرگی پایا گیا۔
مَشرق ع جاے طلوع آفتاب۔ پورب
مُشرِک ع شریک کرنیوالا۔ وہ شخص جو ایک خدا کا قائل ہو۔
مَشروب ع پیا گیا۔
مَشروح ع شرح کیا گیا۔ کھولکر بیان کیا گیا۔

مشروط ۓ شرط کیا گیا۔
مشروع ؏ جائز اور جو شرع کے موافق ہو۔
مشط ۓ کنگھا۔ کنگھی۔ شانہ۔
مشطب ۓ وہ تلوار جس کی باڑھ پر خطوط نمایاں ہوں
مشطبہ ۓ وہ زمین جس پر بیل کے گذرنے سے خطوط پڑ گئے ہوں۔
مشظ ۓ کانٹے یا بانس کی لکڑی کا ہاتھ میں چبھنا۔
مشظنہ ۓ پوشیدہ چیزیں۔
مشع ۓ اوچک لینا۔
مشعب ۓ راہ۔
مشعبد ۓ شعبدہ باز۔ بازی گر۔
مشعر ۓ خبر [illegible]۔
مشعر ۓ جگہ جہاں پر درمیان حج کے قربانی کرتے ہیں مکہ میں اور سر کے بال منڈوانے کی جگہ حاجیوں کی جائے عبادت۔
مشعل ۓ } روشنی کی مشعل۔ شمع۔
مشعلہ ۓ }
مشعلچی ۓ شمع رکھنے والا۔ مشعل دکھلانے والا۔

مشعوف ۓ شیفتہ عاشق۔
مشغلہ ۓ کام شغل۔
مشغوف ۓ جس کے دل کے پردہ میں کچھ پہنچ گیا ہو۔
مشغول ۓ کام میں لگا ہوا۔
مشفق ۓ مہربانی کرنے والا مہربان۔
مشق ۓ روز روز کرنا۔
مشقت ۓ محنت۔ تکلیف۔
مشقی ۓ لکھنے کی وصلی۔
مشک ۓ کستوری۔ ایک مشہور خوشبو۔
مشکبو ۓ مشک کی خوشبو۔
مشکل ۓ کٹھن۔ دشوار۔
مشکور ۓ پسندیدہ۔ ستودہ۔ شکر کیا گیا۔
مشکوک ۓ شک کیا گیا۔
مشکوٰۃ ۓ چراغدان وہ طاق جس میں چراغ جلایا کریں۔
مشکوی ۓ بت خانہ۔ حرم سرا۔
مشلول ۓ جس کے ہاتھ پیر بے حس ہوگئے ہوں
مشمش ۓ زردآلو۔ خوبانی۔
مشمول ۓ سب طرف سے احاطہ کیا گیا۔ شامل کیا گیا۔ گھیرا گیا۔

مشموم ع سونگھی ہوئی چیز معطر شے۔
مشمومات ع عطریات۔ خوشبوئیں۔
مشوب ع ملا ہوا۔
مشوش ع پریشان کرنیوالا۔
مشوش۔ پریشان کیا گیا۔
مشوق ع عاشق۔ شوق دیا گیا۔
مشوم ع بدفال۔ نحوس۔
مشہد ا حاضر ہونا۔ شہادت گاہ۔ شہیدوں کا قبرستان۔ شہر طوس۔
مشہود ع حاضر کیا گیا۔
مشہور ع شہرت کیا گیا۔
مشی ع پیروں سے چلنا۔
مشیت ع خواہش۔ مرضی۔ خداوند تعالیٰ
مشید ع گچ کیا ہوا۔ مضبوط۔
مشید ع محکم کرنیوالا۔ استوار کرنیوالا۔
مشیر ع اشارہ کرنیوالا۔ صاحب مروت۔
مشیر ع جس سے مشورہ کریں۔
مشیمہ ع عورت کا بچہ دان۔
مصاب ع مصیبت زدہ۔ رنج رسیدہ۔
مصابرت ع باہم صبر کرنا۔ صبر کرنا۔
مصابیح ع بہت سے چراغ۔ نام کتاب حدیث۔
مصاحبت ع باہم صحبت کرنا۔
مصاحف ع جمع صحف۔
مصادر ع جمع مصدر۔
مصادرت ع تاوان لینا۔
مصادقت ع دلی دوستی۔ محبت قلبی۔
مصادمت ع صدمہ پہونچانا۔
مصارعت ع کشتی کرنا۔ ایک دوسرے کو پچھاڑنا۔
مصارف ع جمع مصرف۔ خرچ۔
مصاعب ع دشواریاں۔ بجانیوالے دشوار
مصاعد ع جاے ہاے بلند۔
مصاعرۃ ع غرور و تکبر سے منہ پھیر لینا یا کج کرنا۔
مصاف ع جاے صف زدن۔ لڑائی جنگ گاہ۔
مصافات ع دوستی۔ اخلاص۔
مصافقہ ع صف بنا کر کھڑا ہونا۔
مصافحہ ع آپس میں ہاتھ ملانا۔
مصاقعۃ ع ایک پہلو سے دوسرے پہلو جانا۔ دو چیزوں کو برابر کرنا
مصالح ع جمع مصلحت۔ بھلائیاں
مصالتہ ع باہم ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

مُصَاہرت ع خسر کرنا۔ داماد کرنا۔
مُصَائب ع مصیبتیں۔
مِصْبَاح ع چراغ۔
مُصْبَغ ع رنگا ہوا۔
مُصَحِّح ع صحیح کرنے والا۔
مُصْحَف ع وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے ہوں۔ قرآن شریف۔
مَصْحُوب ع ساتھ کیا گیا۔
مِصْدَاق ع اوزار صادق ہونے معنی کا یعنی وہ شے جس کو معنی بولے جا سکیں۔ گواہ۔ مثل۔
مَصْدَر ع جگہ نکلنے کی۔ جائے صدور۔ وہ اسم جس سے افعال اور اسماء مشتقات بنائی جاویں۔
مُصَدِّع ع دردِ سر پیدا کرنیوالے۔
مَصْدُور ع صادر کیا گیا۔
مَصْدُوق۔ صادق کیا گیا۔
مِصْر ع شہر۔ نام شہر۔
مُصِر ع اصرار کرنے والا۔ ایک کام پر استادی کرنیوالا۔
مِصْرَاع ع کواڑ۔ ایک حصہ شعر کا۔
مَصْرَع ع جگہ پچھڑنے کی۔ اکھاڑہ۔

مِصْرَع برجستہ ع بہتر اور عمدہ مصرع جو بے تکلف وزن ہو جاوے۔
مَصْرَف ع جگہ خرچ کرنے کی۔ اور خرچ۔
مُسْرِف ع خرچ کرنیوالا۔ خراج۔
مُصْرِم ع داس۔ ہنسیا۔
مَصْرُوع ع پچھاڑا ہوا۔
مَصْرُوف ع صرف کیا گیا۔ باز گردانیدہ شدہ۔ مشغول۔
مَصْطَبہ ع میخانہ۔ شراب خانہ۔ چبوترہ بلند۔
مُصْطَفےٰ ع برگزیدہ۔ صاف کیا گیا بری خصلتوں سے۔
مَصْطَگی ع ایک گوند زرد رنگ۔ ایک دوا۔
مَصْعَد ع جگہ اونچی چڑھنے کی۔
مَصْعُوف ع مبتلائے تپ و لرزہ۔
مَصَف ع جگہ صف باندھنے کی۔
مَصْقُول ع زنگ دور کیا گیا۔ بری خصلتوں سے جدا۔
مُصْلِح ع درست کرنیوالا۔
مَصْلَحَت ع نیک تجویز۔ اچھی صلاح۔ بھلائی۔
مَصْلُوب ع سولی دیا گیا۔
مُصَلّا ع جائے نماز۔ عیدگاہ۔ شیرازہ۔
مُصَلّیٰ

مُصمت ع۔ خاموش۔ چپ
مُصمم ع۔ مضبوط۔ پکا عزم کیا گیا
مُصنع ع۔ بنا ہوا۔ کاریگری کیا گیا۔
مصنع ع۔ قلعہ۔ ندی۔ حوض۔
مُصنف ع۔ کتاب تصنیف کرنے والا۔ کتاب بنانے والا۔
مُصنف ع۔ کتاب رسالہ وغیرہ۔
مُصنفات ع۔ کتابیں۔ تصنیفات۔
مصنوع ع۔ بنائی ہوئی چیز۔ وہ شے جو کاریگری سے بنی ہو۔
مُصوت ع۔ آواز کرنے والا۔ حروف مصوت vowels کو اور حروف مصمتہ consonant کو کہتے ہیں۔
مُصور ع۔ تصویر کھینچنے والا۔
مصورہ ع۔ نام قوت جو عورت کے رحم میں بچہ کی شکل بناتی ہے۔
مصوص ع۔ مرغ بریاں جو گرم مصالحہ ڈالکر سرکہ میں چھوڑا جاوے۔
مَصون ع۔ محفوظ۔ نگاہ رکھا گیا۔
مُصیب ع۔ درست سمجھنے والا۔ صواب پانیوالا
مصیبت ع۔ دکھ۔ تکلیف۔ حادثہ۔
مصیدہ ع۔ جال شکار کا۔ چیز جس سے شکار کریں۔
مَصیر ع۔ جائے بازگشت۔ مایل ہونا۔ رجوع کرنا۔
مُصیطر ع۔ حافظ نگاہبان۔
مَضاجع ع۔ خواب گاہیں۔ مایل ہونا۔
مُضاجعت ع۔ صحبت و ہم بستری۔
مُضادت ع۔ باہم ضد ہونا۔
مُضار ع۔ جمع مضرت۔ گزند۔ نقصان۔
مَضارب ع۔ جمع ضرب۔ جائے زدن۔
مُضارع ع۔ مشابہ اور وہ فعل جس میں حال اور استقبال دونوں مفہوم ہوں۔ شریک۔
مُضاعف ع۔ دوچند۔ اور وہ کلمہ کہ جس کے آخر میں دو حرف ایک جنس کے آویں۔
مضاف ع۔ منسوب۔ متعلق۔
مُضافات ع۔ منسوبات۔ متعلقات۔ وہ دیہات جو ایک شہر کے متعلق ہوں۔
مضاف الیہ ع۔ وہ اسم جسکی طرف کسی شے کو لگاویں جیسے زید کا گھوڑا میں زید مضاف الیہ ہے اور گھوڑا مضاف۔
مضامیر ع۔ مضمار۔ وہ جگہیں جہاں گھوڑا دوڑاویں۔
مَضامین ع۔ جمع مضمون۔ معانی۔ مطالب۔

مضایق ع جمع مضیق - جایہا تنگ
مضایقہ ع تنگی - ایک دوسرے کو تنگ کرنا
مضبوط ع ضبط کیا گیا - مستحکم
مضجع ع خوابگاہ - سونے کی جگہ -
مضحک ع ہنسی کی جگہ -
مضحک ع ہنسی دلانیوالا ہنسانیوالا
مضحکات ع وہ لطیفے کہ جس سے ہنسی پیدا ہو - ہنسانے والی چیزیں -
مضر ع ضرر پہونچانے والا -
مضر ع نام عرب کے ایک شخص کا -
مضرت ع جائے گزند -
مضراب ع وہ آلہ جس سے ماریں - ستار بجانے کا اوزار
مضرار ع وہ شخص جسکو ضرر پہونچا ہو
مضرت ع ضرر - گزند -
مضروب ع جسپر مار پڑی ہو -
مضطر ع ضرر رسیدہ - بیچارہ - بے اختیار - بیچارہ -
مضطرب ع بیقرار - اضطراب کرنیوالا
مضعوف ع دوچند کیا گیا
مضغ ع خائیدن - چبانا -
مضغہ ع پارہ - گوشت - لقمہ - اتنی مقدار جو ایک دفعہ چبائی جاوے -

مضل ع گمراہ کرنے والا -
مضمار ع گھوڑ دوڑ کا میدان - آزمائش کرنے والا میدان -
مضمحل ع محو ہونے والا - ناچیز - سست
مضمر ع پوشیدہ کیا گیا -
مضمضہ ع کلی کرنا - پانی منہ میں پھرانا
مضموم ع پیش کیا گیا - جیسے دم کی دال - ملایا گیا - پیوستہ کیا گیا -
مضمون ع ضمن کیا گیا - درمیان میں کیا گیا - مطلب
مضی ما مضی ع گذرا جو کچھ کہ گذرا -
مضی ع روشن ہونیوالا - روشن کرنے والا -
مضیع ع ضایع کرنے والا -
مضیف ع مہمانی کرنے والا -
مضیق ع جائے تنگ -
مضیم ع وہ آدمی جسپر حق رسانی میں ظلم کیا گیا ہو -
مطا ع پشت - پیٹھ
مطابیہ ع علاج دوا کرنا -
مطابق ع موافق - برابر -
مطابقت ع موافقت - برابری -
مطار ع اڑنا -
مطارح ع جائے انداختن - پھینکنا -

کسے یا جگہ ڈالنے کی۔
مطارحہ ع کسی سے بات کہنا۔ مشورہ کرنا۔ خوشامد۔ مطارحات جمع
مطاردہ ع آپس میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
مطاع ع اطاعت کیا گیا۔ مخدوم سردار۔
مطاعم ع خوراکیں۔ کھانے۔
مطاعمتہ ع کبوتروں کا چارہ بدلنا۔
مطاعن ع عیب اور طعنے۔
مطاف ع طواف کرنے کی جگہ۔
مطالب ع جمع مطلب۔ مرادیں۔
مطالبہ ع طلب کرنا۔ واپس مانگنا۔
مطالعہ ع کسی چیز کو اس سے واقفیت پیدا کرنیکے لئے دیکھنا۔ سبق کا مطالعہ کرنا۔
مطامع ع جمع طمع۔ لالچ۔
مطاوعت ع تابعداری کرنا۔
مطاوی ع جمع مطوی۔ پیچیدگیاں۔ شکنیں۔ چیں۔ سلوٹیں۔
مطایا ع وہ چارپائے جنپر سوار ہوتے ہیں مثلاً گھوڑا اونٹ خچر ٹٹو۔
مطائبات ع خوش طبعیاں۔ ہنسی ٹھٹھے۔
مطائبہ ع خوش طبعی کرنا۔ پسندیدہ مذاق۔

مطب ع وہ جگہ جہاں بیٹھکر طبیب علاج کرتے ہیں۔
مطبخ ع باورچی خانہ۔ کھانا پکانے کی جگہ۔
مطبخی ع باورچی۔ بکاول۔
مطبوخ ع پکی ہوئی چیز۔ پکائی گئی۔
مطبوع ع پسندیدہ و مرغوب طبع۔ چھاپا ہوا۔
مطر ع بارش۔ باراں۔
مطراب ع بہت خوش۔ بہت مسرور آدمی
مطرات ع جمع مطر۔ مینہ باراں۔
مطرب ع گویا۔ ڈوم۔ گانیوالا۔
مطرح ع جائے انداخت۔ تھیلا جسمیں چیتا یا جانور کو ڈالے
مطرد ع ایک وتیرہ پر ہونیوالا۔
مطرد ع چھوٹا نیزہ۔ برچھی۔
مطرز ع زینت دیا گیا۔
مطرف ع مزین پر زینت۔
مطرقہ ع گہن۔ لوہاروں کا ہتھوڑا۔
مطرود ع نکالا گیا۔ مردود۔
مطروف العین ع وہ شخص جو ہر طرف دیکھے ایک طرف آنکھ نہ رکھے۔
مطرفہ ع وہ عورت جو شوہر کے سوا دوسرے مردوں کو دیکھے۔
مطعم ع بہت کھانیوالا۔

مُطعِم ع کہلانے والا۔
مُطعَم ع کہانے کی چیزیں۔
مُطعُومات ع کھانے کی چیزیں۔
مطعُوان ع نیزہ مارا گیا۔ بھالا مارا گیا
باعیب۔ معیوب۔
مُطفی ع بجہانے والا۔
مُطلّا ع طلا کیا گیا۔ زر اندودہ۔
مِطلاق ع بہت طلاق دینے والا۔
مَطلَب ع جگہ طلب کی۔ مراد۔ معنی۔
مُطلّب ع آنحضرت کے دادا کا نام۔
مَطلَع ع جگہ طلوع ہونے کی۔
مُطلِع ع خبر دہندہ۔ اطلاع دینے والا
مَطلَع ع قصیدہ یا غزل کا پہلا
مَطلِع ع بیت۔
مُطلَع ع خبر دیا گیا۔ اطلاع دیا گیا۔
مُطلَق ع آزاد۔ بے قید۔ رواں کیا گیا۔
مُطلَّق
مُطلَّقہ } ع طلاق دی ہوئی عورت
مُطلَق العنان ع آزاد۔ چھوڑا ہوا
مَطلوب ع طلب کیا گیا۔
مَطمَح ع جگہ نظر رکھنے کی۔ جگہ نظر پڑنے کی۔
مَطموع ع لالچ دیا گیا۔ طمع دیا گیا۔
مطمئن ع اطمینان رکھنے والا۔ آرمیدہ

مُطَجَّن ع ماہی توے میں بھنا ہوا گوشت۔
مُطّوعہ ع وہ لوگ جو خوشی سے جہاد کریں بغیر اسکے کہ جہاد ان پر واجب ہو
مَطوق عبکو طوق پہنایا گیا ہو۔
مَطوی لپٹا ہوا۔ پیچیدہ شدہ۔
مَطہَر ع جائے طہارت۔
مُطہِّر ع پاک کرنے والا۔
مِطہَرہ ع آفتابہ۔ برتن جس سے وضو کریں۔
مُطیِّب ع خوشبو دینے والا۔ پاک شوندہ
مُطیَّب ع خوشبو کیا گیا۔ پاک کیا گیا۔
مُطیر ع برسنے والا۔
مُطیَّر ع ستشر شدہ۔
مُطیع ع فرمانبردار۔ اطاعت کرنیوالا۔
مَطی ع سواریاں۔
مَطیّہ ع سواری گھوڑا وغیرہ۔
مَظالِم ع جمع مظلمہ بے انصافیاں۔ ستم۔ وہ جگہ جہاں ظالموں کو سزا ملتی ہے عدالت
مُظاہِر ع پشتی دینے والا۔ مدد دینے والا۔
مَظاہِر ع ظاہر ہونے کی جگہیں۔
مُظاہَرت ع مدد دینا۔ اپنی زوجہ کو ظہار کرنا یعنی یہ کہنا کہ تو مجھ پر مثل ماں کے ہے جس سے وہ حرام ہو جاتی ہے جبتک کہ مرد کفارہ
مَظروف ع وہ چیز جو کسی برتن میں رکھی جاوے۔
مُظفَّر ع فتحمندی۔ فتح پایا ہوا۔

مُظلِم ع۔ تاریک۔ اندھیرا۔
مُظَلِمہ ع۔ دادخواہی کرنا۔ انصاف کرنا
بے انصافی۔
مَظلُوم ع۔ ظلم رسیدہ۔ جس پر بے انصافی
ہوئی ہو۔
مَظلَّہ ع۔ سائبان۔
مَظلِما ع۔ بہت پیاسا۔
مُظَطْمِہ ع۔ کسی چیز کا ہلنا۔ لہلہانا۔
مَظنُون ع۔ گمان کیا گیا۔
مَظِنّہ ع۔ جگہ گمان کے جانے کی۔
مَظہر ع۔ جائے ظہور۔
مُظہِر ع۔ ظاہر کرنیوالا۔
مَع۔ ساتھ۔ ہمراہ۔
مِعا ع۔ انتڑی۔ رودہ۔
مَعاً ع۔ فوراً۔ اسی وقت۔ ساتھ۔
مَعاب ع۔ عیب۔ برائی۔
معابۃ ع۔ عیب۔
مَعابِد ع۔ جمع معبد۔ پرستش گاہیں۔
مَعابِر ع۔ جمع معبر۔ رہگذر۔ جگہ دریا کے
عبور کرنیکی۔
مُعاتِب ع۔ عتاب کرنیوالا۔ خفگی کرنیوالا
مُعاتبت ع۔ غصہ کرنا۔
مُعاث ع۔ کشادہ اور وسیع جگہ۔ راہ

مَعاد ع۔ جائے بازگشت۔ لوٹ کر جانیکی جگہ۔ آخرت قیامت
مُعادِل ع۔ برابری۔ مساوی۔
مُعادلت ع۔ برابری۔ مساوات۔ انصاف
مَعادِن ع۔ جمع معدن۔ کھانیں۔
مَعاذ ع۔ جائے پناہ۔ پناہ دینا۔
مَعاذاللہ ع۔ میں خدا سے پناہ چاہتا ہوں۔
مَعاذِیر ع۔ جمع معذرت۔ عذرات۔ بہانے
مَعارِج ع۔ جمع معراج۔ سیڑھیاں۔
نردبانہا۔
مُعارِض ع۔ جھگڑا کرنیوالا۔ معترض۔
مُعارضہ ع۔ جھگڑا۔ مناقشہ۔
معارف ع۔ جمع معرفہ۔ شناسائی۔
جاہائے شناختن۔ آشنا لوگ۔ اہل علم
اور فضل۔ نامور لوگ۔
مَعارِک ع۔ جمع معرکہ۔ لڑائی کے میدان
مُعارکہ ع۔ لڑائی۔ جنگ۔
مَعاش ع۔ زندگانی بسر کرنا۔ زندگانی دنیا
وہ شے جس سے زندگی بسر کیجاوے
مُعاشِر ع۔ ساتھی۔ دوست۔
مَعاشرت ع۔ دوستوں کے گروہ۔
مُعاشرت ع۔ آپس میں مل جل کر زندگانی
بسر کرنا۔ کسی کے ہمراہ عیش کرنا۔
مُعاصِر ع۔ ہم عصر۔ اپنے زمانہ کا۔ ہم زمانہ

مُعَاصِی ع بہت گناہ۔ جمع معصیت
مُعَاضِد ع مددگار۔ مدد دینے والا۔
مُعَاضَدَت ع مدد دینا۔ ایک دوسرے کا بازو ہونا۔
مُعَاطَفَت ع مہربانی کرنا۔
مُعَاف ع بخشا گیا۔ عفو کیا گیا۔
مُعَافی ۔ بخشا گیا۔ عفو کیا گیا۔
مُعَافِی ع معاف کرنے والا۔
مُعَاقِب ع عذاب کرنیوالا۔ عقوبت کرنیوالا
مُعَاقَبَت ع عذاب کرنا۔ مارنا۔ باندھنا
مَعَاقِد ع جمع معقد۔ جاہائے گرہ بستن اور جگہ عہد کرنے کی۔
مُعَاقَدَت ع باہم عہد کرنا۔ نکاح کرنا۔ ضمانت کرنا۔
مُعَالِج ع علاج کرنیوالا۔ حکیم۔
معالجہ ع علاج کرنا۔ دوا۔
مَعَالِم ع دنیا اور جہان۔ جمع مَعْلَم۔
معالی ع بلندیاں۔
مَعَامِع ع لڑائیاں۔ بعض کا بعض کی طرف مائل ہونا۔
مُعَامَلہ ع باہم ملکر کوئی کام کرنا۔
مُعَامِی ع غیر آباد زمینیں۔
مَعَان ع جگہ مدد کی۔ مدد۔

مُعَانَتہ ع باہم مزاحمت و اعتراض کرنا
مُعَانِد ع عناد کرنیوالا۔ دشمن۔
مُعَانَدَت ع دشمنی۔ عناد کرنا۔
مُعَانِق ع گلے سے لگنے والا۔ گلے سے ملنے والا۔
مُعَانَقہ ع گلے ملنا۔
معانی ع مطالب۔ مرادیں۔ نام ایک علم کا۔
مُعَاوِد ع بازگشت کرنیوالا۔ پھر کر آنیوالا۔
مُعَاوَدَت ع لوٹ کر آنا۔ پھر کر آنا
مُعَاوَضَت ۔ عوض کرنا۔ بدلہ لینا۔
مُعَاوِن ع مددگار۔ امداد دینیوالا
مُعَاوَنَت ع مدد کرنا۔ امداد کرنا۔
مُعَاہِد ع عہد کرنے والا۔
مُعَاہَدہ ع باہم عہد کرنا۔
مُعَائِب ع عیب ہا۔ برائیاں۔
مُعَایِش ع زندگی کے اسباب۔ جمع معیشت۔
مُعَاینہ ع آنکھ سے باہم دیکھنا۔ سامنے دیکھنا۔
مُعَابِد ع پرستش گاہیں۔ پوجا کی جگہیں۔
مَعْبَد ع جائے پرستش۔ جائے عبادت

مُعبر۔ جگہ عبور دریا کی۔ رہگذر
مِعبر۔ وہ شے کہ جسکے سبب سے دریا
سے پار اتریں۔ کشتی۔
مُعبِّر۔ خواب کی تعبیر بیان کرنیوالا۔
معبود۔ عبادت کیا گیا۔ پوجا گیا۔
معتاد۔ عبادت کیا گیا۔ مقدار ہر
روز کی جتنی عادت ہو۔
مُعتبر۔ اعتبار کیا گیا۔
مُعتدی۔ حد سے گزرنیوالا۔
مُعتدبہ۔ قابل اعتبار۔ معتبر۔
گنا ہوا۔
مُعتدِل۔ مزاج میں اعتدال
یا برابری رکھنے والا۔ جس میں
افراط اور تفریط نہو۔
مُعتذِر۔ عذر کرنیوالا۔
مُعترِض۔ اعتراض کرنیوالا۔
معترِف۔ مقر۔ اقرار کرنیوالا۔
مُعتزِل۔ گوشہ نشین یکسو ہو کر
بیٹھنے والا۔
معتر۔ مفلس۔ غریب۔ محتاج۔
مُعتصِم۔ جنگل مارنیوالا کسی چیز
میں واسطے طلب مدد کے پناہ
لینے والا۔
مُعتضِد۔ طالب اعانت۔ مددکا
خواہاں
مُعتقِد۔ اعتقاد رکھنے والا۔ بھروسہ
رکھنے والا۔
مُعتکِف۔ عبادت کرنے کیلیے مسجد
میں بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین۔
مُعتمَد۔ اعتبار کیا گیا۔
معتوب۔ غصہ کیا گیا۔ عتاب کیا گیا
مُعجِب۔ تعجب میں ڈالنے والا۔
مُعجَب۔ مغرور۔
مِعجر۔ عورت کی اوڑھنی یا دوپٹہ۔
مُعجِز۔ مُعجِزہ۔ عاجز کرنیوالا۔
معجزات۔ جمع معجزہ۔ وہ بات جسکے
کرنے پر انسان قادر نہو
مِعجس۔ کمان کی مٹھیا۔
مُعجِل۔ جلدی کرنے والا۔
مُعجَم۔ وہ حرف کہ جسپر نقطہ ہو۔
معجون۔ کئی چیزیں جو پیسکر اور ملکر
مثل آٹے کے گوندھی ہوئی ہوں۔
گوندھا ہوا۔ دوائیں جو قوام میں
گوندھی گئی ہوں۔

مُعَدّ ۔ آمادہ ۔ تیار۔
مُعَدَّد ۔ شمار کیا گیا۔
مُعَدِّلُ النّہار ۔ ایک دائرہ آسمان کے بیچ بیچ پورب سے پچھم تک کہ جب آفتاب اس دائرہ پر ہوتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔
مَعدِلت ۔ عدل ۔ انصاف۔
مُعدِم ۔ نیست کرنیوالا ۔ محتاج۔
مَعدِن ۔ کھان ۔ سونے چاندی وغیرہ کی کان۔
مَعدُود ۔ شمار کیا گیا ۔ گنا گیا۔
معدودات ۔ ایام تشریق کے تین دن جو دسویں ذی الحجہ کے بعد ہوتے ہیں۔
مَعدُوم ۔ عدم کیا گیا ۔ نیست کیا گیا۔
مِعدہ ۔ اوجھ جسمیں کھانا ہضم ہوتا ہے۔
مُعَذَّب ۔ عذاب کیا گیا۔
مُعَذَّج ۔ غیرت دار اور باحیا مرد۔
مُعَذِّر ۔ عذر کرنیوالا ۔ حیلہ کرنیوالا۔
مِعذَلج ۔ پانی سے بھری مشک۔
مَعذُور ۔ عذر کیا گیا ۔ بہانہ کیا گیا۔
مَعذُول ۔ ملامت کیا گیا۔

مُعَرّا ۔ برہنہ ۔ ننگا۔
مِعراج ۔ سیڑھی کا ڈنڈا۔
مِعراض ۔ تیر گز۔
مُعَرَّب ۔ وہ لفظ جسکو کسی دوسری زبان سے عربی بنا لیا ہو۔
مِعرَک ۔ لڑاکا ۔ جنگجو۔
مَعَرَّہ ۔ گناہ ۔ بدی ۔ تاوان ۔ رنج۔
مِعرَج ۔ نردبان ۔ سیڑھی۔
مُعَرَّس ۔ آخر شب کی منزل۔
مَعرَض ۔ جائے عرض ۔ جگہ ظاہر ہونے کی۔
مُعرِض ۔ روگردانی کرنے والا ۔ منہ پھیرنے والا۔
مُعَرِّف ۔ تعریف کرنے والا ۔ حد بتلانے والا ۔ شناسائی کرنے والا۔
مَعرِفت ۔ شناخت ۔ پہچان ۔ لغوی معنی گھوڑے کے ایال۔
مِعرَق ۔ پسینہ لانے والی چیز۔
مَعرَکہ ۔ میدان جنگ۔
مَعرُوض ۔ عرض کیا گیا ۔ پیش کیا گیا۔
مَعرُوف ۔ مشہور ۔ جو معلوم ہو۔
مَعرَی ۔ وہ جوڑ لوگوں کے جسم میں سے جو کھلا رہتا ہے ۔ مثلاً ہاتھ پاؤں۔

مُعِز ع بکرا - بکری -
مُعَز ع عزت کیا گیا -
مُعَزَّز ع عزت کیا گیا - عزت دار
مَعزُول ع علیحدہ کیا گیا -
مُعتَزِل ع علیحدہ - یکسو -
مُعَزِّم ع افسوں گر - عزیمت خواں
مُعسِر ا ع مفلس - محتاج -
مُعَسکَر ع جگہ لشکر اترنے کی - چھاؤنی
مُعَشَّر ع اقارب - رشتہ دار لوگ
مُعَشَّر ع جسکے دس گوشے ہوں - دس
معشوق ع عشق کیا گیا - جسپر کوئی عاشق ہو
معشوقہ ع وہ عورت جسپر کوئی عاشق ہو
مُعصَر ع نچوڑنیکا اوزار تیلی کا کولہو
مِعصَرہ
مَعصِرہ ع جائے کشید شراب کی - جگہ نچوڑنے کی -
مُعَصفَر ع گیندہ گل کا زیرہ -
مَعصوم ع بے گناہ - گناہ سے بچایا گیا -
مَعصِیَت ع گناہ - نافرمانی -
مُعضَل ع مشکل کام - دشوار -
مُعضِل
مُعَطَّر ع خوشبودار -

مُعَطِّش ع پیاس لگانے والی چیز -
مُعَطَّل ع بیکار - کام سے خالی -
مَعطوف ع لیٹا ہوا - لپیٹا ہوا -
مُعطیٰ ع بخشا ہوا -
مُعَظَّم ع بزرگ - بزرگی دیا گیا -
مَعفُو ا ع معاف کیا گیا -
مُعقَد ع گرہ کی جگہ - باندھنے کی جگہ -
مَعقود ع گرہ لگایا گیا - باندھا گیا -
مَعقول ع عقل میں لایا گیا - مناسب اچھا پسندیدہ - بندھا ہوا -
مَعَک ع تیرے ساتھ -
مَعکوس ع اولٹا - اوندھا -
مُعَلّےٰ ع بلند کیا گیا -
مِعلاق ع کھونٹی جسپر چیز لٹکا دیں -
مَعلَف ع جانوروں کے گھاس کھانے کی جگہ - کھرلی -
مُعَلَّق ع لٹکا ہوا -
مُعَلَّقات ع لٹکی ہوئی چیزیں -
معلق زن ع کلا کرنے والا - بازیگر - ناچنے والا -
مَعلَم ع راہ کا نشان - علامت -
مُعَلَّم ا ع نقاشی کیا گیا - نقشدار جیسے دیبائے معلم
مُعَلَّم ا ع سکھلایا گیا - مثلاً طوطی معلم -

مُعلّم ۔ علم سکھانے والا
مُعلّمِ اول ۔ ارسطو۔
معلّمِ ثانی ۔ ابونصر فارابی۔
معلّمِ ثالث ۔ بوعلی سینا۔
معلّم الملکوت ۔ شیطان۔
مِعلم الشی ۔ کسی شے کے نشان
مَعلوب ۔ کشادہ راہ۔
مَعلوق ۔ جیسے حلق میں جونک چمٹی ہو
مَعلول ۔ علت کیا گیا۔ وہ جس کا کوئی سبب اور باعث ہو
مَعلوم ۔ علم کیا گیا۔ جانا گیا۔ کنایہ مال وزر سے۔ موت سے۔
مَعَم ۔ بہت چچا والا۔
مُعَمّا ۔ پوشیدہ۔ چھپی ہوئی چیز۔ اندھا کیا گیا۔ چیستان۔ پہیلی۔
معمار ۔ راج۔ مستری۔ عمارت بنانے والا۔
مَعمد ۔ بیمار عشق۔
مَعمعان ۔ گرمی۔ سختی۔
مَعمور ۔ آباد۔ بھرا ہوا۔ پُر۔
مَعمورہ ۔ بستی۔ شہر۔
معموری ۔ آبادی۔
مَعمول ۔ عمل کیا گیا۔ جو بات روزمرہ کیجاوے۔

مُعَم ومُخول ۔ جسکے چچا اور ماموں اہل سخاوت اور کرم ہوں
مُعَنبر ۔ عنبر کیا گیا۔ جس میں عنبر ملا ہو۔
مُعنون ۔ عنوان کیا گیا۔ دیباچہ کیا گیا۔
معنوی ۔ باطنی۔ منسوب معنیٰ سے۔
مَعنیٰ ۔ مطلب۔ مراد۔ مضمون۔
مُعوج ۔ خم۔ ٹیڑھا۔
مُعوضت۔ وہ چیز جو کسی چیز کے عوض دیجاوے
مُعوق ۔ باز رکھا گیا۔ دشوار۔
مُعوّل ۔ اعتماد کیا گیا۔
مِعول ۔ بسولہ۔ تبر۔
مُعوِل ۔ جائے اعتماد۔
مَعونت ۔ مدد۔ یاری۔
مَعَہذا ۔ اس بات کے ساتھ۔ باوجود اس کے
مَعہود ۔ پیمان کیا گیا۔ مقرر۔ ٹھہرانا۔
مِعیار ۔ سوٹی۔ ترازو کے مثقال۔
مَعیت ۔ ہمراہی۔ ساتھ ہونا۔
مُعید ۔ اعادہ کرنیوالا۔
مُعیر ۔ عاریت دینے والا۔
معیشت ۔ زندگی کرنا۔ عیش سے بسر کرنا۔
مَعیش ۔

مُعیل ع عیال دار آدمی۔
مُعیّن ع مقرر کیا گیا۔
مُعین ع مدد کرنے والا۔
معیوب ع عیب دار۔ عیب کیا گیا۔
مَغ ع گہراؤ۔ عمق۔
مُغ ع آتش پرست۔
مُغاورت ع بے وفائی کرنا۔
مَغار ع وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔ کھنڈ
مغارہ ع جگہ غارت کرنے کی۔
مَغال ع گڑھا۔ گہراؤ۔
مَغال ع دودھ پیتا بچہ۔
مُغالطہ ع غلطی میں ڈالنا۔
مغامدہ ع مہنگا خریدنا۔
مُغان ع جمع مغ۔ آتش پرست لوگ۔
مُغایرہ ع باہم غیر ہونا۔ مخالفت۔
مُغالطۃ ع ایسی باتیں جن سے مناسبت نہ ہو۔ پریشان کلام۔
مُغالظۃ ع باہم غصہ و غیظ کرنا۔
مُغایرت ع آپس میں غیریت یا اختلاف ہو
مغبون ع جسکو نقصان پہونچا ہو
مُغتذی ع غذا پانے والا۔
مُغتنم ع غنیمت سمجھا گیا۔
مُغترا ع تعجب انگیز۔

مَغرب ع جگہ سورج نکلنے کی۔
مغربی ع اخیر۔ پچھم کا۔
مُغرس ع تھالے میں درخت لگانے والے۔
مُغرّق ع جگمگا۔ چمکدار۔
مغرور ع گھمنڈی۔ وہ شخص جسکو غرور ہو
مغروق ع ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا۔
مغز ع گودا۔ دماغ۔
مغسول ع غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔
مغشوش ع کھوٹ ملایا ہوا۔ خیانت کیا گیا۔ غیر خالص۔
مغشی ع جسپر غشی آگئی ہو۔ بیہوش
مغص ع مروڑا۔ پیچش۔ انتڑی اور پیٹ کا درد۔
مُغضب ع غصہ والا۔ غصہ دلانیوالا
مغضوب ع وہ شخص جس پر غصہ کیا گیا ہو
مغفر ع خود آہنی۔
مغفرت ع بخشش۔ گناہ بخشنا۔
مغفور ع بخشا گیا۔
مغل ت نام ایک فرقہ کا جو اعلیٰ قوم ترکستان کی ہے۔ سادہ دل
مِغلاق ع قفل۔ دروازہ کی زنجیر۔
مَغلطہ ع وہ مقام جہاں شک شبہ۔

اور غلطی میں پڑیں۔

مُغلَق / مُغلقہ ع۔ بند دروازہ۔ مشکل جسکا سمجھنا آسان نہ ہو۔

مَغلوب ع۔ عاجز۔ غلبہ کیا گیا۔

مَغلوق ع۔ دروازہ بند کیا ہوا۔

مَغلول ع۔ طوق گردن میں ڈالا ہوا عذاب کا طوق ڈالا ہوا۔

مُغمَد ع۔ پوشیدہ کیا گیا۔

مَغموم ع۔ غمگین۔ رنجیدہ۔

مِغناج ع۔ ناز و کرشمہ کرنے والی عورت

مُغنی ع۔ گانے والا۔ گویا۔ ڈوم۔

ناک ۔ بھرا ہوا ۔ صاحب خداوند ۔ مالک ۔ جیسے دردناک ۔
ناکارہ ۔ جو کام کا نہ ہو ۔
ناکام ۔ نامراد ۔ لاچار ۔ بانفور ۔
ناکب ۔ اوندھا گرانے والا ۔
ناکتخدا } بغیر بیاہا ۔ بن بیاہا
ناکدخدا }
ناکح ۔ نکاح کرنیوالا ۔ نکاح کرنیوالی

ناکس - کمینہ - نالائق
ناکس ؎ اوندھا - سرنگوں -
ناکسی - نالائقی - نیچ پن -
ناگاہ }
ناگاج } اچانک - یکایک -
ناگرفت - ناگاہ - یکایک -
ناگزاران }
ناگزیر } ضرور - لاعلاج - ناچار
ناگوار - بدمزہ - بدذائقہ - ناخوش
غیر ہاضم -
ناگہاں یکایک -
نال - سوت کے سے ریشے جو قلم کاٹتے
میں نکلتے ہیں - نے جو اندر سے
خالی ہو - گنا -
نالاں - نالہ کرتا ہوا روتا ہوا -
نالائق - جو لائق نہ ہو - جو لائق نہ ہو -
نالش - فریاد کرنا - نالاں ہونا -
نالہ - جو فریاد سوز دل سے با آواز بلند ہو
چھوٹی ندی
نالیدن - شور کرنا -
نامبارک - منحوس - جو چیز مبارک نہ ہو -
نام بردار - نامور - نامی -
نام ابردہ - ذکر کیا گیا وہ شخص جس کا
نام اوپر ذکر کیا گیا -
نامتناہی - جس کی انتہا نہ ہو -
نامجوے - ناموری چاہنے والا -
نامحدود - بے حد بے انتہا -
نامحرم - ناواقف -
نام خدا - خدا کی قسم -
نامدار - نامور - عزت والا -
نامراد - بے مراد -
نامردم - نالائق -
نامردی - مرد نہ ہونا - بزدلی - کم ہمتی
ہیجڑا ہونا -
نامزد - مشہور -
نامساعد - ناموافق -
نامعقول - نامناسب بیوقوف - بے عقل
جو عقل میں نہ آئے یعنی بیوقوفی کی بات
ناملائم - نامناسب - درشت
خراب بات -
نامِلہ - بہت چلتی ہوئی راہ -
نامور - مشہور آدمی -
ناموری - شہرت - مشہور ہونا
ناموس - عصمت حرمت - شریعت سیاست
تدبیر نیکنامی - فرشتے - احکام الٰہی -
قاعدہ - آواز - مکر جبرئیل -

ناموس اکبر - شریعت - بڑا قاعدہ - لقب جبرئیل ۔
ناموسہ - شیر کے سونے کی جگہ -
نامہ - خط - چٹھی -
نامہ سفید - نہایت نیک اور پرہیزگار آدمی -
نامی - نامور -
نامی - بڑھنے والا -
نامیدن - نام رکھنا -
نامیہ - ایک قوت جو بالیدگی اور نشو و نما بڑھاتی ہے قوت نمو -
نان - روٹی -
نان بام / نانوا } نان پز - روٹی بنانیوالا -
نان پائی - جو روٹی اور شوربا بیچتا ہے
نان بستن - روٹی پکانا -
نان خورش - وہ چیز جسکے ساتھ روٹی کھاویں مثل دال سالن وغیرہ کے
نان رباط - لنگر یا خانقاہ کی روٹی -
نان زرین - آفتاب -
نان سیمیں - چاند -
نان یور - کمینہ - لالچی -
نان وقف - خدا کے نام کی روٹی -

ناو - کشتی - پرنالہ -
ناودان - پرنالہ - بدررو -
ناورد - لڑائی - جنگ و جدل -
ناوک - تیر - چھوٹا تیر -
ناو نوش - بانسری سننا اور شراب پینا - عیش و عشرت -
ناوہ - پرنالہ -
ناہار - وہ شخص جس نے صبح سے کچھ کھانا نہ کھایا ہو -
ناہج - راہ رو - راہ فراخ پیدا کرنیوالا -
ناہد - ناریستان - وہ لڑکی جس کی چھاتیاں تھوڑی مدت سے اٹھتی ہوں -
ناہض - وہ پرند جو پر کھولکر اڑنے کی تیاری کرے -
ناہضۃ الرجل - آدمی کے عزیز و اقارب اور بھائی -
ناہق - خر نر - گدھا -
ناہل - پیاسا چشمہ سے پانی پینے والا -
ناہمتا - بے مثل - بے نظیر -
ناہموار - جو برابر نہو - اونچا نیچا - نجار اگلے ادب -

ناہنجار ۔ بدذات ۔ بداصل ۔
ناہی ۔ منع کرنے والا ۔ روکنے والا ۔
ناہید ۔ ستارہ زہرہ ۔ سکر کا تارا ۔
رقاصۂ فلک ۔
نائے ۔ بانسری ۔ گلا ۔ حلق ۔ کوچہ ۔
نائی ۔ بانسری بجانے والا ۔
نایاب ۔ جو چیز پائی نہ جاوے ۔ معدوم ۔
نائب ۔ قائم مقام ۔
نائبہ ۔ حادثہ ۔ مصیبت ۔ مشکل کام ۔
نائے ترکی ۔ قرنا ۔
نائچہ ۔ حقہ کا نیچہ ۔
نائحہ ۔ رونا ۔ گریہ ۔ نالہ و فریاد ۔ مصیبت ۔
نائرہ ۔ لپک نکل جانیوالا ۔ شعلہ ۔
نائزہ ۔ لوٹے کی ٹونٹی ۔
نائک ۔ جماع کرنے والا ۔
نائیل ۔ پہونچنے والا ۔ پانیوالا ۔
نائم ۔ خفتہ ۔ سوتا ہوا ۔ سونے والا ۔
نائیدن ۔ فخر کرنا ۔ شیخی مارنا ۔
نبا ۔ خبر ۔ انبا ۔ جمع ۔
نبات ۔ روئیدگی سبزہ ۔ ہری گھاس
ترکاری ۔ صاف قند ۔ مصری ۔
نباتی ۔ وہ شے جو گھاس پات کی قسم
سے ہو ۔ روئیدگی کا ۔

نباح ۔ نالۂ سگ ۔ کتے کی غیر
معمولی آواز ۔
نباش ۔ کفن چور ۔ قبر کھود کر کفن
چرانے والا ۔
نباض ۔ نبض پہچاننے والا حکیم ۔
نباذت ۔ بزرگواری ۔ استاد ہونا ۔
مشہور ہونا ۔
نباہت ۔ بزرگوار و مشہور ہونا چمک
شان
نبائر ۔ جمع نبیرہ ۔ پوتے ۔
پسرزادگان ۔
نبائل ۔ بزرگ لوگ ۔ نیکیاں ۔
بڑے کام ۔
نبت ۔ اُگنا ۔ روئیدگی ۔
نبذ ۔ تھوڑا ۔ ٹکڑا ۔ تھوڑی چیز ۔
نبر ۔ بلندی ۔ بلند کرنا ۔ اٹھانا ۔
نبراس ۔ چراغ ۔ لالٹین ۔ شمع ۔
نبرد ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
نبردگاہ ۔ میدانِ جنگ ۔
نبردہ ۔ دلاور ۔ بہادر ۔
نبز ۔ اشارہ کرنا ۔ عیب لگانا ۔
نبس ۔ نواسے ۔ دختر کے لڑکے ۔
نبسہ ۔ پوتے نواسے ۔

نبش ۓ قبر کھود کر مردہ کا کفن چرانا۔
نبشتن ۔ لکھنا۔
نبض ۔ رگ کا حرکت کرنا ۔ کمان کا
آواز کرنا ۔ بجلی کا چمکنا۔
نبضان ۓ نبض کا حرکت کرنا۔
نبطۓ کنوئیں سے پانی نکالنا۔
نبع ۓ پانی کا چشمہ وغیرہ سے باہر نکلنا۔
نبق ۓ بیر۔ بیری کا پھل ۔ لکھنا۔
نبل ۓ بڑا۔ چھوٹا۔ بزرگ ۔ خرد۔
نبل ۓ تیر۔ تیر پھینکنا۔
نبلہ ۓ ڈھیلا استنجا کرنے والا۔
نبوت ۓ پیغمبری ۔ خبر دینا۔
نبوع ۓ پانی کا زمین سے پھوٹ کر اوپر نکلنا۔
نبہ ۓ خبردار کرنا ۔ تنبیہ کرنا ۔ آگاہ ہونا۔
نبی ۓ خبر دینے والا پیغمبر خواہ صاحب کتاب ہو یا نہ ہو۔ بندوں کو راہ خدا پر ہدایت کرنے والا۔
نبیذ ۓ جو کی شراب ۔ بوزہ۔
نبیرہ ۓ پسرزادہ ۔ پوتا ۔ پوتی۔
نبیسہ ۓ نواسہ ۔ نواسی۔
نبیل ۓ بزرگ ۔ دانا ۔ عربہ ۔ خوبصورت
نبیلی

نبیہ ۓ آگاہ ۔ خبردار۔
نتاج ۓ بچہ جننا۔
نتائج ۓ فرزندین ۔ مطلب ۔ انجام کار ۔ بچے ۔ اولاد
نتش ۓ بال اکھیڑنا ۔ کانٹے کا موچنہ سے نکالنا۔
نتف ۓ بال اکھیڑنا۔
نتن ۓ بدبو۔
نتو ۓ ابھار ۔ ارتفاع ۔ بلندی۔
نتیجہ ۓ حاصل مطلب ۔ غرض ۔ بچہ۔
نث ۓ پھیلانا ۔ فاش کرنا۔
نثا ۓ خبر
نثار ۓ وہ چیز جو نچھاور کریں۔
نثار ۓ بکھیرنا ۔ نچھاور کرنا ۔ تصدق کرنا۔
نثر ۓ پراگندہ کرنا ۔ بکھیرنا ۔ وہ سخن جو نظم نہ ہو۔
نثرہ ۓ نام دو ستاروں کا جو برج اسد میں ہیں ۔ چوپایہ کا چھینکنا۔
نجابت ۓ شرافت ۔ اصالت ۔ بزرگواری۔
نجات ۓ مخلصی ۔ رستگاری۔
نجاح ۔ حاجت روائی مخلصی کھڑکیا[illegible]

نجاحت ء صبر و شکیب ۔
نجاد ء تلوار کا پر تلہ ۔
نجار ء بڑھئی ۔
نجار ء اصل جڑ ۔ ذات ۔
نجارت ء بڑھئی کا پیشہ کرنا ۔
نجارہ ء لکڑی کا چھیلن ۔
نجاست ء پلیدی ۔ ناپاکی ۔
نجائب } ء جمع نجیب ۔ مرد اصیل عمدہ
نجباء } اونٹ ۔ بزرگ ۔ برگزیدہ ۔
نجح ء فیروزی ۔ حاجت روائی ۔
نجد ء زمین بلند ۔ نام ایک ملک کا
عرب میں ۔
نجدت ء شجاعت ۔ دلیری ۔
نجس ء ناپاک ہونا ۔ پلید ہونا ۔
نجس ء پلید ۔ ناپاک ۔
نجف ء نام شہر کا جہاں حضرت علیؓ کا
مرقد ہے ۔
نجل ء نسل ۔ اولاد ۔ فرزند ۔
نجم ء ستارہ ۔ بیل مثلاً درخت
کدو وغیرہ کی ۔
نجویٰ ء سرگوشی ۔ کانا پھوسی چپکے
سے بات کہنا ۔ بھید ۔
نجوم ء جمع نجم ۔ ستارے ۔

نجیب ء شریف ۔ بزرگ ۔ مرد اصیل
عمدہ اونٹ ۔
نجید ء دلیر ۔ بہادر ۔
نجیف ء چوڑے سر کا تیر ۔
نحاریر ء جمع نحریر ۔ دانشمند ۔ بزرگ
نحاس ء سرشت ۔ اصل ۔
نحاس ء تانبہ والا ۔
نحافت ء دبلاپن ۔ لاغری ۔
نحب ء حاجت ۔ موت ۔ شرط لگانا ۔
نحت ء چھیلنا ۔ صاف کرنا ۔
نحر ء اونٹ کی قربانی کرنا ۔ سینہ
پر زخم مارنا ۔
نحر النہار ۔ اول روز ۔
نحر الشہر ۔ اول ماہ ۔
نحریر ء زیرک ۔ دانشمند ۔
نحس ء نامبارک ۔ منحوس ۔
نحل ء شہد کی مکھی ۔ نحل ۔ مذہب ہائے باطل ۔
نحل } ء عطیہ ۔ بخشش
نحلہ }
نحل ء عورت کا مہر ۔
نحلت ء عورت کا مہر دینا ۔
نحن ء ہم لوگ ۔ ما ۔ مایان ۔

نحو: طریق راہ۔ ارادہ۔ مانند۔ مجہول کا قسم۔
نحوست: نامبارکی۔ بدی۔
نحول: لاغری۔ دبلاپن۔
نحیب: رونے کی آواز۔ آہ وزاری۔
نحیف: دبلا۔ لاغر۔ ناتوان۔ مرد عاجز۔
نخ: ریشم۔ دھاگا۔ لشکر کی صف۔ تارِ ریشم۔
نخاس: بازار بردہ فروشی۔
نخاعہ: وہ بلغم جو گلے سے نکلتا ہے۔
نخالہ: بھوسی جو آٹا چھاننے سے نکلتی ہے۔
نخب: انتخاب کرنا۔ باہر نکالنا۔
نخچیر: شکار جنگلی جانور جسکو شکار کریں۔ شکارگاہ۔
نخست / نخستین } اول۔ پہلا۔
نخشب: ترکستان کا ایک شہر جہاں حکیم عطا ابن مقنع نے ایک کنوئیں سے طلسمی چاند نکالا تھا۔
نخع: سینگ۔ آب بینی۔

نخل: درخت خرما۔ درخت۔
نخل بند: باغبان۔ مالی۔
نخل تابوت / نخل ماتم } ایک قسم کی آرائش جو مردوں کے تابوت پر کرتے تھے۔
نخل طور: کوہ طور کے قریب ایک درخت جس پر حضرت موسیٰ کو تجلی حاصل ہوئی۔
نخل مریم: ایک خشک درخت خرما جہاں دردِ زہ میں مریم گئیں اور درخت سرسبز ہو گیا۔
نخلہ: درخت خرما۔
نخوت: بزرگی۔ تکبر۔ غرور۔
نخود: چنا۔ ایک قسم کا غلہ۔
نخیر: ناک کی آواز۔
نخیل: خرمے کے درخت۔
ند: ترقی۔ بڑھاؤ۔ افراط۔ مانند۔
ندا: آواز کرنا۔ پکارنا۔
ندی: آزادی۔ تری۔ بخشش۔
نداف: دھنیا۔ روئی کا دھننے والا۔
ندامت: شرمندگی۔
ندب: شرط۔ جوا۔
ندبہ / ندبت } رونا۔ مردہ پر سیاپا کرنا۔

ندبہ ع نوحہ - ماتم -
ندرت ع نادر ہونا - اعجوبہ ہونا -
تھوڑی - کمی -
ندف - روئی کا دھنکنا -
ندم ع شرمندہ ہونا -
ندمان ع شرمندہ - پشیمان -
ندماے } ع جمع ندیم مصاحب لوگ
ندایم }
ندیر ع اکیلا - فرد - ندیم ع ہم نشین -
نذارت ع خوف - ڈر -
نذر ع اپنے اوپر کوئی چیز واجب کر لینا
خدا سے عہد و پیمان کرنا - مثلاً
روزہ رکھنا - صدقہ دینا وغیرہ
نذر ع خوف - ڈر -
نذیر ع ڈرانے والا -
نر ع مرد - پرش - ضد مادہ -
نرخ - بھاؤ اناج وغیرہ کا -
نرد - چوسر کی گوٹ - شطرنج کی گوٹ
نردبان - سیڑھی - زینہ -
نرگاؤ ع بیل -
نرگس - نام ایک پھول کا مجازاً آنکھ
نرگسی - ایک قسم کا قلیہ - ایک قسم کا پلاؤ
آنکھ سے اشارہ کرنا - طعنہ دینا -

نرم - ملایم - گدگدا -
نرمادہ - مرد اور عورت - پیچ - صندوق
یا کواڑ وغیرہ کا -
نرمہ گوش - کان کی لو -
نرمی - گدگدا پن - ملایمت -
نرمیش - بینڈھا -
نرہ دیو - بدصورت دیو - دیو نر -
نری - بکرے یا مینڈھے کا چمڑا -
نریمان - نام ایک پہلوان کا جو رستم
کا پردادا تھا -
نزار - لاغر - دبلا -
نزاع - آرزومند ہونا - جھگڑا
نزاکت - نازک پن -
نزاہت - پاکی - بدی سے دور ہونا -
نزح ع دور ہونا - کنوئیں کا کل پانی
نکل جانا -
نزد } پاس - قریب -
نزدیک }
نزع ع کسی چیز کو اس کی جگہ سے کھینچنا -
جان کندنی -
نزف ع کنوئیں کا تمام پانی کھینچ لینا
نزق ع قریب جگہ -
نزل ع ضیافت مہمانی بدسد - جو

کھانا مہمان کے سامنے رکھیں۔

نُزلہ ع آب منی مرد۔ پانی کا اترنا۔

نزوان ع فتنہ انگیزی۔ بھڑنا۔

نزور ع کم لڑکوں والی عورت۔

نزول ع اترنا۔

نزولی۔ فوج کا پڑاؤ۔

نزوہت۔ بے عیب ہونا۔ پاکیزگی۔ نکوئی۔ خوش حالی۔ سیر۔

نزیدن۔ باہر کھینچنا۔ باہر نکالنا۔

نزیع ع غریب وہ آدمی جس کی ماں لونڈی ہو۔

نزیف ع تپ زدہ۔ مست بیہوش جسکا خون بہت نکلا ہو۔ جسکی زبان پیاس سے خشک ہو۔

نَزیل ع مسافر پردیسی جو کسی سرائے وغیرہ میں جاکر اترے۔

نژاد۔ اصل۔ نسب۔

نژادہ۔ اصل نجیب۔

نژغار۔ بانگ فریاد۔ نعرہ۔

نژم۔ کہر کہرا جو پہاڑوں میں پڑتا ہے

نژند۔ نگوں۔ اوندھا۔ سرگشتہ۔ غمزدہ۔

نژیدن۔ کھینچنا۔

نَس۔ سایہ۔

نِساء ع عورتیں۔ زنان۔ یہ امراۃ کی جمع ہے

نَسّاج ع بُننے والا۔ بافندہ۔

نسایم ع نسیم ہوائیں۔ ٹھنڈی خوشبودار نرم ہوائیں۔

نَسَب ع نسل۔ نژاد۔ خاندان۔

نِسبت ع لگاؤ۔ مناسبت۔ علاقہ۔

نسترن یا نستیرن } گل نسرین۔ سیوتی۔

نستعلیق ع ایک خط جو نسخ اور تعلیق سے بنا ہے۔

نستوہ ع نافرمان۔ غیر مطیع۔

نسیج ع بننا۔ کپڑا بننا۔

نسخ ع لکھنا۔ دور کرنا۔ رد کرنا۔ نام ایک عربی خط کا۔

نُسخ ع جمع نسخہ۔ کتابیں۔

نسخہ ع کتاب اور وہ پرزہ جس پر حکیم لوگ دوا لکھتے ہیں۔

نسر ع کرگس۔ گدھ۔

نسر طائر۔ نام ایک ستارہ کا جو بصورت کرگس یا عقاب کے جو بجانب شمال ہے۔

نسر واقع۔ رواں ستارہ بصورت کرگس قطب جنوب کی طرف ہے۔

نسرین :- دو ستارے نسر طائر و نسر واقع - سیوتی کا پھول یا درخت -

نسغ :- دودھ میں پانی ملانا - شہروں میں پھرنا - طعن کرنا -

نسف :- کسی عمارت یا بنا کو منہدم کرنا - کھلیان کو ہوا پر اڑانا -

نسقان :- ابر پر برق -

نسق :- روش - دستور - ترتیب دینا -

نسقچی :- چوبدار - شہر اور لشکر کے لوگوں کا منتظم -

نسک :- مسور - ایک مشہور غلہ -

نُسک :- قربانی - عبادت -

نُسُک :- قربانیاں -

نسل :- اولاد - خاندان - کنبہ -

نسم :- ہوا کا نرم نرم چلنا - دم -

نسمہ :- دم - آدمی -

نسمت :- روح - آدمی - جان

نسمات :- خوشبوئیں -

نسناس :- بن مانس - ایک جانور جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے -

نسوان } :- عورتیں -
نسوۃ }

نسوۃ - اپنے کام کو چھوڑ دینا -

نسی :- بہت بھولنے والا - وہ شخص جسکو قوم میں شمار نہ کریں -

نسیان :- فراموشی - بھولنا -

نسیاً منسیاً :- بالکل بھولانا -

نسیب :- عالی نسب مرد -

نسیج :- بنا ہوا جامہ - حریر زربافت -

نسیق :- منتظم - آراستہ کیا گیا -

نسیم :- نرم ہوا - ٹھنڈی ہوا - خوشبودار

نسیہ :- قرض - دام - ادھار -

نش :- سایہ - سایہ کی جگہ -

نشا :- پیدا کرنا - نو پیدا ہونا - حیا - عالم -

نشاب :- تیر بنانے والا -

نشأت :- پیدائش - زمین سے سیدھا اگنا - نیا پیدا ہونا - نوجوان ہونا شروع کرنا -

نشاتین :- دنیا اور آخرت -

نشاط :- خوشی - شادمانی -

نشاف :- جذب کرنے والا -

نشان :- فوج کا علم - لشکر کا جھنڈا - بادشاہ کا فرمان -

نشاندن - بٹھلانا -

نشانہ - جگہ تیر مارنے کی -

نشانیدن - بٹھلانا -

نشب ۓ مال خواہ دولت ہو خواہ غلام وکنیز - پانی - زمین -
نشتر ۓ مخفف نیشتر - اوزار فصد کھولنے کا -
نشخوار } ۓ جگالی کرنا -
نشوار }
نشدت ۓ جستجو کرنا - گم ہوئی چیز کا ڈھونڈھنا -
نشر ۓ پراگندہ - پراگندہ ہونا -
نشر ۓ بوئے خوش -
نشر } دوبارہ گھاس کا سرسبز ہونا
نشرہ } آرہ سے لکڑی کاٹنا - پھیلانا فاش کرنا - مجازاً زندگی -
نشرہ ۓ کاغذیا وصلی جس پر مکتب نشینی کے وقت لکھتے ہیں -
نشرہ ۓ تعوید - منتر -
نشستن - بیٹھنا -
نشط - باہر آنا کسی جگہ سے - ڈول سے پانی کھینچنا - سانپ کا کاٹنا -
نشغ ۓ جذب ہونا - جذب کرنا کپڑے کا پسینے کو -
نشق ۓ سونگھنا - ہرن کا جال میں پھنسنا -

نشکردہ - رانپی - چمڑا کاٹنے کا اوزار -
نشو ۓ اُگنا - بڑھنا - پیدا ہونا -
نشوان ۓ مست - متوالا -
نشوہ ۓ مستی ظاہر ہونا -
نشور ۓ زندہ ہونا - قیامت کے دن اٹھنا -
نشوز ۓ عورت کا اپنے شوہر سے موافقت نہ کرنا - عورت کی ناسازگاری اپنے خاوند سے -
نشوظ ۓ روئیدگی کا قبل نکلنے کے زمین کو پھاڑنا -
نشوق ۓ وہ پتلی دوا جو ناک میں ٹپکا دیں -
نشو و نما - پیدا ہونا - بڑھنا - اُگنا -
نشہ - بھنگ یا شراب وغیرہ سے بیہوشی ہونا -
نشیب ۓ زمین پست - پستی - نچائی -
نشید ۓ آواز کی بلندی وہ شعر جو جواب میں شعر کے پڑھا جاوے - پڑھا گیا شعر -
نشیط ۓ خوش - شاد -
نشیمن ۓ خلوت کی جگہ - آرام کی جگہ آشیانہ -
نشیمن } پرندوں کا گھونسلا -
نفق ۓ باریکی کرنا - باپند کرنا - ظاہر -

قطعی حکم۔ قرآن شریف کی آیت۔
نِصَاب ع زر۔ سرمایہ۔ پونجی۔ اتنا مال جس پر زکوٰۃ واجب ہو یعنی کم از کم دو سو درم چاندی یا بیس مثقال سونا۔
نَصَارٰی ع عیسوی۔ عیسائی۔
نِصَال ع بھالیں۔ تیروں کی پیکان۔
نِصَاح ع جمع ناصح۔ نصیحت کرنے والا۔
نِصَاح ع دھاگا۔
نَصَائِح ع نصیحتیں۔ پندہا۔
نِصْب ع برپا رکھنا۔ دشمن رکھنا۔
نَصَب ع بت اور جو چیز واسطے پوجا کے قائم کریں۔
نَصَح ع نصیحت کرنے والے۔ کپڑا سینا اصلاح دینا۔
نُصْح ع نصیحت کرنا۔ پند دینا۔
نُصْر ع مدد کرنا۔
نَصْرَانی ع جو شخص عیسوی یا نصاری مذہب کا ہو۔
نُصْرَت ع مدد کرنا۔ کمک دینا۔
نِصْف ع آدھا۔ $\frac{1}{2}$۔
نِصْفَت ع انصاف۔ نیاو۔
نَصْل ع پیکان۔ تیر و نیزہ۔ پھال تیر و نیزہ کی۔
نَصُوح ع صاف۔ خالص۔ توبہ استوار کہ پھر گناہ کا ارادہ نہ ہو۔ نام ایک تائب کا۔
نَصِیب ع قسمت۔ حصّہ۔ تقدیر۔
نَصِیبہ ع قسمت۔ حصہ۔ روزی۔
نَصِیح ع نصیحت کرنے والا۔
نَصِیحَت ع پند۔ بھلائی کی بات۔
نَصِیر ع مددگار۔ یاری دہندہ۔
نُصَیری ع نام ایک فرقہ کا جو منسوب نصیر سے ہیں۔ فدوی جان نثار۔
نُضَار ع زر خالص۔ سونا۔ خالص۔
نُضْج ع میوہ کا پختہ کرنا۔ ہر شے کا پکنا۔
نَضْح ع پانی چھڑکنا۔ تیر مارنا۔
نَضَد ع اسباب کو بہ ترتیب اوپر نیچے رکھنا۔
نَضْر ع زر۔ تازہ روئی۔ تر و تازگی۔
نَضْرَت ع تازگی۔
نُضُوج ع خضاب کا اڑ جانا۔ پانی کا زمین میں جذب ہونا۔
نُضُو ع کپڑا اتار کر ننگا کرنا۔
نَضِیر ع تازہ آبدار۔ سونا۔
نَطَاۃ ع خیبر کے ایک قلعہ کا نام
نِطَاق ع کمر بند۔ پٹکا۔

نطح ۔ سینگ مارنا بکری وغیرہ کا۔
نطع }
نطع ما } چمڑے کا فرش۔ وہ کھال جس کو فقیر کمر میں لپیٹتے ہیں۔
نطعی ۓ چمڑے کی جانگھیا جس کو پہلوان کشتی کے وقت پہنتے ہیں۔
نطف ۓ عیب۔ بدی۔ تباہی۔ پشت کا زخم۔ عیب آلودہ ہونا۔
انطف ۓ جمع۔ نطفہ۔
نطفہ ۓ مرد کی منی۔ آب صاف۔
نطق ۓ بات کرنا۔ بولنا۔
نطق ۓ پٹکے۔ کمربند۔
نطل ۓ شراب کا حصۂ باقی۔
نطلاء ۓ مصیبت۔ بلا۔
نطنط ۓ مسافت بعید کا سفر کرنا۔
نطو ۓ دوری۔ خموشی۔
نطول ۓ پانی گرم کرکے بدن پر ڈالنا۔ پانی کا تریڑا دینا۔
نطیح ۓ منحوس آدمی۔
نظار ۓ نظر کرنے والے۔ دیکھنے والے
نظار ۓ زر۔ سونا۔ خالص چیز۔
نظارت ۓ نظر کرنا۔ کسی چیز کو دیکھنا۔
نظارگی ۓ دیکھنا۔ دیکھنے والا۔

نظارہ ۓ کسی چیز کا دیکھنا۔
نظارہ ۓ دیکھنے والے۔ نظر کرنے والے
نظافت ۓ پاکیزگی۔
نظام ۓ دھاگا جس میں جواہر پروئے جاتے ہیں انتظام۔ سلسلہ۔
نظام ۓ جمع ناظم۔ انتظام کرنے والے شعرا۔
نظامیہ ۓ نام مقام۔ بغداد کا مدرسہ۔ نظامیہ بہت مشہور ہے۔
نظایر ۓ جمع نظیر۔ مثالیں۔
نظر ۓ نگاہ۔ فکر۔ تامل۔
نظرباز ۓ دیکھنے والا۔ دیکھنے کا لطف اٹھانے والا۔
نظربند ۓ وہ شخص جو زیر نگرانی رکھا جاوے کہ نظر سے غائب نہو۔
نظرتنگ ۔ کنجوس
نظرغلط انداز ۔ معشوق کی ایسی نظر جو عاشق کو غلطی میں ڈالے۔
نظری ۓ نظر والے۔ علمی۔ حکمت نظری تصور۔ حقائق موجودات کا ہے۔
نظم ۓ موتیوں کو دھاگے میں پرونا۔ مجازاً کلام موزوں۔ شعر۔ آراستگی
نظم ونسق ۓ انتظام اور بندوبست آراستگی

نظیر ع مانند ۔ مثل ۔
نظیف ع پاک ۔ حلال
نغاب ع بچہ زاغ ۔ کوے کا بچہ ۔
نغاج ع جمع نعجہ ۔ بھیڑیاں ۔
نعاس ع اونگھنا ۔
نعال ع جمع نعل ۔ جوتیاں وغیرہ
نعال ع نعلین ۔
نعامہ ع شتر مرغ ۔
نعامی ع جنوب کی ہوا ۔
نعایم ع بہت سے شتر مرغ ۔
نعت ع تعریف پیغمبر کی صفت وثنا ۔
نعج ع سپیدی ۔ خالص ۔
نعجہ ع بھیڑی ۔ مادہ میش ۔
نعرہ ع زور کی آواز ۔
نعری ع شور فریاد کرنے والی عورت ۔
نعس ع نرمی سستی
نعش ع آدمی کا جنازہ ۔ بنات النعش کے ستارے ۔
نعق ع کوے کا بولنا ۔
نعل ع جوتا یا پوش ۔ وہ چیز جو سم کو زمین سے اونچا رکھے ۔ وہ لکڑی وزن دار جسکو پہلوان ہلاتے ہیں ۔
نعل بند ع چوپایوں کے نعل باندھنے والا

نعل بہا ۔ وہ روپیہ وغیرہ جو کوئی راجہ یا بادشاہ اپنے ملک کی آمدنی سے قوی بادشاہ کو دیوے ۔
نعل در آتش نہادن ۔ اپنی محبت میں کسی کو بیقرار بنانا ۔
نعلین ۔ دو جوتیاں ۔ دو کھڑاوئیں ۔
نعلین چوبیں ۔ کھڑاوں ۔
نعم ع جمع نعمت ۔
نعم ع آرے ۔ ہلے ۔ ہاں ۔ چوپایہ
نعم ع نیک ۔ اچھا ۔
نعما ع نعمت ۔ یہ اسم جمع ہے ۔
نعمان ع جمع نعم ۔ بھیڑ چوپائے ۔ نام عرب کے ایک بادشاہ کا جو منذر کا بیٹا تھا ۔ نام امام ابوحنیفہ کا ۔
نعمان ع نام ایک نہر کا ۔
نعم البدل ع بہتر بدلہ ۔ نیک عوض ۔
نعمت ع دسترس ۔ مال ۔ روزی ۔ ناز عطا نکوئی ۔ قدرت ۔ آسودگی ۔
نعمۃ ع فراخ زندگی
نعمۃ ع وہ چیز جسکے دیکھنے سے تازگی و فرحت ملے
نعمی ع تن آسانی ۔ قدرت محمود ۔
نعناع
نعنع } پودینہ ۔

نعوت ۓ جمع نعت۔
نعوذ ۓ ہم پناہ مانگتے ہیں۔
نعوذ باللہ ۓ ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں۔
نعور ۓ موسم سرد میں گرم ہوا یا موسم گرم میں سرد ہوا جو دفعتہً آجائے۔
نعوس ۓ شیر دار۔ دودھ والی اونٹنی
نعوظ ۓ استادگی آلہ تناسل کی
نعوف ۓ کان کا لٹکنا
نعومت ۓ نازکی۔نرمی۔ نازک۔ ہونا۔
نعی ۓ خبر مرگ۔موت کی خبر مشہور کرنا کسی کی بدی کو مشہور کرنا
نعی ۓ نامی موت کی خبر دینے والا۔
نعیب }
نعیق } ۓ آواز زاغ۔کوے کی آواز
نعیم ۓ بہشت۔نعمت نیکی۔دسترس مال۔ناز۔
نغز۔ نادر۔خوب۔
نغزک۔ ہر شئے نادر و خوب۔ اصطلاحاً آم۔انبہ۔
نغم ۓ گیت۔راگ جمع نغمہ۔
نغمات ۓ آوازیں ترنم شیریں و دلکش۔
نغمہ ۓ آواز خوش دم۔عذب۔راگ۔
نغنغہ ۓ آواز لطیف۔نغمہ راگ۔
نغول ۓ نردبان۔ سیڑھی۔
نغول ۓ عمیق گہرا۔ دور دراز۔کامل
نغولہ ۓ سر کے پیچ دیے ہوئے بال جوڑا معشوق کی زلف۔
نفاح ۓ بو کا پھیلانے والا۔
نفاخ ۓ پیٹ کا پھلانے والا۔نفخ کرنے والا۔
نفاخہ ۓ پانی کا بلبلہ۔
نفاد ۓ گذرنا۔نیست ہونا لیے نوشتہ ہونا۔
نفاذ ۓ فرمان یا نامہ یا حکم جاری ہونا یا گھس جانا۔
نفار ۓ بہت نفرت کرنے والا۔
نفاس ۓ وہ خون جو عورت کو زچہ خانہ کے دنوں میں بعد جننے کے آتا ہے
نفاست ۓ عورت کا زچہ ہونا۔خوبی۔ پسندیدگی۔لطافت۔نخیلی۔
نفاع ۓ بڑا نفع پہونچانے والا

نُفاع ۔ جمع نافع ۔
نِفاع ۔ بڑا پیالہ
نفاق ۔ دو روئی ۔ دل میں کچھ اور
ظاہرداری کچھ ۔ دشمنی رکھنا ۔
نفائح ۔ خوشبوئیں ۔
نفائس ۔ عمدہ اور پسندیدہ چیزیں ۔
نفت ۔ ایک آتش گیر چیز ۔ ایک روغن
سیاہ رنگ کا جو زمین سے اٹھتا ہے
نفح ۔ خوشبو دینا ۔ ہوا کا چلنا ۔
نفحات ۔ خوشبوئیں ۔
نفحہ ۔ خوشبو ۔
نفخ ۔ پھونکنا ۔ ہوا سے بھرنا ۔
نفخہ ۔ ایک بار پھونکنا ۔
نفذ ۔ روانی کسی شے کی ۔ جاری ہونا
کسی چیز کا ۔
نفر ۔ گروہ آدمیوں کا ایک سے دس تک
فارسی میں لفظ واحد اور جمع ۔
نفرت ۔ کسی چیز سے بھاگنا ۔ گھن کرنا
بیزار ہونا ۔
نفرہ ۔ ایک مرتبہ بیزار ہونا اور بھاگنا
نفرین ۔ ملامت پھٹکار
نفس ۔ جان ۔ روح ۔ ہر شے کی ہستی
نفوس و انفس جمع

نفس ۔ دم ۔ سانس ۔ انفاس جمع
نفس الامر ۔ کسی چیز کی حقیقت ۔
نفس امارہ ۔ بہت حکم دینے والا نفس
جو لذات دنیاوی اور بری خواہشوں
کے طرف آمادہ کرتا ہے ۔
انفساق ۔ نفس ہٗ
نفسانیت ۔ خود غرضی ۔ غرور
نفس بہیمی ۔ جان چوپایہ کی نفس امارہ
نفس زدن ۔ سانس لینا ۔
نفس سوختن ۔ ہانپنا ۔ دم پھول جانا ۔
نفس لوامہ ۔ اپنے کو آپ ملامت
کرنے والا نفس جو گناہوں سے
انسان کو بچاتا ہے ۔
نفس مطمئنہ ۔ یہ نفس بری خواہشوں
سے بالکل پاک صاف اور کل اوصاف
حمیدہ سے موصوف ہے اور خدا کے
پاس نہایت اطمینان سے جاتا ہے
نفس ناطقہ ۔ روح ۔ جان ۔
نفس نباتی ۔ وہ روح جو روئیدگی اور
درختوں میں ہوتی ہے
نفس واپسیں ۔ مرتے وقت کی سانس
نفسی ۔ سانس کا ۔
نفش ۔ روئی اور اون کا دھنکنا ۔

نفط } نفت - باروت ایک قسم کا
نفط } روغن -
نفطہ - آبلہ -
نفع - فائدہ - سود -
نفق - خروج کا تمام ہونا - پانی وغیرہ کا
رواں اور جاری ہونا
سرنگ کا سوراخ -
نفقہ - خرچ جو اولاد اور عیال کو
کھانا کپڑے کو دیا جائے -
نفل - نمایہ - وہ عبادت جو بندہ پر
واجب نہ ہو -
نفوذ - نکالا ہوا - دور کیا گیا
نفوخ - سوکھی دوا جو پھونک سے
ناک میں چڑھائیں -
نفوذ - تیر کا نشانہ کو توڑ کر پار نکل جانا
گذرنا - فرمان کا جاری
ہونا -
نفور - بھاگنے والا - نفرت کرنیوالا -
نفوس - جمع نفس یا جان و روح
نفوس ثلاثہ - نفس امارہ - نفس
لوامہ - نفس مطمئنہ -
نفوس قدسیہ - پاک دامن - نیک
لوگ فرشتے -

نفوص - بہت بچوں والی عورت -
نفوہ - اور دیر ہونے کے بعد
ضعیف اور بزدل ہونا -
نفہ - عاجز
نفی - دسترخوان -
نفی - دور کرنا - دور ہونا - شہر سے بدر کر دینا -
نفیر - فریاد - نالہ - آواز - نفرت کرنیوالا -
کرنا - بڑی بانسری -
نفیس } گرانمایہ - قیمتی چیز - لطیف -
نفیسہ } پسندیدہ -
نقاء - پاکیزگی -
نقاب - پردہ جو منہ پر ڈالتے ہیں -
برقع - چادر
نقاب - سرنگ کھودنے والا -
نقابت - تعریف کرنا - سراہنا -
نقاد - روپیہ اشرفی پرکھنے
والا - زرگر -
نقار - کینہ - عناد - عداوت -
نقارچی - نقارہ بجانے والا -
نقاش - نقش کرنیوالا -
نقاشی - نقش کشی کرنا -
نقاط - جمع نقطہ -
نقال - نقل کرنے والا -

نقاوت ع۔ پاکیزگی۔
نقاوہ ع۔ برگزیدہ۔ خلاصہ پسندیدہ۔
نقاہت ع۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ ناطاقتی۔
نقائص ع۔ عیوب۔ برائیاں۔ سخن چینی
نقب ع۔ سیندھ لگانا۔ سوراخ کرنا۔
نقباء ع۔ جمع نقیب۔
نقبہ ع۔ کھجلی۔ خارش۔
نقد ع۔ آمادہ کرنا۔ دینا۔ پرکھنا۔ زر مسکوک
فی الحال فرزند۔
نقداً ع۔ فی الفور۔
نقر ع۔ کوٹنا۔ مرغ کا دانہ چگنا۔
نقرس ع۔ ایک درد شدید جو پیروں کی
انگلیوں سے اٹھتا ہے۔
نقرہ ع۔ گلی ہوئی چاندی۔ گڑھا۔ گھڑھا
جو انسان کی گردن پر ہوتا ہے۔
نقرہ خام ع۔ خالص چاندی۔
نقرئی ع۔ چاندی کی چیز۔
نقش ع۔ دھبہ۔ جوئے کا داؤ۔
لیاقت ایک قسم کا قانون کا
راگ۔ بازی نرد۔
نقش بند ع۔ صانع۔ کاریگر۔
نقشہ ع۔ تصویر۔ کسی چیز کا نمونہ۔
نقص ع۔ کمی۔ کم ہونا۔

نقصان
نقصانی } ع۔ کمی۔ گھاٹا۔
نقض ع۔ توڑنا۔ عہد وغیرہ کا
نقط ع۔ جمع نقطہ۔
نقطہ ع۔ وہ مقدار جو تقسیم قبول نہ کرے۔
خط کی انتہا۔ داغ۔ دھبہ۔ نشان۔
نقطۂ سہو ع۔ وہ نقطہ جو غلطی سے لگا دیں۔
نقطۂ شک ع۔ وہ نشان جو مشکوک لفظ پر
لگا دیں۔ صوفیوں کے اصطلاح میں جماع
نقطہ گاہ۔ دائرہ کا مرکز۔ زمین مکہ معظمہ۔
نقطۂ موہوم۔ جوہر فرد۔ وہ باریک نقطہ
جو ظاہر میں دکھائی نہ دے اور جس کے اجزا نہ ہوں
نقع ع۔ غبار گرد۔
نقل۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
حاضر جوابی۔ کسی چیز کا نمونہ بنانا۔ لکھنا
نقل۔ گزک۔ وہ چیز جو بعد شراب پینے کے
کھاتے ہیں۔ مثلاً گزک۔ کباب ایک
قسم کی شیرینی۔
نقلہ ع۔ نقل کرنے والا۔
نقمت ع۔ عذاب۔ کینہ۔ بغض۔ عداوت
نقود ع۔ جمع نقد۔
نقوش ع۔ جمع نقش۔
نقوع۔ پانی میں ترکیا ہوا میوہ۔ بھگوئی

ہوئی دوا کا پانی۔ بھگوئی ہوئی دوا

نقول ع جمع نقل۔

نقو۔ ماجس (ی) نام ارسطو حکیم کے باپ کا

نقی ع پاک۔ خالص۔

نقیب ع بزرگ۔ سردار۔ گواہ قوم۔ وہ شخص جسکو لوگوں کے نسب معلوم ہوں

نقیتہ ع عقل۔ نفس۔ سرشت

نقیندہ ع وہ گھوڑا جسکو دشمن کے ہاتھ سے واپس لیا ہو۔

نقیرہ ع خرما کی گٹھلی کا گڑھا۔ زمین کا گڑھا۔ پتھر جس میں سوراخ ہو۔ حقیر کم قیمت۔ نقیر و قطمیر بمعنی اندک و بیش۔

نقیصت ع عیب زشتی۔ برائی کمی نقصان

نقیص ع صاف شیریں پانی خوشبودار چیز

نقیصت ع عیب۔ نقصان۔ بدی۔

نقیض ع توڑنے والا۔ ضد جو ایک ساتھ جمع نہو جیسے سیاہ و سفید۔

نقیع ع آب استادہ۔ آب خوشگوار۔ آب شیریں و سرد۔

نقیق ع مرغی اور سور کی آواز۔

نقیمتہ ع نفس ذات۔ روح۔

نقیہتہ ع کمزور۔

نقیہ ع پاک۔ خالص۔

نکایت ع دشمن کو گزند پہونچانا۔

نکات ع جمع نکتہ۔ نکتے۔

نکاح ع شادی۔

نکاحی ع شادی کی ہوئی عورت

نکال ع عذاب۔ رنج۔ دکھ

نکب ع کجی۔ رنج۔ سختی۔ اولٹنا

نکبا ع جھکڑ ہوا کا۔ وہ ہوا جو سیدھی نہ چلے بلکہ کونوں سے چلے۔ وہ ہوا جو تین طرف سے چلے اور ایسی ہوا خراب ہوتی ہے۔

نکبت ع خواری۔ ذلت۔ نکبات جمع

نکت ع جمع نکتہ۔

نکت ع زمین کھودنا۔ سرنگوں گرا دینا۔

نکتہ ع باریکی۔ پاکیزہ بات جو پوشیدہ ہو۔

نکتہ دان ع باریک بات کا سمجھنے والا بڑا عقل مند۔

نکث ع عہد شکنی کرنا۔ بغاوت کرنا رسی کے بل کو کھول دینا۔

نکچ ف تنہائی عورت۔ مقام مستور
نکد ع سختی۔ دشواری۔ مرد بد فال
دشوار عیش۔
نکر ع زیرکی
نکر ع ناسپاسی۔ ناخوشی۔ تعجب۔ عذاب
نکرہ ع ناشناسی۔ ضد معرفہ۔
نکس ع بیماری کا پھر عود کرنا۔
نکس ع سرنگوں کرنا۔ نگونسار کرنا۔
نکھص } بزدل ہونا۔ برگشتہ ہونا کسی
نکوص } کام سے جسکے پیچھے درپے ہو۔
نکل ع لوہے کی بیڑی۔
نکو ف خوب۔ اچھا۔
نکویب ع پھرنا راستے۔
نکول ع انکار کرنا۔ روگردانی۔
نکوہیدن ف ملامت کرنا۔
نکوہیدہ۔ بدزشت خراب آدمی۔
ملامت کیا گیا۔
نکوئی ف بھلائی۔
نکہت ع منہ کی خوشبو۔ خوشبو۔
نگ ف نگینہ۔ تالو منہ کا۔
نگار ف نقش۔ بت۔ معشوق۔ وہ نقش
مہندی کا جو معشوق کے لئے تحفہ ہوتا ہے
نگار ارژنگی ف تصویریں جو فرہاد کی معشوقہ تھی

نگارخانہ۔ تصویرات کا مکان۔
نگارش۔ لکھنا۔
نگار عالم ف بہت خوبصورت۔
نگارین۔ خوبصورت نقشدار۔
نگارینہ۔ معشوقہ۔
نگاشتن۔ لکھنا۔
نگاہ۔ نظر۔ نگہ۔
نگاہبان۔ چوکیدار۔ محافظ۔
نگاہداشت۔ حفاظت۔ ہوشیاری۔
نگاہداشتن۔ نگاہ رکھنا۔
نگاہ کردن } دیکھنا۔
نگاہیدن }
نگران۔ دیکھنے والا۔ منتظر۔
نگریستن } دیکھنا۔
نگریدن }
نگوں۔ خم شدہ۔ اوندھا۔ گرا۔
نگیں۔ نگینہ۔
نم۔ تری۔ شبنم۔ آنسو۔
نما۔ بڑھنا۔ بلند ہونا۔ درخت کا اگنا۔
نماء۔ اشارہ۔
نمارق۔ جمع نمرقہ۔ تکیے۔ بالش ہا۔
نماز۔ پرستش۔ خدمتگاری۔ نیاز۔ عاجزی
نمازی۔ نماز پڑھنے والا۔

نمّام - چغلخور -
نمایاں - ظاہر -
نمایش - دکھلاوا - نمود داری -
نمایق - جمع نمیقہ - مکتوبات -
نمد - نمدہ -
نمد زین - خوگیر - وہ نمدہ جو زین کے نیچے گھوڑے پر ڈالتے ہیں -
نمد پوش - نمدہ پہننے والا -
نمر - شیر - نمور و نمار جمع -
نمرہ - چیتے - شیر -
نمرقہ - ابر جس میں مینہ کم ہو -
نمرق / نمرقہ - چھوٹا تکیہ -
نمرود - ایک کافر بادشاہ جسنے حضرت ابراہیم کو آگ میں ڈالا -
نمش - ایک مرض جس کے سبب سے بدن کی کھال پر چھیپ اور نقطے پڑجاتے ہیں -
نمط - بچھونا - فرش - روشن طریقہ -
نمک حرام - وہ شخص جو اپنے آقا سے بیوفائی کرے یا طرفدار نہو -
نمک حلال - وہ شخص جو اپنے آقا کا طرفدار رہے -

نمکدان - نمک رکھنے والا برتن -
نمکین - نمک آلودہ - منسوب بہ نمک
نمگیر - شامیانہ وہ کپڑا جو پلنگ کے اوپر بطور چھت کے لگاتے ہیں -
نمل - چیونٹی -
نملہ - چند پھنسیاں صفراوی جو پھیلتی جاتی ہیں -
نمنم - نشان جو ہوا کے سبب سے زمین پر پڑجاوے -
نمنمہ - آراستہ کرنا - نقش و نگار کرنا -
نمناک - تری سے بھرا ہوا - تر -
نمو - بالیدگی - افزایش
نمود - ظاہر ہونا - شان و شوکت -
نمودار - ظاہر -
نمودن - دکھلانا - دیکھنا -
نموذج - نمونہ -
نمونہ - دکھلانے کی چیز - نمودار -
نمی - تری -
نمیر - آب خوشگوار - شیریں مٹھائی -
نمیقہ - مکتوب - خط -
نمیم - چغلخور -
نمیمہ - چغلخوری -
ننگ - شرم -

نو۔ نیا۔
نوا۔ خرما کی گٹھلی۔
نوا۔ آواز۔ نام ایک مقام راگ کا ہے بارہ مقام سے۔ سامان۔ اسباب۔ پوتا۔ بیٹیا۔ قید۔ نذرانہ۔ خوراک لشکر۔
نواب ۔ بہت نیابت کرنیوالا۔
نواب ۔ جمع نائب۔
نوات ۔ خرما کی گٹھلی۔
نواح ۔ اطراف۔
نواحی ۔ جمع ناحیہ۔ کونے۔ اطراف۔
نواخانہ۔ قیدخانہ۔
نواخانی۔ گانا۔
نواختن۔ نوازنا۔ بجانا۔
نواخل۔ جمع نخل۔ خرمے کے درخت۔
نوادر۔ جمع نادر۔ عجیب چیزیں۔
نوادہ۔ پوتا۔ بیٹے کا بیٹیا۔
نوار۔ نواڑ۔
نوازش۔ نوازنا۔ مہربانی۔ عنایت
نوازشات ۔ جمع نوازش۔
نوازل ۔ جمع نازلہ۔ مصیبتیں۔
نوازندگی ۔ باجا بجانا۔
نواسہ۔ فرزند زادہ۔ خاص کر دختر زادہ۔ ناتی۔

نواسی۔ دختر زادی۔ نتنی۔
نواشع ۔ پانی کے بہنے کی راہیں۔
نواصب۔ ناصبی مسلمانوں کا ایک گروہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مخالفت رکھتے ہیں۔
نواصی۔ جمع ناصیہ۔ پیشانی کے بال۔
نواصی الناس۔ لوگوں کے سردار اور اشراف
نواعج ۔ تیز چلنے والا اونٹ۔
نوافذ ۔ سوراخ۔
نوافذ الدابہ۔ چوپائے کے پانوں۔
نوافل ۔ زوائد۔ قلب سے زیادہ اشیا۔ غیر واجب بخششیں یا نمازیں۔
نواقر ۔ بڑے اور سخت کلام۔
نوال ۔ بخشش۔ عطا۔ دہش۔
نوالہ۔ لقمہ۔ گورا۔ نوام۔ نیند سونیوالے
نوآموز۔ نوسکھیا۔ مبتدی۔
نوامیس ۔ جمع ناموس۔
نوان۔ کمزور۔ بڈھا۔
نوآورد۔ اختراع کی ہوئی بات۔ نیا پودھا
نوایحہ ۔ نوحہ کرنیوالی عورت۔
نواہض ۔ قوی اور جسیم اونٹ۔
نواہی۔ ممنوعات۔ جمع نہی۔
نوآئین۔ زیبا۔ آراستہ۔ نئی بات۔

آراستگی کرنیوالا۔ وہ شخص جو کسی بات کا

نوائب ۔ جمع نائبہ۔ مصیبتیں۔ حادثے

نوائرہ جمع نائرہ شعلے

نوایع ۔ نرم شاخیں۔ جھکی ہوئیں۔

نوب ۔ جمع نوبت۔ باران حبشیوں کا ایک گروہ۔

نوبادہ ۔ نئی چیز۔ نیا پودہ۔ نیا میوہ

نوبت ۔ وقت کسی چیز کا بجاری مصیبت بار

نوبتی ۔ نوبت بجانے والا۔

نوبت خانہ۔ وہ جگہ جہاں نوبت بجاتے ہیں۔

نوبہار۔ وہ شے جس پر نئی بہار ہو۔ موسم بسنت۔ بلخ کے آتشکدہ کا نام۔

نوپیدا۔ جو چیز ابھی پیدا ہوئی ہو۔

نوجوان۔ گبرو جسکے ابھی داڑھی نہ نکلی ہو۔

نوح ۔ کبوتر اور فاختہ کی آواز۔ ماتم کرنا۔

نوح۔ نام ایک پیغمبر کا جو بہت نوحہ کرتے تھے اور جن کے وقت میں طوفان آب آیا تھا۔

نوحہ ۔ مردہ پر رونا۔

نوحہ گر ۔ نوحہ کرنیوالا۔ نوحہ کرنے والی

نوخاستہ۔ جوان۔ نیا اٹھا ہوا۔ گبرو۔

نود۔ نوے۔ منقعد۔

نوذر۔ نام منوچہر بادشاہ کے بیٹے کا۔

نور ۔ روشنی۔

نور ۔ کلی۔ غنچہ۔

نورالہی ۔ خدا کا نور۔

نورانی ۔ منور۔ روشن۔ جسمیں نور ہو۔

نوربخش ۔ روشنی بخشنے والا۔

نورچشم ۔ آنکھ کا نور۔ فرزند۔ بیٹا۔

نوردشتہ۔ لپٹ۔ پیچ و تاب۔ فرش گوشہ۔

نوردن } پیٹنا
نوردیدن }

نورس۔ تازہ میوہ۔ نیا پکا ہوا۔

نوروز۔ ماہ فروردیں کا پہلا دن جس روز آفتاب برج حمل میں تحویل کرتا ہے اور قریب ۲۲ مارچ کے ہوتا ہے۔

نوزدہ۔ اونیس۔ ۱۹

نوش۔ امرت۔ شہد۔ شیر گوارا۔ تریاق

نوشیدن کا امر

نوشاد ۔ نام ایک شہر حسن خیز کا۔

نوشادر ۔ مشہور کھار یا دوا۔

نوشت ۔ تحریر۔ لکھاوٹ۔

نوشتن ۔ لکھنا۔

نوشتن ۔ لپیٹنا۔

نوشتہ ۔ لکھا ہوا۔ سند۔

نوش دارو ۔ تریاق۔

نوش گیا ۔ نام ایک گھاس کا جو زہر کو دفع کرتی ہے۔

نوشہ ۔ دولھا۔ نوشتہ ۔ خوش خرم۔

نوشیدن ۔ پینا۔

نوشیں ۔ گوارا۔ شیریں۔

نوشیروان ۔ نام بادشاہ فارس کا جو بڑا عادل تھا۔

نوط ۔ لٹکانا۔

نوع ۔ قسم اور وہ کلی جو عین حقیقت اپنے افراد کی ہو۔

نوق ۔ جمع ناقہ۔ اونٹنیاں

نوک ۔ نیدہ۔ پلک۔

نوکر ۔ خدمتگار۔ ٹہلوا۔

نولیسہ ۔ نو دولت۔

نول ۔ عطا۔ بخشش۔

نول ۔ پرندوں کی چونچ۔ کونزہ۔

نوم ۔ نیند۔

نومید ۔ ناامید۔

نومیدی ۔ ناامید ہونا۔

نون ۔ مخفف کنول اور تنہ درخت

نون ۔ مچھلی۔ تلوار۔ دوات اور سیاہی

شبہ چاہ زنخداں۔

نونہال ۔ درخت کا نیا پودھا۔

نوی ۔ تازگی۔ نیاپن۔

نوی ۔ خرما کی گٹھلی۔

نوی ۔ قرآن مجید۔

نوید ۔ خوشخبری۔ بشارت۔

نویدان ۔ رونا۔ زاری کرنا۔ حرکت کرنا۔

نویسانیدن ۔ لکھوانا۔

نوئین ۔ بادشاہ زادہ۔

نہ ۔ نو۔

نہاد ۔ بنیاد۔ اصل۔ پیدائش۔ طبیعت۔ باطن

نہاد ۔ طرز۔ روش۔ رسم۔ عادت۔

نہادن ۔ رکھنا۔

نہار ۔ دن روزہ

نہار ۔ وہ جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔

نہال ۔ درخت۔ بستر۔ توشک۔

نہالی ۔ نہالین۔ توشک۔ بستر۔ غلاف

نہامت ع بشیر۔
نہان ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
نہانی ع پوشیدگی۔ جو کام درپردہ کیا جائے۔
نہاوند ع عراق کا ایک شہر۔ موسیقی کا ایک پردہ۔
نہایت ع انتہا۔ انجام۔
نہب ع لوٹ۔ غارت۔ غنیمت۔
نہبت ع لوٹنا۔
نہج ع راہ راست۔ راہ کشادہ۔
نہر ع دھارا۔ دریا کی شاخ۔ ندی۔
نہش ع ڈنک۔ سانپ بچھو وغیرہ کا کاٹنا۔
نہضت ع اٹھنا۔ قصد کرنا۔ کوچ کرنا۔
نہفت ف پوشیدگی۔ پوشیدہ کرنا۔
نہفتن ف چھپنا۔ چھپانا۔
نہم ف نواں حصہ۔
نہمت ع ہمت باندھنا۔ ارادہ کرنا۔ کسی چیز پر حرص کرنا۔
نہنگ ف گھڑیال۔ نکرا۔ ناکا۔
نہود ع ابھرنا۔ اٹھنا۔ چھاتیوں کا ابھرنا۔ انار پستان ہونا۔
نہوض ع کوچ کرنا۔

نہوکت ع لاغری۔ گھسنا۔ فرسودگی۔
نہی ع ممانعت۔ منع کرنا۔
نہیب ع خوف۔ ڈر۔ غارت۔
نہیق ع بانگ خر۔ رینکنا۔
نہی منکر۔ خلاف شرع کاموں سے باز رکھنا۔ منع کرنا۔
نہیہ ع عقل۔ خرد۔
نے ف بانسری۔ بنسی۔ نرکل۔
نے ف نہیں۔ کلمہ نفی۔
نیا۔ دادا۔ نانا۔ قدر۔ عظمت۔
نیاح / نیاحت ع رونا پیٹنا۔ نوحہ کرنا۔
نیاز ف حاجت۔ احتیاج۔ آرزومند۔ میل۔ اظہار محبت۔ تحفہ درویشوں کا
نیازمند۔ حاجتمند۔ محتاج۔
نیاف ع بلند قد اونٹنی۔
نیاف ع بلند کوہان اونٹ۔
نیاق ع جمع ناقہ۔ اونٹنیاں۔
نیاکان۔ بزرگ جمع نیاک۔
نیام ف تلوار وغیرہ کا میان۔
نیام ع جمع نوم بمعنی نیند و خواب جمع نائم بمعنی خفتہ۔ سویا ہوا۔
نے انبان۔ ایک باجہ۔

نمایش ۔ تحسین ۔ آفرین ۔ دعا۔
نے نیست ۔ چھپر۔
نیت ۔ ارادہ۔
نیچہ ۔ چھوٹی نے حقہ کی نے۔
نیر ۔ بہت نور کرنیوالا ۔ روشن ستارہ۔
نیر اصغر ع ۔ چاند۔
نیر اعظم ع ۔ آفتاب۔
نیران ع ۔ آگ جمع نار ۔ جمع نور۔
نیرب ع ۔ برائی ۔ چغل خوری ۔ برا آدمی ۔ چست وچالاک آدمی۔
نیرنجات ع ۔ جمع نیرنج بمعنی جادو نیرنگیان۔
نیرنگ ۔ جادو ۔ طلسم ۔ مکر ۔ حیلہ ۔ ہر چیز کا مادہ ۔ کسی چیز کا خاکہ ۔ عجیب چیز۔
نیرو ۔ زور ۔ طاقت ۔ قوت ۔ تقدیر
نیرین ع ۔ چاند ۔ سورج۔
نیز ۔ بھی۔
نیزہ ۔ بھالا۔
نیسان ع ۔ رومیوں کے ساتویں مہینے کا نام ۔ اس مہینے کے بارش کو بھی نیسان کہتے ہیں سوات سواتی نچھتر کا مہینہ جسکے اثر سے موتی سیپ میں بنتا کو نوچن نیلو چین وغیرہ ہوتے ہیں۔
نیسب ع ۔ چیونٹیوں کی قطار ۔ سیدھا راستہ
نیست ۔ نہیں ۔ عدم۔
نیستی ۔ نیست ہونا ۔ معدوم ہونا ۔ عدم۔
نیش ۔ چھری وغیرہ کی نوک کی تیزی ۔ ڈنک ۔ درندوں کے نوکیلے دانت
نیشاپور ۔ نام ایک شہر کا جس کو شاپور بادشاہ نے بسایا ۔ نے کی معنی شہر
نیشتر } ع ۔ اوزار فصد کھولنے کا۔
انیشتر }
نیش زن ۔ ڈنک مارنے والا۔
نیشکر ۔ گنا ۔ اکھ۔
نیض ع ۔ رگ کا چلنا۔
نیضل ع ۔ مصیبت ۔ وبا۔
نیف ع ۔ زیادتی ۔ نیکی واحسان۔
نیفق ۔ نیفہ ۔ ازاربند کی جگہ ۔ لیچہ۔
نیکوئی }
نیکی } بھلائی ۔ خوبی۔
نیل ع ۔ پانا ۔ حاصل کرنا ۔ پہونچنا۔
نیل ع ۔ افریقہ کے ایک بڑے دریا کا نام ۔ ایک رنگ۔
نیلگون ع ۔ نیلا رنگ۔

نیل گاؤ ع نیلہ۔ ایک قسم کا جنگلی چوپایہ ہے
نیلم۔ ایک قیمتی جوہر جو نیلے رنگ کا ہوتا ہے
نیلوفر ع کنول۔ کرو کا بیلی نیلوبیل۔
نیلوفر آفتابی ع سرخ رنگ کا پھول جو صبح سے کھلتا ہے اور دن بھر کھلا رہتا ہے۔ کنول۔
نیلوفر مہتابی ع سفید اور سفید مایل بہ کبود ہوتے ہیں اور رات میں کھلے رہتے ہیں اور ان کو کوکا بیلی کہتے ہیں۔
نیلہ ع نیل گاؤ۔
نیم ع آدھا۔ نصف۔
نیم آدمی ع عورت۔ از روے شرع دو عورتوں کی شہادت بمنزلہ ایک مرد کے ہے
نیم بسمل ع آدھا گھایل۔
نیمروز ع ولایت سیستان۔ دو پہر کا وقت۔
نیمہ ع آدھا۔ نصف۔ طرف۔ جانب۔
نے ع نہیں۔ نہیں۔
نیو۔ پہلوان۔ شجاع۔ دلیر۔
نیوشیدن۔ سننا۔ ڈھونڈھنا۔
نیستن ع نرکل کی چیز چھپر

باب واو

وا۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ جدا۔
وابستگان۔ متعلقین ایک گھر کے لوگ۔ رشتہ دار۔
وابستن ع باندھنا۔
وابستہ ع متعلق۔ عزیز۔ رشتہ دار
واپس ع لوٹا ہوا۔ پھرا ہوا۔
واپسیں ع پچھلا۔ آخر۔
وابل ع بڑی بوندوں کا مینہ۔
واثق ع مضبوط۔ مستحکم۔
واجب ع دایم ہمیشہ۔ لازم وہ جو اپنے وجود میں دوسرے کا محتاج نہیں یعنی خداوند تعالیٰ۔ سزاوار ہونیوالا
واجبات ع جمع واجب [illegible]
واجب الوجود ع حق تعالیٰ کہ اس کی ذات وجود محتاج غیر نہیں۔
واجبی ع وہ بات جو درست و واجب ہو۔ وظیفہ۔ روزینہ۔
واجد۔ پانے والا۔ وجود دینے والا
واجستن ع ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا
واجف ع جس کا دل دھڑکتا ہو
واجیدن ع چھلنا۔ چکنا۔
واحد۔ ایک نام خدا کا۔

وَاخریدن ۔ ظاہر میں خریدنا مول لینا
وَاخواست ۔ مطالبہ حساب۔ بازخواست
وِاجوردن ۔ ملاقات کرنا۔
واخیدن ۔ ڈھنکنا۔
وِادادن ۔ ظاہر میں دینا۔
واداشتن ۔ رکھنا۔
وَادِع ۔ رخصت کرنے والا۔
وادی ۔ جنگل۔ پانی کی تال۔ ہموار نشیب زمین جہاں درخت کم ہوں اور جہاں سیلاب کے آجانیکی راہ ہو جائے۔ مقدمہ معاملہ
وَادیِ ایمن ۔ وہ جنگل جہاں ایک درخت پر حضرت موسیٰ نے نورالٰہی کو دیکھا۔ یہ جنگل طور کے ایمن یعنی دست راست پر تھا۔
وَادیدن ۔ دیکھنا۔
وَار ۔ مانند۔ لائق۔ طرز۔ روش۔ ایک کلمہ نسبت جیسے تقصیر وار۔
وَارِث ۔ میراث لینے والا۔
واردات ۔ واقعہ۔ حادثہ۔ وہ حال جو آدمی پر گذرے۔
وَارِد ۔ آنے والا۔ قاصد۔
وارسیدن ۔ پہونچنا۔ خبر پانا۔

وَارستگی ۔ آزادی۔ فارغ البالی بے قید ہونا۔
وَارستہ ۔ آزاد۔ فارغ البال۔
وارفتگی ۔ بیخودی۔ پشیمانی۔ مضمحل ہونا
وَاژون ۔ اولٹا۔ اوندھا۔ منحوس۔
وَاز ۔ کھلا ہوا۔ ظاہر۔
وَازِع ۔ سپہ سالار۔ حاکم۔ باز رکھنے والا
وَاژگون
واژدن
} اُلٹا۔ اوندھا۔ نامبارک
واسِط ۔ عراق کا ایک شہر جہاں کا قلم بہت عمدہ ہوتا ہے۔
وَاسِطہ ۔ درمیانی۔ بیچ والا۔
وَاسطی ۔ شہر واسط کا جہاں کا قلم مشہور ہے۔
وَاسِع ۔ پھیلنے والا۔ وسیع۔ اور خداوند تعالیٰ کا ایک نام۔
وَاسِق ۔ حاملہ اونٹنی۔
واسوختن ۔ بیزار ہونا۔ منہ پھیر لینا اسی سے واسوخت اس کلام کو کہتے ہیں جس میں معشوق کو جلی کٹی سناتے ہیں۔
وَاشدن ۔ شگفتہ ہونا۔ کھلنا۔ جدا ہونا۔ تکلیف سے نکلنا!

واشمہ ۔ گدنا گودنے والی عورت
واشی ۔ چھوٹا۔ دروغگو۔
واصیہ ۔ بہت بڑا وسیع جنگل۔
واصف ۔ صفت بیان کرنے والا
واصل ۔ ملنے والا۔ ملاقات کرنیوالا
واضح ۔ روشن۔ کھلا ہوا۔
واضع ۔ کسی چیز کا بنانے والا۔
واضعہ ۔ بدکار عورت۔
واعجبا ۔ اسے تعجب۔
واعد ۔ وعدہ کرنیوالا۔ وہ گھوڑا جو تیز چلنے کے بعد چلنے پر قادر ہو۔
واعظ ۔ نصیحت کرنیوالا۔ وعظ کہنے والا
واعی ۔ نگہ رکھنے والا۔ یاد رکھنے والا فریاد کرنے والا۔
واعیہ ۔ فریاد کرنیوالی عورت۔ نگہبان
وافد ۔ نشیر سوار۔ قاصد۔ پیغامبر۔
وافر ۔ بہت کثیر۔ زیادہ۔
وافیہ ۔ گرجا گھر کا پادری۔
وافی ۔ پورا۔ تمام۔ کامل۔
واقع ۔ ہونیوالا۔ وقوع میں آنیوالا
واقعات ۔ جمع واقعہ۔
واقعہ ۔ نتیجہ۔ حادثہ۔ مرگ۔ قیامت کا زمانہ۔ لڑائی کا حال۔

واقعہ طلب ۔ مفسد۔ لڑائی چاہنے والا
واقعی ۔ درست۔ بجا۔
واقف ۔ جاننے والا۔ جان کار۔ کھڑا ہونیوالا۔
واقفیت ۔ جان پہچان۔ آگاہی جاننا
واقی / واق ۔ نگاہبان۔ محافظ۔ بچانیوالا۔
واکردن ۔ کھولنا۔ فارغ کردینا
واگرنہ ۔ وگرنہ۔ ورنہ۔ اور نہیں تو
واگوئیہ ۔ چرچا۔ سخن شنیدہ کو دھرانا
وال ۔ پتا۔ ڈھونڈھنا۔
والا ۔ عالی رتبہ۔ بلند۔ ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔
والا ۔ وگرنہ۔ اور نہیں تو۔
والاجاہ ۔ بلند مرتبہ۔
والان ۔ بادبان۔ سولف۔
والد ۔ باپ۔ جننے والا۔
والدہ ۔ جننے والی۔ ماں۔
والدین ۔ باپ اور ماں۔
واللہ ۔ خدا کی قسم۔
واللہ اعلم ۔ اور خدا جاننے والا ہے
والہ ۔ شیفتہ۔ شیدا۔ عاشق مفتون
والی ۔ دوست۔ حاکم۔ مالک۔ خویش

وَام ف قرض۔ رنگ۔
وَاماندگان ف پیچھے رہے ہوئے۔
وَاماندن ف پیچھے رہنا۔ باقی رہنا عاجز رہنا۔
وَاماندہ ف پس خوردہ۔ باقی بچا ہوا عاجز۔
وام خواہ ف اپنا قرض دیا ہوا مانگنے والا۔
وَامِق۔ عاشق۔ دوست۔ وامندہ نام ایک عاشق کا جسکی معشوقہ عذرا تھی۔
وَانگریستن۔ دیکھنا۔
وَانمودن ف ظاہر کرنا۔
واویلا عہ افسوس مجاز آفریاد۔
واہ ف خوب۔
وَاہِب ع بخشنے والا۔
وَاہِم عہ وہم کرنیوالا۔
وَاہِمہ ع وہم۔ وہ قوت جو جزئیات کو معلوم کرے سچ اور جھوٹ چیز کا خیال کرے مثلاً مردہ سے خوف کرنا۔
وَاہِی ع سست۔
وائل ع عرب کا ایک گاؤں اور ایک قبیلہ کا نام۔
وَایہ۔ حاجت مراد مقدمہ معتاد
وَبا عہ موت عام۔ بیماری متعدی جو خراب ہوا سے پھیلے۔
وَبال ع سختی۔ عذاب۔ بوجھ۔ اور جو ستارہ جس برج کا مالک ہوتا ہے۔ اس سے ساتویں خانہ میں اُس کا وبال ہوتا ہے مثلاً آفتاب صاحب خانہ اسد ہے اور اس کا وبال برج دلو میں ہے۔
وَتَد۔ لکڑی کی میخ۔ کھونٹی۔ کیل۔
وَتر ع طاق۔ تنہا۔
وتر عہ زہ کمان۔ کمان کا چلہ۔ باجہ کے تار۔
وتیرہ عہ راہ۔ دستور۔ ڈھنگ۔ اصل
وَتین ع ایک رگ جس سے دل معلق ہے۔ اس کے کٹ جانے سے آدمی فوراً مر جاتا ہے۔
وَثاق
وثاق } قید۔ بند۔
وَثاقت ع مضبوطی۔ استواری
وَثیق عہ استوار۔ مضبوط۔
وثن ع بت۔ مورت۔

وثنی ع بت پرست۔
وثوق ع استواری۔ اعتماد۔
وثیق ع استوار۔ مضبوط۔
وثیقہ ع استواری۔ عہد و پیمان۔
دستاویز۔ عہد نامہ۔
وجا ع خوف۔ ڈر۔ گردن پر مکا مارنا۔
وجاہ ع روبرو۔ مقابل۔
وجاہت ع خوب روئی۔ چہرہ کی روشنی اور رونق۔
وجب ع بالشت۔
وجد ع غمگین ہوتا۔ شیفتہ ہونا۔ ذوق و شوق کی حالت۔
وجدان ع گم شدہ کو پانا۔ جاننا۔ دریافت کرنا۔
وجر ع خوف کرنا۔ ڈرنا۔
وجر ع ڈرنے والا۔
وجع ع درد دکھ۔
وجل ع ڈرنا۔
وجل ع ڈرپوک۔
وجن ع دور پھینکنا۔ دھوبی کا کپڑے پچھاڑنا۔
وجنہ (وجنہ۔ وجنہ) رخسار۔ گال
وجوب ع واجب ہونا۔ لازم ہونا
وجود ع مطلوب کو پانا۔ ہستی۔ جسم۔
وجوہ ع جمع وجہ۔
وجہ ع چہرہ۔ منہ۔ طریقہ۔ طرف۔ ذات اور حقیقت کسی چیز کی۔ وہ چیز جس سے معاش آئے مثلاً زمین مشاہرہ وغیرہ۔
وجہہ ع طرف۔ جانب۔
وجہیتہ ع وظیفہ۔ یومیہ۔ روزانہ
وجیز ع کوتاہ۔ مختصر۔
وجیل ع پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ گڑھا
وحیم ع بہت گرم دن۔
وجیہ ع مرد خوبصورت۔ دولتمند۔ صاحب جاہ۔ خوشنما شے۔
وحدان ع جمع واحد۔
وحدانیت ع ایک ہونا۔ واحد ہونا۔
وحدت ع تنہائی۔ ایک ہونا۔
وحدت ارادی ع ایک دل ہونا آدمیوں کا اپنے اعتقاد سے بغیر جبر کے جیسے ایک نبی کی امت کے لوگوں کا خدا کی وحدت کو ماننا۔
وحدت قہری ع وہ وحدت

بسبب قہر وغلبہ بادشاہوں کے
لوگوں میں ہو جائے جیسے نوکروں
میں ہوتی ہے۔ یا بادشاہ اسلام
کے قہر و غلبہ سے مسلمان ہونا۔
وحدت نوعی۔ وہ وحدت جو ایک نوع
ہونے کے سبب سے حاصل ہو
جیسے انسان کی افراد میں۔
وحوش ۔ جمع وحشی جنگلی جانور۔
وحشی ۔ بد زشت ۔
وحشت ۔ آدمیوں سے نفرت جیسے
جانوروں میں ہوتی ہے رمیدگی
وحشی ۔ جنگلی جانور جو آدمیوں سے
بھاگتا ہے۔
وحف ۔ خوب گھنے اور کالے بال
وحل ۔ کیچڑ۔ وہ زمین جو پانی سے نرم
ہو گئی ہو۔
وحوش ۔ جانوران صحرائی جمع وحش
وحی ۔ خدا کا پیغام بھیجنا ۔
وحید ۔ یگانہ ۔ تنہا۔
وحی منزل ۔ قرآن شریف۔
وخامت ۔ ناسازگاری۔ دشواری
وخش ۔ نام شہر کا ختلان میں نام شہر
کا نواحی بلخ میں۔ نام شہر کا

بدخشان میں۔ ابتدا۔
وخ وخ ۔ واہ وا۔ کیا خوب۔
وخیم ۔ دشوار۔ گران۔ بد۔ ناگوار۔
ود ۔ دوستی۔
وداد ۔ محبت۔ دوستی۔
وداج ۔ رگ گردن۔
وداع ۔ رخصت کرنا۔
ودائع ۔ امانتیں ۔ جمع ودیعت
ودود ۔ دوست نام خدا۔
ودیعت ۔ امانت ۔ دھروہر۔
وراثت ۔ مردے کے مال کا وارث
ہونا۔ میراث۔
وراق ۔ کاغذ کاٹنے والا۔ دولتمند
لکھنے والا۔ محرر۔
وراق ۔ سبزہ زار۔ زمین کی سبزی
ورائے ۔ بس۔ سوا۔ بدون۔
ورا
۔ دنیا۔ مخلوقات۔
وریٰ
ورثہ ۔ جمع وارث ۔ میراث پانیوالا
ورثہ ۔ وراثت۔
ورخ ۔ نرم اور ڈھیلا۔
ورج ۔ زبون ۔ ناپاک۔
ورخج ۔ فضول خرچ۔

وَرد ۔ گلاب کا پھول ۔ گل سرخ ۔
وِرد ۔ ہر روز کا کام ۔ جگہ پانی پینے کی وظیفہ
وَردِ مربی ۔ گل قند ۔
وردوک ۔ چھچھوندر ۔
وَردی ۔ گلاب کی سی رنگت ۔
وَرزش ۔ ڈنڈ پیلنا ۔ تکدر ہلانا کثرت کرنا وغیرہ
وَرزیدن ۔ استعمال کرنا ۔ مشق کرنا
وَرطہ ۔ پانی کا بھنور ۔ ہلاکت کا محل گرداب ۔
وَرَع ۔ پرہیزگاری ۔
وَرِع ۔ پرہیزگار ۔ نیک آدمی ۔
ورغلانیدن ۔ بہکانا ۔
وَرق ۔ ستا ۔ کاغذ کا ٹکڑا ۔ کٹا ہوا کاغذ درخت کا پتا ۔
وَرق ۔ چاندی کا سکہ روپیہ وغیرہ
وُرق ۔ جمع ورقا ۔ کبوتر ۔ فاختہ ۔
ورقا ۔ فاختہ ۔ کبوتر ۔
وَرق الخیال ۔ بنگ ۔ بھنگ ۔
ورقتہ ۔ خاکستری رنگ ۔
وَرق ریختن ۔ بازی کو مات کرنا خراب کرنا
ورکسا ۔ چوتڑ ۔ کولا ۔ سرین ۔

وَرَم ۔ سوجن ۔ جسم کا بیماری سے پھول جانا
وِرنہ ۔ نہیں تو ۔
وُرود ۔ اترنا ۔ داخل ہونا ۔ کسی جگہ کے اندر جانا ۔ نازل ہونا ۔
وَرَہ ۔ احمق ۔ بے وقوف
وَرید ۔ گردن کی رگ ۔ وہ رگ جو دھڑکتی ہو ۔
وَزارت ۔ وزیر ہونا ۔
وَزان ۔ رواں ۔ جاری ۔
وَزّان ۔ تولنے والا ۔
وِزر ۔ گرانی ۔ بوجھ ۔ گناہ ۔
وُزرا ۔ جمع وزیر
وَزَغ } جیسے گرگٹ ایک قسم کی
وَزغہ } چھپکلی ۔ ذلیل آدمی ۔
وَزن ۔ تولنا ۔ بوجھ اندازہ ۔
وزوب ۔ روانی آب ۔
وزیدن ۔ ہوا کا چلنا ۔
وزیر ۔ شریک بار برداری کا راج کا مشیر ۔ یا سلطنت میں بادشاہ کا شریک
وِسادہ ۔ تکیہ ۔
وَساطت ۔ درمیان ہونا ۔ وسیلہ یا واسطہ ہو ۔

وسالت ع۔ وسیلہ ہونا۔ ذریعہ بننا
وسامت ع۔ خوبی۔ زیبائی۔
وساوس ع۔ وسوسے جمع وسواس
وسائد ع۔ تکئے جمع وسادہ۔
وسائط ع۔ وسیلے۔ واسطے۔ جمع واسطہ
وسائل ع۔ وسیلے۔ ذریعے جمع وسیلہ
وسخ }
وسخ } ع۔ چرک۔ میل۔
وسط ع۔ درمیان۔ بیچ۔ ہر چیز کا میانہ
وسطیٰ ع۔ بیچ کی۔ درمیانی۔
وسع ع۔ دسترس۔ فراخی۔ توانائی
وسعت ع۔ فراخی۔ چوڑاپن۔
وسق ع۔ بار شتر۔
وسم ع۔ نشان کرنا۔ داغ کرنا۔ نشان عیب۔
وسمت ع۔ داغ کرنا۔ مجازاً تہمت لگانا
وسمہ ع۔ نیل کی پتی جس سے بالوں کو سیاہ کرتے ہیں۔ مجازاً خضاب
وسن ع۔ نیند۔ غنودگی۔
وسن ع۔ خفتہ۔ سویا ہوا آدمی۔
وسنی ع۔ سوکن۔ سوت۔
وسواس۔ وہم۔ وسوسہ۔
وسوسہ ع۔ اندیشہ۔ بد۔ بدی عورت کے زیور کی آواز۔
وسیط ع۔ میانہ۔ بزرگوار نسبت میں شیا
وسیع ع۔ فراخ چوڑا۔
وسیلہ ع۔ ذریعہ۔ واسطہ۔
وشم ع۔ خوبصورت نشان کیا گیا۔
وش ع۔ خوب۔ خالص۔ مانند۔ مثل
وشایات ع۔ سخن چین۔ لترا۔
وشاح ع۔ ہار۔ گلوبند۔ بدھی۔
وشاحۃ ع۔ تلوار۔
وشاق ع۔ (ت) خدمتگار۔ مراد غلام
وشاق ع۔ کسیر۔
وشاک ع۔ جلدی جانا۔
وشست ع۔ خوب خویش۔
وشک ع۔ جلدی۔ تیزی۔
وشل ع۔ تھوڑا پانی۔
وشم ع۔ گودنا۔ نقش و نگار کرنا۔
وشی ع۔ جامہ۔ رنگین۔ چھینٹ۔
وشیظ ع۔ کمینہ۔ فرمایہ۔
وشیک ع۔ جلدی کرنیوالا۔ تیز رو قاصد
وصاف ع۔ بہت تعریف کرنیوالا
وصال ع۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔
وصال ع۔ ملنے والے۔
وصایا ع۔ جمع وصیت۔

وَصَب ع۔ بیماری دکھ۔
وَصْف ع۔ تعریف۔ جوہر کو بیان کرنا
وَصْلہ ع۔ کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا۔
وَصْل ع۔ ملاقات۔ معشوق سے ملنا۔
وُصْلَت ع۔ پیوند۔ خوشی۔ ملاقات۔
وَصْمَت ع۔ عیب۔ نقصان۔
وُصُول ع۔ پہونچنا۔ اترنا کسی چیز کا دوسری چیز کے پاس پہونچنا۔
وَصِی ع۔ وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔ کنایہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے۔
وَصِیَّت ع۔ سفر یا موت کے وقت جو کچھ کوئی شخص کہے کہ میرے بعد اس پر عمل ہو۔
وَصِیدہ ع۔ چوکھٹ۔
وَصِیف ع۔ خدمتگار۔ لونڈی۔ غلام
وَصِیفہ ع۔ لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔
وَصِیلہ ع۔ عمارت۔ گروہ۔ ہم سفر۔ فراخی تنگی۔
وَضَارَت ع۔ پاکیزگی۔ خوبی۔
وَضَاح ع۔ سفید۔ روشن۔ خوبصورت گورا مکھا۔
وَضَاحَت ع۔ کشادگی۔ تشریح۔

وَضَاعَت ع۔ کمینہ ہونا۔
وَضْع ع۔ رکھنا۔ کرنا۔ بچہ جننا۔
وَضُو ع۔ وہ پانی جس سے وضو کریں
وُضُو ع۔ نماز کے لئے ہاتھ منہ دھونا۔
وُضُوح ع۔ واضح ہونا۔ روشن ہونا
وَضِیع ع۔ نالائق۔ ناکس۔ ہیچ۔
وَطَاء ع۔ لباس یا فرش۔ بستر۔ موافقت کرنا۔
وَطَر ع۔ حاجت
وَطَن ع۔ جائے سکونت۔ دیس
وِطْوَاط ع۔ ابابیل۔ پرستوک۔
وَطِی ع۔ جماع کرنا۔
وَظَائِف ع۔ جمع وظیفہ۔
وَظِیفہ ع۔ وہ چیز جو ہر روز کے لئے مقرر ہو۔ وہ دعا جو روز پڑھی جائے
وِعَاء ع۔ برتن۔ ظرف۔
وُعَّاظ ع۔ جمع واعظ۔ نصیحت کرنیوالے
وَعْدہ ع۔ اقرار کرنا۔ اقرار خیر۔ اقرار۔
وَعْظ ع۔ نصیحت۔ پند۔
وَعْر ع۔ مشکل جگہ اترنے یا گذرنے کی
وَعِید ع۔ برا وعدہ۔ عذاب کا وعدہ
وَغَا ع۔ لڑائی جنگ شور و غوغا۔
وَغْد ع۔ کمینہ نالائق۔

وغیرہ ع۔ سوا اس کے۔ ماورا۔
وفا ع۔ بجا لانا۔ پورا کرنا۔ ایفائے وعدہ
وفات ع۔ موت۔
وفادار۔ نمک حلال۔ باوفا۔
وفادت ع۔ ایلچی ہونا۔ قاصدی
وفاق
وفاقت } ع۔ موافقت کرنا۔ سازگاری
وفد ع۔ قاصدی۔ ایلچی گری۔
وفر ع۔ مال کی زیادتی۔ بہتایت۔ زیادتی
وفضہ ع۔ ترکس۔ گدڑیوں کی جھولی
وفق ع۔ موافق۔ مطابق۔
وفود ع۔ قاصد لوگ۔
وفور ع۔ افزونی۔ زیادتی۔ بہتایت
وفی ع۔ تمام کامل۔
وقاح ع۔ بےشرم۔ بےحیا۔ بےادب
وقاحت ع۔ بےحیائی۔ بےشرمی۔
وقاد ع۔ روشن۔ افروختہ۔ بھڑکنے والا۔
وقار ع۔ آرام۔ آہستگی۔ بردباری۔ حلم
وقاص ع۔ نام ایک صحابی کا
وقاع ع۔ جنگ۔ جملہ۔ جماع۔
وقایت ع۔ حفاظت۔ نگہبانی۔
وقائع ع۔ حوادث۔ حالات۔ معیتیں
لڑائیاں۔
وقائع نگار ع۔ اخبار نویس۔
وقت ع۔ زمانہ۔ عرصہ۔ ہنگام۔
وقح ع۔ بےشرم۔ گستاخ۔
وقر ع۔ عزت۔ حلم۔ بھاری بوجھ۔ کم ہونا۔ بہرا ہونا۔
وقس ع۔ زنا۔ بےحد گنہگاری و بدکاری
وقص ع۔ نقصان۔ مٹ جانا۔ رقص و حرکت کرنا۔
وقع ع۔ بلند جگہ۔ مرتبہ۔ عزت۔
وقعت ع۔ سختی۔ آسیب۔ حرب لڑائی
وقف ع۔ کسی جگہ اکٹھا ہونا۔ ٹھہر جانا۔ کلام میں توقف کرنا۔ عطا۔ بخشش۔ خدا کی راہ میں اپنا مال غریبوں کو اور مسکینوں کو دینا۔
وقفہ۔ تھوڑا سا ٹھہراؤ۔ تھوڑی دیر ٹھہرنا۔
وقود ع۔ جلانے کی لکڑی۔ ایندھن
وقود ع۔ آگ جلانا۔ آگ کا بھڑکنا
وقور ع۔ صاحب وقار۔ باعزت آدمی
وقوف ع۔ جاننا۔ آگاہی۔ کھڑا ہونا
وقوع ع۔ واقع ہونا۔ گرنا۔ ظاہر

ولوع ع لالچی ہونا۔ حریص ہونا۔
ولوع ع حریص۔ طامع۔
ولولہ ع جوش و خروش۔ شور و غل۔ ولیلا کرنا
ولولہ تفنگ ف بندوق کا دغنا۔
ولہ ع عشق۔ غصہ۔ سرگشتگی۔
ولہان ع بے ہوش۔ بیخود۔ غمگین۔
ولی ع دوست یار۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
مقرب خدا کی درگاہ کا۔
ولید ع کودک۔ بچہ۔ کم سن۔ جنا ہوا۔
ولیدات ع ہمزاد لڑکیاں۔
ولیدہ ع لڑکی کمسن۔ لونڈی۔
ولیع ع شگوفہ۔ ناشگفتہ خرما۔ حریص
ولیعہد ع حاکم۔ قیصد۔ وہ شخص جس کو
بادشاہ اپنی زندگی میں اپنا
جانشین بنا دے۔
ولیک
ولیکن ف اور۔ مگر۔
ولیمہ ع شادی کی ضیافت۔ بیاہ کا کھانا
ولی نعمت ع پرورش کرنے والا
کھانا دینے والا۔
ومیض ع بجلی کا چمکنا۔
ومق ع دوست رکھنا۔ محبت۔
وا ف کلمہ تشبیہ۔ مانند چو و چی۔

ونی ع ماندگی۔ سستی۔ سستی کرنا۔
وہ ع کلمہ و تعجب۔ تحسین و افسوس۔
وہاب ع بہت بخشنے والا۔
وہاج ع درخشاں۔ روشن چمکتا ہوا
وہاد ع نشیب۔ زمینیں۔
وہب ع بخشش کرنا۔
وہبی ع عطا کیا گیا۔ بخشا ہوا۔
وہج ع آگ کا جلنا۔ دل کی سوزش۔
وہد
وہدہ ع زمین پست۔ نشیب۔
وہق ع کمند۔
وہلہ ع ڈرنا۔ دہشت۔ باری۔ مرتبہ
وہم ع وسواس۔ ایک قوت جو دماغ
میں خیالات فاسد پیدا کرتی ہے
وہمی ع وہم کی۔ وہ شخص جسکو وہم ہو
وہن ع سستی۔ اعضا کا سست ہونا
وہی ع سست ہونا۔ نرم ہونا۔
ویسے ع وحاس جیسا کہ۔
ویح ع کلمہ ترحم و مدح۔ کیا خوب۔
افسوس اور کلمہ تنبیہ۔
ویرانہ ف اوس کو۔
ویران ف اجڑا ہوا۔
ویرانی ف اجڑنا۔ آبادی نہ ہونا۔

ویس ع۔ کلمہ حقارت کلمہ تنبیہ۔
ویل ع۔ وائے۔ عداوت۔ سختی۔ دشوار۔ زیادہ بیقراری۔ نام ایک وادی کا دوزخ میں
وَیہ ع۔ بھڑکانے اور برانگیختہ کرنے کا کلمہ۔ کلمہ لذت وبمعنی چہ خوش۔

باب ہا ے

ہا ع۔ حرف تنبیہ۔ امر بمعنی لے۔
ہا ع (ف) علامت جمع۔ جیسے دلہا۔
ہابط ع۔ نیچے اترنے والا۔ نازل شوندہ
ہابی ع۔ خاک گور۔
ہابیل ع۔ آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جس کو اس کے بھائی قابیل نے قتل کیا تھا۔
ہات ع۔ لا۔ دے۔ بخشش کر۔
ہاتف ع۔ آواز دینے والا۔ وہ فرشتہ جو غیب سے آواز دے۔
ہاتل ع۔ برابر برسنے والا۔
ہاجر ع۔ ہجرت کرنے والا۔ پریشان بات کہنے والا۔ عرب کے ایک قبیلہ کا نام
ہاجرہ ع۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔ عصر تک۔ گرمی کی سختی۔
ہاجس ع۔ دل میں خیال آنے والا۔
ہاجع ع۔ رات کو سونے والا۔ سونے والا
ہاجن ع۔ کنواری لڑکی۔ نابالغ لڑکی جس سے صحبت نہ کی جاوے
ہاجی ع۔ ہجو کرنیوالا۔
ہادر ع۔ بے اعتبار آدمی۔
ہادف ع۔ مرد غریب الوطن۔
ہادم ع۔ ڈھانے والا۔ گرانے والا۔ عمارت کا گرانے والا۔
ہادم اللذات ع۔ لذتوں کا مٹا دینے والا۔ لقب حضرت عزرائیل کا۔
ہادی ع۔ ہدایت کرنے والا۔ راہ دکھانے والا۔
ہذا ع۔ یہ۔
ہاذل۔ مسافر شب۔
ہار ع۔ افتادہ۔ گری ہوئی عمارت۔
ہار۔ (ف) پھولوں کا مالا۔ ہار۔
ہارب ع۔ بھاگنے والا۔
ہاروت وماروت ع۔ نام دو فرشتوں کے جو بابل کے کنوئیں میں لٹکائے گئے ہیں۔ اور جو کوئی جادو سیکھنے کو جاتا ہے [illegible]

ہَبا ع غبار۔ گرد۔ مجازاً ذلیل و خوار۔
ہبت ع بخشنا۔ بخشش۔
ہبج ع جوش ہونا۔
ہبوط ع نیچے اتارنا۔ نقصان کرنا۔
ہُبل ع نام ایک بت کا جو کعبہ میں رکھا ہوا تھا ایامِ جاہلیت میں۔
ہبل ع کاہل سست بوڑھا۔
ہبنق ع چھوٹے قد کا احمق آدمی۔
ہبنقہ ع عرب میں ایک بہت بڑا احمق آدمی تھا۔
ہُبوب ع ہوا کا چلنا۔
ہبوب ع خاک اڑانیوالی ہوا۔
ہُبوط ع نیچے اترنا۔ نقص ہونا کسی چیز کا کم قیمت ہوجانا نقصان۔ پستی ستارہ کا برج میں ہونا۔ یعنی خانہ شرف سے ساتویں برج میں ہونا۔
ہُبوط ع بلا۔ وقت۔
